www.freeamliyaatbooks.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

پرنٹر پبلشر زینب ناہید عثمانی نے شعیب آفسیٹ پریس دہلی سے چھپواکر ہاشمی روحانی مرکز، محلہ ابوالمعالی، دیوبند سے شائع کیا۔ Rs. 80/-

# کیا اور




www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS

# کہاں

# داستانِ خلیلِ خدا

**از قلم :** وقاص جامی

یاد کر داستانِ خلیلِ خدا
اس نے جب اپنے لختِ جگر سے کہا
مشورہ دے مرے لال اس باب میں
میں نے دیکھا ہے یہ ماجرا خواب میں
اک نئی رسم کے ساتھ ابھرتا ہوں میں
راہِ حق میں تجھے نذر کرتا ہوں میں
مطمئن ہوکے ہونٹوں پہ لا کر ہنسی
اپنے والد سے فرزند بولا یہی
پوچھتے ہو بھلا کیوں یہ کر لو یقین
مجھ کو پاؤ گے از حلقۂ صابرین

جو ملا ہے تمہیں حکمِ رب کیجئے
ہو نہ تاخیر اس میں کہ اب کیجئے
کرنے تعمیلِ حکمِ خدا جب چلے
سامنے آئے ابلیس کے ولولے
اپنی کوشش میں ناکام ہو کر گیا
آخر ابلیس بدنام ہو کر گیا
تھا جو مقصود اب وہ مقام آگیا
خالقِ حق کا ہونٹوں پہ نام آگیا
اوڑھ کر رحمتوں کی ردا آگئی
آسماں سے یہ غیبی صدا آگئی
تونے سچ کر دکھایا ہے خواب آج سے
تا قیامت ملے گا ثواب آج سے

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شبیر قادری

اداریہ

# رحمٰن ورحیم کے نام سے

بقلم خاص

۲۰۱۸ء بھی ہمیں کچھ تلخ اور کچھ شیریں یادیں دے کر رخصت ہوگیا ہے۔ ۲۰۱۷ء میں ہزار قسم کے زخم سہنے کے بعد یہ امید تھی کہ ۲۰۱۸ء ہمارے لئے قومِ مسلم کے لئے اور عام انسانوں کے لئے ۲۰۱۷ء سے بہتر ثابت ہوگا۔ ۲۰۱۸ء شروع ہوتے ہی آہستہ آہستہ امیدوں کے چراغ بجھنے لگے اور وسطِ سال ہی میں ہمیں یہ اندازہ ہونے لگا کہ وہ قوم جس نے دنیا کی ایک چوتھائی پر حکمرانی کی تھی اور جس کے عدل وانصاف کے چرچے چہاردانگ عالم میں پھیلے ہوئے تھے اور جس کی حکمرانی کی مثالیں مہاتما گاندھی جیسے لوگوں نے بھی دی تھیں، آج اسی قوم کو گھٹیا ترین ثابت کرنے کے لئے امریکہ جیسے کئی متکبر ممالک نے اس قوم کے خلاف ایک محاذ کھول رکھا ہے اور انہوں نے مسلمانوں کے خلاف اور اسلام کے خلاف اس قدر جھوٹ بولا اور اس قدر بڑھ چڑھ کر بولا کہ سچ سب سے بڑا ہوکر بھی سب سے چھوٹا ہوکر رہ گیا بلکہ سچائی نیست ونابود ہوکر رہ گئی۔ جن لوگوں نے دہشت گردی کی بنیادیں رکھیں اور جنہوں نے دہشت گردی کو فروغ دینے کے لئے ہتھیار بنائے اور دنیا بھر میں ہتھیار سپلائی کئے انہوں نے دہشت گردی کی آڑ میں جہاد کو، مسلمانوں کو، دین اسلام کو نشانہ بنایا اور مسلسل نشانہ بناتے رہے اور زہرناک قسم کے الزامات کی بارشیں کرتے رہے۔ جو لوگ ازل سے مسلمانوں کے اور دین حق کے دشمن تھے انہوں نے ان فسطائی طاقتوں کی ہاں میں ہاں ملائی، ان کی اتباع کی اور دیکھتے ہی دیکھتے دنیا بھر میں مسلمان ذلیل ورسوا ہوکر رہ گئے۔ آج ہمارا ملک بھی اور اس ملک کے فرقہ پرست لوگ بھی امریکہ اور اسرائیل جیسے بدطینت ملکوں کی ہاں میں ہاں بھی ملا رہے ہیں اور ان کی انگلی کے اشاروں پر ناچ بھی رہے ہیں اور کود بھی رہے ہیں۔

ہندوستان میں کس کس طرح مسلمانوں کا خون بہایا گیا، کیسے کیسے بھیانک الزامات لگا کر بےقصوروں کو جیل میں ڈالا گیا اور کس کس انداز میں سڑکوں پر مسلمانوں کا قتل عام ہوا لیکن کسی نے اُف تک نہیں کی۔ قانون بے دست وپا بنا رہا اور اگر قانون نے انگڑائی بھی لی تو اس اندھے کی طرح جو اپنی لاٹھی چلاتے وقت یہ نہیں سوچتا کہ کس کے سر پر پڑ رہی ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس اندھے قانون کے رکھوالے خود اندھے ہوکر بھی اپنی لاٹھیوں کو اس طرح چلاتے ہیں کہ وہ صرف ان ہی کے سروں پر پڑتی ہیں جنہیں مسلمان کہا جاتا ہے۔ آڈوانی جی کہا کرتے تھے کہ ہر مسلمان دہشت گرد نہیں ہوتا لیکن ہر دہشت گرد مسلمان ضرور ہوتا ہے۔ بعد کے کتنے ہی حالات نے یہ ثابت کر دیا کہ آڈوانی جی کی سوچ قطعاً غلط تھی، بلاشبہ دہشت گردی کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، دہشت گرد مسلمانوں میں بھی ہوسکتے ہیں اور دہشت گرد ہندو بھی ہوسکتے ہیں اور کئی بار ہندو دہشت گرد گرفتار بھی ہوئے، لیکن چوں کہ ہندوستان کے فرقہ پرستوں کو امریکہ اور اسرائیل کی کمر تھپتھپانی ہے تو وہ ہمیشہ اسی بات کی جگالی کرتے ہیں کہ مسلمان جہادی ہیں اور صرف مسلمان ہی دہشت گرد ہیں۔ سیدھی سی بات ہے کہ اگر مسلمان دہشت گرد ہوتا تو وہ مسجدوں میں بم کیوں رکھتا؟ مسجدوں میں بم رکھنے کی کارروائی ان ہی لوگوں کی ہوسکتی ہے جو نام نہاد مسلمان ہوں یا پھر نام کے بھی مسلمان نہ ہوں۔ یہ جنگ جسے ہم ہندو مسلم جنگ سمجھتے ہیں یہ ہندو مسلم جنگ نہیں ہے یہ یہودیوں اور عیسائیوں کی جنگ اسلام کے خلاف ہے، یہ صہیونی سلسلہ ہے اور یہ اسلام کے ماننے والوں کے خلاف مستقل ایک محاذ

آرائی ہے، اس جنگ میں امریکہ اور اسرائیل جیسے ٹھیکیدار امن و امان، ہندوؤں کو مسلمانوں کے خلاف اکسارہے ہیں اور بابری مسجد اور رام مندر جیسے سلگتے ہوئے مسئلوں کو ہوا دے کر ہندو اور مسلمانوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکا رہے ہیں تاکہ ہندوستان میں دنگے اور فساد کا ماحول بنا رہے اور ہندوستان کمزور سے کمزور تر ہو جائے اور ایک بار پھر ہم اس ملک پر اپنا قبضہ جما سکیں۔ جس طرح ہم نے ٹیپو سلطان جیسے بہادروں کو قتل کر کے اپنا تسلط جمایا تھا۔

افسوس در افسوس کی بات یہ ہے کہ مسلمان بھی اپنے اپنے مفادات اور رجحانات کی بھول بھلیوں میں کھوئے ہوئے ہیں، ہر شخص اپنی کھال میں مست ہے اور اپنے مسلک اپنے مشرب اور اپنے نقطۂ نظر کو اسلام سمجھنے کے خبط میں مبتلا ہے۔ باطل کے خلاف فتویٰ ایک قیمتی ہتھیار ہے دینی مدارس محفوظ قلعوں کی مانند ہیں لیکن خود مسلم تحریکوں نے فتویٰ کی تقدیس کا قتل کر دیا ہے اور بعض نام نہاد بزرگوں نے ان مدرسوں کی اور دارالعلوم دیوبند جیسی عظیم الشان درسگاہ کی بھی جو مادر علمی سمجھی جاتی ہے اپنے من گھڑت رجحانات کے سامنے وقعت گھٹا دی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ شیطان دین داری کا دعوی کرنے والوں کو دین داری کے نام پر بہت آسانی سے بھٹکا کر وہاں لے جا کر کھڑا کر دیتا ہے جہاں سب کچھ ہوتا ہے، شہرت بھی ہوتی ہے، دولت بھی ہوتی ہے اور قوم کی بھیڑ بھی ہوتی ہے، مقبولیت بھی ہوتی ہے، چرچا بھی ہوتا ہے، لیکن اللہ کی رضا نہیں ہوتی۔ اور جو قوم یا جو جماعت اللہ کی رضا سے محروم ہو اس کا اترانا یا غرور کرنا یا صرف خود کو معیارِ حق سمجھنا شاید نادانی کی بات ہے۔ ہم میں کی اکثریت کا حال یہ ہے کہ جو خود کو بھا جائے اور جو خود کو اچھا لگے اسی کو ہم اچھا سمجھنے اور پھر اس کو اچھا ثابت کرنے میں جٹ جاتے ہیں۔ پھر نہ کسی کی سنتے ہیں مانتے ہیں۔ اس روش نے حق سے زیادہ گمراہی کو فروغ دیا ہے۔ یہ بات یقیناً افسوسناک ہے کہ ہم اپنی اپنی ڈفلی بجا کر مگن ہیں اور پوری قوم کی جو درگت بن رہی ہے اور ہمارے مذہب اسلام پر جو بیت رہی ہے اس کا ہمیں احساس نہیں ہے اور جب تک ہمیں دین اسلام سے سچی محبت نہیں ہوگی اور جب تک ہم اس دین اسلام پر اپنا سب کچھ قربان کرنے کے لئے یہاں تک کہ دھن، دولت، عزت و آرام اور اپنے مذہب مسلک، مشرب اور پنی سوچ و فکر کو اور اپنی جان تک کو قربان نہیں کریں گے ہم اس جماعت میں شامل نہیں ہو سکیں گے جس کے بارے میں فرمایا گیا ہے: وَ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْن جس وقت یہ سطور لکھی جا رہی ہیں دنیا کی اور ہمارے ملک کی صورت حال اچھی نہیں ہے۔ تعصب، فرقہ پرستی، مسلمانوں کے خلاف نفرت، ظلم، عناد، تاناشاہی، بے ہودگی اور بربریت عام ہے، مسلمانوں کے خلاف وہ سب کچھ ہو رہا ہے جس کو دیکھ کر جنگل کے وحشی جانور بھی تشویش میں مبتلا ہیں۔ بے شک یہ رویہ افسوس ناک ہے لیکن اس سے بھی کہیں زیادہ افسوس ناک بات یہ ہے کہ مسلمانوں پر بے حسی طاری ہے، ان کا دینی شعور بالکل مردہ ہو چکا ہے۔ حق و باطل کی تمیز ختم ہو چکی ہے اور دین داری کے نام پر تنگ نظری اور خود پرستی اس قدر عام ہو چکی ہے کہ جن کو دیکھ کر شیطان لعین بار بار اظہارِ فخر کرتا ہوگا۔ میں نے کس طرح مسلمانوں کو دینداری کے نام پر گمراہ کر دیا اور کس طرح انہیں راہِ ہدایت سے اِدھر بھٹکا دیا۔ نہایت تشویشناک حالات ہیں اور اگر خدانخواستہ اسلام خطرے میں ہے تو نام نہاد دینداروں کی وجہ سے، نام نہاد علماء کی وجہ سے، نام نہاد پیروں اور بزرگوں کی وجہ سے اور نام نہاد مسلمانوں کی وجہ سے ہے۔

خطرہ یہ بھی منڈلا رہا ہے کہ اگر مسلمانوں نے خود کو نہ بدلا تو ہدایت ہم سے چھین کر کسی دوسری قوم کو نہ دیدے اور بقول قرآن حکیم کے وہ لوگ ہم جیسے برے، ناشکرے، ناقدرے اور سرپھرے نہیں ہوں گے۔ ہم بارگاہِ خداوندی میں دعا کرتے ہیں کہ رب ہمارے شعور کو بیدار کر دے، ہمارا کھویا ہوا وقار واپس کر دے اور ہمیں خود پرستی کے اندھے کنویں سے باہر نکلنے کی توفیق عطا کرے تاکہ ہم رضاءِ خداوندی کے قابل بن سکیں۔

# دعاء

اے اللہ ہم عاجز بندے ہیں تیری پاکی بیان کرتے ہیں اور تیرے آگے ہاتھ پھیلاتے ہیں۔ اے اللہ ہمارے دلوں کو اخلاص کے ساتھ اپنے دین کی طرف پھیر دے۔ اے اللہ ہمارے صغیرہ کبیرہ گناہوں کو معاف فرما۔ اے اللہ ہم کو سچا اور پاک مسلمان بنادے۔ اے اللہ ہماری مشکلات کو حل فرمادے۔ اے اللہ ہم کو اسلام پر استقامت عطا فرما۔ اے اللہ ہم سے راضی ہوجا۔ ہم کو شیطان اور نفس کے شر سے بچانا۔ اے اللہ ایمان کے ساتھ خاتمہ فرما۔ اے اللہ ہمارے قدموں کو صراط مستقیم پر گامزن کردے۔ اے اللہ اپنی رضا پر راضی رہنے کی توفیق دے۔ اے اللہ اپنی خاص رحمت نازل فرما اور اپنے قہر وعذاب سے بچا۔ اے اللہ قیامت کے روز رسوائی سے بچا۔ اے اللہ اپنے عرش کے سائے میں جگہ عنایت فرما۔ اے اللہ تمام لوگوں کو خواب غفلت سے بیدار کردے۔ اسلام کی حفاظت فرما ہماری خطاؤں کو معاف فرما۔ اے اللہ قبر کے اندھیرے اور عذاب سے بچا۔ منکر نکیر کے سوالات کے وقت ہماری مدد فرما۔ ہمارا نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں دینا۔ اے اللہ ہمیں حلال روزی نصیب فرما۔ ہمارے کاروبار میں اپنی رحمت و برکت سے ترقی عطا فرما۔ اے اللہ ہمیں اخلاص نصیب فرما۔ ہمارے دلوں سے حسد بغض اور کینہ دور فرما۔ ہم کو دجال کے فتنے اور موت کی سختی اور قبر کے عذاب سے بچا۔ اے اللہ ہم کو قیامت کی گرمی سے اور جہنم کی آگ سے محفوظ فرما۔ اے اللہ جنت الفردوس میں جگہ عطا فرما۔ اے اللہ تنگدستی، خوف، گھبراہٹ اور قرض کے بوجھ کو دور فرما۔ اے اللہ حضور سرورِ کائنات حضرت محمد ﷺ کے پیارے طریقے سے ہم کو سکھادے اور ان کے پیارے صحابہ رضی اللہ عنہما کے عملوں کو جلاء دے۔ اے اللہ ہمارے بچوں کو علم دین کی دولت سے سرفراز فرما اور نیک وصالح بنا۔ اے اللہ ہم گناہوں کے بوجھ سے دبے ہوئے ہیں صرف تیری رحمت کا آسرا ہے تو ہمیں اپنی رحمت سے بخش دے۔ اے اللہ ہمارے دلوں میں اپنی اور اپنے پیارے رسول ﷺ کی محبت عطا فرما۔ قیامت کے دن حضور اکرم ﷺ کی شفاعت نصیب فرما اور ہماری دعاؤں کو شرف قبولیت بخش۔ آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

# بارہ گھروں (برجوں) میں (نو) ستاروں کے نشیب وفراز کا خاکہ اور آپ کے حالات

| خانہ | قمر | شمس | مریخ | عطارد | زهره | مشتری | زحل | راس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خانہ اول | خوشی کے مواقع ملیں گے روزگار حاصل ہوگا | اخراجات بڑھیں گے طبیعت ناساز رہے گی امور خانہ غیر موافق رہیں گے | بیماریوں کا برج ہے دردِسر، آنکھوں کی تکالیف کا سامنا ہوگا | خوشی وکامرانی کے دن حوصلہ بڑھے گا، روحانی وجسمانی آرام ملے گا | علم وادب میں دلچسپی مذہبی امور میں دل لگے گا، ہنر حاصل ہوگا | علم وادب راگ رنگ میں دلچسپی بڑھے گی دشمنوں پر غلبہ ہوگا | جسمانی تکلیف رہے گی، چڑچڑاپن اور تندمزاجی کا غلبہ ہوگا | اخرجات بڑھیں گے، امراض جسمانی سے تکلیف ہوگی |
| خانہ دوم | روزگار کے بہترین راستے ملیں گے نئے رشتے ہوں گے | اخراجات بڑھیں گے مایوسی کا سامنا ہوگا | جسمانی بیماریوں میں مبتلا رہیں گے، کم آمدنی اور خرچ زیادہ ہوگا | مالی ترقی ہوگی ازدواجی زندگی پرسکون رہے گی | کاروبار میں ترقی ہوگی سفر میں راحت ہوگی | روزگار میں ترقی ہوگی زندگی خوش حال ہوگی | اخراجات بڑھیں گے، فائدہ کم ہوگا اور نقصان زیادہ ہوگا | آمدنی کم ہوگی اور اخراجات زیادہ ہوں گے۔ |
| خانہ سوم | جسمانی روحانی آرام ملے گا، عزیزوں میں محبت ملے گی | دل کو خوشی وسرور ملے گا، دشمن ناکام ہوں گے | خویش واقارب کی عزت قدر بڑھے گی | دشمنوں کا خاتمہ ہوگا بھائیوں کی عدوات ختم ہوگی | کاروبار اوسط درجہ کا رہے گا، بھائیوں سے نااتفاقی ہوگی | دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی، دوست واحباب خوش رہیں گے | روزگار ترقی پر رہے گا، صحت اچھی رہے گی | بھائیوں سے اچھا سلوک ہوگا، روزگار فائدہ مند رہے گا |
| خانہ چہار | مخالفت بڑھے گی، مقدمہ سے پریشانی ہوگی | دوست واحباب بدگمان ہوں گے، جھگڑے بڑھیں گے | دوست واحباب ناراض ہوں گے نفسیاتی الجھن رہے گی | مال زیادہ خرچ ہوگا، والدین ناخوش رہیں گے مایوسیاں بڑھیں گی | اقارب سے ان بن بڑھے گی، ہر کام میں نقصان ہوگا | مالی نقصان ہوگا والدین سے رنجش ہوگی | خوف دشمن غالب رہے گا والدین سے جھگڑا ہوگا | دشمون کا خوف غالب رہے گا، والدین ناراض رہیں گے |
| خانہ پنجم | مال اور راحت ملے گا ازدواجی زندگی مایوس کن رہے گی | علم وادب کا شوق بڑھیگا اولاد سے رنج پہنچے گا | کاروبار میں نقصان ہوگا اخراجات بڑھیں گے | اولاد کی خوشی ملے گی عزت بڑھے گی قوم میں مرتبہ بڑھے گا | ازدواجی زندگی خوشگوار رہے گی اولاد کا سکون ملے گا رزق فراوانی ہوگی | اولاد کا سکھ ملے گا رزق میں فراوانی ہوگی | خوف وہراس سے دل مغموم رہے گا اولاد سے ان بن ہوگی | اولاد سے ان بن ہوگی، رنج وفکر میں مبتلا رہے گا |
| خانہ ہفتم | بہتر روزگار متوقع ہے، بیوی سے محبت بڑھے گی، خوشی ملے گی | پریشانیاں بڑھیں گی، عورت تکلیف میں مبتلا رہے گی | دلی تمنا میں برآئیں گی، لیکن عورت کی جانب سے دکھ پہنچے گا | روزگار کے مواقع فراہم ہوں گے، یہ دور بھاگ دوڑ کا رہے گا | عورت کا سکھ ملے گا ہر طرف سے نئے کام میں فائدہ ملے گا | عورت کا سکھ ملے گا ازدواجی زندگی خوشگوار رہے گی | ازدواجی زندگی میں اتھل پتھل رہے گی عورت سے ان بن رہے گی | عورت سے جھگڑا ہوگا ناارضگی کی بنا پر رنج کا ماحول رہے گا |
| خانہ ہشتم | عبادت واطاعت کی طرف راغب ہوں گے دلی مرادیں برآئیں گی سخاوت پر دل مائل رہے گا | بیماریوں کا محاصرہ رہے گا خوف وہراس دامن گیر ہوں گے | بیماریاں لاحق ہوں گی جدائی کا غم ملے گا، مایوسی کا عالم رہے گا | بیماریاں پے درپے دھاوا بولیں گی، دردسر مسلسل رہے گا | جسمانی اذیت پہنچے گی روحانی تکلیف ہوگی | طبیعت مکدر رہے گی، درد شکم سے تکلیف ہوگی | بیماریوں کا غلبہ رہیگا، پیٹ کا درد بڑھے گا، زندگی اجیرن ہوگی | جسمانی امراض لاحق ہوں گے، مثلاً بادی بواسیر وغیرہ |
| خانہ نہم | عبادت واطادت کی طرف راغب ہوں گے، دلی مراد برادیں برآئیں گی سخاوت پر دل مائل رہے گا | روزگار اوسط رہے گا، سفر دراز کی تکلف ہوگی مایوسی کا عالم رہے گا | بیماریاں پیچھا نہیں چھوڑیں گی، تکلیف رہے گی، لیکن دل دین دھرم کی طرف راغب رہے گا | مذہبی امور میں دلچسپی بڑھے گی قسمت کا ستارہ عروج پر ہوگا اور کاروبار، روزگار میں ترقی ہوگی | دوستوں سے از سر نو میل جول بڑھ جائے گا روزگار میں بہتری ہوگی نیک کاموں میں دلچسپی بڑھے گی | روزگار میں بہتری ہوگی عبادت اور نیک کاموں میں توجہ رہے گی، مال وزر میں اضافہ ہوگا | کم سے کم فائدہ ہوگا اخراجات بڑھیں گے دین مذہب سے بے توجہی بڑھے گی اور پریشانی میں اضافہ ہوگا | دل میں وسوسے پیدا ہوں گے، گناہوں کی طرف دل راغب رہے گا، کینے خیالات پیدا ہوں گے |
| خانہ دہم | دولت کی فروانی ہوگی، حکومت کی جانب سے نوازش ہوگی قوم میں وقار بڑھیگا | روزی ورزق کی حصولی میں سرگرداں رہیں گے، سیاسی وقار بڑھیگا، حکومت نظر کرم حکومت نظر کرم کردیگی | مصائب وتکالیف کا ازالہ ہوگا، دل کو سرور ملے گا، روزگار وتجارت کو فائدہ ہوگا | عزت وتکالیف کا ازالہ ہوگا، دل کو سرور ملے گا روزگار وتجارت کو فائدہ ہوگا | قدر ومنزلت بڑھے گی حکومت کی نظر عنایت رہے گی، خوشی ومسرت سے دامن بھرا رہے گا | بیکراں دولت ملے گی ہر کام میں کامیابی ملے گی مرتبہ بلند ہوگا عہدہ بڑھیگا حکومت کی نظر عنایت رہے گی | مقصد برآری ہوگی دل کی تمنا پوری ہوگی قدر ومنزلت اور مرتبہ میں ترقی ہوگی، زندگی پرسکون ہوگی | کاروبار میں اوسط فائدہ رہے گا، سفر کی تکلیف ہوگی اور دل پر خوف وہراس غالب رہے گا |
| خانہ یاز دہم | کاروبار وتجارت میں ترقی ہوگی، دلی تمنائیں پوری ہوں گی گھر میں خوشیوں کا ڈیرہ ہوگا | دوستی بڑھے گی دشمن شکست کھائیں گے ہر طرف سے فائدہ ہی فائدہ ہوگا | کامیابی قدم چومے گی روزگار میں ترقی ہوگی، دل خوشیوں سے جھوم اٹھے گا | آرام وآسائش حاصل ہوگی ہر طرح کا فائدہ ملے گا زندگی آرام سے گزرے گی قدر وعزت بڑھے گی | ترقی ملے گی منزلت بڑھے گی دلی تمنائیں پوری ہونگی ہر کام میں کامیابی ملے گی | روزگار کے بہترین مواقع حاصل ہوں گے صاحب تدبیر ہوگا مرتبہ بلند ہوگا عزت وقار میں فراوانی ہوگی | مرتبہ بلند ہوگا قسمت کا ستارہ عروج پر ہوگا ترقی ملے گی روزگار بڑھے گا بہت فائدہ ہوگا | مرتبہ ملے گا روزگار میں ترقی ہوگی، ناموری وشہرت حاصل ہوگی دل کو آسودگی رہے گی |
| خانہ دواز دہم | سفر میں تکلیف ہوگی مال وزر میں خسارہ ہوگا مایوسی اور وسوسہ دامن گیر ہوں گے | اخراجات میں اضافہ ہوگا مالی نقصان ہوگا امراض چشم میں مبتلا رہیں گے | اخراجات میں اضافہ مال میں خسارہ ہوگا جسمانی تکالیف بڑھیں گی رنج وغم کا دور دورہ ہوگا | اخراجات میں فراوانی مالی نقصان ہوگا، پریشانیوں میں اضافہ ہوگا | جسمانی روحانی تکالیف کا غلبہ رہے گا آمدنی کے مقابلہ میں خرچ زیادہ ہوگا، پریشانی ہوگی | مالی خسارہ ہوگا دشمنوں کا خوف غالب رہے گا دل کو رنج ہوگا مایوسی کا دور دورہ رہے گا | مالی خسارہ بھگتنا پڑے گا جسمانی بیماریوں سے تکلیف ہوگی پریشانیوں کا سامنا ہوگا | روزگار میں نقصان ہوگا رنج ومایوسی سے بیماریاں پیدا ہوں گی دشمنی بھی بڑھے گی |

# رویت ہلال فلکیاتی نقطۂ نظر سے

قرآن حکیم میں متعدد آیاتیں ایسی ہیں جو شمس وقمر بروج منازل قمر سے تعلق رکھتی ہیں، اس کے علاوہ سورۂ شمس، سورۂ قمر، سورۂ نجم، سورۂ بروج وغیرہ، سورۂ یٰسین کی ایک آیت کا ترجمہ ہے۔

ایک نشانی ان کے لئے رات ہے، ہم اسی رات پر دن کو اتار لیتے ہیں۔ سو یکایک وہ لوگ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں اور ایک نشانی آفتاب ہے کہ وہ اپنے ٹھکانہ کی طرف چلتا رہتا ہے، یہ اندازہ باندھا ہوا ہے، اس خدا کا جو زبردست علم والا ہے اور چاند کے ذریعہ منزلیں مقرر کیں، یہاں تک کہ ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی، نہ آفتاب کی مجال ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات کو دن سے پہلے آسکتی ہے اور دونوں ایک ایک دائرے میں تیر رہے ہیں (تاکہ تم تاریخوں اور دنوں کا حساب کرسکو) دائرۃ البروج آسمان پر وہ گزرگاہ یا (Belt) ہے جسے نجوم کی اصطلاح میں "طریق الشمس" کہا جاتا ہے جس کے اندر تمام کواکب زمین کے گرد گھومتے نظر آتے ہیں Solar System اور Sky Clock یعنی آسمانی گھڑی کہا جاتا ہے، زمانہ قدیم میں انسان پہاڑ پر چڑھ کر ستاروں کو دیکھتا تھا اور بیج بویا کرتا تھا۔

رویت ہلال کیا ہے؟ اس کی تفصیل بتانے سے پہلے میں یہ بتلانا ضروری سمجھتا ہوں کہ اسلامی ماہ قمر کی رفتار پر منحصر ہے، اس لئے ہلالی ماہ کہلاتے ہیں، ہمارے عیدین، حج، یوم عاشورہ، ایام بیض وغیرہ ہلالی تاریخوں پر مبنی ہوتے ہیں، جب کہ طلوع وغروب آفتاب، نماز کے اوقات افطار وسحری کے اوقات، نماز کے ممنوعہ اوقات، شمس کی رفتار پر منحصر ہیں۔ رویت ہلال کا انحصار شمس اور قمر کی رفتار پر ہے۔ قمر ایک سریع السیر سیارہ ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تمام کواکب کی ایک Race رکھی جائے تو قمر اول نمبر آئے گا، جب کہ شمس کو بارہواں مقام ملے گا، یعنی قمر کی یومیہ رفتار اوسط ۱۲ درجہ ہے، یہ ۱۲ درجہ کا فاصلہ ۲۴ گھنٹوں میں طے کرتا ہے اور شمس کی روزانہ اوسط رفتار ایک درجہ ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ قمر کی رفتار شمس سے بارہ گناہ زیادہ ہے، یعنی ایک برج کے (۳۰) درجہ ہوتے ہیں اور روزانہ ایک درجہ کی رفتار سے شمس ایک ماہ میں ایک برج طے کرتا ہے، جب کہ قمر جس کی رفتار بارہ گناہ زیادہ ہے، یعنی ۳۶۰ درجہ کا فاصلہ ایک ماہ میں ختم کرتا ہے۔ شمس ہر سال پہلے برج میں یعنی برج حمل میں بحساب اہل یونان ۲۱/۲۰ مارچ کو داخل ہوتا ہے، جس کو "عید نوروز" کہتے ہیں اس طرح ہر ماہ کی ۲۱/۲۰ تاریخ کو دوسرے برج میں داخل ہوتا ہے، کیوں کہ قمر ایک ماہ میں ۳۶۰ درجہ یعنی بارہ برج کا فاصلہ طے کرتا ہے، اس طرح قمر اور شمس کی ملاقات ہر ماہ ایک برج میں ہوا کرے گی۔ جب شمس اور قمر ایک ہی دقیقہ پر آجاتے ہیں، یعنی شمس اور قمر کا فاصلہ صفر درجہ ہوجاتا ہے تو اس کو احرق (Conjunctionia) یا عام زبان میں اماوس کہا جاتا ہے، یعنی اماوس ایسی رات ہے جس میں کوئی چاند نہیں ہوتا، صفر درجہ سے قمر جب شمس سے ۱۲ درجہ آگے ہوجاتا ہے تو رویت ہلال ہوتی ہے، یعنی شمس سے ۱۲ درجہ آگے نکل جانے کے بعد قمر آسمان پر نظر آئے گا، چنانچہ عیدالفطر کے موقع پر چاند کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے، چاند کی پہلی تاریخ یعنی یکم رشوال کو عید ہوتی ہے اس لئے رویت ہلال کا فیصلہ اسی وقت کرنا پڑتا ہے اس لئے بچے، بوڑھے، نوجوان خصوصاً علماء بے چین اور بے قرار نظر آتے ہیں، اس بے چینی اور بے قراری کے عالم میں زمین سے چاند نظر نہ آئے تو اونچے مقام پر چڑھ جاتے ہیں مگر کوئی بھی یہ جاننے کی کوشش نہیں کرتا کہ رویت ہلال اصل میں ہے کیا اور یہ کس طرح واقع ہوتی ہے۔ اس لئے اب میں آپ کو فلکیاتی نقطہ نظر سے بتاتا ہوں کہ رویت ہلال یعنی چاند ۴رجون ۲۰۱۹ء بروز منگل، شام کو ہوگا انشاء اللہ۔ گنتی اہل نجوم کے مطابق ۲رجون ۲۰۱۹ء بروز اتوار شام میں ۴:۴۱ بجے شمس وقمر صفر (۰) درجہ پر ہوگا، یعنی اماوس شروع ہوگی اور ۳رجون بروز پیر کو ۳۳:۱۵ بجے تمام ہوگی۔ اب قمر کو ۱۲ درجہ ۴رجون ۲۰۱۹ء ۹۵:۱۳ بجے طے کرے گا اور شام کو یعنی شام کو چاند صاف نظر آئے گا، یعنی انشاء اللہ تعالیٰ "عید ۵رجون بروز بدھ ۲۰۱۹ء کو ہوگی۔

(نوٹ) اگر نماز عصر کے پہلے ۲۴ گھنٹے چاند اماوس ختم کے بعد چھپ جائے تو چاند نظر آتا ہے ورنہ دوسرے دن نظر آئے گا۔

بہ شکریہ: محمد اقبال عثمان میمن (چیف ایڈیٹر ماہنامہ سیارگان)

## تحویل آفتاب

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک اور مسعود ہوتا ہے، یہ دعا کی قبولیت کا وقت ہے، اس وقت مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھ کر اپنی خصوصی ضرورتوں اور خواہشوں کو اپنے رب کے حضور رکھیں اور کامیابیوں سے ہم کنار ہوجائیں، عمل سے پہلے تازہ غسل کریں، صاف ستھرا لباس پہنیں اور خوشبو لگائیں، دوران عمل عنبر اور صندل اور زعفران کی دھونی لیں، ایک کٹورے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا پھول رکھ دیں، تحویل آفتاب کے وقت پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی، مندرجہ ذیل وظیفہ ۴۶ مرتبہ پڑھیں۔ "یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ" اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد ایک گھنٹے کے اندر اندر مندرجہ ذیل نقش کو جتنی تعداد میں بھی بنا سکیں بنالیں اور ضرورت مندوں کو دیں، انشاء اللہ یہ نقش تمام ضرورتوں میں تیر کی طرح کام کرے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

واللہ خیر

اللہ اللہ اللہ اللہ جل جلالہ

| ۱۲۶۱ | ۱۲۶۴ | ۱۲۶۷ | ۱۲۵۴ |
|---|---|---|---|
| ۱۲۶۶ | ۱۲۵۵ | ۱۲۶۰ | ۱۲۶۵ |
| ۱۲۵۶ | ۱۲۶۹ | ۱۲۶۲ | ۱۲۵۹ |
| ۱۲۶۳ | ۱۲۵۸ | ۱۲۵۷ | ۱۲۶۸ |

محمد محمد محمد محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ارحم الراحمین

علی علی علی علی کرم اللہ وجہہ

ایک وظیفہ بطور خاص دیا جارہا ہے تمام قارئین اس سے استفادہ کریں، نوروز (یکم محرم) کے دن بعد نماز ظہر ۴ رکعت نفل پڑھیں، پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ قدر، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون دس مرتبہ، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ معوذتین پڑھیں، نماز سے فارغ ہونے کے بعد پہلے مذکورہ وظیفہ کم سے کم گیارہ مرتبہ پڑھیں پھر دعا کریں، انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

آفتاب در برج حمل ۲۱ / مارچ ۲۰۱۹ء صبح ۳ بج کر ۲۹ منٹ

یہ مبارک وقت ۲۱ / مارچ ۲۰۱۹ء صبح ۹ بج کر ۵۳ منٹ تک جاری رہے گا

☆ اس سال کا بادشاہ : مشتری ☆ اس سال کا وزیر : زہرہ

☆ اس سال کا سپہ سالار : قمر ☆ اس سال کا مشیر : شمس

☆ رنگ : زرد۔

☆ خوراک : لڈو، بیسن کا حلوہ، زرد مٹھائی، مکئی کی روٹیاں، زردہ۔

**اس سال کا صدقہ**: دال مونگ، سبزی پھلیاں، ہلدی، زردہ، زرد رنگ کے کپڑے وغیرہ ان میں سے کوئی بھی چیز صدقہ میں دی جاسکتی ہے۔

## آب نیساں

نوروز سے ۲۳ دن کے بعد نیساں کا مہینہ شروع ہوتا ہے جو تیس روز کا ہوتا ہے، اس مہینے میں جو بارش ہوتی ہے اس کو آب نیساں کہتے ہیں، بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس پانی پر سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، چاروں قل اور سورۂ قدر ستر مرتبہ پڑھ کر رکھ لیں پھر اس پانی کو صبح وشام سات دن تک پیتے رہیں تو پینے والے کو تمام روحانی اور جسمانی امراض سے نجات مل جائے، یہ پانی ہڈیوں اور رگوں اور پٹھوں کو بھی مضبوط کرتا ہے اور انسان کے جسم کو حیرت ناک توانائی فراہم کرتا ہے، یہ پانی اُن عورتوں کو حمل کے قابل بناتا ہے جو بالکل بانجھ ہوں اور اولاد سے مایوس ہو چکی ہوں، ایسی عورتوں کو ایام سے فارغ ہونے کے بعد ۲۱ روز تک صبح وشام پانی پینا چاہئے۔ اس سال مذہبی اختلافات، خون خرابہ، بے حیائی، بدچلنی اور افراتفری پھیلنے کے اندیشے ہیں، اللہ اپنا فضل فرمائے۔ ☆☆

# آخری بدھ

اس سال ۳۰؍اکتوبر کو یہ دن آئے گا۔ اس دن کے فضائل وزکوٰۃ کے لئے حضرت خواجہ خواجگان چشت اہل بہشت کے پیشوا فریدالدین شکر گنجؒ نے اور خواجہ غریب نواز اجمیریؒ کے اوراد شریفہ میں مذکور ہے کہ تمام سال میں تین لاکھ اور بیس ہزار بلائیں آسمان سے زمین پر اترا کرتی ہیں۔ لیکن ان سب دنوں میں زیادہ سخت ترین خطرناک آخری بدھ ہے۔ اس روز اپنے خیال وفکر سے باقاعدہ اعمال وظائف ونوافل کے ذریعہ جو شخص اپنے حافظ حقیقی سے پناہ مانگ لے کہ وہ اپنے فضل وکرم سے اسے محفوظ رکھے گا۔

طلوع آفتاب کے بعد چہارگانہ نافلہ ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کوثر سات بار اور اخلاق ومعوذتین پانچ پانچ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام یہ دعا تین بار پڑھے تو وہ بشرمع اپنے لواحقین کے دارالامان میں رہے۔

دعا یہ ہے۔

یاشدید القوی یاشدید المحال یاعزیز ذلت لعزتک جمیع خلقک اکفنی بفضلک یامحسن یامجمل یامفصل یامنعم یامکرم یالاالٰہ الاانت برحمتک یاارحم الراحمین۔

اس کے بعد یہ مخمس اسم سلام کی زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو دشمنوں کے غلبے سے محفوظ رہے گا۔ جب تک یہ نقش عزیز پاس رہے گا ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

جب کوئی ہندسہ لکھے تو اسم سلام ایک دفعہ پڑھ کر لکھے۔ اگر چاہیں تو اپنے خاندان والوں میں سے جس کو چاہیں یہ نقش لکھ کر دے سکتے ہیں جو آپ کے ساتھ رہتے ہوں۔

۷۸۶

| ۳۲ | ۲۰ | ۲ | ۳۴ | ۵۳ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۸ | ۴۲ | ۳۹ | ۲۶ | ۶ |
| ۳۱ | ۲۲ | اپنا نام | ۲۸ | ۵۰ |
| ۱۰ | ۱۲ | ۴۶ | ۴۹ | ۱۴ |
| ۴۰ | ۳۵ | ۴۴ | ۴ | ۸ |

## آخری چہارشنبہ کے بعد جمعرات

چہارشنبہ کی شب سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سیر قبرستان بھی فرمایا کرتے تھے۔ ایک بار بعد علالت کے غسل بھی فرمایا اور حضرت بی بی خاتون جنت علیہا السلام نے کچھ نان شیریں تقسیم کیں۔

## آفات وبلیات سے محفوظ رہنا

دوگانہ نافلہ ادا کرکے جس میں سورۂ اخلاص تین بار اور آیات سلام ایک بار ہوں۔ ادا کرکے چینی کی مصفی پلیٹ پر عین درمیان میں مثلث دوپایہ لکھے۔ اس کے چاروں طرف آیات سلام گلاب وزعفران سے لکھ کر ایک بوتل عرق گلاب میں دھوکر ڈال دیں۔ اور اپنے تمام کنبہ کے خرد وکلاں کو تھوڑا تھوڑا پلائیں اور اسم سلام پڑھتے ہوئے ہاتھ پر دم کرکے اپنے تمام بدن پر ناف سے لے کر اوپر تک ہاتھ پھیر لیں تو تمام مکروہات، آفات وبلیات امراض لا دوا سے مامون ہوجائیں گے۔ اگر کوئی مریض چلا آرہا ہو تو اسے یہ عرق ایک ہفتہ تک صبح ساعت اول میں روز پلایا کریں۔ انشاءاللہ ایک ہفتہ میں صحت ہوگی۔ خواہ کیسا ہی مرض کیوں نہ ہو۔ اگر پلیٹ پر خالی جگہ رہ جائے تو اسے اسم یاسلام

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaat

سے پر کریں اور جس وقت پلیٹ پر لکھیں تو زبان سے بھی ادا کریں اور حسن عقیدت سے لکھتے رہیں بعد تیاری عرق جس کو چاہیں پلائیں اور ضرورت ہو تو محفوظ بھی رکھ لیں۔ یہ تمام کام ساعت عطارد میں سرانجام دیں، یعنی طشتری پر لکھنے اور عرق بنانے کا۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴۰ | ۴۸ | ۴۳ |
| ۴۶ | ۴۴ | ۴۱ |
| ۴۵ | ۳۹ | ۴۷ |

اس نقش کے چاروں طرف گول دائرہ میں یہ آیات لکھیں۔

سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم ۝ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْن سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْم ۝ سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْن ۝ سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْن ۝ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْن ۝ سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْر اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ وَاِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَام

## چھلا مسمریزم

آخری چہارشنبہ بعد نماز صبح ایک برتن پانی کا ایک کٹورہ یا گلاس خود لے کر سورۂ یٰسین شریف پڑھتے ہوئے آب چاہ جاری یا نلکے تک جائیں۔ ایک مبین تک پڑھنا ہے پھر سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم سات بار کہہ کر پانی تھوڑا سا لیں۔ پھر دوسرے چاہ یا نلکے کی طرف سورۂ یٰسین پڑھتے ہوئے جائیں اور دوسرے مبین تک ختم کر کے اسی طرح سات بار سَلَامٌ قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْم پڑھ کر تھوڑا سا پانی لیں اور چل پڑیں۔ اسی طرح سات مبین تک سات جگہ سے پانی حاصل کرنا ہے۔ گھر واپسی تک سورۂ ختم کر دینی ہے۔ اسی اثناء میں کوئی دوسرا کام یا کلام نہ کریں۔ سوائے سلام کے کوئی جواب نہ دیں۔ اس فراہم شدہ پانی میں نقرئی چھلے جس قدر بھی ممکن ہوں گرم کر کے سات بار اس پانی میں بجھاؤ دے لیں۔ بجلی کی تاثیر ان میں پیدا ہو جائے گی۔ اگر بچے کے گلے میں ڈالیں تو امن سے رہے درد زہ والی کے کمر میں باندھیں تو آسانی ہو، بائیں چھنگلی میں ڈالیں تو جملہ قسم کی بواسیر سے محفوظ رہے۔ مصروع کے گلے میں ڈالنے سے شفائے کاملہ ہو۔


# کامران اگربتی

موم بتی کی زبردست کامیابی کے بعد

**ہاشمی روحانی مرکز دیوبند**

کی ایک اور شاندار پیش کش

☆ کامران اگربتی کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ گھر کی نحوست اور اثرات بد کو دفع کرتی ہے، اہل خانہ کی روحانی مدد کرتی ہے، انہیں نحوستوں اور اثرات بد سے بچاتی ہے۔

☆ کامران اگربتی ایک عجیب و غریب روحانی تحفہ ہے، ایک بار تجربہ کر کے دیکھئے، انشاء اللہ آپ اس کو مؤثر اور مفید پائیں گے۔

☆ ☆ ☆

**ایک پیکٹ کا ہدیہ پچیس روپے (علاوہ محصول ڈاک)**
**ایک ساتھ ۱۰۰ پیکٹ منگانے پر محصول ڈاک معاف**

اگر گھر میں کسی طرح کے اثرات نہ ہوں تو بھی برائے خیر و برکت روزانہ دو اگربتی اپنے گھر میں جلا کر روحانی فائدے حاصل کیجئے، اپنی فرمائش اس پتے پر روانہ کیجئے۔

ہر جگہ ایجنٹوں کی ضرورت ہے

**ہاشمی روحانی مرکز**

محلہ ابوالمعالی دیوبند (یوپی)

پن کوڈ نمبر: 247554

# برج اور اسم الٰہی

بے حد درود وسلام محمدؐ وآل محمدؐ پر حمد وثنا اس رب کائنات کے لئے جو ہر چیز پر قادر ہے۔

قارئین کرام! اس مرتبہ آپ کو برج کے ساتھ اسم اعظم پڑھنے کا طریقہ بتا رہا ہوں۔ اسم اعظم کو دی گئی تعداد کے مطابق پڑھنے سے ان شاء اللہ آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے اسم الٰہی ایک ہی نشست میں ۲۱ ردن تک دی گئی تعداد میں پڑھنا ضروری ہے۔ یہ صبح یا نماز عشاء کے بعد پڑھ سکتے ہیں، اسم اعظم کے ورد سے پہلے اور بعد میں ۱۱-۱۱ مرتبہ درود پاک پڑھنا ضروری ہے۔ جگہ اور لباس پاک صاف ہو اور پڑھتے وقت اگربتی، لوبان لازمی جلائیں، اس کے بعد اسم اعظم پڑھنا شروع کریں۔

**برج حمل**: سلامتی کے لئے یاسلامُ ۱۳۱ مرتبہ، دعا کی قبولیت کے لئے یَاسَمِیْعُ ۱۸۰ مرتبہ، ہر کام میں فتح یابی کے لئے یَافَتَّاحُ ۴۸۹ مرتبہ، عزت وتوقیر کے لئے یَامُعِزُّ ۱۱۷ مرتبہ۔

**برج ثور**: ہر مقصد کے لئے یَامُجِیْبُ ۱۵۵ مرتبہ، دولت کے لئے یَاغَنِیُّ ۱۰۶۰ مرتبہ، علم حاصل کرنے کے لئے یَاعَلِیْمُ ۱۰۴۰ مرتبہ اور شادی کے لئے یَالَطِیْفُ ۱۲۹ مرتبہ۔

**برج جوزا**: محبت کے لئے یاعزیزُ ۹۴ ر ارضی یا سماوی آفات سے بچنے کے لئے یَاحَفِیْظُ ۹۹۸ مرتبہ۔

**برج سرطان**: ہر مقصد کے لئے یَاصَمَدُ ۱۳۴ مرتبہ، ہر کام کی بندش کے خاتمہ کے لئے یَابَاسِطُ ۷۲ مرتبہ۔

**برج اسد**: اللہ تعالیٰ کے نظر وکرم کے لئے یَارَحْمٰنُ ۲۹۹ مرتبہ، دشمن کی زبان بندی کے لئے یَاحَافِظُ ۱۴۸۱ مرتبہ، قلب کی روشنی کے لئے یَانُوْرُ ۲۵۶ مرتبہ، ترقی کے لئے یَاوَاسِعُ ۱۳۷ مرتبہ۔

**برج سنبلہ**: ہر مقصد کی کامیابی کے لئے یَافَتَّاحُ ۴۸۹ مرتبہ، ترقی کے لئے یَامُقَدِّمُ ۱۸۴ مرتبہ، آفات سے بچنے کے لئے یَاحَفِیْظُ ۹۹۸ مرتبہ، شادی کے لئے یالطیفُ ۱۲۹ مرتبہ۔

**برج میزان**: محبت کے لئے یَاعَزِیْزُ ۹۴ مرتبہ، شادی کے لئے یَالَطِیْفُ ۱۲۹ مرتبہ، ہر کام میں فتح یابی کے لئے یَاذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام ۱۱۰۰ مرتبہ، بیماری سے صحت وسلامتی کے لئے یَامَتِیْنُ ۵۰۰ مرتبہ، دولت کے لئے یَاوَهَّابُ ۱۴ مرتبہ، نرینہ اولاد کے لئے یَاوَارِثُ ۷۰۷ مرتبہ، آسیب وجادو کے لئے سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِیْم ۱۴۱ مرتبہ، محبت کے لئے یَاوَدُوْدُ ۲۰ مرتبہ، کسی کو بلانے کے لئے یَانَافِعُ ۲۰۱ مرتبہ۔

**برج عقرب**: دعا کی قبولیت کے لئے یاسمیعُ ۱۸۰ مرتبہ سلامتی کے لئے یا سلام ۱۳۱ مرتبہ، ہر کام کی بندش کھولنے کے لئے یاباسطُ ۷۲ مرتبہ۔

**برج قوس**: بندش کھولنے کے لئے یَابَاسِطُ ۷۲ مرتبہ، محبت کے لئے یَاوَدُوْدُ ۲۰ مرتبہ، ہر کام کے لئے یَافَتَّاحُ ۴۸۹ مرتبہ، دوستی کے لئے یَاوَهَّابُ ۱۴ مرتبہ ولا دنرینہ کے لئے یَاوَارِثُ ۷۰۷ مرتبہ، روزی کے لئے یَارَزَّاقُ ۳۰۸ مرتبہ، حفاظت کے لئے یَاحَفِیْظُ ۹۹۸ مرتبہ۔

**برج جدی**: رزق کے لئے یَارَزَّاقُ ۳۸۰ مرتبہ، کام کی بندش کے خاتمے کے لئے یَابَاسِطُ ۷۲ مرتبہ، اولاد نرینہ کے لئے یَاوَارِثُ ۷۰۷ مرتبہ، دولت کے لئے یَاوَهَّابُ ۱۴ مرتبہ، ہر کام کے لئے یَااَللّٰهُ ۶۶ مرتبہ۔

**برج دلو**: ہر مقصد کے لئے یَافَتَّاحُ ۴۸۹ مرتبہ، رزق کے لئے یَاوَهَّابُ ۱۴ مرتبہ، اولاد نرینہ کے لئے یَاوَارِثُ ۷۰۷ مرتبہ، استخارہ کے لئے یَاخَبِیْرُ ۸۱۲ مرتبہ، بیماری سے شفایابی کے لئے یَامَتِیْنُ ۵۰۰ مرتبہ۔

**برج حوت**: کام کی بندش کے لئے یَافَتَّاحُ ۴۸۹ مرتبہ، حصولِ رزق کے لئے یَابَاسِطُ ۷۲ مرتبہ، ہر مقصد کے لئے اللّٰہ الصمد ۱۳۴ مرتبہ، اولاد نرینہ کے لئے یَاوَارِثُ ۷۰۷ مرتبہ، دولت کے لئے یَاصَمَدُ ۱۰۶۰ مرتبہ۔☆☆☆

رہتی دنیا تک لائبریریوں کی زینت بننے والی علمی دستاویز

# ماہنامہ طلسماتی دنیا کا سلور جوبلی نمبر

## ماہنامہ طلسماتی دنیا کی ۲۵ ؍ سالہ خدمات کا جائزہ

آنکھوں سے پردے ہٹادینے والا ایک عظیم الشان معلوماتی شاہکار

اہم بھی - دلچسپ بھی - معلوماتی بھی - وقیع بھی - عظیم الشان روحانی تحریک کا نچوڑ

روحانیت سے دلچسپی رکھنے والے اس نمبر کا مطالعہ ضرور کریں۔ یہ نمبر دعوتِ دین اسلام کی رہنمائی بھی کرے گا۔

## سلور جبلی نمبر

علم و معرفت کی ایک عظیم الشان دستاویز ہوگی۔

اس نمبر کو اپنے گھر میں رکھ کر اپنے لئے خوش نصیبی کے دروازے کھولئے۔

ان پچیس سالوں میں ''ماہنامہ طلسماتی دنیا'' نے ایسے روحانی فارمولے بھی پیش کئے ہیں جو کروڑوں روپے خرچ کر کے بھی آپ کہیں سے حاصل نہیں کر سکتے۔

دولت مند بننے کے لئے، دنیا کو مسخر کرنے کے لئے، جادو اور جنات سے نجات حاصل کرنے کے لئے کینسر، سوگر، ایڈز، ٹی بی اور دیگر موذی بیماریوں سے چھٹکارا پانے کے لئے، نحوست، گردش، بندش، کرنی کرتوت سے نمٹنے کے لئے اور دیگر انسانی تمام خواہشات کی تکمیل کے لئے ماہنامہ ''طلسماتی دنیا'' نے قابل قدر مواد پیش کیا ہے۔

صاحب ایمان اور صاحب یقین حضرات کی جانب سے اور علمائے حق کی طرف سے ''ماہنامہ طلسماتی دنیا'' کی بھرپور پذیرائی ہوئی ہے۔

خاص خاص فارمولے اور خاص خاص مضامین اس نمبر میں دوبارہ پیش کئے جائیں گے تاکہ آپ زندگی بھر ان سے استفادہ کرتے رہیں۔

روحانی عملیات کے مخالفین کو منہ توڑ جواب اس نمبر میں بطور خاص دیا جائے گا۔ جو سونے پر سہاگہ ہوگا۔

مخالفین روحانی عملیات کھسیانی بلی کی طرح کھمبے کیوں نوچتے ہیں اور جھاڑ پھونک کو بدعقیدہ قرار دے کر یہودیوں کے مشن کو تقویت کیوں پہنچاتے ہیں؟ اس کا عملی اور تحقیقی جواب بھی اسی نمبر میں پڑھئے۔

روحانی عملیات کے مخالفین کے لئے ایک زبردست اقدام۔ انشاء اللہ جس کو طویل مدت تک یاد رکھا جائے گا۔

ہر صاحب ایمان، ہر صاحب یقین اور ہر حق کے متلاشی کے لئے یہ نمبر ایک روحانی تحقیقاتی، معلوماتی اور علمی دستاویز ہوگا۔ اگر آپ روحانی عملیات کے مخالفین اور موافقین کی حقیقت کو سمجھنا چاہتے ہیں تو اس نمبر کا مطالعہ ضرور کریں۔ یہ نمبر ۲۰۱۹ء کا ایک عجوبہ ثابت ہوگا، اس کو حاصل کرنے میں غفلت نہ برتیں۔

اپنے ایجنٹ سے رابطہ کریں یا براہِ راست ہمیں فون کریں۔

**المعلن: منیجر ماہنامہ طلسماتی دنیا، دیوبند، موبائل: 09756726786**

ڈاکٹر الحاج محمد حسین اکبر

# آیت الکرسی..... ہمارے مسائل کا حل

"سوائے خدائے یکتا اور زندہ کے کوئی معبود نہیں جو اپنی ذات میں خود قائم ہے اور دوسری تمام موجودات اس کی وجہ سے موجود ہیں۔ نہ اسے نیند آتی ہے اور نہ وہ اونگھ (وہ اس کائنات کی تدبیر سے ایک لحہ کے لئے بھی غافل نہیں ہے) جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب کچھ اسی کے لئے ہے۔ کون ہے جو اس کے حضور اس کے اذن سے شفاعت کرے (شفاعت کرنے والوں کی شفاعت کے لائق افراد کی شفاعت کرنے سے اس مالکیت مطلقہ میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی) اس کے بندوں کے سامنے جو کچھ ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے سب کو جانتا ہے (گزشتہ اور آئندہ آنے والے سب لوگ اس کے حضور برابر ہیں) سوائے ان چند افراد کے جن کے بارے میں وہ چاہتا ہے کہ کوئی بھی اس علم سے آگاہ نہیں ہوسکتا (یہ اسی کی ذات ہے جو ہر شئے سے باخبر ہے، دوسری تمام مخلوق کا محدود علم اس کے بے پایاں و بے کراں علم کا پرتو ہے) اس کی کرسی (حکومت) تمام آسمانوں اور زمین کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور ان کی حفاظت اس کے لئے کوئی بوجھ نہیں، ہر قسم کی بلندی اور عظمت صرف اسی ذات کے لئے مخصوص ہے۔

## اس آیت کو آیت الکرسی کیوں کہتے ہیں؟

اس آیت مجیدہ کا نام "آیت الکرسی" اس لئے رکھا گیا ہے کیوں کہ لفظ "کرسی" اس آیت کے ذیل میں آیا ہے لیکن اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ یہ نام صرف عام لوگوں یا مسلمانوں نے اپنے میلان و رجحان کی وجہ سے نہیں رکھا بلکہ یہ نام خود اسلام کے بانی حضرت محمد ﷺ نے رکھا جیسا کہ یہ راویان احادیث کے سلسلہ روایت کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے خود اس آیت مجیدہ کا نام "آیت الکرسی" رکھا ہے اور اس آیت مجیدہ کو اسی نام سے پکارا کرتے تھے۔ باقی لوگوں نے آپ ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے یہی نام پکارنا شروع کر دیا۔ اصحاب، تابعین و تبع تابعین اور پھر چلتا چلتا یہ نام آج چودہ صدیاں بعد بھی قرآن کے پیروکار و پوری کائنات میں اس آیت مبارکہ کو اسی نام سے پہچانتے ہیں۔

آیت الکرسی میں اللہ تعالیٰ نے اپنی وہ صفات عالیہ بیان فرمائی ہیں جو اس کی ذات احدیت اور معبود حقیقی کے شایان شان ہیں۔

حیات، قومیت، مالکیت، علم اور ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی قدرت کاملہ جیسی صفات کو اس آیت کے ضمن میں بیان فرمایا ہے۔

اس آیت مجیدہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات کا تذکرہ سولہ مرتبہ ہوا ہے، کبھی نام کے ساتھ، کبھی ضمیر کے ساتھ، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پورے قرآن میں اس آیت مجیدہ جیسی کوئی آیت موجود نہیں۔

تفسیر درمنثور میں حضرت رسول اکرم ﷺ سے روایت ہے کہ ہر شئے کا تاج ہوتا ہے اور قرآن کا تاج آیت الکرسی ہے۔ امالی شیخ میں ابی امامہ باہلی سے روایت ہے کہ میں نے حضرت امیر المومنین سے سنا آپؑ نے ارشاد فرمایا میں نہیں جانتا کہ کسی شخص نے اسلام میں عقل وشعور کی منزلیں طے کی ہوں یا اسلام میں پیدا ہوا ہو، رات کی تاریکی کو گزار چکا ہو۔ میں نے پوچھا "تاریکی شب" سے کیا مراد ہے؟ آپؑ نے فرمایا پوری رات مگر یہ کہ اس آیت کو **اَللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم** سے لے کر **وھو العلی العظیم** تک پڑھے، اگر وہ جان لے کہ یہ آیت کتنی عظمت کی مالک ہے تو اسے کسی بھی صورت میں ترک نہ کرے کیوں کہ رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا آیت الکرسی ایک خزانہ ہے جو زمین کے نیچے سے مجھے عطا ہوا ہے۔ مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کو عطا نہیں ہوا۔

حضرت علیؓ نے فرمایا جب سے میں نے یہ جملہ رسول اکرم ﷺ سے سنا کہ کوئی بھی ایسی رات نہیں دیکھی جس میں میں نے یہ آیت نہ پڑھی ہو۔ مختلف روایات سے آیت الکرسی کی بہت زیادہ فضیلت وارد ہوئی ہے۔ ہم نے اس کے خلاصہ کو یہاں بیان کیا ہے۔

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

اللہ تعالیٰ کی کرسی تمام آسمانوں اور زمینوں کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہے۔ انسانوں کا علم ابھی اس درجہ کمال کو نہیں پہنچا کہ اس کرسی کے رازوں سے پردہ ہٹا سکے، ابھی تک کوئی ایسا عالم پیدا نہیں ہوا جس کا علم آسمانوں اور زمینوں کا احاطہ کئے ہوئے ہو اور رائج علمی طریقہ سے بھی ابھی تک ہمارے وسیع جہاں کا کسی نے احاطہ نہیں کیا۔ اگرچہ اس کی نفی پر بھی ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔ سائنس دان اور دانشور اس حقیقت کے معترف ہیں کہ آسمانوں اور زمین کی وسعتوں کو ماپنے کے لئے ابھی تک ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں، ہم اپنے موجود وسائل سے جتنا بھی کائنات کا مطالعہ کرتے ہیں آئے دن ایک نیا انکشاف ہوتا ہے، لہٰذا حتمی طور پر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اس کائنات کی وسعت بس اتنی ہی زیادہ ہے جس کا ہمارا موجود علم اندازہ لگا چکا ہے۔ بلکہ یہ ایک قوی احتمال موجود ہے کہ بے شمار اور بھی عالم موجود ہیں جو آج کے موجودہ وسائل کی دسترس سے باہر ہیں۔

## آیت الکرسی کے دس وقف اور اس کے خواص وفوائد

آیت الکرسی میں دس وقف پائے جاتے ہیں جو کوئی بھی آیت الکرسی کو ان دس وقف کے ساتھ پڑھنے کے بعد دعا کرے گا تو یقیناً دعا مستجاب ہوگی، اس کا طریقہ کچھ اس طرح ہے، دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کی طرف سے شروع کردیں، جب پہلا وقف آئے اس انگلی کو بند کردیں، اسی طرح ہر وقف پر پہنچنے کے ساتھ ہی انگلیاں بند کرتے جائیں۔ جب ''یشفع عندہٗ'' کی دوعینوں کے درمیان پہنچیں تو جو بھی حاجات خیر ہوں خدا سے طلب کریں۔ خاص طور پر حلال طریقے سے کسی کی حلال اور شرعاً جائز محبت کو حاصل کرنے کے لئے محبوب کو ذہن میں لائیں اور پڑھیں۔ جب ''یعلم ما'' کی دونوں میموں کے درمیان پہنچیں تو شر کے خاتمے اور دوری کے لئے دعا کریں۔ خاص طور پر دشمن کے خاتمے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اس کا تصور ذہن میں لاکر پڑھیں، مجرب عمل ہے۔

جب دس وقف تمام ہوجائیں تو تین مرتبہ سورہ الم نشرح، تین مرتبہ سورہ قل ہو اللہ احد اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سر کو آسمان کی طرف بلند کرکے دعا مانگیں اور دس مرتبہ سورہ الحمد کو پڑھیں، ہر الحمد پڑھنے کے بعد ایک ایک انگلی کو کھولتے جائیں اور انگلیاں کھولتے وقت بائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے شروع کریں اور دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی تک جا پہنچیں اور ساری انگلیاں کھولنے کے بعد آسمان کی طرف منہ کرکے دم کریں اور اپنی حاجات طلب کریں۔

بعض کتابوں میں اس عمل کو چالیس دن تک جاری رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ حاجات یقیناً پوری ہوں گی۔

دس وقف کی تفصیل اس طرح ہے:

(۱) اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ. (۲) اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ. (۳) لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ. (۴) لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ. (۵) مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ. (۶) یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ (۷) وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ. (۸) وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ. (۹) وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا. (۱۰) وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ.

## آیت الکرسی کے فوائد اور اعمال

(۱) اگر سوئے ہوئے شخص کے سرہانے کھڑے ہوکر پڑھی جائے تو وہ بیدار ہوجائے گا۔ (۲) اگر دشمن کو تتر بتر کرنا چاہتے ہو تو جھاڑو ''جس نباتات'' سے بنا ہے اس کے بیج پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر بیج کو ان کے درمیان پھیلا دو، دشمن تتر بتر ہوجائے گا۔ (۳) اگر کسی کو زنجیروں میں جکڑ دیا جائے تو وہ رات میں ایک ہزار ایک دفعہ پڑھے اسی روز آزاد ہوجائے گا۔ (۴) اگر مریض کی صحت یابی کے لئے تین دن بوقت صبح ۱۰۶ مرتبہ پڑھو تو مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ (۵) اگر دردسر کے خاتمے کے لئے سات مرتبہ پڑھیں تو درد ٹھیک ہوجائے گا۔ اگر کوئی ہر روز منقہ پر سات بار پڑھ کر کھائے تو اس شخص سے سات قسم کی بیماریاں دور ہوجائیں گی۔ (۶) اگر کوئی کسی شخص کو طولانی مسافت سے واپس بلانا چاہے تو اس شخص کی صورت بناؤ اور ہوا کے سامنے آویزاں کردو، پھر اکتالیس مرتبہ اس کے پاؤں کی طرف پڑھو اکتالیس دن تک آگ میں مشک کی خوشبو ڈالو، اگر وہ سوفرسخ پر بھی ہوگا تو واپس آجائے گا۔ (۷) اگر بحری جہاز، کشتی، ہوائی جہاز یا کار میں بیٹھو تو سات مرتبہ پڑھو خیر و عافیت اور سلامتی کے ساتھ واپس منزل پر پہنچو گے۔ (۸) اگر کوئی حاجت ہو جو پوری نہ ہو رہی ہو تو

سات دن روزے رکھو، ہر روز ۹۱ مرتبہ پڑھو دو رکعت نماز پڑھو، پہلی رکعت میں ایک مرتبہ سورہ الحمد اور تین مرتبہ سورہ "والسماء والطارق" (سورہ طارق) پڑھو اور پھر دوسری رکعت میں الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھو، جب سجدے میں جاؤ تو پڑھو "سبوحٌ قدوسٌ رب الملائکۃ والروح" پھر سجدے سے سر اٹھاؤ اور ۹۱ مرتبہ آیت الکرسی پڑھو، یہ ناممکن ہے کہ جائز و شرعی حاجات پوری نہ ہوں۔

(۹) اگر دولت مند بننا چاہتے تو اکتالیس دن ہر رات گیارہ سو مرتبہ پڑھو، پھر چار رکعت نماز پڑھو، پہلی رکعت میں الحمد اور پھر "آمن الرسول" سے شروع کر کے آخری سورۃ تک تین مرتبہ پڑھو، اسی طرح دوسری رکعت میں بھی پڑھو۔ پھر تیسری رکعت میں الحمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ زلزلہ پڑھو، پھر چوتھی رکعت میں الحمد پچیس مرتبہ اور سورہ توحید پڑھو اور سلام پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی پڑھو، اگر یہ عمل کر لو تو اتنے مال دار بن جاؤ گے کہ اپنے مال کا حساب و کتاب تک نہ کر سکو گے۔ (۱۰) جو کوئی شخص ہر فریضہ اور نافلہ نماز کے بعد اس آیت کی تلاوت کرے وہ کبھی محتاج اور فقیر نہ ہوگا اور مخلوق خدا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ (۱۱) جو کوئی شخص ہر نماز فریضہ اور نماز نافلہ کے بعد باقاعدگی سے اس آیت کی تلاوت کرے گا اللہ اپنے لطف و کرم سے اسے بہت زیادہ مال عطا فرمائے گا اور اس کی روزی کو وسیع کر دے گا۔ (۱۲) اس کو ایسے مقام سے روزی مہیا کرے گا جہاں سے اس کے وہم و گمان میں نہ ہوگا۔ (۱۳) اگر اس آیت مجیدہ کو اپنی دوکان کے دروازے پر آویزاں کر دیا جائے تو کاروبار بہت زیادہ چلے گا اور منفعت بہت زیادہ ہوگی جسے وہ شمار بھی نہیں کر سکے گا۔ (۱۴) اگر گھر کے دروازے پر آویزاں کر دیا جائے تو چور اس گھر میں کبھی داخل نہیں ہوگا اور وہ گھر چور کے شر سے محفوظ رہے گا۔ (۱۵) اگر کوئی شخص اس آیت کو کثرت سے پڑھے گا تو وہ دنیا میں ہی جنت میں اپنے گھر کو دیکھے گا۔

## آیت الکرسی پڑھنے کا ثواب اور فوائد

حضرت رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ جس گھر میں بھی آیت الکرسی پڑھی جائے اس گھر سے تیس دن تک شیاطین دور رہتے ہیں اور کوئی جادوگر مرد چالیس دن تک اس گھر میں نہیں آ سکتا۔ اے علی! اس بات کی اپنے بچوں کو تعلیم دو، اپنے گھر والوں اور پڑوسیوں کو تعلیم دو کیوں کہ آیت الکرسی سے بڑھ کر کوئی باعظمت آیت نازل نہیں ہوئی۔

رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا اس میں کوئی شک نہیں کہ آیت الکرسی سے بڑھ کر پورے قرآن پاک میں کوئی بزرگ ترین آیت نہیں۔ جو کوئی اس آیت کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو اس شخص پر مقرر فرمائے گا کہ وہ اس گھڑی سے لے کر کل اسی گھڑی تک اس کے تمام نیک کاموں کو لکھے گا اور برے کاموں کو مٹاتا جائے گا۔

حضرت رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی شخص ہر فریضہ نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے کوئی شئے اسے جنت میں داخل ہونے سے نہیں روک سکتی۔ سوائے موت کہ اس کی ہر شئے سے حفاظت کی جائے گی اور سوائے صدیقین اور عابدین کے اس آیت کی تلاوت کا اتنا خاص خیال کوئی نہیں رکھے گا۔ جو کوئی سونے سے پہلے اس آیت مجیدہ کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی اور اس کے ہمسایوں اور اطراف خانہ میں رہنے والوں کی حفاظت فرمائے گا۔ بعض معتبر تفاسیر میں ذکر ہوا ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے صحابی قرآن مجید کی سب سے زیادہ فضیلت والی آیت کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے کہ کون سی آیت فضیلت کے اعتبار سے تمام آیات سے افضل ہے۔ حضرت علیؓ نے ان سے فرمایا تم کہاں سوچ کے گھوڑے دوڑا رہے ہو، قرآن مجید کی آیت الکرسی وہ باعظمت آیت ہے جو سب سے ارشاد آیت ہے۔ پھر ارشاد فرمایا کہ مجھ سے رسول اکرم ﷺ نے نقل فرمایا کہ اے علی! تمام انسانوں کے سردار حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور تمام عرب کے سردار محمدؐ ہیں لیکن میں اس بات پر فخر نہیں کرتا فرمایا فارس کا سردار حضرت سلمان فارسی ہیں اور تمام کلام کا سردار قرآن مجید ہے اور قرآن کی سردار سورہ بقرہ ہے اور سورہ بقرہ کی سردار آیت الکرسی ہے۔

حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے تو اس کے لئے سات آسمان کھل جائیں گے اور پھر پہلی حالت میں اس وقت تک واپس نہیں آئیں گے جب تک آیت الکرسی پڑھنے والے پر نظر رحمت نہ ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ اسے معاف فرما دے گا پھر خدا ایک فرشتے کو حکم دے گا جو اس کا حساب لکھے گا اس

www.freeamliyaatbooks.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شبیر قادری

کے گناہوں اور برائیوں کو محو کرے گا اس گھڑی سے لے کر آئندہ کل اسی گھڑی تک اس سے جو گناہ سرزد ہوں گے اللہ اسے معاف کردے گا۔ حضرت رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب کوئی مومن اس آیت کی تلاوت کرے اور اس کا ثواب اہل قبور کو ہدیہ کرے اور دنیا کے تمام مرحومین، مومنین کو ہدیہ کرے تو اللہ تعالیٰ مشرق سے مغرب تک تمام قبور میں چالیس نور داخل کرے گا، تمام کی قبروں کو وسعت عطا کرے گا، ہر مردے کے درجے بلند کرے گا، آیت الکرسی پڑھنے والے کے درجات کو بھی بلند کرے گا اور اسے ساٹھ پیغمبروں کا ثواب عطا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ آیت الکرسی کے ہر حرف کے بدلے ایک ایک فرشتہ پیدا کرے گا جو اس کے لئے روز قیامت تک تسبیح کرتے رہیں گے۔
(تفسیر منہج الصادقین، ج۲، ص۹۲ تا ۹۴)

## آیت الکرسی کا نزول، عجیب اتفاقات اور حق جنت

جب آیت الکرسی نازل ہوئی تو رسول اکرم ﷺ نے فرمایا عرش الٰہی کا خزانہ نازل ہوا ہے اور مشرق و مغرب میں جتنے بت تھے سرنگوں ہوگئے۔ شیطان ڈر گیا اور اس نے اپنی قوم کو مخاطب کر کے کہا کہ آج کوئی بہت بڑا حادثہ رونما ہوا ہے۔ تم یہاں رہو، میں تمام مشارق اور مغارب عالم کو دیکھوں کہ کیا واقعہ ہوا ہے؟ شیطان پوری دنیا کا معائنہ کرتا ہوا جب مدینہ پہنچا تو اس نے ایک شخص سے پوچھا کل رات کیا واقعہ رونما ہوا ہے؟ اس نے بتایا کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے عرش کے خزانوں میں سے ایک خزانہ آیت الکرسی نازل ہوئی ہے جس کی وجہ سے تمام بت سرنگوں ہوگئے ہیں۔ ابلیس یہ سن کر واپس لوٹ گیا اور اپنی قوم کو اس بات کی خبر دی کہ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا ہے کہ جس گھر میں بھی اس آیت کی تلاوت کی گئی تیس دنوں تک شیطان اس گھر کے قریب تک نہیں آسکے گا۔

عمرو بن مقداد نے کہا کہ میں نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا ہے آپ نے فرمایا جو کوئی آیت الکرسی کی ایک بار تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے ایک ہزار دنیا کی ناپسندیدہ اور مکروہ چیزوں کو جبکہ آخرت میں ایک ہزار ناپسندیدہ اور مکروہ چیزوں کو دور کرے گا جن میں دنیا کی معمولی ترین چیز فقر اور آخرت کی معمولی ترین ناپسندیدہ چیز عذاب قبر کو دور کرے گا۔ (تفسیر ابوالفتوح، ج۱، ص۴۳۹)

عبداللہ ابن عون کا کہنا ہے کہ میں نے ایک رات خواب میں دیکھا کہ قیامت برپا ہو چکی ہے، لوگوں کو روک دیا گیا ہے اور مجھے لایا گیا اور مجھ سے انتہائی آسان حساب کتاب لیا گیا اور مجھے جنت میں لایا گیا اور مجھے میرے محلات دکھائے گئے، میں ان کی خوبصورتی دیکھ کر حیران و پریشان ہوگیا۔ مجھے کہا گیا کہ اس محل کے دروازے گنو، میں نے گنے تو پچاس تھے، پھر مجھے کہا گیا کہ اس کے گھروں کو شمار کرو، میں نے شمار کئے تو ایک سو پچھتر تھے، مجھے کہا گیا کہ یہ محل تمہاری ملکیت ہے، اس نے کہا میں نیند سے خوشی خوشی اٹھ بیٹھا اور خدا کا شکر ادا کیا، جب صبح ہوئی تو محمد بن سیرین کے پاس حاضر ہوا اور اپنے خواب میں جو کچھ دیکھا تھا بیان کیا، اس نے کہا لگتا ہے کہ آیت الکرسی بہت زیادہ پڑھتے ہو؟ میں نے عرض کیا کہ ہاں لیکن آپ کو کیسے پتہ چلا؟ تو انہوں نے بتایا کیوں کہ اس آیت کے پچاس کلمات اور ایک سو پچھتر حروف ہیں۔

## زوال آفتاب سے پہلے تلاوت آیت الکرسی کی تاثیر کے سبب بخشش

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے قسم کھا کر فرمایا جو کوئی آیت الکرسی کو زوال آفتاب سے پہلے ستر مرتبہ اور سورج کے کامل ہونے پر ستر مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے سارے گناہ معاف کردے گا۔ اگر اسی سال مرے گا تو بغیر حساب و کتاب بخش دیا جائے گا۔ (بحار الانوار، ج۸۶، ص۲۵۶)

## آب نیساں تمام بیماریوں کا علاج

راوی بیان کرتا ہے کہ ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے آپؐ نے سلام کیا، ہم نے جواب سلام عرض کیا۔ آپؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایک دعا کی تعلیم نہ دوں جو جبرائیل نے مجھے بتائی ہے تاکہ تمہیں کسی ڈاکٹر کی دوا کی ضرورت تک محسوس نہ ہو؟

حضرت علیؑ اور سلمان فارسی نے عرض کیا مولا وہ کون سی دعا ہے؟ حضرت رسول اکرم ﷺ نے فرمایا وہ نیساں "اپریل کے مہینہ میں جو بارش برسے اس کا پانی" میں برسنے والی بارش کا پانی لے کر اس پر ستر مرتبہ سورہ فاتحہ، ستر مرتبہ آیت الکرسی، اکہتر مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ احد، ستر مرتبہ سورہ فلق، ستر مرتبہ سورہ الناس اور ستر مرتبہ سورہ

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کافرون پڑھو اور سات دن لگا تار صبح وشام اس پانی کو پیو۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے قسم ہے اس رب کی جس نے مجھے عہدہ نبوت پر مبعوث فرمایا ہے جبرائیل نے کہا جو کوئی اس پانی کو پئے گا اللہ تعالیٰ اس کے بدن سے ہر درد کو دور کر دے گا اور اس کو عافیت اور سلامتی عطا فرمائے گا۔

## آیت الکرسی کا عجیب وغریب اثر تحفظ مال

بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حسب معمول ہر رات جب اپنی دوکان کو بند کرتا تو آیت الکرسی پڑھ کر پھونک مار دیتا، اتفاقاً ایک دن اس نے دوکان بند کی لیکن آیت الکرسی پڑھنا بھول گیا، سوتے وقت یاد آیا تو اس نے وہیں سے اپنے بستر پر سے ہی آیت الکرسی پڑھ کر دوکان کی طرف پھونک ماردی۔ جب صبح دوکان پر گیا تو کیا دیکھا کہ دوکان کا دروازہ کھلا ہے، دیکھ کے پریشان ہوا، جب نزدیک آیا کیا دیکھتا ہے کہ تمام قسم کی اجناس اور مال کو اکٹھا کرکے ایک جگہ رکھ دیا گیا ہے اور وہاں ایک شخص کو بیٹھے ہوئے دیکھا، پوچھا تو کون ہے اور یہاں کیا کر رہا ہے؟ میں نے چاہا کہ شور مچاؤں کہ چور چور لیکن اس نے کہا چپ ہو جاؤ، پریشان نہ ہو میں تمہاری کوئی چیز نہیں لے گیا۔ دیکھ تیری دوکان کی تمام چیزیں اپنی جگہ پر موجود ہیں لیکن میرا ماجرا غور سے سنو کہ میں کل رات کے ابتدائی حصہ میں آیا تھا کہ سب کچھ لے جاؤں لیکن جتنی بھی کوشش کی مجھے راستہ نہیں ملا، پوری رات اس دوکان میں محصور رہا ہوں کہ تو آ گیا ہے، دوکاندار فوراً سمجھ گیا کہ یہ آیت الکرسی پڑھنے کا اثر ہے۔

## یرقان کا علاج

حضرت رسول اکرم ﷺ نے حضرت امام علی رضی اللہ عنہ کو اپنی وصیتوں میں فرمایا اے علی! جان اگر کوئی اپنے پیٹ میں صفرائی یرقان میں مبتلا ہو اس کے علاج کے لئے اس کے پیٹ پر آیت الکرسی لکھی جائے اور پھر اس تحریر کو دھو کر پلایا جائے تو اللہ تعالیٰ لطف وکرم سے وہ شخص اس بیماری اور درد سے نجات حاصل کر لے گا۔

## آیت الکرسی کے چند مجرب المجرب فوائد

آیت الکرسی پڑھنے کے بہت زیادہ فائدے ہیں، ہم یہاں پر صرف چند ایک کی طرف اشارہ کرتے ہیں:

(۱) جو کوئی شخص ہر فریضہ اور نافلہ نماز کے بعد اس آیت کی تلاوت کرے وہ کبھی محتاج اور فقیر نہ ہوگا اور مخلوق خدا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ (۲) جو کوئی شخص ہر نماز فریضہ اور نافلہ کے بعد باقاعدگی سے اس آیت کی تلاوت کرے گا اللہ اپنے لطف وکرم سے اسے بہت زیادہ مال عطا فرمائے گا اور اس کی روزی وسیع کر دے گا۔ (۳) اس کو ایسے مقام سے روزی مہیا کرائے گا جہاں اس کے وہم وگمان میں نہ ہوگا۔ (۴) اگر اس آیت مجیدہ کو اپنی دوکان کے دروازے پر آویزاں کر دیا جائے تو کاروبار بہت زیادہ چلے گا اور منفعت بہت زیادہ ہوگی جسے وہ شمار نہیں کر سکے گا۔ (۵) اگر گھر کے دروازے پر آویزاں کر دیا جائے چور اس گھر میں کبھی داخل نہیں ہوگا اور وہ گھر چور کے شر سے محفوظ رہے گا۔ (۶) اگر کوئی شخص اس آیت کو کثرت سے پڑھے گا تو وہ دنیا میں ہی جنت میں اپنے گھر کو دیکھے گا۔

## بحکم خدا آیت الکرسی بہت جلد مشکل کشائی کرتی ہے

اگر کسی کو بہت ہی اہم مشکل درپیش ہو اور وہ چاہے کہ وہ بہت ہی جلد حل ہو جائے تو ایسے صحرا یا جنگل میں چلا جائے جہاں کوئی آدمی نہ ہو، وہ اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لے اور خشوع وخضوع کے ساتھ روبقبلہ بیٹھ جائے اور ستر مرتبہ آیت الکرسی پڑھے تو اس بات میں شک ہی نہیں کہ اس دن اس کی مشکل حل نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ

## وسعت رزق کیلئے آیت الکرسی سے فیض رسانی

غروب آفتاب کے وقت اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھو پھر جو بھی خدا سے چاہتے ہو مانگو، انشاء اللہ ضرور ملے گا۔

وسعت رزق، کاروبار اور ثروت ودولت کے لئے سحری کے وقت صبح کے نزدیک دو رکعت نماز پڑھیں، پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سترہ مرتبہ سورہ قل ہو اللہ احد پڑھو، ان دونوں رکعتوں کے رکوع میں سترہ مرتبہ سبحان ربی العظیم وبحمدہٖ اسی طرح دونوں رکعتوں کے چاروں سجدوں میں سترہ مرتبہ سبحان ربی الاعلیٰ وبحمدہٖ پڑھیں۔

یہ عمل انتہائی مجرب ہے اس عمل کے بارے میں کہا گیا ہے کہ سونے کا پوشیدہ خزانہ ہے، کسی نااہل کے ہاتھ نہیں لگنا چاہئے۔

## بخار کا علاج

ایک شخص نے امام صادق علیہ السلام کے حضور شکایت کی کہ اسے بہت زیادہ بخار رہتا ہے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا آیت الکرسی کو کسی برتن میں لکھو، پھر اسے پانی میں حل کرو اور پانی پی لو، بخار ختم ہو جائے گا۔

## آیت الکرسی پڑھنے کے دیگر اہم فوائد

## دردِ چشم کا علاج

آنکھوں کے درد اور آشوب چشم کے علاج کے لئے آیت الکرسی پڑھو اور ساتھ ساتھ دل میں اس کے صحیح ہونے کی نیت اور ارادہ کرو، یعنی آنکھوں کے درد اور بیماری کے خاتمہ کی نیت سے آیت الکرسی پڑھیں۔ (الباقیات الصالحات، مفاتیح الجنان)

اگر آیت الکرسی پڑھنے سے پہلے آنکھ پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھو۔ اُعِیذُ نُوْرَ بَصَرِیْ بِنُوْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُطْفٰی یہ عمل آنکھوں کی بینائی میں اضافہ کے لئے بھی مفید ہے اور اسی طرح جن لوگوں کو رات میں نظر نہیں آتا ان کے لئے بھی مجرب ہے۔ یہ بھی وارد ہوا ہے کہ قرآن مجید کو دیکھ کر پڑھنے سے بینائی میں اضافہ ہوتا ہے۔

## سوتے وقت پڑھیں تحفظ شیطان وجن

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے آیت الکرسی پڑھا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ جبرئیل میرے پاس آئے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم جنوں میں ایک جن نیند کی آپ کو مکر وفریب اور اذیت پہنچانے کی کوشش کرتا ہے، لہٰذا آپ سونے سے پہلے آیت الکرسی پڑھا کریں۔

## آیت الکرسی کی تلاوت تعقیب نماز

ایک روایت کے مطابق جو کوئی بھی ہر نماز واجب کے بعد آیت الکرسی پڑھے گا اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی عبادت مقبول ہوگی، وہ خدا کی امان اور پناہ میں ہوگا، اللہ تعالیٰ اس کو ہر قسم کی بلاؤں اور گناہوں سے محفوظ رکھے گا۔

## آیت الکرسی اور رفع مشکلات

حضرت امامؑ نے ارشاد فرمایا اگر تم یہ جان لو کہ آیت الکرسی کی کتنی عظمت اور اہمیت ہے تو اس کو کسی بھی صورت میں ترک نہیں کرو گے۔ اپنی مشکلات کو دور کرنے کے لئے آیت الکرسی کی پناہ لو اگر کوئی مشکل ہے، پریشانی ہے، بیمار ہو اور سمجھتے ہو کہ دنیا کے تمام دروازے تم پر بند کئے جا چکے ہیں تو آیت الکرسی سے کیوں غافل ہو، ایمان کامل اور عقیدہ راسخ کے ساتھ اس آیت کی تلاوت کرو اور اپنا نتیجہ اور مقصود حاصل کر لو، جیسا کہ ان گنت لوگوں نے اسے پڑھا اور نتیجہ حاصل کیا۔

## آیت الکرسی کے نور کی تختی

قطب راوندی کی کتاب مطالب الباب میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے شب معراج میں دو تختیاں دیکھیں، ایک لوح میں پورا قرآن لکھا ہوا تھا جس سے تین نور چمک رہے تھے میں نے جبرئیل سے پوچھا یہ نور کیسے ہیں؟ جبرائیل نے بتایا یہ تین نور، سورہ قل ھو اللہ احد، سورہ یٰسین اور آیت الکرسی کا نور ہے۔

## عبداللہ بن ابی جعفر کا شفاء طلب کرنا

عبداللہ بن ابی جعفر بیان کرتے ہیں کہ میں بہت زیادہ بیمار تھا اور ایسے درد میں مبتلا تھا کہ ڈاکٹروں نے لاعلاج کر دیا تھا، میں ایک رات بہت ہی زیادہ غمزدہ حالت میں اپنے آپ سے کہہ رہا تھا کہ کیوں نہ میں قرآن سے شفاء طلب کروں، اس نیت سے میں نے آیت الکرسی کو پڑھا اور اپنے آپ کو دم کیا، مجھے نیند آ گئی، میں خواب میں دو مردوں کو دیکھا جو میرے سامنے کھڑے ایک دوسرے سے کہہ رہے تھے کہ اس شخص نے آیت الکرسی پڑھی ہے، اس آیت مجیدہ میں تین سو پینسٹھ رحمتیں ہیں اور اس شخص کو ابھی صرف ایک رحمت تک پہنچایا گیا ہے۔ میں نیند سے بیدار ہوا اور میں نے دیکھا کہ میرا درد ختم ہو گیا ہے۔

## آیت الکرسی آنکھوں کے نور کے لئے

ہر نماز کے بعد اپنا ہاتھ آنکھوں پر رکھ کر سورہ الحمد اور آیت الکرسی پڑھو اور بعد میں یہ کہو "اُعِیذُ نُوْرَ بَصَرِیْ بِنُوْرِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یُطْفٰی"

## حاجت کے پورا ہونے کے لئے

اگر کسی کی کوئی حاجت ہو تو وہ سات دن روزہ رکھے اور ہر روز دو رکعت نماز پڑھے، ہر رکعت میں الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ طارق

دوسری رکعت میں الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور سلام کے بعد سجدہ میں جائے اور ستر مرتبہ یہ پڑھے: سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلائِكَةِ وَالرُّوحِ پھر سر کو اٹھالے اور اکانوے مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرے (اگر حاجت شرعی طور پر جائز ہے تو) یہ محال اور ناممکن ہے کہ اس کی حاجت پوری نہ ہو۔

## بچوں کی سلامتی کے لئے

بچوں اور اپنی سلامتی کے لئے چالیس مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور لکھ کر بچوں کے بازو پر باندھ دیں یا گلے میں ڈال دیں، بچے صحیح و سالم اور محفوظ رہیں گے۔

## اضافہ محبت کے لئے

اپنے نام کے عدد (جو کہ حروف ابجد کے مطابق ہوں) یا طالب ومطلوب کے نام کے عدد کے مطابق اتنی تعداد میں پڑھیں محبت بڑھانے کے لئے مفید ہے۔ بطور مثال محمد کے عدد ۹۲ اور علی کے عدد ۱۱۰ ہیں، بشرطیکہ یہ امر حلال ہو، کل تعداد بنی ۲۰۲ مرتبہ پڑھیں۔

## چلنے سے تھکان نہیں ہوگی

اگر آیت الکرسی پڑھ کر پاؤں کو دم کردو تو پیدل چلنے سے تھکان نہیں ہوگی۔

## دشمن اندھا ہو جائے گا

جو شخص چاہتا ہو کہ دشمن اسے نہ دیکھے وہ ستر مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونک دے، دشمن اسے نہیں دیکھ سکے گا۔

## پانی حاصل کرنے کے لے

اگر کوئی کسی ایسی جگہ پر ہو جہاں پانی موجود نہ ہو اور پیاس سے ہلاک ہونے کا ڈر ہو تو ۶۶ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پانی طلب کرو، حاجت پوری ہو جائے گی۔

## مال کو بحفاظت پہنچانے کے لئے

اگر کوئی اپنے مال کو منزل تک بحفاظت پہنچانا چاہے تو آیت الکرسی کو لکھ کر سامان میں رکھ دے اور سات مرتبہ پڑھ کر دم کردے، مال خیریت سے منزل مقصود تک پہنچ جائے گا۔

## عذاب قبر کے خاتمہ کے لئے

اگر ایک مٹھی مٹی پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر میت کی قبر میں ڈال دی جائے تو اس مردہ کو عذاب نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کے سایہ میں رہے گا۔

## جلب محبت کے لئے

اگر کوئی شخص شربت پر آیت الکرسی پڑھ کر جس کسی کو بھی پلائے گا وہ اس کا محبّ بن جائے گا۔

## آیت الکرسی کی دوسو پچاس برکتیں

رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے علی تمام کلام اور باتوں کی سردار کلام قرآن مجید ہے، قرآن کی سردار سورہ بقرہ ہے اور سورہ بقرہ کی سردار آیت الکرسی ہے، اے علی آیت الکرسی کے پچاس کلمات ہیں اور ہر کلمہ کی پچاس برکتیں ہوں گی۔

## فالج اور موذی مرض (کینسر) کا علاج

حضرت امام رضا علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جو کوئی بھی سوتے وقت آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا وہ فالج کے درد سے نہ ڈرے، اسے موذی امراض اور فالج نہیں ہوگا۔

## فقر وتنگدستی کا علاج

روایت میں آیا ہے کہ جو کوئی بھی ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا وہ فقر و فاقہ سے نجات حاصل کرے گا اور اس کا رزق وہاں سے آئے گا جس کا اسے خواب وخیال بھی نہ ہوگا۔ اگر آیت الکرسی کو لکھ کر دکان کے دروازے کے اوپر یا گھر میں آویزاں کردے اس کا مال زیادہ ہوگا وہ کبھی دوسروں کا محتاج نہیں ہوگا جو کوئی بھی صبح گھر سے نکلتے وقت آیت الکرسی پڑھ کر نکلے گا وہ غربت، فقر اور تنگدستی سے محفوظ رہے گا۔

## اولاد نرینہ بیٹا چاہنا

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جب

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks محمد شبیر قادری

عورت حاملہ ہو جائے اور اس کے حمل کو چار ماہ گزر جائیں اس کا شوہر عورت کے چہرے کو قبلہ کی طرف کر کے آیت الکرسی پڑھے، پھر اس کے پہلو پر ہاتھ رکھ کر یہ کہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا ''میرے اللہ میں اس کا نام محمد رکھوں گا'' اگر ایسا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے بیٹا عطا کرے گا، اگر ولادت کے بعد اس مولود کا نام محمد رکھو گے تو یہ نام مبارک ہوگا اور اگر نام محمد نہ رکھو گے تو خدا نے چاہا تو معاف کر دے گا۔

## شر شیطان کا علاج

جو کوئی بھی ہر نماز کے بعد آیت الکرسی کو پڑھے گا وہ شیطان کے شر، مکر و فریب اور وسوسہ سے محفوظ رہے گا۔

## سلامتی مسافر کے لئے

جو کوئی حالت سفر میں ہے اور کسی شئے سے ڈرے تو اپنے چاروں طرف دائرہ کھینچ لے اور اس لکیر پر آیت الکرسی، سورہ اخلاص، سورہ قل اعوذ برب الفلق، سورہ قل اعوذ برب الناس، سورہ توبہ کی آیت نمبر ۱۵ پڑھے اور یہ پڑھے:

قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا ھُوَ مَوْلٰنَا وَ عَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ وہ امان اور سلامتی میں رہے گا اور سات مرتبہ ایسے کرے وہ کبھی بھی کوئی شئے نہیں بھولے گا اور فرشتے اس کی بخشش کے لئے دعا کریں گے۔

## ظاہری و باطنی دردوں کا علاج

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھوڑا سا بارش کا پانی لے پھر اس پر سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ الناس میں ہر ایک کو ستر ستر مرتبہ پڑھیں اور ہر روز سات دن تک صبح کو پئیں، دل اور بدن کے اندر جو بھی بیماری ہوگی اللہ تعالیٰ بدن سے تمام بیماریوں کو نکال کر مکمل صحت عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ

## جان مال کی حفاظت اور قرآن کا نہ بھولنا

حضرت امام سجاد علیہ السلام نے ذکر فرمایا کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو کوئی بھی سورہ بقرہ کی پہلی چار آیات، آیت الکرسی کو ھم فیھا خالدون تک پڑھے اور سورہ بقرہ کی آخری تین آیات کی تلاوت کیا کرے تو اپنی جان اور مال کے بارے میں کوئی برائی نہیں دیکھے اور وہ قرآن کو کبھی فراموش نہیں کرے گا۔

## پریشانی سے نجات کے لئے

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا اگر کوئی پریشانی اور مشکل کے وقت اس پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لئے آیت الکرسی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرور مدد فرمائے گا اور اسے اس پریشانی سے نجات مل جائے گی۔

## حفاظت بدن انسان کے لئے

بعض روایات میں ذکر ہوا ہے چند چیزیں انسان کی حفاظت کرتی ہیں:

(۱) جانور کی گردن کے قریب کا گوشت کھانا (۲) حلوہ کھانا (۳) ٹھنڈی روٹی کھانا (۴) دال مسور کھانا اور آیت الکرسی پڑھنا۔

## نماز میں آیت الکرسی کے وسیلہ سے شفاعت

حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو کوئی اتوار کی رات چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں الحمد کے بعد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں محافظت فرمائے گا، اس کے گناہوں کو معاف فرما دے گا، اگر وہ مر جائے تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مخلص قرار پائے گا، روز قیامت اسے شفاعت کرنے کی اجازت ہوگی، اللہ تعالیٰ کی طرف سے جنت میں چار شہر عطا ہوں گے۔

## داخلہ میدان محشر اور آیت الکرسی

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر کوئی شخص اتوار کی رات دو رکعت نماز سورہ الحمد، آیت الکرسی اور سورہ توحید کو ایک ایک مرتبہ پڑھے تو روز قیامت جب میدان محشر بپا ہوگا تو اس کا چہرہ چاند کی طرح چمک رہا ہوگا اور اس کے ساتھ ساتھ اس دنیا میں اللہ تعالیٰ اس کو ایسی عقل عطا فرمائے گا جو عقل اس کی وفات تک اس کے ہمراہ رہے گی۔

## ڈراؤنے خواب اور آیت الکرسی

صبیح بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام صادق علیہ السلام کی

www.freeamliyaatbookspot.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks محمد شبیر قادری

خدمت میں حاضر ہونا چاہا، شہاب الدین عبید میرے پاس آیا اور کہا امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں میرا سلام عرض کرنا اور پوچھنا جب میں سوتا ہوں تو ڈراؤنے خواب نظر آتے ہیں ڈر کر نیند سے بیدار ہو جاتا ہوں ان کا کیا کروں؟

صبیح بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت امام صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر ان کی درخواست پیش کی حضرت ارشاد فرمایا اس کو کہو جب سونے کے لئے بستر پر جاؤ تو سورہ والناس، سورہ فلق اور آیت الکرسی کو پڑھو، البتہ آیت الکرسی کی فضیلت بہت زیادہ ہے۔ انشاء اللہ اس طرح ڈراؤنے اور خوفناک قسم کے خواب آپ کے قریب تک نہیں آئیں گے۔

## حفاظت بچہ حاملہ خاتون

روایت میں ذکر ہوا ہے کہ ماں کے پیٹ میں بچے کی حفاظت کے لئے آیت الکرسی کو زعفران سے لکھ کر حاملہ عورت کی کمر کے ساتھ باندھ دو، وہ بچہ حادثات اور نقصان دہ چیزوں سے محفوظ رہے گا۔

## لوگوں کی نظروں میں پسندیدہ ہونے کے لئے

روایت میں ذکر ہوا ہے کہ اگر تم چاہتے ہو کہ بزرگوں یا کسی عزیز شخصیت کی نظروں میں پسندیدہ قرار پاؤ تو جب ان کے پاس جاؤ تو تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھو اور اپنی ہتھیلیوں پر پھونک مار کر چہرے پر مل لیں۔

اللہ تعالیٰ تمہیں ان کی نظروں میں پسندیدہ اور محبوب قرار دے گا۔

## آیت الکرسی ہر بلاء اور آفت کے سامنے رکاوٹ

حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کو اپنی وصیتوں میں ارشاد فرمایا کہ جو کوئی بھی طلوع آفتاب ک وقت سات مرتبہ سورہ الحمد، سات مرتبہ آیت الکرسی، سات مرتبہ قل اعوذ برب الفلق، سات مرتبہ سورہ قل اعوذ برب الناس کو پڑھنے کے بعد سات مرتبہ اس دعا کو پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر

تو بائیں کندھے پر مقرر فرشتہ ایک سال تک اس کے گناہوں کو نہیں لکھے گا، ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور دونوں جہانوں میں نیک بخت ہو جائے گا۔

## آیت الکرسی کی تلاوت سے شیاطین گھر سے ۳۰ دن دور

حضرت رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا جس گھر میں آیت الکرسی کی تلاوت کی جائے اللہ تعالیٰ شیاطین کو اس گھر سے تیس دن تک دور رکھے گا پھر رسول خدا ﷺ نے حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے ارشاد فرمایا اے علی اس آیت کی اپنی اولاد کو اپنے اہل خانہ کو اور اپنے ہمسایوں کو تعلیم دو، اللہ تعالیٰ نے آیت الکرسی سے افضل کوئی بھی آیت نازل نہیں فرمائی۔

## آیت الکرسی اسم اعظم

حضرت امام صادق علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے ارشاد فرمایا کہ تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے اس اعظم کی تعلیم دوں؟ اصحاب نے عرض کیا ہاں یا ابن رسول اللہ ﷺ تو آپ نے ارشاد فرمایا آیت الکرسی پڑھ کر قبلہ رخ ہو کر جو بھی دعا کرنا چاہو کرو، انشاء اللہ دعا شرف قبولیت حاصل کرے گی۔ (حلیۃ المتقین)

# آیت الکرسی کے عجیب و غریب اثرات

## تحفظ بدن کے لئے

روایت میں مروی ہے کہ جو کوئی اپنے بدن کی حفاظت اور سلامتی کے لئے آیت الکرسی کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ ایک فرشتے کو اس پر مقرر فرمائے گا، اگر اسے درد کا خوف ہوگا یا درندے کا یا کاٹنے والے حشرات الارض کا تو اللہ اس کو ان سے محفوظ رکھے گا تو اس کی حفاظت کے لئے ایک فرشتہ مامور رہے گا اور اگر دو مرتبہ پڑھے گا اس پر دو فرشتے مقرر کئے جائیں گے جو اس کی حفاظت کریں گے۔ اگر پانچ مرتبہ پڑھے گا آواز آئے گی اے فرشتو میرے بندے کو میرے حوالے

www.freeamliyaatbooks.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

کردو، میں خود اس کی حفاظت کروں گا۔ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا اور اللہ بہترین حفاظت کرنے والا ہے۔

## واپس گھر آنے پر آیت الکرسی کی تلاوت کا ثواب

حضرت رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی سفر سے واپسی پر گھر میں آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا، فقر و فاقہ اور تنگدستی اس کے گھر سے باہر رخصت ہو جائے گی۔

## آیت الکرسی کا ختم

صحراء میں تنہائی میں جا کر شرعی حاجات کے لئے اپنے اردگرد لکیر کھینچ لو اور روبہ قبلہ ہو کر پوری توجہ اور حضور قلب کے ساتھ ایک ہی مجلس میں ۲۹۰ مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرو، اس کا بہت زیادہ فائدہ ہوگا، سبھی حل المشکلات انشاء اللہ تعالیٰ ہوں گی۔

## مصیبتوں سے چھٹکارا اور حفاظت بدن کے لئے

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا جو شخص دریا اور سمندر کا سفر کرنے کا اردہ کرے تو وہ کھڑا ہو کر تین تین مرتبہ آیت الکرسی اپنے دائیں اپنے بائیں اور اپنے سامنے رخ کر کے پڑھے، یہ عمل اس کو ہر مصیبت سے نجات اور پریشانی سے چھٹکارے کے ساتھ ساتھ اس کے بدن کی حفاظت کا باعث بنے گا۔

## تالہ کھولنے

روایت میں نقل ہوا ہے کہ جو کوئی کسی رات ۷۰ مرتبہ بند تالے پر آیت الکرسی کو پڑھے تو وہ کھل جائے بشرطیکہ حلال اور شرعی طور پر جائز ہو۔

## دنیا و آخرت کی سعادت مندی

پہلے غسل کریں، پھر قبلہ رخ ہو کر بیٹھ جائیں اور درود پڑھیں، پھر آیت الکرسی کو اپنے نام کے عدد کے برابر پڑھیں۔ اپنے نام کے عدد نکالنے کے لئے حروف ابجد نکال لو اور پھر اس کے مطابق آیت الکرسی پڑھیں، تم پر کامیابی کے دروازے کھل جائیں گے۔ سعادت اور خوش بختی آپ کا مقدر بن جائے گی اور فقر و تنگدستی آپ سے دور چلی جائے گی۔

حروف ابجد کے عدد درج ذیل ہیں:

| الف | ب | ج | د | ھ | و |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| ز | ح | ط | ی | ک | ل |
| ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۲۰ | ۳۰ |
| م | ن | س | ع | ف | ص |
| ۴۰ | ۵۰ | ۶۰ | ۷۰ | ۸۰ | ۹۰ |
| ق | ر | ش | ت | ث | خ |
| ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۳۰۰ | ۴۰۰ | ۵۰۰ | ۶۰۰ |
| ☆ | ذ | ض | ظ | غ | ☆ |
| ☆ | ۷۰۰ | ۸۰۰ | ۹۰۰ | ۱۰۰۰ | ☆ |

بطور مثال اگر ایک شخص کا نام انصر عباس ہے وہ اپنے نام کے ابجد اس طرح نکالے گا۔

الف ۱+ ن ۵۰+ ص ۹۰+ ر ۲۰۰+

ع ۷۰+ ب ۲+ الف ۱+ س ۶۰=۴۷۴

لہٰذا انصر عباس اس عمل کے لئے اپنے نام سے حروف ابجد کے مطابق ۴۷۴ مرتبہ آیت الکرسی کی تلاوت کرے گا۔

## برائے آسانی ولادت بچہ

حضرت فاطمہ زہراؓ سے روایت ہے کہ جب آپ کے یہاں جنت کے شہزادوں کی ولادت کا وقت قریب آیا تو رسول اللہ ﷺ نے اپنی زوجہ حضرت ام سلمیٰ اور زینب بن جحشؓ کو حکم دیا کہ فاطمہؓ کے پاس جائیں اور آیت الکرسی اور اس آیت مجیدہ کی تلاوت کریں۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اور معوذتین قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ کا تعویذ بنا کر دیں

## شب دفن میت

مستحب ہے کہ میت سے عذاب قبر کو دور کرنے کے لئے میت

کو دفن کرنے کے بعد کی پہلی رات میں میت کے لئے دو رکعت نماز وحشت پڑھیں اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ انا انزلناہ کی تلاوت کریں اور سلام کے بعد پڑھیں: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَابْعَثْ ثَوَابَهَا اِلٰى قَبْرِ فُلَانٍ و فُلَان فلاں فلاں کی جگہ میت کا نام لیں، یہ میت کی قبر میں پہلی شب کو پڑھی جائے اور بہتر ہے کہ نماز عشاء کے بعد پڑھی جائے۔

## صلح کرانے کیلئے آیت الکرسی پڑھو

اصفہان کے ایک سید محترم نے فرمایا میرے بیس سالہ بھائی اور چالیس سالہ داماد کے درمیان شدید اختلاف ہو گیا اور یہ اختلاف کافی طول پکڑ گیا اور تمام گھر والوں کے لئے اذیت کا باعث بنا۔

صلح کے لئے ان کے پاس بہت سے دوستوں کو بھیجا ان کو بہت زیادہ نصیحت کی، بہت سے لوگوں نے ان کی منت وسماجت کی لیکن میرے بھائی نے میرے داماد کے بارے میں بدکلامی اور توہین آمیز رویے کو ترک نہ کیا میرے لئے اس مسئلہ کا حل مشکل ہوتا گیا اور ناممکن نظر آنے لگا، میں جناب آیت اللہ نجابت کی خدمت میں حاضر ہوا، ان کے سامنے اپنی مشکل کو بیان کیا، انہوں نے دعا فرمائی اور فرمایا جب اصفہان سے چلے جاؤ تو نماز فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کے بعد آیت الکرسی کو پڑھو اور پھر ہاتھوں کو آنکھوں پر رکھ لو اور یہ دعا پڑھو: اُعِيْذُ نُوْر بَصَرِىْ بِنُوْرِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يُطْفٰى یعنی میں اپنی آنکھ کے نور کے لئے پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ اس نور کی جو کبھی خاموش نہیں ہوگا۔"

پھر اپنے بھائی سے درخواست کرو کہ وہ آپ کے داماد سے صلح کرے۔ میں نے عرض کیا جناب آقائے محترم یہ کام محال و ناممکن نظر آتا ہے، وہ صلح کے لئے تیار نہیں ہوگا، انہوں نے فرمایا ایسے نہیں وہ تمہارے ہاتھوں میں موم کی طرح نرم ہو جائے گا اور جس طرح بھی تم اپنے داماد کے ساتھ صلح کرانا چاہو گے وہ صلح کر لے گا۔ میں نے ویسے ہی عمل کیا جیسے آقائے نجابت نے بتایا تھا پھر اپنے بھائی کو بلایا اور اس سے درخواست کی کہ میرے داماد کے ساتھ صلح کر لو، اس نے فوراً کہا کہ آپ کا حکم سر آنکھوں پر میں نے کہا صلح کے لئے کہاں بیٹھیں؟ اس نے کہا جہاں آپ کا جی چاہے بالآخر دونوں کو اکٹھا بٹھانے کے لئے پروگرام بنایا اور بھائی نے بغیر کسی ناراضگی و ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے صلح کر لی۔

## آیت الکرسی نے اس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا

انسان کو جب دشمنوں کے شر کا خطرہ ہو تو اس نیت سے آیت الکرسی کی تلاوت کریں کہ دشمن ہمیں نہ دیکھ سکے۔ آیت الکرسی کی یہ عظمت ہے کہ بے دھڑک دشمنوں کے درمیان سے گزرتے رہیں دشمن تمہیں نہیں دیکھ سکیں گے۔ یہ عمل آزمودہ تجربہ شدہ ہے۔

## آیت الکرسی باموکل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا كِمَائِيْلُ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوَاتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا كَوَائِيْلُ يَا تَنْكَفِيْلُ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا نَائِيْلُ يَا تِمْكَائِيْلُ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا شُوْرَائِيْلُ يَا سَامَائِيْلُ يَا اَخَائِيْلُ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ الْمَلَائِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَجِبْ يَا بَرْتَائِيْلُ يَا تِرْتَائِيْلُ يَاهِرْبَائِيْلُ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ اِسْمُ الْاَعْظَمِ اَنْ تَقْضِىَ حَاجَتَنَا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

# ادارہ خدمت خلق دیوبند (حکومت سے منظور شدہ)

## IDARA KHIDMAT-E-KHALQ (REGD.) DEOBAND

(دائرۂ کارکردگی، آل انڈیا)

**گذشتہ ۳۸ برسوں سے بلاتفریق مذہب وملت رفاہی خدمات انجام دے رہا ہے**

## اغراض ومقاصد

جگہ جگہ اسکولوں اور ہسپتالوں کا قیام، گلی گلی نل لگانے کی اسکیم، غریبوں کے مکانوں کی مرمت، غریب بچوں کے اسکول فیس کی فراہمی، تعلیم وتربیت میں طلباء کی مدد، جولوگ کسی بھی طرح کی مصیبت کا شکار ہیں ان کی مکمل دستگیری، غریب لڑکیوں کی شادی کا بندوبست، ضرورت مندوں کے لئے چھوٹے چھوٹے روزگار کے لئے مالی امداد، مقدمات، آسمانی آفات اور فسادات سے متاثرین لوگوں کا ہر طرح کا تعاون، معذور اور عمر رسیدہ لوگوں کی حمایت واعانت۔ جو بچے ماں باپ کی غربت کی وجہ سے اپنی تعلیم جاری رکھنے میں پریشان ہوں ان کی مالی سرپرستی وغیرہ۔

دیوبند کی سرزمین پر ایک زچہ خانہ اور ایک بڑے ہسپتال کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ فاطمہ صنعتی اسکول کے ذریعہ لڑکیوں کی تعلیم وتربیت کو مزید استحکام دینے کا پروگرام ہے۔ تعلیم بالغان کے ذریعہ عام لوگوں کو دینی ودنیاوی تعلیم سے بہرہ ور کرنے کے لئے ایک بڑے تعلیمی مرکز کی بنیاد ڈالنے کا ارادہ ہے اور ایک روحانی ہوسپٹل کا قیام زیر غور ہے۔ جس کی ابتدائی کوششیں شروع ہوچکی ہیں۔

ادارہ خدمت خلق اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو ۳۵ سالوں سے خاموشی کے ساتھ بلاتفریق مذہب وملت اللہ کے بندوں کی بے لوث خدمات میں مصروف ہے۔ ملی ہمدردی اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے واسطے سے اور حصولِ ثواب کے لئے اس ادارہ کی مدد کرکے انسانیت نوازی کا ثبوت دیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔

ادارہ خدمت خلق اکاؤنٹ نمبر 019101001186 بینک ICICI (برانچ سہارنپور)

IFSC CODE No. ICIC0000191

ڈرافٹ اور چیک پر صرف یہ لکھیں۔ IDARA KHIDMAT-E- KHALQ

رقم اکاؤنٹ میں آن لائن بھی ڈالی جاسکتی ہے لیکن ڈالنے کے بعد بذریعہ ای میل اطلاع ضرور دیں تاکہ رسید جاری کی جاسکے۔
ہمارا ای میل نمبر idarakhidmatekhalq979@gmail.com آپ کی توجہ اور کرم فرمائی کا انتظار رہے گا۔
ویب سائٹ: www.ikkdbd.in

**اعلان کنندہ: (رجسٹرڈ کمیٹی) ادارہ خدمت خلق دیوبند**

# بارہ برجوں کے منسوبات علم نجوم کی روشنی میں

## (۱)...... برج حمل کی منسوبات

| نام برج | حمل | عرصہ پیدائش | ۲۱ مارچ سے ۲۱ اپریل | منسوبی حروف | ا،ع،ل،ی |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | ا | موافق بروج، جوزا | اسدوقوس | ناموافق بروج | سرطان، میزان، جدی |
| عنصر | آتشی | رنگ | ارغوانی | حاکم سیارہ | مریخ |
| خصلت | تصوراتی | طاقت | سمت ازسر اقدام | کمزوری | حملہ کرنا |
| موافق دن | منگل | موافق وقت | رات | موافق نمبر | ۹ |
| متعلقہ بدن | چہرہ، سر | مزاج | صفراوی گرم خشک | متعلقہ ملک | برطانیہ |
| متعلقہ افراد | فوجی، پولیس | متعلقہ کام | ٹرانسپورٹ | متعلقہ اشیاء | مشینری |
| حس | چکھنا | دھات | فولاد | سمت | جنوب |
| ذائقہ | تلخ | جنس | مذکر | صدقہ | گڑ |
| موسم | سرد | پھول | گلاب | خوشبو | عطر گلاب |
| ماہیت | منقلب | درمیانہ بروج | ثور، سنبلہ، عقرب | مقامات | آتش دان |

## (۲)...... برج ثور کی منسوبات

| نام برج | ثور | عرصہ پیدائش | ۲۲ اپریل سے ۲۰ مئی | منسوبی حروف | ب، پ، و |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | ب | موافق بروج | سرطان، سنبلہ، جدی، حوت | ناموافق بروج | اسد، عقرب، دلو |
| عنصر | خاکی | رنگ | سرخ | حاکم سیارہ | زہرہ |
| خصلت | عملی | طاقت | استقلال، کام | کمزوری | عیاشی |
| موافق دن | جمعہ | موافق وقت | دن | موافق نمبر | ۶ |

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks محمد شبیر قادری

| متعلقہ بدن | گردن، گلا | مزاج | بلغمی سرد تر | متعلقہ ملک | ایران |
|---|---|---|---|---|---|
| متعلقہ افراد | خواتین | متعلقہ کا نام | تفریحات | متعلقہ اشیاء | زیبائش کی اشیاء |
| حس | چھونے کی | دھات | تانبہ | سمت | جنوب مشرق |
| ذائقہ | کھٹا (ترش) | جنس | مونث | صدقہ | دودھ |
| موسم | بہار | پھول | یاسمین | خوشبو | مشک |
| ماہیت | ثابت | درمیانہ برج | حمل، جوزا، میزان، قوس | مقامات | عمدہ مکانات |

## (۳)......برج جوزا کی منسوبات

| نام برج | جوزا | عرصہ پیدائش | ۲۱ مئی سے ۲۱/جون | منسوبی حروف | ق، ک، گ |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | ج | موافق بروج | حمل، اسد، میزان، دلو | ناموافق بروج | سنبلہ، قوس، حوت |
| عنصر | بادی | رنگ | پیلا | حاکم سیارہ | عطارد |
| خصلت | سوشل | طاقت | مستعد، فہیم | کمزوری | اضطراب |
| موافق دن | بدھ | موافق وقت | رات | موافق نمبر | 5 |
| متعلقہ بدن | بازو، ٹانگیں، کندھے | مزاج | معتدل گرم خشک | متعلقہ ملک | پاکستان |
| متعلقہ افراد | پرنٹر، پبلشر | متعلقہ کام | تعلیم | متعلقہ اشیاء | کتابیں |
| حس | بصری | دھات | چاندی | سمت | شمال |
| ذائقہ | ملتا جلتا | جنس | محنت | صدقہ | گھی |
| موسم | سرد | پھول | کنول | خوشبو | صندل |
| ماہیت | ذوجسدین | درمیانہ بروج | جدی، ثور، سرطان، عقرب | مقامات | تعلیمی عمارتیں |

www.freeamliyatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

## (۴)...... برج سرطان کی منسوبات

| نام برج | سرطان | عرصہ پیدائش | ۲۲ جون سے ۲۳ رجولائی | منسوبی حروف | ح، ہ |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | د | موافق بروج | ثور، سنبلہ، عقرب، حوت | ناموافق بروج | حمل، میزان، جدی |
| عنصر | آبی | رنگ | سبز | حاکم سیارہ | قمر |
| خصلت | جذباتی | طاقت | الفت وانکسار | کمزوری | فضول گوئی |
| موافق دن | پیر | موافق وقت | رات | موافق نمبر | ۲ |
| متعلقہ بدن | چھاتی، معدہ | مزاج | بلغمی سرد تر | متعلقہ ملک | چین |
| متعلقہ افراد | رشتہ دار | متعلقہ کام | گھریلو کام | متعلقہ اشیاء | اشیائے خوردنی |
| حس | جذباتی | دھات | چاندی | سمت | شمال |
| ذائقہ | نمکین | جنس | مونث | صدقہ | چاول |
| موسم | سرد | پھول | گل سوسن | خوشبو | عطر گل لالہ |
| ماہیت | منقلب | درمیانہ بروج | جوزا، اسد، قوس، دلو | مقامات | غسل خانہ |

## (۵)...... برج اسد کی منسوبات

| نام برج | اسد | عرصہ پیدائش | ۲۲ رجولائی سے ۲۲ راگست | منسوبی حروف | ب، پ، د |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | ھر | موافق بروج | حمل، جوزا، میزان، قوس | ناموافق بروج | ثور، عقرب، دلو |
| عنصر | آتشی | رنگ | سنہرا | حاکم سیارہ | شمسی |
| خصلت | تصوراتی | طاقت | قبولیت، ذمہ داری | کمزوری | خودرائے |
| موافق دن | اتوار | موافق وقت | دن | موافق نمبر | ۱ |
| متعلقہ بدن | پشت، دل | مزاج | صفراوی گرم خشک | متعلقہ ملک | سعودی عرب |
| متعلقہ افراد | حکام بالا | متعلقہ کام | جواہرات | متعلقہ اشیاء | سرکاری کام |
| حس | شہوانی | دھات | سونا | سمت | مشرق |
| ذائقہ | تیز چھنا ہوا | جنس | مذکر | صدقہ | گندم |

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOKS
محمد شبیر قادری

| موسم | گرم | پھول | گلاب | خوشبو | لوبان |
|---|---|---|---|---|---|
| ماہیت | ثابت | درمیانہ بروج | سرطان، سنبلہ، جدی، حوت | مقامات | شاندار عمارتیں اور عبادت گاہیں |

## (٦)...... برج سنبلہ کی منسوبات

| نام برج | سنبلہ | عرصہ پیدائش | ٢٤ راگست سے ٢٣ رستمبر | منسوبی حروف | غ |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | و | موافق بروج | ثور، سرطان، عقرب، جدی | ناموافق بروج | جوزا، قوس، حوت |
| عنصر | خاکی | رنگ | نیلا | حاکم سیارہ | عطارد |
| خصلت | عملی | طاقت | اشتراکی کاروبار | کمزوری | بدلنے والا |
| موافق دن | بدھ | موافق وقت | رات | موافق نمبر | 5 |
| متعلقہ بدن | ہاضمہ | مزاج | متعدل گرم خشک | متعلقہ ملک | عراق |
| متعلقہ افراد | ادیب، شاعر | متعلقہ کام | پرنٹنگ | متعلقہ اشیاء | سینے کی اشیاء |
| حس | بصری | دھات | چاندی | سمت | شمال |
| ذائقہ | ملاجلا | جنس | مخنث | صدقہ | لونگ |
| موسم | گرم | پھول | کنول | خوشبو | صندل |
| ماہیت | ذوجسدین | درمیانہ بروج | حمل، اسد، میزان، دلو | مقامات | بلند عمارتیں |

## (٧)...... برج میزان کی منسوبات

| نام برج | میزان | عرصہ پیدائش | ٢٤ راپریل سے ٢٣ رمئی | منسوبی حروف | ت، ر، ط |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | ز | موافق بروج | جوزا، اسد، قوس، دلو | ناموافق بروج | حمل، سرطان، جدی |
| عنصر | بادی | رنگ | زرد | حاکم سیارہ | زہرہ |
| خصلت | سوشل | طاقت | وجدانی، منصفانہ | کمزوری | شرمانا، کترانا |
| موافق دن | جمعہ | موافق وقت | دن | موافق نمبر | ٦ |
| متعلقہ بدن | ریڑھ کی ہڈی، گردہ | مزاج | سرد تر | متعلقہ ملک | جاپان |
| متعلقہ افراد | جوہری | متعلقہ کام | سوشل کام | متعلقہ اشیاء | زیورات |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| حس | چھونے کی | دھات | پلاٹینم | سمت | مغرب |
| ذائقہ | کھٹا، ترشی | جنس | مونث | صدقہ | دہی |
| موسم | گرم | پھول | گلاب | خوشبو | صندل |
| ماہیت | منقلب | درمیانہ بروج | ثور، سنبلہ، عقرب | مقامات | ہموار میدان |

## (۸)...... برج عقرب کی منسوبات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نام برج | عقرب | عرصہ پیدائش | ۲۴؍اکتوبر سے ۲۲؍نومبر | منسوبی حروف | ذ، ز، ژ، ض، ظ، ن |
| نشان | خ | موافق بروج | سرطان، سنبلہ، جدی | ناموافق بروج | ثور، اسد، دلو |
| عنصر | آبی | رنگ | قرمزی | حاکم سیارہ | پلوٹو |
| خصلت | جذباتی | طاقت | یاقوت، سچائی | کمزوری | تیز مزاج |
| موافق دن | منگل | موافق وقت | رات | موافق نمبر | ۰-۹ |
| متعلقہ بدن | جگر، نظام پیدائش | مزاج | صفراوی، گرم خشک | متعلقہ ملک | مراکش |
| متعلقہ افراد | مشیر | متعلقہ کام | انشورنس | متعلقہ اشیاء | ادویات |
| حس | چکھنا | دھات | فولاد | سمت | جنوب |
| ذائقہ | تلخ | جنس | مذکر | صدقہ | دال مسور |
| موسم | سرد | پھول | گل داؤدی | خوشبو | صنوبر |
| ماہیت | ثابت | درمیانہ بروج | حمل، جوزا، میزان | مقامات | مذبح خانہ |

## (۹)...... برج قوس کی منسوبات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نام برج | قوس | عرصہ پیدائش | ۲۳نومبر سے ۲۲؍دسمبر | منسوبی حروف | ف |
| نشان | ط | موافق بروج | حمل، اسد، میزان، دلو | ناموافق بروج | جوزا، سنبلہ، حوت |
| عنصر | آتشی | رنگ | نیلا | حاکم سیارہ | مشتری |
| خصلت | تصوراتی | طاقت | خوشی اور خوش امیدی | کمزوری | ناعاقبت اندیشی |
| موافق دن | جمعرات | موافق وقت | دن | موافق نمبر | ۳ |

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| متعلقہ بدن | چوتڑ، ران | مزاج | بلغمی گرم تر | متعلقہ ملک | لیبیا |
| متعلقہ افراد | بینکرز | متعلقہ کام | مالی لین دین | متعلقہ اشیاء | انعامی بانڈز |
| حس | سونگھنا | دھات | ٹن | سمت | شمال مشرق |
| ذائقہ | میٹھا | جنس | مذکر | صدقہ | ہلدی |
| موسم | سردی | پھول | آبی نرگس | خوشبو | زعفران |
| ماہیت | ذوجسدین | درمیانہ بروج | ثور، جدی، سرطان، عقرب | مقامات | عبادت گاہیں |

## (۱۰)...... برج جدی کی منسوبات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نام برج | جدی | عرصہ پیدائش | ۲۳ دسمبر سے ۲۰ جنوری | منسوبی حروف | ج، چ، خ |
| نشان | ف | موافق بروج | ثور، سنبلہ، عقرب، جدت | ناموافق بروج | حمل، سرطان، میزان |
| عنصر | خاکی | رنگ | سیاہ | حاکم سیارہ | زحل |
| خصلت | عملی | طاقت | تنظیمانہ، لیڈرانہ | کمزوری | کاہل |
| موافق دن | ہفتہ | موافق وقت | رات | موافق نمبر | ۸ |
| متعلقہ بدن | جوڑ، کھال، ہڈیاں | مزاج | سودا، سرد خشک | متعلقہ ملک | بھارت |
| متعلقہ افراد | تجربہ کار افراد | متعلقہ کام | اسٹیٹ ایجنسی | متعلقہ اشیاء | کپڑے کا کاروبار |
| حس | سننا | دھات | سیسہ | سمت | جنوب مشرق |
| ذائقہ | ترشی | جنس | مخنث | صدقہ | ناریل |
| موسم | خزاں | پھول | کارنیش | خوشبو | خس |
| ماہیت | منقلب | درمیانہ بروج | جوزا، اسد، قوس، دلو | مقامات | پرانی عمارتیں |

## (۱۱)...... برج دلو کی منسوبات

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نام برج | دلو | عرصہ پیدائش | ۲۲ اپریل سے ۲۰ مئی | منسوبی حروف | ث، س، ش، ص |
| نشان | یا | موافق بروج | حمل، جوزا، میزان، قوس | ناموافق بروج | ثور، اسد، عقرب |
| عنصر | بادی | رنگ | نیلا | حاکم سیارہ | یورانس |

| خصلت | سوشل | طاقت | تصوری، جفاکش | کمزوری | الجھا ہوا |
|---|---|---|---|---|---|
| موافق دن | ہفتہ | موافق وقت | رات | موافق نمبر | ۴ |
| متعلقہ بدن | خون، دوران خون | مزاج | سوداوی، گرم خشک | متعلقہ ملک | روس |
| متعلقہ افراد | الیکٹریشین | متعلقہ کام | ریسرچ | متعلقہ اشیاء | الیکٹرک کا سامان |
| حس | سننا | دھات | المونیم | سمت | جنوب |
| ذائقہ | ترشی | جنس | مخنث | صدقہ | سیاہ تل |
| موسم | سردی | پھول | آبی نرگس | خوشبو | صنوبر |
| ماہیت | ثابت | درمیانہ بروج | سرطان، سنبلہ، جدی | مقامات | معدنی کانیں |

## (۱۲)......برج حوت کی منسوبات

| نام برج | حوت | عرصہ پیدائش | ۲۰ فروری سے ۲۰ مارچ | منسوبی حروف | د۔ڑ |
|---|---|---|---|---|---|
| نشان | ں | موافق بروج | ثور، سرطان، عقرب، جدی | ناموافق بروج | جوزا، سنبلہ، قوس |
| عنصر | آبی | رنگ | نیلا | حاکم سیارہ | نپ چون |
| خصلت | جذباتی | طاقت | قابل اعتماد، وجدانی | کمزوری | نقصانات، بذریعہ لطف وکرم |
| موافق دن | جمعرات | موافق وقت | دن | موافق نمبر | ۷ |
| متعلقہ بدن | انگلیاں پاؤں | مزاج | گرم تر | متعلقہ ملک | سری لنکا |
| متعلقہ افراد | ادویہ فروش | متعلقہ کام | پروپیگنڈہ | متعلقہ اشیاء | سائنٹفک آلات |
| حس | سونگھنا | دھات | ٹن | سمت | شمال مشرق |
| ذائقہ | میٹھا | جنس | مذکر | صدقہ | مچھلیوں کا آٹا |
| موسم | سردی | پھول | گل سوسن | خوشبو | زعفران |
| ماہیت | ذوجسدین | درمیانہ بروج | حمل، اسد، میزان | مقامات | عدالتیں |

☆☆☆

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

# ایک منہ والا ردراکش

## پہچان

ردراکش پیڑ کے پھل کی گٹھلی ہے۔ اس گٹھلی پر عام طور پر قدرتی سیدھی لائنیں ہوتی ہیں۔ ان لائنوں کی گنتی کے حساب سے ردراکش کے منہ کی گنتی ہوتی ہے۔

## فائدہ

ایک منہ والا ردراکش میں ایک قدرتی لائن ہوتی ہے۔ ایک منہ والے ردراکش کے لئے کہا جاتا ہے کہ اس کو دیکھنے ہی سے انسان کی قسمت بدل جاتی ہے تو پہننے سے کیا نہیں ہوگا۔ یہ بڑی بڑی تکلیفوں کو دور کر دیتا ہے۔ جس گھر میں یہ ہوتا ہے اس گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے۔

ایک منہ والا ردراکش سب سے اچھا مانا جاتا ہے۔ اس کو پہننے سے سبھی طرح کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں۔ چاہے وہ حالات کی وجہ سے ہوں یا دشمنوں کی وجہ سے۔ جس کے گلے میں ایک منہ والا ردراکش ہے اس انسان کے دشمن خود ہار جاتے ہیں اور خود ہی پسپا ہو جاتے ہیں۔

ایک منہ والا ردراکش پہننے سے یا کسی جگہ رکھنے سے ضرور فائدہ ہوتا ہے۔ یہ انسان کو سکون پہنچاتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ قدرت کی ایک نعمت ہے۔

ہاشمی روحانی مرکز نے اس قدرتی نعمت کو ایک عمل کے ذریعہ اور بھی زیادہ موثر بنا کر عوام کی خدمت کے لئے تیار کیا ہے اس مختصر عمل کے بعد اس کی تاثیر اللہ کے فضل سے دوگنی ہوگئی ہے۔

خاصیت: جس گھر میں ایک منہ والا ردراکش ہوتا ہے اللہ کے فضل سے اس گھر میں بفضل خداوندی خوشیاں اور سکون ہوتا ہے۔ ناگہانی موت سے حفاظت رہتی ہے، جادوٹونے اور آسیبی اثرات سے حفاظت رہتی ہے اور نجات بھی ملتی ہے، ایک منہ والا رودراکش بہت قیمتی ہوتا ہے اور بہت کم ملتا ہے، یہ چاند کی شکل کا یا کاجو کی شکل کا بھی ہوتا ہے جو کہ عام طور پر دستیاب ہے اس کا کوئی فائدہ نہیں۔ اصلی ایک منہ والا رودراکش جو گول ہونا ضروری ہے جو کہ مخصوص مقامات میں پایا جاتا ہے، جو کہ مشکل سے اور بہت کوششوں سے حاصل ہوتا ہے، ایک منہ والا رودراکش گلے میں رکھنے سے گلا کبھی پیسے سے خالی نہیں ہوتا، اس رودراکش کو ایک مخصوص عمل کے ذریعہ مزید معتبر بنایا جاتا ہے، یہ اللہ کی ایک نعمت ہے، اس نعمت سے فائدہ اٹھانے کے لئے ہم سے رابطہ قائم کریں اور کسی وہم میں مبتلا نہ ہوں۔

(نوٹ) واضح رہے کہ دس سال کے بعد رودراکش کی افادیت متاثر ہو جاتی ہے، دس سال کے بعد اگر رودراکش بدل دیں تو دور اندیشی ہوگی۔

ملنے کا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی، دیوبند

اس نمبر پر رابطہ قائم کریں 09897648829

# آپ کا برج اور ۲۰۱۹ء

## اگر آپ کا برج حمل ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

برج حمل والوں کے لئے گزشتہ سال کی بہ نسبت یہ سال انشاء اللہ بہتر ہوگا۔ لیکن امسال ۱۶رمئی تا ۲رجولائی کا عرصہ آپ کے لئے خاصا مشکل ثابت ہوگا۔ اس دوران مریخ کے ہبوط میں جانے کی وجہ سے آپ کے مزاج میں غصہ بڑھ جائے گا اور آپ خواہ مخواہ کی جھنجلاہٹ میں مبتلا رہیں گے آپ کی پریشانی کی ایک بڑی وجہ خانگی اختلافات اور پراپرٹی سے متعلق معاملات ہو سکتے ہیں۔ آپ کے لئے ۲رجولائی تا ۱۴را کتوبر کا دورانیہ انشاء اللہ بہتر رہے گا اور اس دوران آپ کافی مطمئن رہیں گے اور روحانی اور ذہنی سکون آپ کو میسر رہے گا۔

گزشتہ سال کی بہ نسبت اس سال آپ کی صحت کافی حد تک بحال رہے گی تاہم آپ اپنی تندرستی سے غفلت نہ برتیں اور غذا اور ادویات کے معاملے میں چوکنا رہیں تاکہ کوئی بھی بے احتیاطی آپ کی صحت کے لئے مضر ثابت نہ ہو۔

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں تو اس سال آپ کی شادی طے ہونے کے امکانات قوی ہیں۔ مگر اس نازک اور اہم ترین مسئلے کو انجام دینے کے لئے صحیح وقت کا انتخاب کریں تاکہ کسی بھی طرح کی ناخوشگواری اور دل شکنی سے محفوظ رہا جا سکے۔

۷رجنوری سے ۲۷رمارچ ۱۵رمئی سے ۲۲راگست اور ۱۳رستمبر سے ۱۳را کتوبر کے درمیان کا وقت کے وقت برج حمل والوں کے لئے اچھا نہیں ہے۔ اس دوران ہونے والی شادیاں ناکامی سے دوچار ہو سکتی ہیں۔ اس لئے شادی کرنے سے گریز کریں۔ البتہ اس سال برج حمل والوں کی شادیاں ہو پانے کے امکانات بہت قوی ہیں۔ برج حمل والوں کی نظر میں ان کا اپنا خاندان خاصی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ اس برج کے حامل رشتوں اور قرابت داریوں کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اور رشتوں کی ٹوٹ پھوٹ سے بہت متاثر ہوتے ہیں۔ برج حمل والوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس سال آغاز سال سے ۲۵رجنوری تک گھریلو معاملات میں محتاط رہیں۔ اس دوران پراپرٹی کے لین دین اور گھر میں کسی بھی طرح کی تبدیلی سے محتاط رہیں۔ ورنہ مالی نقصانات اور آپسی رنجشوں کا اندیشہ ہے۔ ۱۶رمئی سے ۲رجولائی کے درمیان کا وقت آپ کے لئے اچھا وقت نہیں ہے مریخ ہبوط میں جارہا ہے اور اس کی کمزوری آپ کے سبھی معاملات کو متاثر کر رہی ہے۔ اس وقت آپ کے لئے ضروری ہے کہ کسی بھی طرح کی جائیداد خریدنے سے احتیاط برتیں اس دوران آپ کے بچے آپ کی نافرمانی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں لیکن آپ کو صبر وضبط کرنا ہے ان کو سزائیں دینے کے بجائے ان کی بہتر انداز میں تربیت کرنی ہے تاکہ آپ کا گھرانہ تشدد اور بغاوتوں سے محفوظ رہے اور آپ کی طرف سے کسی بھی طرح کی افراط وتفریط آپ کے گھر کی عافیت کو برباد نہ کر سکے۔

اگر اس سال آپ کے بچے تفریح یا پکنک کا پروگرام بناتے ہیں تو انھیں اجازت دیں اور ان کی تفریحات میں آپ ہرگز ہرگز مخل نہ ہوں، اگر اس سال کے شروع کے تین مہینے آپ کے لئے خوش خبری لا رہے ہیں اور آپ کو عروج عطا کر رہے ہیں، لیکن اس کے بعد ۱۶رمئی سے ۲رجولائی تک وقت آپ کے لئے مشکلات بھی کھڑی کر رہا ہے۔ اس دوران لیا ہوا قرض آپ کی رسوائی اور جگ ہنسائی کا سبب بنے گا۔ اس سال آپ کا روزگار خوب وسیع ہوگا آمدنی میں زبردست اضافہ ہوگا۔ اہل خانہ خوشی اور سکون محسوس کریں گے لیکن خیر وبرکت کی کمی کی وجہ سے نئے نئے مسائل سر ابھاریں گے اور آپ کے لئے نئی نئی الجھنیں پیدا کریں گے۔ جنوری میں ہونے والے گرہن آپ کی معیشت کو متاثر کر رہے ہیں گرہن کے موقعہ پر اگر آپ نماز خسوف وکسوف کا اہتمام کریں تو آپ کے لئے بہتر ہے۔ اپنی خوشیوں میں اور اپنی آمدنی میں اضافہ کرنے کے لئے آپ لئے ضروری ہے کہ

ہر منگل کو یا پھر نوچندی منگل کو ۹۰۰ رسوگرام مسور کی دال صدقہ کریں۔ اور روزانہ "یاسلام یا حفیظ" دوسومرتبہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔

## اگر آپ کا برج ثور ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

امسال ۲ ربڑے سیارے زحل اور مشتری آپ کے زائچے کے اہم ترین مقامات پر قیام کرتے ہوئے بحکم ربی آپ پر اور آپ کی قسمت پر انتہائی سعد اثرات مرتب کررہے ہیں۔ان دنوں آپ کو غیر معمولی کامیابیاں میسر آئیں گی اور بے شمار خوشیوں اور مسرتوں کا نزول ہوگا۔گزشتہ دور کے بہ نسبت اس سال آپ کی آمدنی میں زبردست اضافہ ہوگا۔لیکن اس سال آپ کو گزشتہ دور سے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔اور آپ کو اپنے کاروبار پر پہلے سے زیادہ دھیان دینا پڑے گا۔ ۱۵ ارمئی سے ۹ رجون تک کے درمیان آپ کا ستارہ حالت ترفع میں ہوگا۔اس وقت آپ کو کاروباری عروج حاصل ہوگا۔آپ غیر معمولی منافع حاصل کرسکیں گے۔

۹ رجون تا جولائی آپ کا ذاتی ستارہ حالت اوج میں رہے گا۔ ان اوقات میں آپ کی خوش نصیبی شباب پر ہوگی۔اور آپ عزت مقبولیت اور شہرت ودولت سمیٹنے میں کامیاب رہیں گے۔اور اس دوران آپ کو قابل رشک قسم کا وقار حاصل ہوگا۔

اچھے حالات کا نزول اپنی جگہ ہے لیکن آپ کو قابل قدر قسم کی شہرتیں اور دولتیں حاصل ہونے کے باوجود آپ کو جلد بازی سے اور بغیر سوچے سمجھے اقدامات کرنے سے گریز کرنا چاہئے آپ کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ اس دنیا میں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ لمحوں کی غلطیوں کی وجہ سے انسان صدیوں سزائیں بھگتتا ہے۔

اس سال کے ابتدائی دنوں میں خاندانی مسائل اور جائیداد کی خرید فروخت کے سلسلہ میں آپ کو کئی طرح کی کٹھنائیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔آپ اپنوں کی پھیلائی ہوئی سازشوں کا شکار بھی رہیں گے۔ اس لئے نئی پروپرٹی خریدتے وقت چوکنا رہیں اور زیادہ لوگوں کو اپنا راز دار بنانے سے گریز کریں۔ یہ بات یادرکھیں کہ اس سال کے وسط میں آپ دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے متاثر ہوں گے۔اور آپ کے گھریلو حالات کو اتھل پتھل کا شکار ہونا پڑیگا جس کی وجہ سے آپ کا سکون غارت ہوگا اور آپ ذہنی طور پر پراگندگی میں مبتلا رہیں گے ان باتوں کا اثر آپ کے کاروبار پر بھی پڑے گا اور آپ کی کاروباری ساکھ بھی ہچکولے کھائے گی۔

برج ثور والے وہ حضرات جو اولاد کی نعمت سے محروم ہیں، انھیں امسال اولاد کی خوشی میسر آسکتی ہے اولاد والے حضرات کے لئے یہ سال پرسکون ثابت ہوگا اور انہیں اولاد کی طرف سے راحتیں میسر رہیں گی اور ان کی اولاد تعلیم وتربیت کے نقطہ نظر سے قابل تعریف ثابت ہوگی اور ماں باپ کے لئے فخر کا باعث بنے گی۔

شادی شدہ حضرات کے لئے یہ سال اچھا ثابت ہوگا خانگی زندگی پرسکون رہے گی۔تعلقات میں اضافہ ہوگا جو لوگ شراکتی کاروبار کرتے ہیں ان کے لئے بھی یہ سال اطمینان بخش رہے گا شراکت دار کی طرف سے خوشیاں ملیں گی اور شراکتی کاروبار ترقی کرے گا اور ایک دوسرے سے حسن ظن قائم رہے گا اور مضبوط بھی ہوگا۔

برج ثور والے حضرات کے لئے یہ سال روحانی طور پر تاریخی ثابت ہوگا اس سال حج یا عمرہ کی سعادت حاصل ہونے کا امکان ہے نیز اس بات کا قوی امکان ہے کہ مقامات مقدسہ کی زیارتیں نصیب ہوں۔اور روحانی ترقی حاصل ہو۔دوستی اور محبت کے سلسلہ میں اس سال برج ثور والوں کو کئی صدمات برداشت کرنے پڑیں گے دوستی میں دراڑ پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ برج ثور والے تمام حضرات کے لئے ضروری ہے کہ وہ جذبات میں آنے سے گریز کریں اور جلد بازی کے امراض سے خود کو محفوظ رکھیں ورنہ تعلقات ختم ہونے اور رشتے ٹوٹ جانے کا اندیشہ رہے گا۔ اس سال کے ہونے والے چاند اور سورج گرہن آپ کے گھریلو حالات پر اثر انداز رہیں گے اس لئے ان موقعوں پر اگر آپ نماز خسوف وکسوف کا اہتمام رکھیں تو آپ کے لئے مفید ثابت ہوگا اور آپ پیش آنے والی کئی پریشانیوں سے محفوظ ہو جائیں گے۔اس سال ہر جمعہ کو یا ہر نوچندی جمعہ کو آپ مسور کی دال نوسو گرام کسی مستحق کو دیں یا جنگلی کبوتروں کو ڈالیں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا اور اس صدقے سے آپ کی راہیں کھلیں گی، روزانہ سورۃ توبہ کی آیت نمبر ۱۲۸ ر ۴۰ ربار پڑھنے کا اہتمام رکھیں۔

## اگر آپ کا برج جوزا ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

اس سال آپ ملی جلی کیفیت سے دوچار رہیں گے۔ کبھی خوشی کبھی غم والے حالات بار بار آپ کی زندگی میں آتے رہیں گے۔ آپ کے لئے ضروری ہوگا کہ آپ پیش آنے والے حالات سے بہت زیادہ متاثر نہ ہوں اور اپنی زندگی کا سفر صبر وشکر کے ساتھ جاری رکھیں۔

شروع ہی سال سے آپ کو رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا اور کئی بندشیں آپ کا ناک میں دم رکھیں گی اور آپ اداسیوں اور رنجشوں کے گرداب میں پھنسے رہیں گے لیکن آپ کو ان حالات کی وجہ سے اپنا حوصلہ ختم نہیں کرنا چاہئے یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ ہر غم کے بعد خوشی ہے، ہر خزاں کے بعد بہار ہے اور ہر رات کے بعد صبح ہے اور اس بات کا قوی امکان بھی ہے کہ اسی سال کے درمیان میں یا اس سال کے آخر میں آپ کو صدمات سے نجات مل جائے گی، اور آپ کو سکون نصیب ہو جائے گا جس کے آپ عرصہ دراز سے متلاشی ہیں۔ اس سال ستمبر کے بعد آپ کی زندگی میں ایک اچھا انقلاب آئے گا آپ کی تقدیر کے آسمان پر بدنصیبی کی جو کالی گھٹائیں چھائی ہوئی ہیں وہ انشاء اللہ چھٹ جائیں گی اور آپ کی تقدیر کے افق پر مسرتوں کا آفتاب طلوع ہوگا۔ گھر میں خوش حالی آئے گی اور آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔

اس سال آپ کو پہلے سے زیادہ جدوجہد کرنی پڑے گی۔ بلکہ اس سال آپ کی معیشت کو کئی طرح کے صدمات برداشت کرنے پڑیں گے۔ کاروبار میں بار بار کے نقصان سے آپ کی کمر ٹوٹ جائے گی۔ اگر آپ نے اپنے حوصلے کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی جدوجہد کو جاری نہ رکھا اور کاروبار میں حد سے زیادہ دلچسپی کا مظاہرہ نہیں کیا تو آپ زمین دوز ہو جائیں گے اور آپ کا رہا سہا وقار خاک میں مل جائے گا۔ اس لئے ضروری ہے کہ آپ ہمت برقرار رکھیں اور دن رات کی جدوجہد میں کوئی کمی آنے نہ دیں۔

اس سال آپ کے لئے خوش آئند بات یہ ہوگی کہ آپ کو اپنے بیوی بچوں کی طرف سے سکون میسر رہے گا وہ آپ کے موجودہ حالات میں آپ کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ اور اپنی فرمائشوں کے بوجھ سے آپ کو پریشان نہیں کریں گے۔ رشتے داروں کی طرف سے بھی آپ کو نئے نئے صدمات سے نجات حاصل رہے گی۔ بلکہ کئی ٹوٹے ہوئے رشتوں کے جڑ جانے کا امکان رہے گا۔ یہ وقت جائیداد خریدنے کے لئے ہرگز ہرگز موزوں نہیں ہے۔ اس سال آپ پراپرٹی خریدنے سے گریز کریں۔ اور پراپرٹی فروخت کرنے سے بھی احتیاط برتیں کیونکہ جائیداد کا لین دین اس سال آپ کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگا۔

اس سال کے آخر میں آپ کے بچوں میں خودسری بڑھے گی، ان کی شرارتوں میں اضافہ ہوگا، شریک حیات کی طرف سے بھی ایسی باتیں سر ابھاریں گی جس سے آپ کا سکون برباد ہوگا۔ اس لئے اکتوبر کے بعد آپ بیوی بچوں پر کڑی نظر رکھیں اور انھیں بے راہ روی کے شکار نہ ہونے دیں۔ اگر آپ شراکتی کاروبار کرتے ہیں تو اس سال کے آخری ۳ر ماہ آپ کے لئے آزمائش کے مہینے ثابت ہوں گے اور آپ کو اپنے شریک کار کی طرف سے تکلیف دہ معاملات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اس سال قرض کے لین دین سے بھی آپ پوری طرح محتاط رہیں۔ اگر آپ کسی سے قرض لیں گے تو آپ کو یہ قرض ادا کرنے میں بہت تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑے گا اور اگر آپ کسی کو قرض دیں گے تو اس کی وصولیابی تقریباً ناممکن ہوگی۔ اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں تو اس سال آپ کی شادی کا کوئی امکان نہیں ہے اس سلسلہ میں اگر آپ اس سال کوئی کوشش نہ کریں تو بہتر ہے۔

اس سال آپ کے لئے دوستوں اور دشمنوں کی طرف سے خفیہ سازشوں کا بازار گرم رہے گا۔ اس سلسلہ میں آپ کی غفلت جلتی پر تیل کا کام کریگی۔ اور آپ کی تکلیفوں میں اضافہ ہوگا۔ بہتر ہوگا کہ آپ راستوں میں دشمنوں سے چوکنا رہیں اور اپنی زندگی کا ہر قدم احتیاط کی ساتھ اٹھائیں۔ اس سال ہر بدھ کو یا ہر نوچندی بدھ کو ثابت اُڑد ۸۰۰ر گرام صدقہ کرنے کا اہتمام رکھیں۔ روزانہ یہ تسبیح پڑھنے کا معمول بنائیں۔ یا نصیر انصرنی بحق نعم المولیٰ ونعم النصیر.

## اگر آپ کا برج سرطان ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

یہ سال آپ کے لئے ملاجلا سال ہے آپ کی زندگی غم اور خوشی

www.freeamliyaatbooks.com www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS

دکھ اور سکھ ساتھ ساتھ چلتے رہیں گے، دھوپ اور چھاؤں کی اس ملی جلی کیفیت میں آپ مطمئن رہیں گے اور کچھ غیر مطمئن۔ آپ کے مخالفوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا لیکن مجموعی طور پر آپ کی تندرستی قابل رشک رہے گی مایوسیاں اور محرومیاں آپ کی صحت پر اثر انداز نہیں ہو سکیں گی۔ اس سال رشتے داروں کی سازشیں کچھ زیادہ ہی رہیں گی اور اندیشہ اس بات کا ہے کہ آپ کی اولاد بھی اور آپ کے اہل خانہ بھی ان سازشوں کا اثر قبول کر کے آپ سے بدظن ہو جائیں گے اس لئے آپ کی گھر کی چہار دیواری بھی آپ کے لئے سائبانِ راحت ثابت نہ ہو سکے گی۔

جنوری میں ہونے والے دو گرہن آپ کی قسمت پر اثر انداز ہو رہے ہیں ان کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے آپ کو نمازِ خسوف و کسوف کا اہتمام کرنا چاہئے اور اپنے ذاتی صدقہ کو اہمیت دینی چاہئے۔

اگر غیر شادی شدہ ہیں تو اس سال آپ کی شادی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ اس سال آپ کی منگنی طے ہو جانا ممکن ہے لیکن اس بات کا بھی اندیشہ ہے کہ منگنی طے ہونے کے بعد پھر ٹوٹ جائے اور آپ کی شادی نہ ہو سکے۔

اس سال آپ کی آمدنی کا اُتار چڑھاؤ جاری رہے گا، کسی ماہ آمدنی کم رہے گی اور کسی ماہ آمدنی بڑھ جائے گی لیکن اضافی خرچے آپ کا ناک میں دم رکھیں گے اور آپ کو قرض کی لعنت کا شکار ہونا پڑے گا۔

اس سال رشتے داروں کی طرف سے مخالفتوں کا سلسلہ جاری رہے گا رشتے داروں کے کئی اقدامات خطرناک ہو سکتے ہیں، ان اقدامات سے آپ کے اہل خانہ بھی متاثر ہوں گے لیکن آپ کا وقار کافی مدت تک محفوظ رہے گا، اور مخالفین کو اپنے منہ کی کھانی پڑے گی۔ اس سال آپ کسی بھی طرح کی پروپرٹی کی خرید و فروخت سے گریز کریں۔ سونا چاندی خریدنے میں بھی احتیاط برتیں ورنہ بڑے نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس سال رہائش کی تبدیلی بھی آپ کے لئے خوش آئند ثابت نہیں ہوگی۔ اس سے بھی احتیاط برتیں۔

اولاد کے سلسلہ میں یہ سال آپ کے لئے آزمائشوں کا سال ثابت ہوگا۔ جن بچوں کا قد آپ کے قد کے برابر ہو چکا ہوگا وہ آپ سے نالاں نظر آئیں گے۔ ان کی زبانوں پر شکایتوں کے انبار ہوں گے اگر اس موقعہ پر آپ کی شریک حیات نے ان کی ہمنوائی کی تو حالات بدتر ہو جائیں گے اور آپ کا گھر خانہ جنگی کے صدمات سے دوچار ہو گا۔ اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں کہ وہ آپ حاسدوں سے تال میل نہ بڑھائیں آپ کے مخالف رشتے دار آپ کے بچوں کو آپ کا مخالف بنانے کی ہر ممکن جدوجہد کریں گے اس بات کا اندیشہ ہے۔ اس سال آپ کے تعلقات شریک حیات سے کشیدہ رہیں گے۔

اگست دسمبر کے بعد آپ کی قسمت میں پھر ایک انقلاب آئے گا۔ اور ترقی کی راہیں ایک بار پھر کھلیں گی لیکن اس وقت بہت سوجھ بوجھ کی ضرورت ہوگی اگر آپ نے بروقت مناسب اقدامات کر لئے تو آپ ایک بار پھر ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتے ہیں۔

یہ سال آپ کے شراکتی کاروبار کے لئے اچھا سال نہیں ہے۔ آپ کو اپنے پاٹنر کی بے وفائی یا غداری کا صدمہ جھیلنا پڑ سکتا ہے۔ اس سال کے ۳ گرہن آپ کی ازدواجی زندگی کو بھی بہت متاثر کر سکتے ہیں اور خدانخواستہ آپ دونوں کے درمیان علیحدگی بھی ہو سکتی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ آپ جذبات کے دریا میں بہنے سے احتیاط برتیں اور نرمی اور نرم دلی کو اپنائے رکھیں تا کہ آپ تعلقات کے سلسلہ میں بڑے نقصانات سے محفوظ رہیں۔ اس سال غیر ملکی سفر بھی نہ کریں کیونکہ بیرون ملک کا سفر آپ کے لئے کسی مصیبت کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے اور اس سفر سے مزید کاروباری الجھنیں پیدا ہو سکتی ہیں۔ اس سال ہر پیر کو یا ہر نو چندی پیر کو صدقہ دینے کا اہتمام کریں۔ ہلدی، دھنیا، اور سرخ مرچ۔ کم از کم ایک کلو خیرات کریں۔ اور ان چیزوں سے کسی مستحق عورت کی مدد کریں۔ روزانہ کم از کم گیارہ مرتبہ معوذتین کا ورد رکھیں تا کہ آسمانی آفات سے آپ محفوظ رہ سکیں۔

## اگر آپ کا برج اسد ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

یہ سال گزشتہ سالوں کی بہ نسبت آپ کے لئے اہم ثابت ہوگا۔

اس سال آپ اپنے مزاج کے مطابق ترقی کی راہیں تلاش کریں گے اور کافی حد تک کامیاب رہیں۔ آپ کا مزاج شاہانہ ہے آپ نہایت غیرت مند ہیں حصول دولت سے زیادہ آپ کو اپنے وقار اور اپنی عزت کی فکر رہتی ہے۔ آپ اپنے مزاج کے مطابق آہستہ آہستہ ترقی کی راہوں پر گامزن رہیں گے لیکن آپ کے دشمنوں اور منافق قسم کے دوستوں کو آپ کی ترقی ہرگز ہرگز گوارہ نہیں ہوگی اس لئے وہ آپ کے خلاف سازشوں کے جال بچھاتے رہیں گے۔ آپ کو اپنا ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہے اور منافقین سے ہر وقت ہوشیار رہنا ہے۔

برج اسد سے تعلق رکھنے والے جو بچے زیر تعلیم ہیں ان کے لئے یہ سال ایک کٹھن سال ہے ان بچوں کو چاہئے کہ تعلیم کے سلسلہ میں وہ چوکنا رہیں محنت کریں، شدید محنت کریں اور امتحان میں کامیاب ہونے کے لئے کسی معجزہ کا انتظار نہ کریں۔ امتحان میں یا کسی مقدمہ میں کامیابی کے لئے اس برج کے حاملین کے لئے ضروری ہے کہ وہ روزانہ ایک تسبیح آیت کریمہ کی پڑھیں اور ۶۰۰ رگرام چینی پھل دار درختوں کی جڑوں میں ڈالیں۔ یہ عمل ایک ماہ میں ایک بار بھی کر سکتے ہیں۔ گزشتہ سال خاندانی معاملات اور پروپرٹی کے مسائل نے آپ کو بہت دکھی رکھا، اس سال اس سلسلہ میں حالات کچھ بہتر ہوں گے کچھ ٹوٹے ہوئے رشتے پھر جڑ جائیں گے اور کچھ پراپرٹیاں جو آپ کے ہاتھ سے نکل گئی تھیں وہ پھر آپ کو مل جائیں گی اور آپ کو اس سلسلہ میں استحکام نصیب ہوگا۔

اس سال جب آپ کا ستارہ رجعت میں ہوگا آپ کو اولاد کا اختلاف جھیلنا پڑے گا، آپ کے بچے آپ کے خلاف ایک محاذ کھول دیں گے اس وقت آپ کو بہت سوجھ بوجھ سے کام کرنا ہوگا ورنہ پھر آپ کی اولاد آپ کے خلاف بغاوت کردے گی جو آپ کو بہت مہنگی پڑے گی، آپ کی ازدواجی زندگی گزشتہ سال بھی متاثر تھی اور اس سال بھی متاثر رہے گی، لیکن اس سال کے آخر میں ازدواجی زندگی میں آپ کچھ آسودگی محسوس کریں گے۔ خلافِ توقع آپ کے شریک حیات بچوں کے مقابلہ میں آپ کا فیور کرے گی۔ اس سے آپ کے حوصلوں میں اضافہ ہوگا اور آپ اپنی اولاد کو سنبھالنے میں کامیاب رہیں گے۔

غیر شادی شدہ لوگ اس سال اپنی شادی طے کرانے میں ناکام رہیں گے۔ جو لوگ اولاد سے محروم ہیں انھیں اس سال بھی اولاد کی خوشی میسر نہیں ہوگی۔ لیکن ایسے لوگوں کو اپنی جد و جہد جاری رکھی چاہئے۔

برج اسد والوں کے لئے یہ سال ترقی اور مقبولیت کا سال ہے۔ ستارہ مشتری برج اسد والوں پر اثر انداز ہو رہا ہے اور ان کی دولتوں اور شہرتوں میں اضافہ کرنے کا سبب بن رہا ہے۔ اس سال کاروباری سفر بھی درپیش ہوگا ممکن ہے کہ حج یا عمرہ کی سعادت نصیب ہو۔

اس سال بھی سیارہ عطارد ۴ر بار مثبت اور منفی حالتوں سے گزرے گا، اور جب جب بھی وہ مثبت حالت میں آئے گا آپ کے حالات میں خوش گوری آئے گی اور آپ کو عروج نصیب ہوگا۔

۱۰ر فروری تا ۱ر اپریل ۶ر مئی تا ۲۱ مئی ۱۴ر ستمبر ۱۴ر اکتوبر یکم نومبر تا ۲۸ر دسمبر کا وقت آپ کے لئے موافق وقت نہیں ہے اس دوران اپنی خواہشات یا ضرورت پوری کرنے کی جد و جہد نہ کریں۔ کسی بھی طرح کی جلد بازی سے گریز کریں ورنہ خواہشات پامال ہوں گی اور ضرورتوں کے سلسلے میں صرف صبر کرنا پڑے گا۔ اس دوران گفتگو زبان کو قابو میں رکھیں اور بحث و مباحثہ سے بچیں ورنہ رسوائی کا اندیشہ ہے۔

اس سال کئی بار آپ کی ذات الزامات کا نشانہ بنے گی۔ اگر آپ گفتگو میں محتاط نہ رہے تو آپ کو ناقابل تلافی نقصان سے دوچار ہونا پڑے گا۔

صرف نوچندی اتوار کو ۸۰۰ رگرام اُرد کی دال بطور صدقہ دیں یا قبرستان میں ڈالیں اور روزانہ اس تسبیح کا اہتمام کریں۔ **فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔**

## اگر آپ کا برج سنبلہ ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

گذشتہ سالوں کے مقابلہ میں یہ سال آپ کے لئے راحتوں کا پیغام لے کر آرہا ہے۔ اس سال ۲ر بڑے ستارے مشتری اور زحل آپ کے حالات پر خاصے اہم ثابت ہو رہے ہیں اور آپ کے معاملات پر مثبت اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ جو آپ کے لئے خوشحالی اور ترقی کا

www.freeamiliyaatbooksfree.com www.facebook.com/groups/freeamiliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS

سبب بنیں گے اور آپ کو الجھنوں سے نجات ملے گی۔ مگر جب یہ ستارے رجعت سے دور چار ہو گے تب آپ کو کچھ مشکلوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس دوران آپ ڈپریشن کا شکار ہو سکتے ہیں، لیکن آپ منفی حالات میں صبر اور ہمت سے کام لینا چاہئے، کیونکہ اس میں آپ کی کامیابیوں کا راز مضمر ہے۔

گزشتہ کئی سالوں سے آپ کے تعلقات رشتے داروں سے بہت خراب ہیں عزیز و اقارب نے آپ کو بہت دکھ دیئے اسی وجہ سے آپ ان سے مطلقاً کنارہ کش ہو گئے تھے، کئی قریبی رشتے دار آپ کے حاسدوں میں شامل تھے لیکن اس سال اس بات کا قوی امکان ہے کہ ٹوٹے ہوئے رشتے پھر جڑ جائیں گے اور کئی رشتے داروں کو آپ سے معافی تلافی کرنی پڑے گی آپ کو بھی ضد اور ہٹ دھرمی سے کام نہیں کرنا چاہئے۔ اگر کوئی رشتے دار اپنی غلطیوں پر شرمندہ ہے ہوں اور آپ سے معافی مانگے تو آپ کو معاف کر کے اسے گلے لگا لینا چاہئے، کامیاب زندگی گزارنے کے لئے رشتے داروں سے جتنے بھی آپ قریب ہوں گے اتنا ہی آپ کے حق میں بہتر ہے۔

اس سال دوستوں کی مہربانیاں بھی آپ کو میسر رہیں گی، اور دشمنوں کی ریشہ دوانیوں سے بھی آپ کافی حد تک محفوظ رہیں گے۔

کئی سالوں سے آپ کسی پراپرٹی کے مسئلے میں الجھے ہوئے تھے اس سال آپ کو اس جھگڑے سے نجات ملے گی۔ اور آپ کسی اور جائیداد کو خریدنے میں بھی کامیابی حاصل کریں گے۔ گھریلو حالات بھی آپ کے خوش گوار رہیں گے اور شریک حیات کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آپ کو خاطر خواہ تعاون اور محبت حاصل رہے گی اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں تو اس سال آپ کی شادی متوقع ہے۔ آپ کو اچھی سسرال نصیب ہوگی اور سسرال والے آپ کی ترقی میں معاون ثابت ہوں گے، اگر ممکن ہو تو آپ شادی اکتوبر و نومبر تک کر گذریں کیونکہ دسمبر کا مہینہ آپ کے لئے مشکلات کا مہینہ ثابت ہوگا اور ایک بار وقتی طور پر آپ کی کشتی پھر ہچکولے کھانے لگے گی۔

اس سال آپ کی مالی حالت بہت زیادہ کمزور نہیں رہے گی لیکن مالی حالت بہت زیادہ مضبوط بھی نہیں ہوگی۔ اُتار چڑھاؤ چلتا رہے گا لیکن گزشتہ برسوں کے مقابلہ میں آپ کافی آسودہ رہیں گے۔ اگر آپ رقم کو پس انداز کرنے کا مزاج بنالیں تو مشکل وقت بھی آپ کا آسانی کے ساتھ کٹے۔ فضول خرچیاں آپ کے لئے بہت تکلیف دہ بنیں گی اور فضول خرچیوں کی وجہ سے آپ دوسروں کے آگے اپنا ہاتھ پھیلانے پر مجبور ہوں گے۔

اس سال معاہدے کرتے وقت رجسٹری کرتے وقت یا چیک کا لین دین کرتے وقت آپ کو بہت چوکنا رہنا ہوگا آپ کی ذرا سی بھی بھول آپ کو عرصہ دراز تک خون کے آنسو رلائے گی۔

ہر ماہ قمر در عقرب کے موقع پر آپ یہ صدقہ ضرور دیں ۳ رکلو گوشت کی بوٹیاں بنا کر دریا میں ڈالیں اس صدقہ کی وجہ سے آپ کو آسمانی آفتوں سے نجات ملے گی۔

اس سال غیر ملکی سفر کرنے سے گریز کریں، کیونکہ غیر ملکی سفر آپ کے لئے نئی مشکلات کھڑی کر سکتا ہے اور آپ نئے نئے مسائل اور مصائب کا شکار ہو سکتے ہیں۔ گرہن کے موقعوں پر آپ بہت محتاط رہیں ان اوقات میں گھر ہی میں رہیں نماز خسوف وکسوف کا اہتمام کریں۔ اور خاموشی کا چلن اختیار کریں۔

اگر آپ ہر بدھ کو یا ہر ماہ نوچندی بدھ کو پانچ کلو چاول خیرات کر دیا کریں تو آپ کے حق میں بہتر ہوگا، پورے سال حسبنا اللہ ونعم الوکیل ۴۵۰ مرتبہ ذمہ داری سے پڑھنے کا معمول بنائیں۔

## اگر آپ کا برج میزان ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

۲۰۱۹ء آپ کے لئے بہت ساری مثبت ومنفی تبدیلیوں کا سال ہے۔ آپکی زندگی میں بار بار اچھے برے انقلاب آئیں گے۔ گزشتہ سال بھی بے شمار اچھی بری تبدیلیوں نے آپ کو بہت متاثر کیا تھا۔ یہ سال بھی بے شمار اچھی بری تبدیلیوں کی وجہ سے آپ کے لئے رنج دہ ثابت ہوگا اور آپ کسی بھی طرح کے مکمل استحکام سے محروم رہیں گے۔

اس سال آپ کی سماجی مصروفیات بہت بڑھ جائیں گی، آپ کے ذات اور خانگی کاموں میں حائل ہوگا، اہل خانہ آپ کی عدم توجہ پر

www.freeamliyaat books.blogspot.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

شاکی رہیں گے آپ سماجی کاموں میں اس درجہ مشغول رہیں گے کہ آپ اپنے گھر والوں کو اور اپنی بیوی بچوں کو کمپنی نہیں دے پائیں گے، اور آپ کے اہل خانہ آپ سے شاکی اور ناراض رہیں گے سماجی کاموں کی وجہ سے آپ کی عزت وتوقیر میں زبردست اضافہ ہوگا خلقت آپ سے مانوس بھی رہے گی اومرعوب بھی، آپ کی معیشت بہت متاثر رہے گی اور آپ اپنے اہل خانہ کی خواہشات اور ضروریات پوری کرنے سے قاصر رہیں گے۔

۷رجنوری سے ۲۷ر مارچ تک ۲۰راپریل سے ۱۵ر مئی تک اور ۲۱ر اگست سے ۱۴ر ستمبر تک آپ کا وقار داؤ پر ہوگا اس دوران آپ گفتگو میں محتاط رہیں اور اپنی زبان کو حتیٰ الامکان اپنے کنٹرول میں رکھیں۔ فیصلوں میں عجلت سے کام نہ لیں۔ ۱۸ر اکتوبر سے ۲۶ر نومبر کا دورانیہ بھی موافق نہیں ہوگا، اس دوران کسی بھی طرح کے لین دین میں آپ کو بڑا نقصان ہوسکتا ہے، اس دوران آپ خرید وفروخت سے بھی بچیں اور قرض کا لین دین بھی نہ کریں، نیز کوئی ایسا فیصلہ بھی نہ کریں جو بظاہر خوش کن ہو۔

کیونکہ اس دور کے فیصلے آپ کی شخصیت کو پامال بھی کرسکتے ہیں۔

آپ کے بہن بھائیوں کے تعلقات کئی سالوں سے متاثر تھے دیگر کئی اقارب آپ کے مخالف تھے اس سلسلہ میں اس بات کا امکان ہے کہ آپ کے بہن بھائی آپ کے قریب ہو جائیں گے اور ان کی ناراضگیاں رفع ہو جائیں گی، اسی طرح آپ کے کئی رشتے دار جو کے بہت ناراض تھے وہ بھی اپنی ناراضگی دور کرلینگے آپ سے پھر نیا میل ملاپ بڑھائیں گے اس سلسلہ میں آپ کے لئے ضروری ہوگا کہ آپ دماغ سے سوچیں اور جذبات میں بہنے سے خود کو روکیں، رشتوں کا ٹوٹنا اور جڑنا ایک آزمائش ہوتا ہے اور اس سے اپنے گھریلو معاملات تباہ ہوتے ہیں، اس بارے میں ہر انسان کو بہت محتاط اور چوکنا رہنا چاہئے، رشتے داروں کی قربت اور دوری دونوں ہر انسان کے لئے معنی خیز ہوتی ہیں۔ کچھ لوگ دور رہ کر رنج دیتے ہیں اور کچھ لوگ قریب آکر ستاتے ہیں آپ کو رشتے داروں سے فاصلے گھٹاتے اور بڑھاتے وقت اپنے مفادات کی حفاظت پہلے کرنی چاہئے۔

اس سال کسی پراپرٹی یا جائیداد کو آپ خریدنے میں کامیاب رہیں گے۔ اور کسی منصب تک پہنچنے میں بھی آپ کو کامیابی حاصل ہوگی، یہ آپ کی زندگی میں ایک اچھی تبدیلی ہوگی۔ اس سے آپ کو استحکام بھی ملے گا اور آپ اپنے احباب واقارب میں سرخرو بھی رہیں گے۔

اس سال آپ کو اپنی اولاد کی طرف سے بار بار کچھ رنج پہنچے گے ان کے مطالبے آپ کے لئے مصیبت بن سکتے ہیں، اور آپ کی آمدنی بہت محدود ہوگی ایسے حالات میں آپ کو حکمت عملی کا راستہ اختیار کرنا چاہئے اگر آپ ان کی ضرورتیں پوری نہ کرسکیں تب بھی انہیں مطمئن کرنے کے لئے آپ کو حکمت عملی کا راستہ اختیار کرنا چاہئے، اس سلسلہ میں آپ اپنی بیوی کو ڈھال بنائیں اور اس کے ذریعہ اپنی اولاد کو فتح کریں، گھران میں بغاوت نہ پیدا ہونے دیں اور بچوں کو کچھ نہ دے کر بھی انھیں خوش اور مگن رکھنے کی کوشش کریں۔ اس سال آپ کو حج یا عمرہ کی سعادت حاصل ہوسکتی ہے۔

جو لوگ شادی شدہ نہیں ہیں یا برسر روزگار نہیں ہیں ان کیلئے اس سال میں کامیابی کا امکان نہیں ہے، سال کے آخیر میں شادی کے لئے جدو جہد کر سکتے ہیں، شاید ہے کہ کامیابی ملے۔ جو لوگ عارضی ملازمت کر رہے ہیں ان کو اسی پر قناعت کرنی چاہئے، اچھی ملامت کی خواہش میں لگی لگائی ملازمت کو چھوڑنے کی غلطی نہ کریں۔

وراثت اور پروپرٹی کے معاملات میں ابھی آپ کا ستارہ مثبت رویہ اختیار نہیں کر رہا ہے اس لئے کامیابی کا امکان کم ہے بلکہ ستارے کی منفی روش سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ اس بارے میں اگر آپ جدو جہد کریں تو اس کے نتائج آپ کے لئے برے ہوں گے اور امیدوں پر بھی پانی پڑ جائے گا۔

یہ سال آپ کے لئے قدرے بہتر ہوگا، لیکنا چھی قسمت پر بھوسہ کر کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہ بیٹھیں۔ جدو جہد جاری رکھیں۔ بالخصوص اچھے کاروبار کے لئے یا اچھی نورکری تلاش کرنے میں کوئی کوتاہی نہ برتیں۔

ہر جمعہ کو یا ہر نوچندی جمعہ کو نو کلو باجرہ جنگلی کبوتروں ڈالیں۔ اور روزانہ نصر من الله وفتح قریب مغرب کے بعد سو بار پڑھنے کا

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS groups/freeamliyaat محمد شبیر قادری

معمول بنائیں۔

## اگر آپ کا برج عقرب ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

آپ کا یہ سال کچھ نئے مسائل سے شروع ہو رہا ہے، چونکہ آپ کا ستارہ قوی ہے اور یہ خاص اثرات مرتب کرنے کا اہل ہے اس لئے منفی اور مثبت رجحانات آپ پر اور اس شخص پر جس کا ستارہ مریخ ہے خاص اثرات مرتب کرتا ہے۔ یہ اپنے حامل کو زبردست عرج بھی دیتا ہے اور یہ منفی حالات میں زبردست قسم کے زوال سے بھی دوچار کراتا ہے۔ اس سال جب آپ کا ستارہ ہبوط میں ہوگا اس وقت آپ کو بہت احتیاط سے کام کرنا چاہئے۔ بالخصوص جائیداد خریدنے کے سلسلے میں غیر ملکی سفر کے سلسلہ میں بیاہ شادی سے متعلق معاملات میں خواہ وہ اپنے بچوں کی ہو یا اپنے متعلقین کی ہو بہت ہی احتیاط سے کام کرنا چاہئے اور ہر وقت اپنی عقل کو بیدار رکھنا چاہئے، کیونکہ یہ وقت آپ کے لئے خطرناک ہے ذرا سی غلطی سے آپ کی عزت اور آپ کا وقار داؤ پر لگ سکتا ہے۔ ۱۶ ارمئی سے ۲ رجولائی تک کا دورانیہ آپ کے لئے اس قت مشکل ترین ثابت ہوگا۔ اس وقت آپ کو سوجھ بوجھ سے اور جدوجہد کے ساتھ کام کرنا ہے اور اپنوں اور غیروں سے تعلقات بنائے رکھنے کی فکر جاری رکھنی ہے۔ یہ تو آپ جانتے ہی ہیں کہ اچھی زندگی گزارنے کے لئے تو لوگوں سے تعلقات بنائے رکھنا ضروری ہے۔ ۳ رجولائی کے بعد آپ کے حالات میں مثبت تبدیلی آئی ہے اور آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اکتوبر نومبر تک آپ کافی حد تک خود کو سنبھال چکے ہوں گے اور آپ کی قوت اعتباری بھی کافی حد تک بحال ہو چکی ہوگی اس وقت آپ کی مالی پوزیشن بھی مضبوط ہوگی، اگر آپ نے سوجھ بوجھ سے کام لیا تو آپ کو مزید استحکام نصیب ہوگا اور آپ کی معیشت مضبوط سے مضبوط تر ہو جائے گی۔ دولت موسلا دھار بارش کی طرح برسنے لگے گی۔ ان اوقات میں آپ کو ہوش وحواس کے ساتھ کام کرنا ہے اور دولت صحیح جگہ پر لگا کر اس سے مزید فائدے اٹھانے ہیں۔

درمیان سال میں رشتے داروں سے ابن بن بھی رہے گی اور آپ کو حاسدوں سے نمٹنا مشکل ہوگا لیکن آپ کو کوشش اس بات کی کرنی چاہئے کہ رشتے داریاں ٹوٹنے سے محفوظ رہیں۔

کچھ یار دوست بھی آپ کو آنکھیں دکھائیں گے ان کا انداز ہی بلیک میلنگ کا سا ہوگا، ان سے بھی لڑنے کے بجائے آپ کو سمجھوتہ کر لینا چاہئے کیونکہ یہ سب آپ کے راز دار ہوں گے اور آپ کو کوئی بھی نقصان آسانی سے پہنچا سکتے ہیں۔

۳۰ راپریل سے ۱۸ ستمبر تک زحل کی رجعت کی وجہ سے آپ پر کچھ منفی اثرات پڑیں گے اور آپ کی معیشت کو ایک بار پھر دھچکا لگے گا اس وقت آپ کو پراپرٹی کے لین دین سے گریز کرنا چاہئے اور گھریلو احوال پر خاص نظر رکھنی چاہئے گھر میں کسی بھی طرح کی تبدیلی ان اوقات میں اچھی نہیں ہوگی۔ اگر آپ گفتگو میں احتیاط سے کام نہیں لیں گے تو بچے غلط فہمیوں کا شکار ہو جائیں گے اور آپسی ٹکراؤ کی وجہ سے آپ کو نقصان اٹھانا پڑے گا اس موقعہ پر اگر آپ کے شریک حیات نے بچوں کا ساتھ دیا تو آپ کو زیادہ نقصان اٹھانا پڑے گا اور اس گھریلو خلفشار کا اثر آپ کے کاروبار پر پڑے گا اور آپ کی معیشت کی نیّا ڈانواڈول ہونے لگی گی۔ اس لئے گھریلو حالات کو سنبھالیں اور بچوں کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش کریں۔

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں تو اس سال آپ کی منگنی طے ہونے کے بعد ختم ہو سکتی ہے۔ اور آپ کو رشتوں کی ٹوٹ پھوٹ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کی صحت کے لحاظ سے یہ سال کوئی اچھا سال نہیں ہے اس سال آپ کی صحت شروع ہی سے خراب رہے گی اور بار بار آپ کو اپنے علاج کی طرف متوجہ ہونا پڑے گا۔ اپریل، مئی کے دوران آپ کو ہوسپٹل میں بھی داخل ہونا پڑ سکتا ہے۔ اکتوبر نومبر کے بعد آپ کی صحت کسی قدر بحال ہو جائے گی تاہم آپ کو آخر سال تک اپنی صحت کا خیال رکھنا ہے اور یہ بات ہمیشہ پیش نظر رکھنا ہے کہ جان ہے تو جہان ہے۔

اس سال کے ۵ رگرہن آپ کے حالات پر اچھے برے اثرات ڈالیں گے۔ ان گرہنوں کی تاریخیں اور وقت نوٹ کر لیں اور ان موقعوں پر نماز خسوف وکسوف اور عبادات وصدقات کا اہتمام کریں۔ گرہن کے سلسلہ میں جو ہدایات کی گئی ہیں ان کو بھی پیش نظر رکھیں۔

ہر جمعرات کو ایک کلو گوشت کسی مستحق کو دیں یا پھر دریا میں ڈالیں، یہ کام ہر ماہ نوچندی جمعرات کو کریں تو بہتر ہے، روزانہ۔ امن

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

یجیب المضطر سو مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کریں۔

## اگر آپ کا برج قوس ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

یہ سال آپ کے لئے کامیابی کا سال ہے۔ آپ کا ستارہ قوس آپ کے لئے ترقی اور آپ کے لئے عزت، توقیر کا باعث بنے گا، آپ کی خوش نصیبی میں زبردست اضافہ ہوگا۔ اور ترقی اور مقبولیت کی نت نئی راہیں کھلیں گی۔

سال کے شروع میں زہرہ بحالت حفیض میں آجانے کی وجہ سے دشمنوں کی طرف سے آپ کی عزت وقار کو نقصان پہونچانے کی کاروائی ہوسکتی ہے۔ ۱۰راپریل سے ۱۱راگست کے دوران مشتری کے رجعت میں آجانے کی وجہ سے آپ کے مزاج میں اشتعال یا چڑچڑاپن پیدا ہوسکتا ہے، خود پر کنٹرول رکھیں بالخصوص زبان کی حفاظت کریں نومبر و دسمبر کا مہینہ بھی سیارگان کی منفی پوزیشن کی وجہ سے آپ کے لئے اچھا ثابت نہیں ہوگا۔ ایسے موقعوں پر آپ کو محتاط رہنا چاہئے اور اہم فیصلوں میں جلد بازی کرنے سے خود کو بچانا چاہئے۔

سال کا آغاز بہتر انداز میں ہورہا ہے، آپ سماجی تقریبات میں عزت ووقار کے ساتھ شرکت کر رہے ہیں اور آپ کو ہر محفل میں سرخروئی نصیب ہورہی ہے۔ اس دوران کچھ ستاروں کی رجعت آپ کے بیوی بچوں پر منفی اثرات ڈال رہی ہے۔ بیوی آپ سے بیزار رہے گی۔ اور بچوں میں بھی بغاوت کے آثار نمایاں رہیں گے۔

۱۰رفروری سے ۱۷راپریل تک عطارد کی ھبوطی کیفیت آپ کو محتاط رویہ کی طرف اشارہ کررہی ہے۔ ان ایام میں پراپرٹی کے لین دین میں دھوکہ کھانے کا اندیشہ ہے، خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں، حاسدوں اور دشمنوں کی تعداد میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اپریل میں جب زہرہ حالتِ شرف میں آئے گا وہ وقت آپ کے لئے بہت بہتر ہوگا، کاروبار کے لئے نئی نئی راہیں کھلیں گی اور رشتے داروں سے بھی تعلقات بحال ہوں گے نیز بچوں کی محبت اور اپنائیت بھی بھرپور انداز میں حاصل رہے گی۔ صحت اور ملازمت کے نقطہ نظر سے آپ تشویشناک حالات سے گزریں گے اندیشہ ہے کہ کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہوجائیں جو اذیت ناک ہو، اس بیماری سے نکلنے کے بعد آپ کو کافی عرصہ تک اپنی تندرستی کا خیال رکھنا پڑے گا اور غذاؤں اور دواؤں کا سنجیدگی کے ساتھ اہتمام کرنا پڑے گا۔ آپ کی ملازمت پر کسی کی ہائے ہائے پڑرہی ہے لیکن حالات کتنے بھی ابتر ہوجائیں آپ ملازمت چھوڑنے کی غلطی نہ کریں۔

۱۴رستمبر سے ۱۸راکتوبر کے دوران آپ صحت مند ہوجائیں گے اور ملازمت پر جو تشویش کے بادل منڈلارہے ہوں گے وہ بھی چھٹ جائیں گے۔ اچھی ملازمت ملنے تک آپ موجودہ ملازمت پر قناعت کریں، اور تندرستی کے سلسلہ میں ہمت چوکنا اور محتاط رہیں۔

وراثت کے معاملہ میں یہ سال آپ کے لئے مبارک ثابت ہوگا، وراثت کا جو مسئلہ آپ کو درپیش ہے وہ اس سال حل ہوسکتا ہے، اور پرکھوں کی جائیداد میں آپ کو حصہ ہنسی خوشی مل سکتا ہے، اس سال اس سلسلہ میں آپ جو بھی جدو جہد کریں گے وہ یقیناً آپ کو کامیابی سے ہمکنار کرے گی۔

آپ کے دوست آپ کے ساتھ عموماً خیر خواہی کرتے ہیں، لیکن اس سال کچھ دوستوں کی طرف سے ریشہ دوانیوں کا خطرہ ہے۔ سبھی دوستوں سے ہوشیار رہیں اور کسی کو اپنا راز دار بنانے کی کوشش نہ کریں۔

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں تو اس سال آپ کی منگنی ممکن ہے، لیکن شادی اس سال ممکن نہیں ہے، منگنی بھی آپ کی مخمسہ میں رہے گی اس کو برقرار رکھنے کے لئے آپ کو کافی جدو جہد کرنا پڑے گی کیونکہ آپ کے کچھ رشتے دار اس منگنی کی مخالفت پوری قوت کے ساتھ کرتے رہیں گے۔ اس سال ۳رشمسی اور ۲رقمری گرہن جو بالترتیب جنوری، جولائی اور دسمبر میں لگ رہے ہیں یہ آپ کے معاملات کو انتہائی متاثر کر سکتے ہیں۔ آپ کے مالی پوزیشن بہت متاثر ہوسکتی ہے اور آپ کے گھر کا نظم بھی خراب ہوسکتا ہے۔ اور آپ کی صحت بھی کسی مرض کے زد میں آسکتی ہے، گرہن کے وقت میں نماز کسوف وخسوف کا اہتمام کریں۔

ہر ماہ جمعرات کے دن یا صرف نوچندی جمعرات کے دن کالے ماش سوا کلو کسی غریب کو دے دیں یا قبرستان میں ڈالیں اور روزانہ

یاذو لاجلال والکرام ۲۰۰ مرتبہ پڑھتے رہیں۔

## اگر آپ کا برج جدی ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

اس سلا آپ کو آغازِ سال ہی سے محتاط رہنا ہوگا اگرچہ زحل آپ کے طالع میں موجود ہے لیکن آپ کو یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ مشتری کی بارہویں درجہ میں موجودگی آپ کے لئے خطرہ کی گھنٹی ہے، آپ کے خفیہ دشمن اس سال انتہائی مضبوط ہوں گے اور آپ کو رسوا کرنے کے لئے اور آپ کو ہر لائن میں ناکام کرنے کے لئے نت نئے جال بچھائیں گے اور آپکو برباد کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کریں گے یہ سال آپ کے ذاتی وقار اور آپ کی شخصیت کے لئے ایک تازیانہ ہے۔ اس سال آپ کو ہر قدم پھونک پھونک رکھنا ہے۔

عزیز و اقارب سے بھی آپ کے اختلافات شدید تر ہو سکتے ہیں اور یہ ممکن ہے کہ آپ کے بھی مخالف رشتے دار متحد اور متفق ہو کر آپ کو پریشان کر دیں۔ اور آپ کی راستے میں کانٹے بچھائیں، اس سال سماجی کاموں میں آپ زیادہ حصہ نہ لیں، اپنے ذاتی معاملات پر زیادہ دھیان دیں مشتری رجعت میں چلے جانے کی وجہ سے ۱۱ر اگست ۱۰ر اپریل سے ۱۱ر اکتوبر تک آپ کے حالات قطعاً ناموافق ہوں گے، اور آپ کو کئی طرح کی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑیگا، اس سال کے آخری دو مہینے آپ کے لئے بہتر رہیں گے اس وقت تک آپ کی مشکلیں آسان ہو جائیں گی، اور آپ کو کام کرنے کے کئی اچھے مواقعات نصیب ہوں گے۔

اولاد اور شریک حیات کے تعلق سے آپ کو اس سال ملے جلے حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے بچے اور شریک حیات آپ کے حق میں ہی رہیں گے اور کبھی کبھی آپ کو ان کی مخالفت بھی جھیلنی پڑے گی۔ آپ کو اس سال اپنی صحت پر خاص توجہ دینی ہے، کیونکہ اس سال اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کی تندرستی متاثر رہے گی اگر آپ نے علاج و معالجہ کے سلسلہ میں ٹال مٹول سے کام لیا تو آپ کو بھاری نقصان اٹھانا پڑے گا، اور آپ کی تندرستی جو قابل رشک رہی ہے متاثر ہو جائے گی۔ اور صحت متاثر ہو جانے کی وجہ سے کاروبار میں بھاگ دوڑ کرنے کا لطف ختم ہو جائے گا۔

۱۶ر مئی تا ۲۶ر جولائی مریخ ھبوط میں رہے گا یہ وقت آپ کے لئے بہت نازک وقت ہے اس وقت آپ کو اہل خانہ کی طرف خاص توجہ دینی چاہئے اور خاص طور سے اپنی شریک حیات کے مائیکے سے تعلقات کو استوار رکھنا چاہئے کیونکہ ذرا سی بھی کوتاہی شریک حیات کے متاثر تعلقات کو خراب کر سکتا ہے اور خدانخواستہ علیحدگی تک کی نوبت آسکتی ہے۔

۲۰ر مئی تا ۲۱ر جولائی، ۲۳ر ستمبر تا ۲۳ر اکتوبر کا دورانیہ ہی آپ کے لئے ناموافق رہے گا، اس دوران قرض خواہ آپ کو بہت پریشان کر سکتے ہیں اس دوران وراثت کا معاملہ کھٹائی میں پڑ سکتا ہے اور اس بات کا بھی اندیشہ ہے کہ آپ رشتے داروں میں سے وہ لوگ جو آپ سے حسد رکھتے ہیں آپ کے خلاف کوئی تحریک شروع کر دیں اور آپ کو رسوا کرنے کی کوشش کریں۔ اس زمانہ میں آپ کی خاموشی اور آپ صبر وضبط آپ کو ان حالات سے نجات دلا سکتا ہے۔ اگر آپ ان لوگوں کے خلاف محاذ آرائی کریں گے یا کھل کر اپنا دفاع کریں گے تو رسوائی اور بد نامی کے سوا آپ کے ہاتھ کچھ بھی نہیں آئے گا۔

اس سال مجموعی حیثیت سے آپکی آمدنی متاثر رہے گی، اور اخراجات اتنے زیادہ رہیں گے کہ آپ کو گھریلو مسائل اور تقاضے پورے کرنے میں بھی بہت سی دقتوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ تدبیر تقدیر کو نہیں بدل سکتی لیکن احسن تدبیروں کو بروئے کار لا کر ہم تقدیر کے بخشے ہوئے زخموں کو کسی نہ کسی حد تک مندمل کر سکتے ہیں۔ آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ ہر حال میں اللہ کی رضا میں راضی رہیں، اور ان غفلتوں سے خود کو دور رکھیں، جو انسان کو نقصان کے سوا کچھ نہیں دے سکتے۔

ہر ہفتہ کو یا نوچندی ہفتہ کو آپ ۳ر کلو مکی خیرات کرتے رہیں اور روزانہ سوۃ الم نشرہ ۴۰ر مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

## اگر آپ کا برج دلو ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

آپ اس سال اپنے ارد گرد خوشیوں اور مسرتوں کو محسوس کریں

گے، راحتوں اور نعمتوں سے اس سال کا آغاز ہوگا۔ ستاروں کی گردشوں کی وجہ سے آپ کے حالات کچھ عرصہ تک متاثر رہیں گے لیکن کاروبار کسی نہ کسی حد تک چلتا رہیگا، اور کلیتاً آپ کی راحتیں پامال نہیں ہوسکیں گی، تاہم آپ کے لئے ضروری ہوگا کہ آپ اپنا ہر قدم احتیاط کے ساتھ اٹھائیں اور تقدیر و تدبیر کے درمیان فاصلہ نہ پیدا ہونے دیں۔ میدان کارزار میں جدوجہد جاری رکھیں اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کسی معجزے کا انتظار نہ کریں آپ کو اخراجات میں اعتدال سے کام لینا چاہئے اور رقم بچا کر رکھنے کی عادت رکھنی چاہئے تا کہ تنگ وقت میں آپ کسی کے سامنے اپنا ہاتھ نہ پھیلائیں۔

آپ کو اپنے گھریلو حالات پر خصوصی توجہ رکھنی چاہئے اور اپنی شریک حیات اور بچوں کی خواہشوں اور ضرورتوں کا خاص خیال رکھنا چاہئے، کیونکہ گھریلو سکون ہی سے انسان باہر کے ماحول میں پرسکون رہتا ہے اور ترقی کرسکتا ہے اگر انسان گھر کے جھگڑوں میں مبتلا رہے تو پھر آپ باہری زندگی میں اپنا کوئی قدم استحکام کے ساتھ نہیں اٹھا سکتا، اس کی خود اعتمادی مجروح رہتی ہے۔ باہر کی دنیا میں سرخرو رہنے کے لئے اپنے گھر کی چہار دیواری میں سرخرو بننے کی کوشش کریں، اور یہ اسی وقت ممکن ہے جب آپ اپنے گھر کو جنت بنانے کی ہر ممکن جدوجہد کریں۔ اور آپ کے اہل خانہ آپ کی ہر ادا پر اپنی جان نچھاور کرنے کے لئے تیار رہیں۔

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں تو اس سال آپ کی شادی ہوجائے گی یا شادی طے ہوجائے گی۔ حالات اس بات کی طرف اشارہ کررہے ہیں کہ آپ کو اچھی شریک حیات عطا ہوگی اور ازدواجی زندگی پرسکون طریقے سے گزرے گی۔ اس سال کے درمیان میں آپ کو روزگار کے بہتر مواقع میسر آسکتے ہیں، ممکن ہے کہ آپ کو ملازمت کے لئے بیرونی ملک کا سفر کرنا پڑے، ملک کے اندر بھی کسی اچھی ملازمت کی امید کی جاسکتی ہے۔ لیکن اچھی ملازمت کے لئے لگی لگائی ملازمت کو ٹھوکر مارنے کی غلطی ہرگز نہ کریں۔ اگر اچھی ملازمت مل جائے با قاعدہ بات چیت ہوجائے تو پھر کم درجہ والی نوکری کو آپ چھوڑ سکتے ہیں، اس سال آپ کے لئے روزگار کی کئی راہیں کھلیں گی، اور کئی جگہ سے آپ کے لئے آفر آئیں گے، اس سال احباب کی طرف سے آپ کو تعاون میسر رہے گا، آپ کے دوست اپنی دوستی کا صحیح معنی میں فرض ادا کریں گے اور آپ کے اچھے روزگار کے جدوجہد کریں گے، آپ کو دوستوں کی قدر کرنی چاہئے اور ان کا ممنون ہونا چاہئے۔ اور مسلسل جہاں دوستوں کی طرف سے اچھی سرگرمیاں جاری رہیں گی وہیں یہ بھی ہوگا کہ آپ کے دشمن اور بدخواہ آپ کے لئے نت نئے سازشیں رچیں گے اور آپ کے راستے میں بار بار کانٹے بچھائیں گے، ان سے ہوشیار رہنا آپ کے لئے ضروری ہوگا، لیکن ہمارا مشورہ یہ ہے کہ ان لوگوں سے الجھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بس ان پر اور ان کی حرکتوں پر نظر رکھیں اور نئی دشمنی کی کوئی بنیاد نہ ڈالیں، نہ دشمنی کو بڑھانے کی غلطی کریں، خاموشی اور سکوت بہتر ہے، اور یہ بدتمیزیوں کا خوبصورت مداوا ہے، آپ ہر حال میں خاموش رہیں ایک خاموش شخص سو بولنے والے افراد کو شکست دینے میں کامیاب رہتا ہے، اگر آپ غیر ملک کی ملازمت کی کوشش کررہے ہیں تو یہ بات یاد رکھیں کہ اس سال کے ۵ رگرہن جو جنوری اور جولائی اور دسمبر میں ہونے والے ہیں یہ آپ کے حالات کو بہت متاثر کررہے ہیں۔ اگر آپ نے گرہن کے اوقات میں احتیاط نہ برتیں اور نماز خسوف و کسوف پر دھیان نہیں دیا اور اس وقت کی ہدایات کو نظر انداز کردیا تو اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے حالات بگڑ جائیں گے۔ بیرون ملک کے سفر میں رکاوٹیں پڑ جائیں گی یا پھر یہ بیرون ملک جاکر آپ کامیاب نہ ہوسکیں گے اور نامراد ہوکر لوٹ آئیں۔

اس سال ہر سنیچر کو یا ہر نوچندی سنیچر کو دو میٹر کالا کپڑا کسی غریب کو دیں اور "یا تواب" ۵۰۰ رمرتبہ ہر ہفتے کو پڑھنے کا معمول رکھیں۔

## اگر آپ کا برج حوت ہے تو ۲۰۱۹ء آپ کے لئے کیسا ہوگا؟

یہ سال آپ کے لئے خوشیوں اور مسرتوں کی سوغات لے کر آرہا ہے۔ ستارہ مشتری بحکم خداوندی آپ کے تمام حالات پر اثر انداز ہوگا اور آپ کے لئے ترقی اور مقبولت کی راہوں میں گامزن کرنے

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaat
محمد شبیر قادری

کا سبب بنے گا اس سال ہونے والے ۵؍گرہن آپ پر اور آپ کے اہل خانہ پر خاص اثر ڈالیں گے اور آپ کو الجھنوں اور پیچیدہ مسئلوں سے نجات دلانے کا ذریعہ بنیں گے۔ پانچوں گرہنوں کے اوقات میں آپ نمازِ کسوف وخسوف کا اہتمام کریں۔ اور ان اوقات میں جو بھی شرعی ذمہ داریاں ہوں ان کو ادا کرنے میں چاق وچوبند رہیں۔

آپ کا ستارہ برج قوس میں رہتے ہوئے آپ کی شخصیت میں نکھار پیدا کررہا ہے اور آپ کی خوداعتمادی میں اضافہ کررہا ہے۔ اس دوران آپ اس ستارے کے منفی اثرات سے محفوظ رہنے کے لئے کسی حد تک خود کو محتاط رکھیں سنی سنائی باتوں پر کان دھرنے سے باز رہیں، جلد بازی سے گریز کریں، خانگی اور ازدواجی معاملات کو تحمل تدبر و بردباری سے نمٹائیں، اشتعال سے بچیں اور صبر وشکر کے ساتھ کاروبار اور مسئلہ کو نمٹائیں، قرض کے لین دین سے خود کو بچائیں اس سال آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے اور رزق حلال آپ کو وافر مقدار میں مل رہا ہے جو آپ کے لئے باعث شکر بات ہے۔

اس سال رشتے داروں کی طرف سے آپ کو نئے صدمات کا سامنا کرنا پڑے گا آپ کے کئی اقارب آپ کے اور آپ کے اہل خانہ کے درمیان نفرت ڈالنے کی کوشش کریں گے ایسے حالات میں آپ کو محتاط رہنا چاہئے، لیکن کوئی بھی فیصلہ لیتے وقت عجلت اور جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں اور اہل خانہ کے بدظن ہونے سے خود کو بچائیں ستمبر تا نومبر آپ کو کاروباری سفر کے مواقعات ملیں گے ان سفروں میں آپ کو غیر معمولی منافع حاصل ہوگا اور آپ کے کاروبار اور آپ کی مقبولیت میں چار چاند لگ جائیں گے، کوشش کریں کہ جس دن سفر کی شروعات ہو اس دن جمعرات ہو، ہفتہ کو سفر کی شروعات سے گریز کریں۔

اس سال آپ کو اپنے بچوں کی ضدیں برداشت کرنی پڑیں گی بچوں میں ضد اور شرارتوں کا عنصر بڑھے گا۔ اور ان میں خودسری آئے گی ان کی فرمائشیں بھی بڑھیں گی۔ آپ کو خندہ پیشانی کے ساتھ ان کی خوشیوں کو پورا کرنا چاہئے اور ان کی ضدوں اور شرارتوں کو حکمت عملی کے ساتھ جھیلنا چاہئے۔ اگر آپ گھر میں غصہ کا ماحول پیدا کریں گے تو بچوں میں بغاوت پیدا ہوگی جو آپ کے لئے بہرحال نقصان دہ بنے گی۔

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں یا اگر آپ اولاد کی نعمت سے محروم ہیں تو اس سال آپ کی آرزو پوری ہونے کا امکان ہے۔ اللہ سے دعا کرتے رہیں کہ اس سال آپ کی شادی ہو جائے اور آپ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو جائیں۔ اس بات کا زبردست امکان ہے کہ اس سال آپ کی شادی ہو جائے گی اور جو لوگ اولاد کی نعمت سے محروم ہیں وہ اس سال اولاد کی نعمت سے بہرور ہو سکتے ہیں۔

اس سال شراکت داروں سے معاملات میں نقصان اور خسارے کا اندیشہ ہے۔ اپنے شریک کار پر اور اپنی شریک حیات پر کڑی نظر رکھیں، رواداریوں کو برقرار رکھتے ہوئے تنقید کی نظر کو کھلا رکھیں اور بے جا غلطیوں کو برداشت کرنے کی غلطی نہ کریں ورنہ معاملات میں بگاڑ پیدا ہوگا۔ گھر ٹوٹے گا اور شراکت داری میں زبردست خلل پیدا ہوگا۔

اس سال کے اوائل میں دوستوں سے اور رشتے داروں سے آپ کے تعلقات خوشگوار رہیں گے، لیکن دوران سال بعض رشتے داروں اور بعض دوستوں کی طرف سے اس طرح کی ریشہ دوانیاں ہوں گی جس سے آپ کے وقار کو دھکا لگے گا وقتی طور پر آپ مشتعل بھی ہو جائیں گے اور جذبات میں آ کر غلط فیصلے بھی کریں گے، سال کے اختتام پر آپ کو ایک بار پھر یعنی رشتے داروں اور بعض احباب کی تنقیدوں کا اور سازشوں کا شکار بننا پڑے گا، لیکن آپ کو صبر وضبط کرنے میں فائدہ ہے اشتعال اور غلط فیصلے آپ کو زبردست نقصان پہنچائیں گے اور آپ کی بنی بنائی ساکھ بگڑ جائے گی۔ اس سال کی ہر جمعرات کو یا اس سال کی ہر نوچندی جمعرات کو ۸۰۰ گرام ثابت اُڑد خیرات کریں یا قبرستان میں ڈالیں اور روزانہ وَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ کا سو بار ورد کریں۔

یہ سال مجموعی اعتبار سے آپ کے لئے مبارک ہے اس کی قدر کریں اور اللہ کا شکر ادا کریں۔

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

# علم نجوم بروج کی تقسیم

انسانی برج — حیوانی برج

بے زبان اور گونگے بروج — گونگا برج

انسانی بروج:۔ جواز (متھن) کی شکل ایک مرد اور ایک عورت کی ہے۔ برج میزان (تلا) برج سنبلہ (کنہیا) کی شکل ایک عورت کی ہے، ایک مرد کی ہے جس کے ہاتھ میں ترازو ہے۔ برج دلو (کنبھ) کی شکل ایک مرد کی ہے جو اپنے کاندھے پر گھڑا رکھے ہوئے ہے۔ برق قوس (دھن) کا نصف حصہ انسان کا ہے اور نچلا حصہ جانور کا ہے۔ اس لئے جوزا سنبلہ۔ میزان۔ دلو اور قوس کا نصف حصہ یہ سب انسانی بروج منش راشین یعنی دو پاؤں والی راشین ہیں۔

انسانی بروج کے اثرات: جب کسی شخص کے زائچہ میں بوقت ولادت طالع کا مالک انسانی بروج ہی سے کسی ایک میں ہو تو اس میں انسانی شرافت۔ ہمدردی۔ نیک دلی اور جذبہ محبت پایا جاتا ہے۔

انسانی برج کا زائچہ

حیوانی بروج:۔ برج حمل (میکھ) کی شکل مینڈھے کی ہے برج ثور (برکھ) کی شکل بیل کی ہے برج اسد (سنبلہ) کی شکل شیر کی ہے برج قوس (دھن) کی دوسرے نصف حصے کی شکل گھوڑے کی ہے برج جدی (مکر) کی شکل مگرمچھ کی ہے۔ اس لئے حمل ثور، اسد، جدی اور قوس کا دوسرا نصف حصہ یہ سب حیوانی بروج پشو راشیس یعنی چار پاؤں والی راشین ہیں۔

حیوانی برج کے اثرات:۔ اگر بوقت ولادت طالع کا برج ان برجوں میں سے کوئی ہو تو اس شخص میں ان حیوانوں کے سے صفات پائے جاتے ہیں جیسے برج اسد میں پیدا ہونے والے شخص میں بے خوفی۔ دلیری اور اپنے قوت بازو سے کما کر کھانے کی عادت ہوتی ہے شیر دوسرے کا مارا ہوا شکار نہیں کھاتا، شیر کی گرج کی طرح ان کی آواز میں بھی رعب دبدبہ ہوتا ہے۔

حیوانی برج کا زائچہ

۲ ثور
۱
۱۲
۳
حمل
۱۱
۴
۱۰
جدی
۵
۷
۹ قوس کا دوسرا نصف حصہ
اسد
۶
۸

اگر بوقت ولادت طالع برج ثور ہو تو ایسے شخص میں استقلال اور غصہ کا جلدی نہ آنا مگر غصہ آنے پر قابو سے باہر ہو جانا یہ صفات پائی جاتی ہے۔ بے خوفی اور ہر کام کو نہایت جوش سے کرنے کی صفت ہوتی ہے اور لڑنے میں مستقل مزاجی اور نفس پرستی ملتی ہے۔

طالع برج قوس میں پیدا ہونے والے شخص میں ہر ایک کام کو نہایت تیزی سے ختم کرنے کی صفت موجود ہوتی ہے۔

طالع برج جدی کی پیدائش والے شخص میں تکلیفوں کو برداشت کرنے کی صفت موجود ہوتی ہے۔

حیوانی بروج سے ایک اہم نتیجہ:۔ اگر بوقت ولادت سیارہ شمس چار پاؤں والے بروج یعنی حمل، ثور اسد اور قوس میں ہو اور باقی کے سیارے مضبوط اور جسدین بروج میں ہوں تو (توام) جوڑے سے پیدا ہوں گے۔

آبی اور منقلب بروج:۔ برج سرطان، برج حوت آبی اور برج جدی منقلب برج ہیں۔

### آبی ومنقلب بروج کا زائچہ

۱۲ حوت
۲
۱
۳
۱۱
۱۰
جدی
۴ سرطان
۵
۷
۹
۶
۸

آبی برج کا اثر:۔ جب کسی شخص کے زائچہ ولادت میں ان بروج میں سے کوئی ہوتو وہ متلون مزاج ہوگا۔ اوراس کی طبیعت میں کوئی ٹکاؤ نہیں ہوگا۔

برج عقرب کی شکل بچھو کی ہے :۔اس برج کو ڈنگ مارنے والے زہردار جانور سے نسبت دی گئی ہے۔ ہشت برج میں صرف یہی ایک زہریلی راشی ہےاس کو کیسٹ راشی کہتے ہیں۔

برج عقرب کا اثر :۔ جب کسی شخص کی ولادت طالع برج عقرب میں ہوتو یہ سمجھنا چاہئے کہ وہ کالا ناگ ہے اس کی طبیعت میں بہت جوش ہوتا ہےاوراس جوش پراس کا کوئی قابو نہیں ہوتا اگر اس جوش پر کسی طرح ضبط نہ رکھا جائے تو وہ اپنی زندگی بھی اور نیز دوسروں کی زندگی بھی تباہ کردیتے ہیں۔ بچھو اپنے سروں کو بھی ڈنگ مارتا ہے نیز اپنی دم سے اپنے جسم پر بھی ڈنگ مارلیتا ہے۔ انسانی اور حیوانی بروج کہاں اور کب تک مضبوط ہوتے ہیں۔

☆ آبی برج جب چوتھے گھر میں ہوتو مضبوط ہوتے ہیں۔

☆ برج عقرب جب ساتویں گھر کا ہوتو مضبوط ہوتا ہے۔

☆ حیوانی بروج جب دسویں گھر میں ہوتو مضبوط اور طاقتور ہوتے ہیں۔

☆ برج عقرب اور برج سرطان۔ جدی اور برج حوت شام کو اور صبح کو سویرے طاقت ور ہوتے ہیں۔ (یہ بروج کی وہ طاقت ہے جو وقت کے لحاظ سے ہے)

جس طرح سے بروج دن اور رات کو طاقت ور اور مضبوط ہوتے ہیں اسی طرح سے سیارے بھی رات کو طاقت ور اور دن کو طاقت ور ہوتے ہیں۔

مثلاً آفتاب۔ مشتری اور شکر دن کو طاقت ور ہوتے ہیں اور باقی سیارے سوائے عطارد شب وروز چوبیس گھنٹے مضبوط اور طاقت ور رہتا ہے۔

اثرات:۔ یہ دن اور رات کے طاقت ور بروج اور سیارے بروج کی قوت معلوم کرنے میں کام آتے ہیں مثلاً اگر بوقت دن ولادت ہوتو رات کو جو بروج طاقت ور ہوتے ہیں وہ کمزور ہوں گے اسی طرح اگر رات کو ولادت ہوتو دن کے وقت جو بروج طاقت ور ہوتے ہیں وہ کمزور ہوں گے۔

اگر کسی شخص کے زائچہ ولادت میں رات کے طاقت ور بروج میں بہت سے سیارہ ہوں تو وہ شخص ایسے کام کرے گا جو اکثر رات کو کئے جاتے ہیں مثلاً پہرہ دینے کا کام یا دیگر ایسے کام جن میں رات کی ڈیوٹی دینی پڑتی ہے وغیرہ وغیرہ۔

اسی طرح وہ سیارے جو دن کو طاقت ور اور مضبوط ہوتے ہیں وہ رات کے طاقت ور بروج میں ہوں تو وہ کمزور ہوں گے۔

اور وہ سیارے جو رات کو طاقت ور اور مضبوط ہوتے ہیں اگر وہ دن کے طاقت ور بروج میں مقیم ہوں تو وہ کمزور ہوں گے سیاروں کی قوت اور طاقت دیکھنے کے بہت سے طریقے ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے۔

سوال:۔ یہ دن اور رات کے بروج کی طاقت مضبوطی سوال کا جواب معلوم کرنے میں بھی کام آتی ہے۔

مثال:۔ عمر یہ دریافت کرنا چاہتا ہے کہ اس کی عورت کو جو حاملہ ہے اس کے یہاں دن کے وقت بچہ کی ولادت ہوگی یا رات کو تو پہلے اس وقت کا زائچہ بنا کر دیکھیں کہ اگر طالع کا مالک برج رات کے طاقت ور برج میں ہے تو یعنی ان برجوں میں سے کسی ایک برج میں ہے جو رات کو طاقت ور اور مضبوط ہوتے ہیں اور سیارہ قمر بھی رات کے طاقت ور برج میں مقیم ہے تو بچہ کی ولادت رات کو ہوگی۔ (چونکہ سیارہ قمر کا حمل اور پیدائش کے ساتھ خاص تعلق ہے)

## انسانی اور حوانی بروج میں فرق بلحاظ زبان

جوزا :۔ سنبلہ۔ میزان۔ دلو اور قوس کا نصف حصہ یہ انسانی بروج ہیں۔ مرد اور عورت دونوں بولتے ہیں بات چیت کر سکتے ہیں البتہ مرد کی نسبت عورت کی آواز عام طور پر مدھم اور ملائم ہوتی ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شبیر قادری

حیوانی بروج حمل۔ثور۔اسد۔جدی۔وغیرہ بھی زبان رکھتے ہیں۔انسانی بروج اور حیوانی بروج میں زبان کے لحاظ سے اتنافرق ہے کہ انسانی بروج میں جو شخص پید ہوتے ہیں ان کی زبان صاف اور شائستہ ہوتی ہے اور اگر سیارہ عطارد جس کی زبان پر حکومت ہے (یعنی جوتحریر وتقریر کا مالک ہے (اگر وہ بھی مضبوط ہوتو انسانی بروج کی پیدائش والے شخص زبان پرحاوی ہوتے ہیں۔انہیں تحریر اور تقریر میں خاص ملکہ ہوتا ہے لیکن یہ بات حیوانی بروج میں پیدا ہوئے لوگوں میں دیکھنے میں نہیں آتی طالع برج جوزا میں پیدا ہونے والے انسان کی زبان میں تیزی اور فصاحت ہوتی ہے طالع برج سنبلہ میں پیدا ہونے والا شخص کم گوہوتا ہے زبان شائستہ ہوتی ہے۔طالع برج میزان میں پیدا ہونے والے شخص نپی تلی ہوئی بات غور وخوض کے بعد کہتے ہیں ان کی زبان میں بے فائدہ لفظوں کی بھر مارنہیں ہوتی۔

طالع برج دلو کی پیدائش والے کے زبان میں عاجزی اور جلسی ہوتی ہے۔

طالع برج قوس کی پیدائش والے کی زبان میں تلفظ کی بڑی صحت ہوتی ہے اور مناسب موقع پر لفظوں پرزور ہوتا ہے۔

آبی بروج اور زبان:۔ برج، سرطان اور برج حوت آبی بروج ہیں برج سرطان کی شکل کیکڑے کی ہے کیکڑا کوئی آواز نہیں نکالتا گویا اس کے منہ میں زبان نہیں ہے۔یعنی گونگا ہے۔برج حوت کی شکل مچھلی کی ہے۔مچھلی منہ سے کوئی آواز نہیں نکالتی جوگویا ہے۔اس لئے سرطان اور حوت یہ دونوں بروج بے زبان اور گونگے ہیں، برج عقرب کی شکل بچھو کی ہے بچھو کے منہ سے کوئی آواز نہیں نکلتی گویا گونگا ہے۔

گونگے بروج اور ان کا اثر:۔ سرطان، حوت اور عقرب یہ تینوں گونگے بروج ہیں ان کا اثر خاموشی یا بے زبان ہونے کی وجہ سے انسانی زندگی پر کیا ہوتا ہے ہم حسب ذیل دو مثالوں سے ظاہر کریں گے۔مثال نمبر(۱) اگر کوئی بچہ انسانی یا حیوانی بروج میں سے کسی ایک طالع بروج میں پیدا ہوگا تو وہ پیدا ہونے کے بعد جلدی روئے گا۔ہاں اگر برج سنبلہ میں پیدا ہوگا تو باریک اور مدھم آواز سے روئے گا اور سرطان عقرب اور حوت بروج میں پیدا ہوگا یعنی گونگے بروج میں پیدا ہوگا تو بالکل نہیں روئے گا۔مثال نمبر (۲) اگر بوقت ولادت طالع برج ثور ہوا گر نحس سیاہ برج عقرب اور برج حوت کے آخری نوانسہ میں ہوا اور اگر سیارہ قمر پر کسی اچھے سیارہ کی نظر نہ ہوتو بچہ بولنے تو لگے گا مگر بہت دیر کے بعد (یعنی اس مدت میں بہت دیر کے بعد جس میں بچہ پانچ سال کے بعد بولنا شروع کرتا ہے اگر سیارہ قمر پر کسی سعد سیارے کی نظر نہ ہوگی تو بچہ گونگا ہوگا۔

منجمین نے بروج کی ایک تقسیم اس طرز یا طریقہ کی بنا پر کی ہے وہ افق پر طلوع ہوتے نہیں یا چڑھتے نہیں۔بعض بروج ایسے ہیں جو سر کی طرف سے طلوع ہوتے ہیں اور بعض بروج ایسے ہیں جو پیٹھ یا پاؤں سے طلوع ہوتے ہیں۔جوزا،اسد، میزان،عقرب اور دلو یہ بروج بوقت طلوع یعنی چڑھتے وقت سر ظاہر ہوتا ہے اور وہ بروج جو چڑھتے وقت پیٹھ یا پاؤں کی طرف سے طلوع ہوتے ہیں حمل، ثور، سرطان، قوس اور جدی ہیں۔

برج حوت کی شکل دو مچھلیوں کی ہے۔ایک کی دم دوسرے کے منہ کی طرف ہے اس لئے جس طرح بھی یہ طلوع ہوا ایک مچھلی کا منہ اور دوسری کی دم دنوں طرف ظاہر ہوگی۔اس طرح سے یہ برج سر اور پاؤں دنوں سے بوقت طلوع ظاہر ہوتا ہے۔یہ مشترکہ برج ہے۔ برج حوت درمیانی برج ہے۔

بروج کی تقسیم کے نتیجے:۔ان بروج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بچے کی پیدائش کے وقت بچہ کا سر پہلے ظاہر ہوا یا پاؤں وغیرہ وغیرہ۔بچے کی پیدائش عین اسی طریقے سے ہوتی ہے جس طرح سے یہ بروج افق پر طلوع ہوتے ہیں۔یعنی اگر بوقت ولادت طالع برج جوزا، اسد، میزان، عقرب، اور دلو ہوتو پہلے بچہ کا سر ظاہر ہوگا اور اگر طلوع برج حمل، ثور، سرطان، قوس اور جدی ہوتو بوقت ولادت پہلے بچے کے پاؤں ظاہر ہوں گے۔طالع برج حوت (مشترکہ برج) میں پیدا ہونے والے بچے کے دونوں ہاتھ ظاہر ہوں گے ایک ہاتھ اوپر کو ہوگا اور ایک ہاتھ باہر نکلے گا۔مثلاً طالع برج اسد بوقت ولادت ہوتو پہلے بچہ کا سر ظاہر ہوگا۔اسی طرح اگر بوقت پیدائش طالع برج ثور ہوتو پہلے بچے کے پاؤں ظاہر ہوں گے اگر پیدائش کے وقت طالع برج حوت ہوتو پہلے درمیانی حصہ (یعنی دونوں طرف ظاہر ہوں گے۔) یا ایک ہاتھ ظاہر ہوگا اور دوسرا اندار اوپر کی طرف ہوگا۔

www.freemiliyaatbookspdf.com

# اسم ذات اللہ

## برائے افزونی مرتبہ، عزیز خلائق حصولِ دولت

عظمت وبرتری حاصل کرنے، خلقت میں معزز ومحترم ہونے، مرتبہ اور عروج حاصل کرنے، کام اور کاروبار میں مالی وسعت پانے کے لئے اسمِ ذات باری تعالیٰ کی وہ لوح ظاہر کی جاتی ہے جو زمانہ قدیم سے اپنی حیرت انگیز برتری اور تاثیر کے لحاظ سے متعدد قوموں میں رائج تھی۔ ہزار ہا سال بیشتر ۶۶ رکے عدد کو جادو کا عدد گنتے تھے۔ مصر کی قدیم تختیوں کی اکثر لوحیں ملی ہیں۔ جن پر ۶۶ رکے عدد کی تختیاں ڈالا کرتے تھے ان کا عقیدہ تھا کہ اس عدد کی روحانی قوت سے خلقت جھک جاتی ہے اور ہمیشہ مطیع رہتی ہے۔ ایسی تختیاں مردوں کے سینے پر بھی رکھتے ہیں تاکہ دوسری دنیا میں بھی ان کو راحت ملے۔ زمانہ قدیم کے لوگ ۶۶ رکے عدد کن وجوہات کی بنا پر جادو کا عدد گنتے تھے مجھے تحقیق نہ ہوسکی لیکن اسلام کی سربلندی پر اس راز کا بھی انکشاف ہوگیا یہ اسم ذات اللہ کے عدد ہیں۔ اور یہ حقیقت ہے کہ جس شخص نے بھی ان اعداد کی قوت سے مدد لی اور اپنی عظمت وحفاظت کے لئے اسے اختیار کیا وہ دنیا کے تمام مصائب اور دشمنوں سے محفوظ ہوکر سربلند ومعزز ہوا۔

اسم ذات اللہ تمام اسماء پر حاوی ہے باقی تمام اسماء صفاتی ہیں۔ قرآن حکیم میں سب سے پہلے اسی اسم کا ذکر ہے۔ اس کا حرف اول الف تمام حروف پر مقدم ہے۔ اسم اللہ کی صفات وکیفیات کے اثرات کے متعلق لکھنا کسی انسان کی طاقت نہیں ہے۔ ہر مسلمان اس اسم سے واقف ہے۔ علم جعفر کے ماہرین اس اسم کی قوت کے حامل ہونے کے طریقوں سے بھی باخبر ہیں۔

آنکھ کی بیماریوں کے لئے:۔

سورہ العصر سرمہ کی سلائی پر تین دفعہ پڑھ کر سرمہ لگانا آنکھوں کی بیماریاں دفع کرتا ہے۔

حافظہ کمزور ہونا:۔

فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ رَبِّ یَسِّر وَلَا تُعَسِّر پڑھ کر پانی پر دم کریں اور دم کیا ہوا پانی نہار منہ اکیس روز پلائیں۔

# عشق و محبت کے فارمولے

## محبت کا عطر

باوضو سورۂ اخلاص یعنی قل ہو اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر عطر پر پھونکو اور اس عطر کو اپنے شوہر کے کپڑوں میں لگادے، مرد پڑھ کر عورت کے کپڑوں میں لگائے، دونوں کے درمیان محبت پیدا ہوگی، جس کے کپڑوں میں یہ عطر لگایا جائے گا وہ زیادہ محبت کرے گا، اس سے جو عطر لگائے گا۔ کوئی غیر اس کو استعمال نہ کرے، عصر و مغرب کے درمیان یا فجر کی نماز کے بعد پڑھنا زیادہ مفید ہے۔

## محبت کا سرمہ

باوضو ان آیات کو پڑھ کر سرمہ پر دم کرو اور یہ پڑھا ہوا سرمہ آنکھ میں لگاؤ، بیوی کو چاہئے کہ خود بھی اور مرد کو بھی اگر وہ لگانے کا عادی ہو تو لگانا چاہئے۔ دونوں میں محبت پیدا ہوگی اور باہم رنج و ملال کی نوبت نہ آئے گی۔ دوسرا کوئی شخص اس سرمہ کو نہ لگائے۔

## محبت کی الائچی

ایک ہزار ایک مرتبہ ہر الائچی پر ''یا ودود'' پڑھو، ترکیب یہ ہے کہ غسل اور وضو کر کے پہلے فجر کی نماز پڑھو، پھر ہر الائچی کا منہ کھول کر دانوں پر پھونکو اور منہ بند کردو، جب الائچی کھانے کو دو اس کے دانے نکال کر دو، غسل اور وضو دونوں ضروری ہیں۔ اس کے علاوہ اگر صرف ایک پاک چادر میں اپنا جسم چھپا کر یہ عمل پڑھا جائے تو زیادہ مفید ہے یعنی ہر روز کا لباس جسم پر غسل کے بعد ایک بڑی سی چادر لے کر جو جسم کو سر سے پاؤں تک چھپا سکے اسی کے ساتھ نماز پڑھ لو اور اسی میں عمل پڑھو۔

## محبت کی شیرینی

شیرینی پر سات مرتبہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ آخر تک وَ اِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ پر ختم کر کے شیرینی پر دم کرے اور جس کو اپنی طرف راغب کرنا ہو اس کو کھلائے۔ مثلاً شوہر ناخوش ہو یا بیٹا ناراض ہے، یا داماد سے خفگی ہوگئی ہے یا بیوی ناخوش ہے جس کو کھلایا جائے گا اس کا دل نرم ہو جائے گا اور ناراضگی و خفگی درمیان سے دور ہو جائے گی۔ باوضو پڑھنا چاہئے، وقت کی قید نہیں، جب چاہو پڑھ لو۔

## محبت کا پان

هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ وَكَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا. بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ. وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ.

ترکیب : پان پر، الائچی پر یا سپاری پر اس کو پڑھ سکتے ہیں سات مرتبہ باوضو ہو کر پڑھو اور پان وغیرہ پر دم کر کے بیوی کو یا شوہر کو کھلائیں، انشاء اللہ آپس میں بے حد محبت اور اخلاص پیدا ہوگا۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREEAMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

## گل

فَتَلَقّٰى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ.

ترکیب: صندل کو پیس کر اس پر سات مرتبہ مذکورہ آیت پڑھو اور پسے ہوئے صندل کو اپنے چہرہ پر لگالو، محبت پیدا ہوگی۔ اگر شوہر ایسا کرے تو بیوی فریفتہ ہو اور بیوی ایسا کرے گی تو شوہر فریفتہ ہو جائے گا اور دونوں میں خوب محبت رہے گی۔

## محبت کا نمک

محبت کا دم کردہ نمک محبوب کو کھانے میں ملا کر کھلائے، مقصود حاصل ہوگا۔ یہ آیت اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کرے۔

## دوسرے کو اپنا عاشق بنالو

اس عمل کی بہت تعریف لکھی ہے اور کیوں قابل تعریف نہ ہو جب کہ اس میں اللہ تعالیٰ کے محبوب ناموں کے اور اس سے رحمت اور مدد طلب کرنے کے سوا اور کچھ ہے ہی نہیں، اس کے ساتھ جو انفاس اور روح ہیں وہ یہ ہیں:

''بنویس ایں آیت را وشستہ معشوق خود را بخوراں اگر در صندوق آہن باشد شکستہ پیش تو آید بامر اللہ تعالیٰ''

ترجمہ: یعنی اس آیت کی نشانی کو لکھے اور دھو کر اپنے محبوب کو کھلادے۔ اگر لوہے کے صندوق میں بھی بند ہے تو اللہ کے حکم سے اس کو توڑ کر تیرے پاس آجائے گا۔

عمل: مَاشَاءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَاوَلِيُّ يَادَائِمُ يَااَبَدُ يَااَحَدُ يَافَرْدًا يَا وَتْرًا يَاصَمَدًا يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

## تسخیر شوہر اور حاکم

شوہر اور حاکم کو مسخر کرنے کے لئے نہایت زود اثر اور ہمارے اپنے خاندانی تجربات میں سے بلکہ معمول میں ہے۔

عمل: وَلَقَ مُحَبَّتِيْ فِيْ قَلْبِيْ وَجَعَلَهٗ عَلٰى رُؤْنًا مُجتًا رَحِيْمًا بِحَقِّ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَامُسَخِّرُ.

ترکیب: چار وقت کی نماز کے بعد فجر، ظہر، عصر، مغرب، بس عشاء کی نماز تو پڑھے گا مگر عمل نہ پڑھے گا گیارہ روز تک متواتر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ عمل کے درمیان میں ہی مدت ختم ہونے سے پہلے ہی مقصود حاصل ہوگا۔

## ارشاداتِ رسول ﷺ

- جو شخص کوشش کرے گا اسے کوشش کا پھل ضرور ملے گا۔
- میرے اپنے وہ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہیں۔
- زیادہ ہنسنے سے پرہیز کرو۔ اس لئے کہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کر دیتا ہے۔
- تم میں ہر شخص ذمہ دار ہے اور ہر شخص سے اس کی ذمہ داری کے متعلق پوچھا جائے گا۔
- موت کا ذکر کرنا صدقہ ہے اور قبر کی یاد جنّت تک پہونچا دیتی ہے۔
- نیکی حسنِ اخلاق ہے۔
- گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں وسوسہ پیدا کرے اور جسے تم دوسروں سے چھپاتے ہو۔

www.freeamliyaatbookspot.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks THE AMLIYAAT BOOK'S

# جدول طالع شمی

اس تقویم میں ہر برج کے سالانہ حالات اور دیگر تفصیلات طالع شمسی کو مدنظر رکھ کر لکھے گئے ہیں، اس لئے سب سے پہلے اپنا طالع معلوم کریں، پھر تقویم سے آپ بخوبی کام لے سکتے ہیں۔

| تاریخ | برج | ستارہ |
|---|---|---|
| ۲۱رمارچ تا ۲۰راپریل | حمل | مریخ |
| ۲۱راپریل تا ۲۱رمئی | ثور | زہرہ |
| ۲۲رمئی تا ۲۱رجون | جوزا | عطارد |
| ۲۲رجون تا ۲۳رجولائی | سرطان | قمر |
| ۲۴رجولائی تا ۲۳راگست | اسد | شمس |
| ۲۴راگست تا ۲۳رستمبر | سنبلہ | عطارد |
| ۲۴رستمبر تا ۲۳راکتوبر | میزان | زہرہ |
| ۲۴راکتوبر تا ۲۲رنومبر | عقرب | مریخ |
| ۲۳رنومبر تا ۲۲ردسمبر | قوس | مشتری |
| ۲۳ردسمبر تا ۲۰رجنوری | جدی | زحل |
| ۲۱رجنوری تا ۱۹رفروری | دلو | زحل |
| ۲۰رفروری تا ۲۱رمارچ | حوت | مشتری |

**پیدائشی طالع** : ہر شخص کے طالع کے علاوہ اس کا ایک پیدائشی وقت کا طالع بھی ہوتا ہے، جسے ''طالع پیدائش'' کہتے ہیں۔ کسی شخص کی پیدائش کے وقت جو برج افقِ شرقی پر طلوع ہوتا ہے وہی ''برج طالع'' کہلاتا ہے۔ زائچہ پیدائش اسی لحاظ سے بنتا ہے، قدرت نے انسان کی قسمت اور زندگی کے حسابات اسی طالع سے مقرر کئے ہوئے ہیں۔ اس طالع سے زندگی کا تفصیلی زائچہ بنتا ہے، اس طالع کو معلوم کرنے کے لئے تسویۃ البیوت کی جدولیں ہیں۔

وہ لوگ جن کا زائچہ موجود ہے اور وہ لوگ جو طالع پیدائش معلوم کر سکتے ہیں ان کو اپنے اس طالع سے حالات جاننا اور نجوم سے کام لینا بہت انسب ہے۔ طالع شمسی اور طالع پیدائش دونوں کے اثرات انسان پر وارد ہوتے ہیں، اس لئے دونوں طالعوں کا جائزہ لینا چاہئے کہ دونوں طالع میں سے کس کے حالات اور منسوبات آپ پر وارد ہوتے ہیں، بس اسی کو مدنظر رکھ کر تقویم سے کام لیں۔

**بچے کا نام رکھنا** : جب کوئی بچہ پیدا ہو تو اس کا طالع وقت نکالیں اور اس کے برج کے جو متعلقہ حروف ہیں ان میں سے ایک حرف سرنام کا لے کر ایسا نام انتخاب کریں جس کے مجموعہ کا مفرد عدد پیدائش کی تاریخ ماہ اور سن کے مفرد عدد کے مطابق ہو۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOKS

# حالت مقام مطلوب

ذیل میں منازل قمر اور حروف کا نقشہ دیا جاتا ہے، اس سے یہ معلوم کریں کہ مطلوبہ گاؤں وشہر کس منزل پر واقع ہے۔ ہر منزل کے ساتھ حروف ہیں، مقام کے نام کے پہلے حرف سے اس کی منزل معلوم ہوگی۔

| نمبرشمار | حروف | نام منازل | نمبرشمار | حروف | نام منازل | نمبرشمار | حروف | نام منازل | نمبرشمار | حروف | نام منازل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ا | شرطین | ۸ | ح | نثرہ | ۱۵ | س | غفرہ | ۲۲ | ت | ذابح |
| ۲ | ب | بطین | ۹ | ط | طرفہ | ۱۶ | ع | زبانہ | ۲۳ | ث | بلعہ |
| ۳ | ج | ثریا | ۱۰ | ی | جبہ | ۱۷ | ف | اکلیل | ۲۴ | خ | سعود |
| ۴ | د | دبران | ۱۱ | ک | زہرہ | ۱۸ | ص | قلب | ۲۵ | ذ | اخبیہ |
| ۵ | ہ | ہقعہ | ۱۲ | ل | صرفہ | ۱۹ | ق | شولہ | ۲۶ | ض | مقدم |
| ۶ | و | ہنعہ | ۱۳ | م | عوا | ۲۰ | ر | نعائم | ۲۷ | ظ | موخر |
| ۷ | ز | ذراعہ | ۱۴ | ن | سماک | ۲۱ | ش | بلدہ | ۲۸ | غ | رشا |

جب منزل معلوم ہو جائے تو اس منزل سے آگے سات منزلیں لکھو، یہ سات منزلیں مقام پیشانی کی ہوں گی۔ ان کے آگے پیشانی لکھ دو۔ دوسری سطر میں پھر سات منزلیں لکھو۔ یہ مقام پشت ہوں گی۔ ان کے آگے پشت لکھو۔ تیسری سطر میں پھر سات منزلیں لکھو۔ یہ مقام سینہ قرار پائیں گے۔ ان کے آگے لفظ سینہ لکھ دو۔ چوتھی سطر میں اگلی سات منزلیں لکھ دو، یہ منازل پاؤں کی ہوں گی، اس لئے ان کے آگے پاؤں لکھ دو۔

اب آپ معلوم کریں کہ آپ کے نام کے حروف اول کی منزل کس حصے پر آئی ہے۔ اگر نام کی منزل پیشانی کے حصے میں آئی ہے تو اس مقام پر عزت وآبرو حاصل ہوگی، اگر وہ منزل پشت پر آئی ہے تو مال کا نقصان، تکلیف، رنج و پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ اگر نام کی منزل سینے کی منزل پر ہو تو بہت اچھا ہوگا۔ زر و مال ملے گا، عیش کی زندگی نصیب ہوگی۔ اگر نام کی منزل پاؤں کے مقام پر آئے تو کامیابی ہوگی، مگر رنج و تکلیف اٹھانے کے بعد۔

مندرجہ بالا نقشے میں بالترتیب منازل دی گئی ہیں، اگر گنتے گنتے منازل ختم ہو جائیں تو ابتداء سے پھر شروع کریں یعنی اٹھائیسویں منزل کے بعد پہلی شمار میں آئے گی۔

محمد شبیر قادری

جب بھی مقام کاروبار یا رہائش بدلنا چاہیں تو اس طریقہ سے حال معلوم کریں۔

☆☆☆

# ۲۰۱۹ء کے اندیشے امکانات

**جنوری** : اس سال کا آغاز تذبذب، تردد اور کشمکش کے ساتھ ہو رہا ہے ایک دوسرے سے بدگمانیاں عام ہیں، رشتوں میں دراڑیں پڑی ہوئی ہیں، بھائی چارے کا قتل عام ہو چکا ہے، محبتوں میں لالچ اور نفاق کی شمولیت ہے، عام لوگ خود اعتباری سے بھی محروم ہو چکے ہیں، صورت حال اس طرح کی ہے کہ جیسے زندہ لوگ اپنے کاندھوں پر اپنی لاشوں کو اٹھاتے پھر رہے ہوں اور اپنی لاشوں کو دفنانے کے لئے دو گز زمین بھی انہیں کہیں دستیاب نہ ہو رہی ہو۔ خواہشوں کا انبار ہے لیکن مسائل اور مصائب اس سے زیادہ ہیں اس لئے خواہش اور تمنائیں ان پھولوں کی طرح خوفزدہ ہیں جو دورِ بہار میں خزاں کی سازشوں کا شکار ہو گئے ہوں۔ جنوری کے مہینہ میں مہنگائی پورے شباب پر ہوگی، لیکن عوام چونکہ مہنگائی کے عادی ہو چکے ہیں اس لئے وہ اُف تک نہیں کریں گے اور وہ اس مہنگائی کو اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھ کر اس سے لپٹے رہیں گے۔ اس ماہ ہوائی حادثہ کثرت سے ہوں گے، ہر طرف افراتفری کا ماحول ہوگا اور لوگ غیر یقینی کی سی کیفیت میں مبتلا رہیں گے، زندگی زندہ لوگوں میں نظر نہیں آئے گی۔

اگر دوستوں اور خاص لوگوں سے ملنے کی خواہش ہو تو ان تاریخوں کو ترجیح دیں۔ ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷۔

**فروری** : کشمیر، بنگال اور آسام میں خانہ جنگی کی سی صورت حال ہوگی، تشدد اور دھماکہ خیز واقعات ہوں گے، نفرتوں کا بازار گرم رہے گا، فرقہ پرستی، جگہ جگہ اپنا سر ابھارتی رہے گی، سیاسی پارٹیوں کے درمیان رسہ کشی ہوگی اور ایک دوسرے کے خلاف الزام تراشیوں کا سلسلہ دراز ہوگا، ہر طرح کا اناج آٹا، چاول، دالیں مہنگی ہوں گی اور غریب لوگ کس مپرسی کا شکار رہیں گے، مغرب اور مسلم ممالک میں افراتفری ہوگی، عراق، ایران، سوڈان اور فلسطین وغیرہ میں جنگ کا اندیشہ رہے گا، بارشوں کی کثرت ہوگی اور اولہ باری کی وجہ سے فصلوں کو خاصا نقصان پہنچے گا اور اس کی وجہ سے مہنگائی میں اور اضافہ ہوگا۔ ساری دنیا کے حالات ابتر ہوں گے اور لوگ ایک دوسرے کے خلاف سوچنے اور بولنے پر مجبور ہوں گے۔ ہر قدم پر زندگیاں نظر آئیں گی اور زندگی اور زندہ دلی کے آثار دور دور تک مفقود ہوں گے، شہروں میں اور بازاروں میں بھیڑ ہوگی اور ہر انسان اس بھیڑ میں بھی خود کو تنہا محسوس کرے گا۔

اس ماہ اہم ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو اہمیت دیں۔ ۶، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳۔

**مارچ** : مغربی ممالک میں دنگے اور فساد ہوں گے، ہر طرف جنگ کا سا ماحول ہوگا، جھوٹ کی فراوانی ہوگی اور امریکہ اور اسرائیل جیسے ملک دھینگا مشتی میں مبتلا ہوں گے اور دنیا کو بے وقوف بنانے، سفید کو سیاہ اور سیاہ کو سفید کہنے کا فریضہ انجام دیتے رہیں گے، بھارت میں بھی رسہ کشی کا سلسلہ ہوگا، فرقہ پرستی کا ناگ اس ملک کی تہذیب کو ڈسنے کی تیاریوں میں رہے گا۔ سیکولرازم خوفزدہ ہوگا اور ہر طرف فرقہ پرستی کی آگ بھڑک رہی ہوگی۔ پیٹرول اور تیل وغیرہ کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوگا، سیاسی حالات غیر یقینی ہوں گے، ہر طرف بدامنی کا ماحول ہوگا، سرکار کے خلاف نفرت عام ہوگی مرکزی حکومت عوام کی بدظنی اور کشاکشی کو ختم کرانے میں بری طرح ناکام رہے گی، روزمرہ کی چیزوں کی قیمتوں میں بے تحاشہ اضافہ ہو جانے کی وجہ سے عوام تشویش میں مبتلا ہوں گے، حکومت کے خلاف آندولن اور احتجاج کا سلسلہ بھی عام ہوگا، حکومت اپنے ارادوں اور منصوبوں میں ناکام رہے گی اور عوام کا غم وغصہ شباب پر ہوگا، بدامنی توڑ پھوڑ اور دہشت گردی کے سلسلوں سے لوگ خوف زدہ ہوں گے، چور ڈکیتی عام ہوگی اور قانون بے دست پا ہوگا۔

اس ماہ خاص ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو فوقیت دیں۔ ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، ۱۱۔

**اپریل** : مرکزی حکومت اور مخالف پارٹیوں کے درمیان

www.freeamaliyaatbook.blogspot.com FREE AMALIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

بداعتمادی بڑھے گی اور سرکار کے خلاف غل غپاڑہ ہوگا، سرکار اپنی اہمیت منوانے میں ناکام رہے گی۔ نیتاؤں کی آپسی جنگ اور ایک دوسرے کے خلاف تشدد جاری رہے گا اور اس وجہ سے عوام بہت سی زحمتوں میں مبتلا ہوں گے، بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف ہر طرف ہنگامے ہوں گے، ہر طرف سرکار کے خلاف تحریکیں ہوں گی، ملک کے کئی حصوں میں جنگ جیسے آثار رہیں گے، قدرتی آفات سے ملک کے عوام پریشان ہوں گے اور سرکار عوام کی حفاظت کرنے میں ناکام رہے گی، نئے سیاسی اتحاد کی وجہ سے سرکار خوفزدہ ہوگی لیکن اس کو آئینہ دیکھنے کی توفیق نصیب نہیں ہوگی، آہستہ آہستہ دنیا کا امن وامان غارت ہورہا ہوگا لیکن بڑی طاقتوں کو اپنے احوال پر نظر ثانی کرنے کی توفیق نہیں ہوگی وہ ہتھیار فروخت کرنے میں مصروف ہوں گے اور خود دہشت گردوں کے خالق ہوکر دہشت گردی کے خلاف بول کر حسب سابق ساری دنیا کو بے وقوف بناتے رہیں گے۔ قدرتی آفتوں کی وجہ سے جان ومال کا نقصان ہوگا۔

اس ماہ اہم اور خاص ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو اہمیت دیں۔ ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۶، ۲۷، ۲۸۔

**مئی** : اس ماہ لیڈروں کے درمیان کافی ٹکراؤ رہے گا، سیاسی مخالفتوں کا بازار گرم رہے گا اور مختلف سیاسی پارٹیاں ایک دوسرے پر الزام تراشیاں کرنے میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوشش کریں گی، مہنگائی برقرار رہے گی اور مہنگائی کی وجہ سے درمیانی درجہ کے لوگ حد سے زیادہ پریشان ہوں گے لیکن اقتدار پر قابض لوگوں کے سروں میں جوں نہیں رینگے گی اور ان کے اقتدار کو کوئی خطرہ بھی درپیش نہیں ہوگا، ملک کے مغربی علاقوں میں آسمانی آفتوں کی وجہ سے شدید جانی اور مالی نقصان پہنچے گا، سرخ آندھیوں اور غیر معمولی برسات کی وجہ سے کھیتیاں تباہ ہوں گی اور فصلوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا اندیشہ رہے گا، ملک کے جنوبی علاقہ میں بھی طوفان آنے کا اندیشہ ہے، جنوبی ہند بھی آسمانی آفات سے دوچار رہے گا اور وہاں کے باشندے ذہنی تناؤ کا شکار رہیں گے۔

اس ماہ خصوصی ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو ترجیح دیں۔ ۶، ۷، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱۔

**جون** : ملک کے عوام بے چین رہیں گے، ذہنی سکون سے محروم ہوں گے اور ہر طرف بے یقینی کی سی کیفیت ہوگی، عوام میں حالات حاضرہ کی وجہ سے گہری تشویش ہوگی، نااتفاقیوں، بدگمانیوں اور پیچیدہ قسم کی بیماریوں کی وجہ سے عوام پریشان ہوں گے اور ذہنی سکون بالکل مفقود ہوکر رہ جائے گا، سیاسی پارٹیوں میں اختلاف بڑھے گا، پگڑی اچھال قسم کے بیانات سے اخبارات بھرے ہوں گے اور سبھی سیاسی پارٹیاں استحکام سے محروم ہوں گی، نئی مرکزی حکومت پراگندی میں مبتلا ہوگی، اس کے سامنے بے پناہ مسائل منہ پھاڑے کھڑے ہوں گے اور وہ مسائل سے نمٹنے میں ناکام رہے گی، صوبائی حکومتوں میں غیر معمولی تبدیلیاں ہوں گی، کسی بڑے لیڈر کی وفات ہونے کی وجہ سے عوام افسردہ ہوں گے، جگہ جگہ آگ زنی اور تشدد کے واقعات ہوں گے اور مذہبی جنون کی وجہ سے مار دھاڑ سڑکوں پر ہوگی اور ارباب قانون بے دست وپا بنے رہیں گے اور قصوروار لوگ بے قصوروں پر ظلم کرنے میں پوری طرح کامیاب رہیں گے، کئی صوبوں میں بارش کی کثرت کی وجہ سے فصلوں کو نقصان پہنچے گا اور باغات بھی متاثر ہوں گے۔

اس ماہ خاص ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو اہمیت دیں۔ ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷۔

**جولائی** : نئی مرکزی حکومت کو درپیش مسائل کی وجہ سے کافی پریشانیاں اٹھانی پڑیں گی، مرکز میں کئی وزیروں کو اپنے عہدے سے ہاتھ دھونے پڑیں گے، زبردست مہنگائی اور بے روزگاری کی بنا پر عوام میں بے چینی ہوگی، مختلف سیاسی پارٹیوں میں تناؤ رہے گا، اپوزیشن پارٹیوں اور برسراقتدار پارٹی میں تو تو میں میں کا ماحول بنا رہے گا، عوام عمومی طور پر دکھوں سے دوچار رہیں گے، کچھ صوبوں میں بارش نہ ہونے کی وجہ سے اور کچھ صوبوں میں زیادہ بارش ہونے کی وجہ سے فصلوں کو نقصان پہنچے گا، اسرائیل اور فلسطین کے درمیان جنگ کا اندیشہ ہے، امریکہ اسرائیل کی پشت پناہی کرے گا اور اسلامی ممالک ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم کا مصداق بنے رہیں گے۔

ہمارے ملک کے عوام ذہنی تناؤ میں مبتلا رہیں گے، سرکار کی مخالفت جاری رہے گی لیکن سرکار عوام کو مطمئن کرنے کی کوئی جدوجہد نہیں کرسکے گی، اس صورت حال کی وجہ سے ملک کمزور ہوگا، لیکن برسراقتدار لوگوں کو اس کی کوئی پرواہ نہیں ہوگی، کمرتوڑ مہنگائی کے عادی

www.freeamliyaatbooks.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شریف قادری

ہوجانے کے باوجود عوام جگہ جگہ احتجاج کریں گے، کچھ صوبوں میں آندولن ہوں گے، سرکار کے خلاف غل غپاڑہ ہوگا لیکن سرکار ٹس سے مس نہیں ہوگی اور مہنگائی اور بے روزگاری ختم کرنے کے لئے کوئی اسکیم شروع نہیں ہوگی۔

اس ماہ خصوصی ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو اہمیت دیں۔

۶،۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱۴۔

**اگست** : ملک کے کئی صوبوں میں قحط سالی اور سوکھا پڑنے کے آثار ہیں، اس سے مہنگائی بڑھے گی اور اس کا اثر دوسرے صوبوں پر بھی پڑے گا، کئی صوبے قدرتی آفات سے دوچار ہوں گے، تیز ہواؤں کے ساتھ بارشیں ہوں گی اور زلزلے بھی پے در پے آئیں گے، زلزلوں سے جانی مالی نقصان ہوگا اور لوگوں کی معیشت تباہ ہوگی۔ ملک میں سیاسی اتھل پتھل جاری رہے گی، اپوزیشن اور حکومت کے درمیان طناطنی رہے گی، حکومت کے کئی غلط فیصلوں کی وجہ سے عوام میں انتشار اور اضطراب ہوگا اور عوام حکومت کے خلاف احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، جگہ جگہ دنگے اور فسادات بھی ہوں گے، حکومت ان دنگوں اور ان خوں ریزیوں کو روکنے میں بری طرح ناکام رہے گی، اس ماہ کے آخر میں ملک کے جنوبی علاقہ میں طوفان آنے کا اندیشہ ہے، جس سے کافی جانی مالی نقصان ہوگا، جموں کشمیر، پنجاب، ہریانہ اور دہلی وغیرہ میں بھی کثیر بارشیں ہوں گی اور اس بارش سے فصلیں تباہ ہوں گی، اترپردیش میں آم کی فصل کو شدید نقصان پہنچے گا، مرکزی سرکار سے عوام بدظن ہوں گے، سیاست میں غیر معمولی تبدیلی کے باوجود عوام دکھی رہیں گے اور حکومت وقت سے ان کی بدظنی دن بہ دن بڑھے گی۔

اس ماہ میں خصوصی ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو فوقیت دیں۔ ۱،۴،۹،۱۱،۱۸،۲۴۔

**ستمبر** : حکومت کے لئے حالات دشوار ہوں گے، عوام بغاوت پر مجبور ہوں گے، ہر صوبہ میں آندولن ہوگا اور بھوک ہڑتال کے سلسلہ عام ہوں گے، عوام بے حد پریشان ہوں گے، لیکن حکومت ٹس سے مس نہیں ہوگی اور اس کو عوام کے مسائل کو سمجھنے کی توفیق نصیب نہیں ہوگی، قدرتی آفات اور دہشت گردی کی وجہ سے لوگ خوف زدہ ہوں گے، سیاسی تبدیلیاں بھی خوب ہوں گی، لیکن اس میں بھی حکومت کے پیش نظر اس کا اپنا مفاد ہوگا، عوام کے لئے کچھ کرسکنے کی توفیق حکومت کو نصیب نہیں ہوگی، بدامنی توڑ پھوڑ دہشت گردی کے واقعات سے ملک میں افراتفری کا ماحول ہوگا، نیتاؤں کو صرف اپنا الو سیدھا کرنے کی فکر ہوگی، عوام کے آنسو پونچھنے والا کوئی بھی نہیں ہوگا، سرکار کی نیت تو خراب ہوگی ہی، حزب اختلاف والے بھی مخلص نہیں ہوں گے انہیں بھی صرف اقتدار کی بھوک ستا رہی ہوگی، مہاراشٹر اور گجرات کے علاقوں میں موسم کی شدت ستم توڑے گی اور سیکڑوں لوگ گھر سے بے گھر ہوجائیں گے، عوام کے گھروں میں آگ لگ رہی ہوگی اور سیاسی لوگ اس آگ سے اپنے ہاتھ تاپ کر اپنے نفس کو تسکین پہنچانے کی فکر میں مصروف ہوں گے، سیاسی حالات غیر یقینی ہوں گے اور ملک تباہی اور بربادی کی طرف چل رہا ہوگا، جمہوریت اور سیکولرازم بالکل برباد ہوچکے ہوں گے، صرف اپنے مفادات کی تکمیل کے لئے ان کا نام لیا جائے گا، کوئی کسی کا ہمدرد نہیں ہوگا۔

اس ماہ خصوصی ملاقاتوں کے لئے ان تاریخوں کو اہمیت دیں۔ ۱، ۵،۱۵،۱۷،۲۱،۲۷،۲۹۔

اگر اس علامت کے تحت پیدا ہونے والے لوگ اپنی حساسیت پر قابو پالیں اور اپنی قوت ارادی کو مضبوط کر لیں تو زندگی میں ایسا کوئی درجہ نہیں جس تک یہ نہ پہنچ سکیں۔

**صحت**: جہاں تک صحت کا سوال ہے اس عرصہ میں پیدا ہونے والے لوگ اعصاب، بے خوابی، مایوسی اور گردش خون میں رکاوٹ جیسی بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں، اکثر ان کی بڑی آنت میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے، ان لوگوں کو اگر ممکن ہو روش تمازت اور خشک آب و ہوا والے علاقوں میں رہنا چاہئے اور کثرت سے ورزش اور تازہ ہوا استعمال کرنی چاہئے، یہ لوگ سفر کے بے حد شائق، بلا تھکاوٹ پھرنے اور ہر دم حرکت میں رہنا پسند کرتے ہیں۔

پتھر، اس عرصہ میں پیدائشی پتھر۔

(Amethysis Sapphires Emeralds)

## اپریل میں پیدا ہونے والے لوگ

راس منڈل کی علامت (Aries) حمل یعنی میکھ کا مارچ کی ۲۱ تاریخ سے شروع ہوتی ہے مگر سات دن تک اس پر پچھلی علامت کی ''نوک'' کے اثر انداز ہونے کے باعث یہ ۲۷ مارچ تک پوری طرح طاقت ور نہیں ہوتی اس تاریخ سے لے کر آگے ۱۹ مارچ تک اس کی طاقت پورے جوبن پر ہوتی ہے پھر آئندہ سات دنوں میں آہستہ آہستہ اس کی طاقت زائل ہونے لگتی ہے اور یہ اگلی علامت برکھ یعنی ثور پر ''نوک'' کی صورت میں اثر انداز ہو کر ختم ہو جاتی ہے۔

سال کے اس حصے میں پیدا ہونے والے لوگوں کی قوت ارادی بے حد مضبوط اور کسی کام کا ارادہ و مقصد پختہ تر ہوتا ہے۔ یہ ہر دنیاوی لحاظ سے

www.freeurduaqbooks.pdf.com FREE AULIYAA BOOKS www.facebook.com/groups/freeurdu

پیدائشی طور پر ہی لڑاکو ہوتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر یہ بہت عمدہ منتظم ثابت ہوتے ہیں، مثلاً کسی بہت بڑی آرگنائزیشن یا کسی کاروبار میں اس کے علاوہ فوج کی تنظیم اور ملکوں کی ترقی جیسے منصوبوں میں ان کی صلاحیتیں صحیح طور پر چمکتی ہیں، یہ لوگ فطری طور پر ہی ہر طرح کی تنقید سے بیخ پا ہو جاتے ہیں ان سے اس معاملے میں نمٹنے کا واحد طریقہ خاموش منطق دلیل اور ثبوت کی فراہمی ہے۔

یہ لوگ کام کرنے میں بے حد آزاد ہوتے ہیں، یہ لوگ ہر کام کو اپنے طریقے سے ہی کرتے ہیں اور اگر دوسرے لوگ اس میں مداخلت کریں تو عموماً یا تو یہ اپنے منصوبوں کا بیڑہ غرق کر دیتے ہیں یا پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور دوسرے لوگوں کو اپنی جگہ دیدیتے ہیں، یہ لوگ اپنی نجی زندگی میں ناخوش رہتے ہیں کیوں کہ ان لوگوں کا جنس مخالف کے ایسے فرد سے ملاپ بہت کم ہوتا ہے جو ان کو سمجھ سکے اگر یہ گڑبڑ ان کی زندگی کے اس مرحلے پر ظاہر نہ ہو تو یہ ان کے بچوں تک چلی جاتی ہے، ایسے لوگ خواہ مرد ہوں یا زن ہمدردی و محبت کے کسی بھی چیز سے زیادہ طالب ہوتے ہیں اور یہی وہ چٹان ہے جس سے ٹکرا کر ان کا جہاز پاش پاش ہو جاتا ہے کہ اگر ان کو یہ چیز اچھے لوگوں سے نہ ملے۔

جہاں تک مادی کامیابی یا طاقت کا تعلق ہے ایسی کوئی بلندی نہیں جس پر اس علامت کے لوگ نہ چڑھ سکیں بشرطیکہ یہ ''آپے میں رہیں'' تاہم انہیں کامیابی کا نہ ملنا خوشامد پسندی کے باعث اور ان کے آپے میں نہ رہنے کی وجہ سے ان سے روٹھ سکتی ہے۔ فطرتاً بے ساختگی اور خیال و عمل میں تیز ہونے کی وجہ سے یہ لوگ انتباہ پر توجہ دینے میں کامیاب نہیں ہو پاتے، یہ ہر چیز کی انتہاؤں پر چلے جاتے ہیں، منہ پھٹ اور بدزبان ہوتے ہیں اور اپنی چالاکی کے حربوں سے دشمن بنانے کا رجحان رکھتے ہیں، ان کے بڑے بڑے عزائم ہوتے ہیں، عموماً یہ لوگ زندگی میں کامران رہتے ہیں اور دولت و اعلیٰ درجے تک پہنچتے ہیں۔

اس علامت کا نچلا حصہ اپنے مقصد کے حصول میں فائدہ مند کسی بھی شئے سے دور رہتا ہے، بلند درجے کے لوگ اچھے آقا ہوتے ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ نظم و اصولوں کے بہت شدت سے پابند ہوتے ہیں اور ان لوگوں سے جن سے یہ خدمات کی توقع رکھتے ہیں، بہت زیادہ توقع رکھتے ہیں، دونوں درجوں کے لوگ مستقبل میں وقت سے پہلے جھانک لینے کے بہت شائق ہوتے ہیں شاید اس لئے کہ ان لوگوں میں چیزوں کو پوری طرح پرورش پاتے دیکھنے کا حوصلہ نہیں ہوتا، یہ لوگ پیشین گوئیاں کرنے کی طرف جھکاؤ رکھتے ہیں اور اکثر اس معاملہ میں یہ بہت نوازے گئے ہوتے ہیں۔

عمومی اصول کے طور پر سال کے اس حصہ میں پیدا ہونے والے مردوں کو اپنی ہمدردیوں کی بڑی بھاری قیمت چکانی پڑتی ہے، یہ لوگ بہت کم خواتین کو سمجھ پاتے ہیں اور ان کے ساتھ تعلق میں بڑی بڑی غلطیاں کرتے ہیں، دونوں جنسوں کے لئے ان کی سب سے بڑی خوشی کام اور رکاوٹوں پر قابو پالینے میں ہوتی ہے۔

**صحت:** اس علامت کے تحت پیدا ہونے والے لوگ نیند کے جتنے شوقین ہوتے ہیں اتنا شوقین کوئی اور طبقہ نہیں ہوتا، یہ اچھے دماغ پر ضرورت سے زیادہ بوجھ ڈالتے ہیں اور ہر اس شئے سے متاثر ہو سکتے ہیں جن کا تعلق سر سے ہو، سر درد آنکھوں میں کوئی مسئلہ وغیرہ ان کے چہرے اور سر پر بھی چوٹیں لگ سکتی ہیں اور سر پر چوٹ کھانے سے تو یہ خود کو بہ مشکل بچا سکتے ہیں، عموماً ان کو آگ سے بھی خطرہ ہوتا ہے، یہ کبھی کبھار ہی زندگی طبی سہولتوں کی خاصی مقدار کے استعمال کے بغیر گزارتے ہیں۔

پتھر، اس دور کے لئے پیدائش پتھر۔(Bloods Tones) اور (Garnets Rubbies) ہیں۔

## مئی میں پیدا ہونے والے لوگ

راس منڈل کی علامت (Taurus) برج ثور یعنی برکھ اپریل کی بیسویں تاریخ سے شروع ہوتی ہے مگر ساتھ دنوں کے لئے چونکہ اس پر پچھلی علامت کی ''نوک'' اثر انداز ہو رہی ہوتی ہے، اس کی طاقت کامل نہیں ہوتی۔ یہ ۲۷ اپریل تک اپنی پوری قوت میں نہیں ہوتا، اس تاریخ سے لے کر مئی کی ۲۰ تاریخ تک یہ پوری قوت میں ہوتا ہے اور پھر اگلے سات دنوں میں یہ نئی علامت میں ''نوک'' کی شکل پر اثر انداز ہو کر ختم ہو جاتا ہے۔

سال کے اس حصہ میں پیدا ہونے والے لوگ دوسرے پر چھا جانے کی حیران کن قوت کے حامل ہوتے ہیں۔ ''حتی کہ جب وہ ایسا

www.freeauliyaatbooks.com FREE AULIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeauliyaatbooks

نہیں کرنا چاہتے تب بھی'' یہ لوگ اپنی ہٹ کے پکے ہوتے ہیں اور اکثر انہیں ''اکڑی گردن'' والا کہا جاتا ہے مگر جب یہ کسی سے پیار کرتے ہیں تو اس کے لئے ہر طرح سے جھکنے کو تیار رہتے ہیں مگر صرف ان کے لئے ہی جو ان کو متاثر کرتے ہیں۔

یہ لوگ تکالیف برداشت کرنے کی بہت زیادہ قوت کے حامل ہوتے ہیں، جسمانی اور دماغی دونوں طرح کی اور بڑے سے بڑے جھٹکوں سے بہ آسانی گزر جاتے ہیں۔ یہ لوگ کتابوں سے پڑھی جانے والی چیزوں کو بخوبی یاد رکھنے کیے عمدہ صلاحیت رکھتے ہیں اور اکثر ادبی کاموں میں بہت کامیاب رہتے ہیں مگر عموماً یہ لوگ معاشرے اور اس میں پھیلی خوشیوں پر ہی اپنی صلاحیتوں کا استعمال کرنا پسند کرتے ہیں۔ یہ لوگ حیران کن میزبان ہوتے ہیں اور کھانے کا بہت عمدہ ذوق رکھتے ہیں، اپنے گھروں کو چلانے کے لئے یہ تھوڑے سے بھی بہت کچھ پیدا کر لیتے ہیں۔

یہ بہت اچھے ڈائریکٹر بنتے ہیں اور عمدہ کاروباری سوجھ بوجھ رکھتے ہیں مگر عموماً ان کی حقیقت میں یہ جس قدر امیر ہوں اس سے بڑھ کر سمجھا جاتا ہے کیوں کہ یہ لوگ ہمیشہ عمدہ لباس کو پہننا پسند کرتے ہیں۔ ان پر احساسات کی حکمرانی ہوتی رہتی ہے اور اپنی محبت کرنے والی فطرت کے باعث مگر ان پر (Passion) کی بجائے ہمدردی کا غلبہ زیادہ ہوتا ہے۔

اگر یہ پیار کرتے ہیں تو یہ انتہائی درجے کے ہمدرد بن جاتے ہیں اور اس شخص کے لئے جس سے یہ محبت کرتے ہیں کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرتے اگر یہ دشمن بن جائیں تو یہ آخری دم تک لڑتے رہیں گے لیکن یہ ہمیشہ کھلی لڑائی لڑتے ہیں کیوں کہ یہ چال بازیوں اور دھوکہ بازی سے نفرت کرتے ہیں۔ یہ بڑی آسانی سے اپنے اردگرد کے زیراثر آجاتے ہیں اور اگر ان کو نامناسب حالات میں گزارہ کرنا پڑ جائے تو یہ غم و یاس کی تصویر بن جاتے ہیں۔

اس دور میں پیدا ہونے والے عورت و مرد کو شادی میں جلدی نہیں کرنی چاہئے ان لوگوں کی پہلی شادی عموماً غلط ثابت ہوتی ہے۔ انہیں تمام اہم معاملات کا فیصلہ تنہائی میں کرنا چاہئے کیوں کہ یہ اردگرد موجود لوگوں کے خیالات کو تیزی سے قبول کرنے کی وجہ سے کنفیوژ ہو سکتے ہیں اور اکثر دوسرے لوگوں کے خیالات کو اپنا سمجھ بیٹھتے ہیں، ان لوگوں کو بڑی آسانی سے ان کے جذبات، احساسات یا ہمدردیاں غلط راہ پر لے جاتے ہیں۔ دونوں جنس کے افراد کے مزاج میں حسد ہوتا ہے اور ان کا حسد اکثر ان کو تشدد کی طرف لے جاتا ہے یا غصہ کے اچانک اظہار پر منتج ہوتا ہے جس پر انہیں بعد میں بہت افسوس ہوتا ہے۔ یہ لوگ ہمدردی کے ہلکے سے اظہار سے ہی معاف کر دیتے ہیں اور ان کی فطرت کا یہ پہلو اس سے اس طرح کی حرکات کرواتا ہے کہ ساری دنیا ان کو احمق کہتی ہے۔

کسی بھی مقصد سے رہنمائی کرتے ہوئے یہ لوگ پیار اور خود کو وقف کر دیتے ہیں اور اکثر ان لوگوں پر بڑی ذمہ داری کا بوجھ لد جاتا ہے۔ یہ لوگ تعلقات اور تال میل کی پیدائشی حس رکھتے ہیں اور اکثر موسیقی، شاعری اور آرٹ میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اس علامت کے تحت پیدا ہونے والے سب سے زیادہ وفادار دوست ثابت ہوتے ہیں، یہ بہت عمدہ سرکاری ملازم، حکام یا فوج اور گورنمنٹ کے اعلیٰ عہدوں پر کامیاب ہوتے ہیں، اس کے علاوہ یہ لوگ عمدہ نرسیں ڈاکٹر بھی ثابت ہوتے ہیں اور تقریباً سب ہی لوگ باغ بانی اور پھولوں سے بہت پیار کرتے ہیں۔

**صحت:** صحت میں اگرچہ ایک اصول کے طور پر یہ لوگ ایک خوش کن لائحہ عمل پر چلتے ہیں تاہم یہ ان تمام چیزوں سے متاثر ہوتے ہیں جو گلے، ناک کی نالیوں اور پھیپھڑوں کے اوپری حصوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔

پتھر، ان کی پیدائش کے پتھر:

(Trrqyuses Emeralds Lapis lazuli)

## جون میں پیدا ہونے والے لوگ

راس منڈل کی علامت، برج جوزا یعنی متھن کا جڑواں مئی کی ۲۱ تاریخ سے شروع ہو کر مئی کی ۲۸ تاریخ تک ہوتی ہے مگر سات دن تک پچھلی علامت کی ''نوک'' کی وجہ سے پوری قوت میں نہیں آتا۔ اس تاریخ سے لے کر جون کی ۲۰ تک یہ اپنی پوری قوت میں ہوتا ہے اور پھر اگلی علامت ''بز'' میں نوک بنا کر آہستہ آہستہ زوال پذیر ہو جاتا ہے۔

سال کے اس حصہ میں پیدا ہونے والے لوگ مئی کی ۲۱ سے لے

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS

ہر جون کی ۲۰ تک اور ''نوک'' میں ۲۷ جون تک پیدا ہونے والے لوگ جیمنی خصوصیات رکھتے ہیں، جڑواں اور دوہرے کردار و ذہنیت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کی فطرت کا جڑواں پہلو مستقلاً ایک دوسرے کی مخالف سمت میں جاتا رہتا ہے۔ ان کا ذہن عموماً عمدہ ہوتا ہے مگر یہ کسی مقصد پر زیادہ دیر تک نہیں سکتے۔

دوسرے لوگوں سے زیادہ ان کو سمجھنا دشوار ہوتا ہے، مزاج کے اعتبار سے یہ ایک ہی وقت میں گرم سرد ہوتے ہیں، یہ اپنی فطرت کے ایک پہلو سے محبت کرتے ہیں اور اکثر دوسرے پہلو کو تنقیدی نظر سے دیکھتے اور اسے ناپسند کرتے ہیں۔ یہ لوگ دماغی طور پر بہت تیز ہوتے ہیں اور ایسے تمام معاملات جن میں دماغ کی چالاکی و تیزی درکار ہو یہ اپنے تمام حریفوں کو پیچھے چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ لوگ سفارت کاری میں بہت عمدہ ہوتے ہیں اور اپنی ذہانت و انداز گفتگو سے سامعین کو مسحور کر دیتے ہیں مگر ان کے علم میں ابتدا سے انتہا تک کوئی اضافہ نہیں کرتے۔ بہت کم انہیں خود بھی یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ کیا حاصل کرنا چاہتے ہیں دل میں یہ لوگ سماجی رتبے کے لئے کوشاں رہتے ہیں مگر جب یہ مل جاتی ہے تو لوگ پہلے ہی تھک چکے ہوتے ہیں اور کسی اور چیز کے پیچھے بھاگنے کو تیار ہو جاتے ہیں جو پہلی شئے سے بالکل متضاد ہوتی ہے۔

اگر ان کو خود ان کے مزاج کے حساب سے لیا جائے تو یہ تصور کی آخری حد تک خوش رہنے والے لوگ ہوتے ہیں مگر کسی کو ان سے یہ توقع نہیں رکھنی چاہئے کہ ان کے مزاج کی یہ کیفیت اس کے منصوبوں یا خیالات میں معاون ثابت ہوگی۔ یہ یقین ان میں موجود ہوتا ہے کہ یہ لوگ سچے مستقل اور وفادار ہیں اور شاید ایک لمحے کو ایسا ہو بھی مگر ان کا ہر لمحہ ایک الگ وجود رکھتا ہے۔ یہ ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے میں مصروف رہتے ہیں مگر یہ بے چین ہوتے ہیں اور اس چیز کی طرف بھاگتے ہیں جسے یہ حاصل نہیں کر سکتے۔ یہ اپنے ملنے والوں کے نقائص کو فوراً پکڑ لیتے ہیں۔ یہ لوگ چالاک اداکار، وکیل، لیکچرار اور عوامی تقریریں کرنے والے مخصوص طبقے میں کامیاب رہتے ہیں، ایسے تمام لوگ جو زندگی کے ڈرامے میں اہم تبدیلیوں کا باعث بنتے ہیں، لیکن اگر یہ لوگ غیر معمولی طور پر مضبوط قوت ارادی کو حاصل کر لیں اور یہ خود کو ایک ہی شئے پر ٹکے رہنے پر مجبور کر لیں تو یہ لوگ عموماً زندگی کے ہر دائرے میں جیسی چاہیں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ اکثر یہ لوگ پیسے کے معاملے میں بہترین کامیابی حاصل کر لیتے ہیں، اسٹاک ایکسچینج یا کسی کمپنی کے پروموٹر کے طور پر یا کاروبار میں نئے طور سے پیسہ کمانے کے معاملے میں مگر ان کے لئے زیادہ کامیاب کیریئر وہی ہوتا ہے جس کے لئے سفارش، ذہانت اور چالاکی کی ضرورت ہوتی ہے۔

محبت کے تمام معاملات میں یہ لوگ انسانی معمہ ہوتے ہیں، یہ لوگ بڑے جوش و خروش سے محبت میں مبتلا ہونے کے ساتھ ساتھ اسی لمحے غیر مستقل مزاج بھی ہو سکتے ہیں اور یہ صرف ان کی سفارش ہوتی ہے جو ان کی زندگیوں کا بیڑہ غرق ہونے سے بچائے رکھتی ہے۔

یہ لوگ انفرادی لوگوں سے زیادہ ہمدردی رکھتے ہیں کیوں کہ دینے کے معاملے میں بھی ان کا عمل چند لمحے کا ہوتا ہے باقی تمام معاملات کی طرح۔ ظاہراً یہ لوگ عموماً ذرا لمبا، پتلا سر اور منہ میں رکھتے ہیں، ذہانت سے بھری آنکھوں والا، ان کے ہاتھ پتلے، لمبے اور ہڈیوں والے ہوتے ہیں، بے چین اور ہمیشہ کچھ نہ کچھ کرنے میں مصروف رہتے ہیں، فطرتاً یہ لوگ ایک ہی وقت میں کئی جگہوں پر اپنے کو پھنسانے والے ہوتے ہیں۔ اوپری درجے کے لوگ چالاک، اہل، ہنس مکھ اور اپنی ہی طرف راغب کرنے کے مالک ہوتے ہیں، یہ لوگ جو کام بھی مستقل مزاجی سے کریں اس میں اپنی دانشورانہ صلاحیتوں کا اظہار ضرور کرتے ہیں، پریشانی بے رخی یا غیر ضروری دماغی بوجھ اکثر ان میں توڑ پھوڑ کا باعث بنتا ہے۔

نچلا طبقہ پیسے کے معاملے میں تنگی کا شکار اور جھوٹ بولنے والا ہوتا ہے، یہ اکثر کامیاب جواری اور کمپنیوں کی جلد امیر بنانے والی اسکیموں کے اچھے پروپرائٹر ہوتے ہیں۔ دونوں طبقے کے لوگ اچھے میزبان دوست ہوتے ہیں، ان لوگوں کے جو اس لمحے ان کے دل و خیالات پر چھا جائے مگر نظر سے اوجھل پہاڑ ان کی بھلا دینے والی عادت کی وضاحت کے لئے بہترین محاورہ ہے۔

**صحت**: یہ لوگ اعصابی نظام سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی طرف بہت مائل نظر آتے ہیں، ان کے دل میں بھی مسائل ابھرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

www.freeilmiyaatbooks.com FREE ILMIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeilmiyaatbooks

# ماہنامہ طلسماتی دنیا کا خاص الخاص نمبر

**دلچسپ معلومات اور حقائق پر مشتمل**
**تبلیغی جماعت سے متعلق اہم مضامین**

**خاص الخاص نمبر** ـــــ ایک تاریخی دستاویز
الحمد للہ گذشتہ سال ماہ فروری میں منظر عام پر آکر
عوام وخواص کی پذیرائی حاصل کرچکا ہے۔

دعوتِ دین کا دعویٰ کرنے والے لوگ
اس نمبر کا مطالعہ ضرور کریں۔

- ❖ بنگلہ والی مسجد کی کہانی اپنوں کی زبانی۔
- ❖ مولانا محمد سعد صاحب کے رجوع نامے اور اکابر دار العلوم دیوبند کا فتویٰ اور موقف۔
- ❖ تبلیغی مرکز حضرت نظام الدین دہلی: کچھ حقائق کچھ واقعات۔
- ❖ دین کی خدمت اور دعوت وتبلیغ کے مختلف طریقے۔
- ❖ حضرت مولانا سعید پالن پوری، شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند کی رہنما تقریر۔
- ❖ حضرت مولانا خلیل الرحمن سجاد نعمانی کی رہنما تقریر۔
- ❖ حضرت مولانا طارق جمیل کی رہنما تقریر۔ ❖ اکابر کی رائے اور رہنما باتیں۔
- ❖ تبلیغی جماعت کے موجودہ ارکان کی موجودہ روش پر بے لاگ باتیں۔
- ❖ تبلیغی جماعت اور دار العلوم دیوبند۔ ❖ نظر بد سے متعلق لاجواب روحانی فارمولے۔
- ❖ مستقل مضامین کے علاوہ اور بھی قیمتی اور معتبر مضامین، نظرِ بد کو دفع کرنے والے قیمتی روحانی فارمولے۔
- ❖ جولوگ حقائق کو سمجھنا چاہتے ہیں، جولوگ اندھی تقلید کے قائل نہیں، جولوگ صراطِ مستقیم کو اہمیت دیتے ہیں اور جو تبلیغی جماعت کے ساتھ ساتھ دار العلوم دیوبند سے بھی محبت کرتے ہیں وہ خاص الخاص نمبر کا مطالعہ ضرور کریں۔

کیا تبلیغی جماعت کسی سازش کا شکار ہوگئی ہے؟ کیا علماءِ دیوبند کو بے اثر کر دیا گیا ہے؟
ان چبھتے ہوئے سوالوں کے جواب بھی اس نمبر میں پڑھئے۔

ہر صاحب ایمان کے لئے خاص الخاص نمبر اہم ہوگا ـــــ ناقابلِ انکار حقائق کے ساتھ۔

**المعلن** : منیجر ماہنامہ طلسماتی دنیا، دیوبند یوپی موبائل: 09756726786

# ماہ جنوری کے اہم واقعات

۱۔آزادی سوڈان ۱۹۵۶ء

۲۔انتخابات ۱۹۵۶ء

۳۔نئے پاکستانی نوٹ کا اجراء ۱۹۴۸

۴۔پیدائش نیوٹن ۱۶۴۲

۵۔پیدائش ذوالفقار علی بھٹو ۱۹۲۸

۶۔جماعت اسلامی ۱۹۶۴ء خلاف قانون

۷۔وفات لارڈ بیڈن بانی اسکاٹ لینڈ ۱۹۴۱ء

۸۔افتتاح علی گڑھ کالج ۱۸۷۷ء

۹۔اعلان تاشقند ۱۹۶۶ء

۱۰۔انتقال شاستری ۱۹۶۶ء

۱۱۔آزادی البانیہ ۱۹۴۵ء

۱۲۔پاکستان میں دوسری مردم شماری ۱۹۶۱ء

۱۳۔کاسابلانکا کانفرنس ۱۹۴۳ء

۱۴۔افتتاح اسوان بند ۱۹۷۱ء

۱۵۔انتقال بادشاہ ہمایو ۱۵۵۶ء

۱۶۔پیدائش لوئیس صدر میکسکو ۱۹۲۲ء

۱۷۔گرفتاری مجیب الرحمٰن ۱۹۶۸ء

۱۸۔ایران میں اسلامی سلطنت کا قیام ۱۹۵۲ء

۱۹۔پی آئی اے کا پہلا طیارہ پیکنگ پہنچا ۱۹۷۳ء

۲۰۔وفات نکولائی لینن ۱۹۴۱ء

۲۱۔انتقال شاہ جہاں ۱۹۶۶ء

۲۲۔بھٹو وزیر خارجہ بنے ۱۹۶۳ء

۲۳۔انڈین ایئرلائن کا طیارہ تباہ ۱۹۶۶ء

۲۴۔ریپبلک آف انڈیا ۱۹۵۰ء

۲۵۔ترکی کا طیارہ تباہ ۱۹۷۴ء

۲۶۔آمد صدر برما ۱۹۶۹ء

۲۷۔قتل ڈیوک فرانس فرنینڈ ۱۹۱۴ء

۲۸۔وفات راشد الخیری ۱۹۳۶ء

۲۹۔قتل مہاتما گاندھی ۱۹۴۸ء

۳۰۔اسٹالن گراڈ میں جرمن فوج کا گھیراؤ ۱۹۴۳ء

# ماہ فروری کے اہم واقعات

۱۔غزوہ حنین ۶۳۰ء

۲۔ظاہر شاہ کا دورہ پاکستان ۱۹۴۶ء

۳۔غزوہ طائف ۶۳۰ء

۴۔سرداروں کو پھانسی ۱۹۵۴ء

۵۔شکست سلطان ٹیپو ۱۷۹۲ء

۶۔ہجرت خاتم النبیین از مکہ ۶۲۲ء

۷۔انتقال بادشاہ جہانگیر ۱۶۲۸ء

۸۔انقلاب عراق ۱۹۶۳ء

۹۔پرچم میں چاند ستارہ کا اضافہ ۱۹۴۹ء

۱۰۔انتقال رونجن موجد ایکسرے ۱۹۲۳ء

۱۱۔ولادت ایڈیسن ۱۱۴۷ء

۱۲۔ایران میں خمینی حکومت ۱۹۴۹ء

۱۳۔بیگم رعنا لیاقت علی خان گورنر بنیں ۱۹۷۳ء

۱۴۔زلزلہ راولپنڈی ۱۹۷۷ء

۱۵۔وفات عبدالرشید نشتر ۱۹۵۸ء

۱۶۔بنیاد مسجد قبا بدست حضور ﷺ ۶۲۲ء

۱۷۔انتقال تیمور لنگ ۱۴۵۵ء

۱۸۔زلزلہ کوئٹہ ۱۹۵۵ء

۱۹۔اسلامی سربراہی کانفرنس ۱۹۷۴ء

۲۰۔آغاز خلافت حضرت ابوبکر ۶۳۲ء

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
محمد شبیر قادری

۲۱۔اعلان نبوت محمد ﷺ ۶۱۰ء
۲۲۔وفات جوش ملیح آبادی ۱۹۸۲ء
۲۳۔انتقال ابوموسیٰ اشعری ۶۶۵ء
۲۴۔ترک عراق معاہدہ سنٹو ۱۹۵۵ء
۲۵۔اسلام آباد دارالحکومت بنا ۱۹۶۰ء
۲۶۔انقلاب ہند کا آغاز ۱۸۵۷ء
۲۷۔اے آر خان کمانڈر نیوی بنے ۱۹۵۹ء
۲۸۔پاکستان میں پہلی مردم شماری ۱۹۵۰ء

## ماہ مارچ کے اہم واقعات

۱۔پاکستان کا دوسرا آئین ۱۹۶۲ء
۲۔عائلی قوانین کا نفاذ ۱۹۶۱ء
۳۔انتقال اورنگزیب ۱۷۰۷ء
۴۔ابرہام لنکن صدر امریکہ بنے ۱۸۴۱ء
۵۔ٹیلر صدر امریکہ بنے ۱۸۶۹ء
۶۔شام میں فوجی انقلاب ۱۹۶۳ء
۷۔ٹکا خان گورنر مشرقی پاکستان ۱۹۷۱ء
۸۔اسٹیٹ بینک کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد ۱۹۵۸ء
۹۔حجۃ الوداع ۶۳۱ء
۱۰۔شاہ ایران کا دورہ پاکستان ۱۹۵۶ء
۱۱۔پیدائش تنکو عبدالرحمٰن ۱۹۲۲ء
۱۲۔انقلاب روس ۱۹۱۷ء
۱۳۔ایفل ٹاور کی تکمیل ۱۸۸۹ء
۱۴۔پیدائش ائن اسٹائن ۱۸۷۹ء
۱۵۔قتل محمد غوری ۱۲۰۶ء
۱۶۔انتقال معین الدین چشتی ۱۲۳۵ء
۱۷۔انتقال ابن خلدون ۱۴۰۶ء
۱۸۔چین کا ایٹمی دھماکہ ۱۹۷۲ء
۱۹۔حضور کو معراج ہو ۶۱۹ء
۲۰۔لالہ زار جہاز کی رسم افتتاح ۱۹۷۳ء
۲۱۔عرب لیگ کا قیام ۱۹۴۵ء
۲۲۔فارس کا سرکاری نام ایران ۱۹۳۵ء
۲۳۔جمہوریہ پاکستان ۱۹۵۶ء
۲۴۔مرارجی ڈیسائی وزیراعظم ۱۹۷۷ء
۲۵۔شہادت شاہ فیصل ۱۹۷۵ء
۲۶۔شیخ مجیب الرحمٰن گرفتار ۱۹۷۱ء
۲۷۔سرسید کا انتقال ۱۸۸۹ء
۲۸۔معجزہ شق القمر ۶۱۷ء
۲۹۔ترکی میں زلزلہ ۱۹۵۷ء
۳۰۔محمد بن تغلق کی وفات ۱۳۵۱ء
۳۱۔جامعۃ الازہر کی بنیاد ۹۶۹ء

## ماہ اپریل کے اہم واقعات

۱۔پاکستانی نوٹ کا اجراء ۱۹۴۸ء
۲۔ون یونٹ ختم کرنے کا اعلان ۱۹۷۰ء
۳۔لیاقت نہرو معاہدہ ۱۹۵۰ء
۴۔بھٹو کو پھانسی ۱۹۷۹ء
۵۔چرچل مستعفی ۱۹۵۵ء
۶۔کمانڈر پیری قطب شمالی پہنچا ۱۹۰۹ء
۷۔البانیہ پر اٹلی کا قبضہ ۱۹۳۹ء
۸۔قرآن حکیم کمپیوٹر میں محفوظ ۱۹۴۸ء
۹۔انتقال محمود حسین وائس چانسلر ۱۹۷۵ء
۱۰۔آئین کی منظوری ۱۹۷۳ء
۱۱۔نپولین تخت سے دستبردار ۱۸۱۴ء

محمد شیر قادری
www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

۱۲۔ نئے آئین پر دستخط ۱۹۵۳ء
۱۳۔ یو اے ای اور پاکستان میں معاہدہ ۱۹۶۰ء
۱۴۔ ہنگری کو آزادی ملی ۱۸۴۹ء
۱۵۔ طوفان ڈھاکہ ۱۹۶۹ء
۱۶۔ پیدائش ولبرائٹ ۱۸۶۹ء
۱۷۔ محمد علی وزیر اعظم بنے ۱۹۵۳ء
۱۸۔ انتقال آئن اسٹائن ۱۹۵۵ء
۱۹۔ انتقال ڈراون ۱۸۸۲ء
۲۰۔ وفات صدر ایوب ۱۹۷۴ء
۲۱۔ انتقال علامہ اقبال ۱۹۳۸ء
۲۲۔ پیدائش خاتم النبیین ﷺ ۵۷۱ء
۲۳۔ وجود تنزانیہ ۱۹۶۴ء
۲۴۔ میاں ارشد حسین وزیر خارجہ ۱۹۶۸ء
۲۵۔ تاجپوشی شاہ ایران ۱۹۳۱ء
۲۶۔ نہرو کی پاکستان آمد ۱۹۵۰ء
۲۷۔ امریکہ وروس کا طیارہ گرا ۱۹۷۴ء
۲۸۔ افغانستان میں فوجی انقلاب ۱۹۷۸ء
۲۹۔ وفات محمود غزنوی ۱۰۴۰ء
۳۰۔ جارج واشنگٹن صدر امریکہ ۱۷۸۹ء

## ماہ مئی کے اہم واقعات

۱۔ شکاگو میں مزدوروں پر گولی ۱۹۸۶ء
۲۔ شاہ حسین بادشاہ اردن بنے ۱۹۵۲ء
۳۔ انتقال صدر ذاکر حسین ۹۱۶۹ء
۴۔ شہادت ٹیپو سلطان ۱۷۹۹ء
۵۔ انتقال نپولین ۱۸۲۱ء
۶۔ پہلا ڈاک ٹکٹ جاری ہوا ۱۸۴۰ء
۷۔ وفات امام مالک ۱۷۹ء
۸۔ پیدائش ہنری ڈومنٹ (ریڈ کراس) ۱۸۲۸ء
۹۔ کینبرا آسٹریلیا کا دار الحکومت بنا ۱۹۲۷ء
۱۰۔ جرمنی کا ہالینڈ بلجیم پر حملہ ۱۹۴۱ء
۱۱۔ پیدائش سعادت حسن منٹو ۱۹۱۲ای
۱۲۔ نسلی امتیاز مٹانے کا سال ۱۹۷۱ء
۱۳۔ کراچی سے کوٹری تک ریل چلی ۱۸۶۴ء
۱۴۔ اسرائیل کے قیام کا اعلان ۱۹۴۸ء
۱۵۔ میرٹھ سے ابتداء جنگ آزادی ۱۸۵۷ء
۱۶۔ جنگ الیورا شروع ہوئی ۱۸۱۱ء
۱۷۔ عالمی انجمن مواصلات کا قیام ۱۸۶۵ء
۱۸۔ نپولین شہنشاہ بنا ۱۷۷۴ء
۱۹۔ طیارہ پی آئی اے تباہ ۱۹۶۵ء
۲۰۔ کولمبس کا انتقال ۱۵۸۶ء
۲۱۔ خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ ۶۳۴ء
۲۲۔ شیر شاہ سوری کی وفات ۱۵۴۵ء
۲۳۔ انتقال گاما پہلوان ۱۹۶۰ء
۲۴۔ ولادت امام حسینؓ ۶۲۴ء
۲۵۔ وفات عبد الرحمٰن بن عمر الصوفی ۹۸۶
۲۶۔ اپالو ۱۰ زمین پر اترا ۱۹۶۹اء
۲۷۔ آزادی افغانستان ۱۹۱۹ء
۲۸۔ انتقال پنڈت نہرو ۱۹۶۴ء
۲۹۔ تسخیر ماؤنٹ ایورسٹ ۱۹۵۳ء
۳۰۔ جون آف آرک کو زندہ جلا دا گیا ۱۹۴۳ء
۳۱۔ زلزلہ کوئٹہ ۱۹۳۵ء

## جون کے اہم واقعات

۱۔ ایجاد وائرلیس (مارکونی) ۱۸۹۶ء

www.freeamliyaatbookspdf.com عملیات فری FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbook/ محمد شبیر قادری

۲۔ الزبتھ دوم کی تاج پوشی ۱۹۵۳ء
۳۔ تقسیم ہند کا اعلان ۱۹۴۷ء
۴۔ قتل سلطان عبدالعزیز ترک ۱۸۷۶ء
۵۔ آغاز عرب اسرائیل جنگ ۱۹۶۷ء
۶۔ قتل سینٹر رابرٹ کنیڈی ۱۹۶۸ء
۷۔ ۱۰۰ر اور ۵۰۰ر کے نوٹ منسوخ ۱۹۷۱ء
۸۔ وصالت ختم النبیین ۶۳۲ء
۹۔ وفات چارلس ڈکنز (ادیب) ۱۷۸۰ء
۱۰۔ فتح خیبر ۶۲۸ء
۱۱۔ قتل ملکہ و بادشاہ اسٹریلیا ۱۹۲۲ء
۱۲۔ زلزلہ ہند ۱۸۹۷ء
۱۳۔ پیدائش عبدالرب نشتر ۱۸۹۹ء
۱۴۔ امریکہ کا قومی پرچم بنا ۱۷۷۷ء
۱۵۔ ہجرت حبشہ ۶۱۴ء
۱۶۔ برلن کانفرنس ۱۸۸۰ء
۱۷۔ آئس لینڈ جمہوریہ بنا ۱۹۴۴ء
۱۸۔ نپولین کو شکست ۱۸۱۵ء
۱۹۔ یوم آزادی کویت ۱۹۶۱ء
۲۰۔ انتقال سوئیکارنو ۱۹۷۱ء
۲۱۔ قیام رائل کالج آف سرجنز ۱۹۴۳ء
۲۲۔ ہٹلر کا روس پر حملہ ۱۹۴۱ء
۲۳۔ جنگ پلاسی ۱۷۸۷ء
۲۴۔ جمال ناصر صدر مصر بنے ۱۹۵۶ء
۲۵۔ آغاز جنگ کوریا ۱۹۵۰ء
۲۶۔ آزادی صومالیہ ۱۹۶۰ء
۲۷۔ پیدائش ہیلن کیلر ۱۸۸۰ء
۲۸۔ معاہدہ لندن ۱۹۱۹ء
۲۹۔ بھٹو اندرا مذاکرات ۱۹۷۲ء
۳۰۔ وفات نواب بہادر یار جنگ ۱۹۴۴ء

## ماہ جولائی کے اہم واقعات

۱۔ قیام اسٹیٹ بینک ۱۹۴۸ء
۲۔ آمد محمد بن قاسم دیبل ۷۱۲ء
۳۔ آزادی الجزائر ۱۹۶۲ء
۴۔ آزادی امریکہ ۱۷۷۶ء
۵۔ بھٹو گرفتار ۱۹۷۷ء
۶۔ منظور لسانی بل صوبہ سندھ ۱۹۷۲ء
۷۔ آزادی فلپائن ۱۹۴۸ء
۸۔ فرضیت روزہ ۶۲۳ء
۹۔ وفات فاطمہ جناح ۱۹۶۷ء
۱۰۔ صدر فلپائن کا دورہ پاکستان ۱۹۶۲ء
۱۱۔ بومدین صدر الجزائر بنے ۱۹۶۵ء
۱۲۔ انتقال آغا خان سوئم ۱۹۵۷ء
۱۳۔ معاہدہ برلن پر دستخط ۱۸۷۸ء
۱۴۔ پیدائش صدر فورڈ ۱۹۱۳ء
۱۵۔ مصور رینبر اں (ہالینڈ) پیدا ہوا ۱۲۰۳ء
۱۶۔ وفات سلطان ناصر الدین ۱۲۶۶ء
۱۷۔ افغانستان میں خاتمہ بادشاہت ۱۹۷۳ء
۱۸۔ قیام پہلا پانچ سالہ منصوبہ بندی بورڈ ۱۹۵۳ء
۱۹۔ علاء الدین خلجی سلطان دہلی بنا ۱۲۲۹ء
۲۰۔ وفات مولانا اشرف علی تھانویؒ ۱۹۴۳ء
۲۱۔ چاند پر پہلا قدم ۱۹۶۳ء
۲۲۔ ہند میں انکم ٹیکس کا اجراء ۱۸۸۵ء

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

۲۳۔انقلاب مصر ۱۹۵۲ء
۲۴۔صدر نکسن کی عدالت میں طلبی ۱۹۷۳ء
۲۵۔یوم آزادی مالدیپ ۱۹۶۵ء
۲۶۔دستبرداری شاہ فاروق ۱۹۵۲ء
۲۷۔ابتداء جنگ عظیم اول ۱۹۱۴ء
۲۸۔کوریا کی جنگ بندی ۱۹۵۳ء
۲۹۔وفات والد عبدالباسط الصوفی ۱۹۷۲ء
۳۰۔جاپان میں طیارہ تباہ ۱۹۷۱ء
۳۱۔وفات خواجہ حسن نظامی ۱۹۵۵ء

## ماہ اگست کے اہم واقعات

۱۔سنگ بنیاد مقبرہ قائد اعظم ۱۹۶۰ء
۲۔افتتاح گورنمنٹ سیکوریٹی پریس ۱۹۶۱ء
۳۔آزادی نائیجریا ۱۹۶۰ء
۴۔برطانیہ کا جرمنی کے خلاف اعلان جنگ ۱۹۱۴ء
۵۔پی ٹی سی ایل میں مزدوروں کا قتل عام ۲۰۱۰ء
۶۔محمد علی بوگرہ مستعفی ۱۹۵۵ء
۷۔قومی ترانہ منظور ہوا ۱۹۵۴ء
۸۔مرزا غالب کی شادی ۱۸۱۰ء
۹۔ناگاساکی پر یٹم بم گرایا گیا ۱۹۴۵ء
۱۰۔چوہدری فضل الٰہی صدر بنے ۱۹۷۳ء
۱۱۔آزادی چاڈ ۱۹۶۰ء
۱۲۔برطانیہ کی آسٹریلیا و ہنگری کے خلاف جنگ ۱۹۴۰ء
۱۳۔انتقال فلورنس نائٹ اینگل ۱۹۱۰ء
۱۴۔قیام پاکستان ۱۹۴۷ء
۱۵۔پیدائش نپولین بوناپارٹ ۱۷۷۹ء
۱۶۔انتقال بابائے اردو ۱۹۶۱ء
۱۷۔شہادت صدر ضیاالحق ۱۹۸۸ء
۱۸۔پیدائش امیر خسرو ۱۲۳۵ء
۱۹۔صومالی لینڈ سے برطانوی فوج واپس ۱۹۴۰ء
۲۰۔شہادت راشد منہاس ۱۹۷۱ء
۲۱۔آتش زنی مسجد اقصیٰ ۱۹۶۹ء
۲۲۔جمعہ کی سرکاری تعطیل کا اعلان ۱۹۷۷ء
۲۳۔جاپان کی جرمن میں جنگ ۱۹۱۴ء
۲۴۔برطانیہ کا طیارہ تباہ ۱۹۲۱ء
۲۵۔قاہرہ میں عرب لیگ کا اجلاس ۱۹۶۹ء
۲۶۔وفات عبدالستار پیرزادہ ۱۹۷۴ء
۲۷۔وفات علامہ مشرقی ۱۹۶۳ء
۲۸۔پیدائش گورکھپور ۱۸۹۶ء
۲۹۔وفات گورنر غلام محمد ۱۹۵۶ء
۳۰۔پیدائش بادشاہ جہانگیر ۱۹۶۵ء
۳۱۔پیدائش ڈاکٹر میری مونٹیسوری ۱۹۷۰ء

## ماہ ستمبر کے اہم واقعات

۱۔پولینڈ پر ہٹلر کا حملہ ۱۹۳۹ء
۲۔۲۵ اور ۵۰ پیسوں کا اجراء ۱۹۶۲ء
۳۔آغاز جنگ عظیم دوئم ۱۹۳۹ء
۴۔پیدائش ابوریحان البرنی ۱۹۷۳ء
۵۔شام میں زلزلہ ۱۸۲۲ء
۶۔پاکستان پر بھارت کا حملہ ۱۹۶۵ء
۷۔قادیانی غیر مسلم قرار دئے گئے ۱۹۷۴ء
۸۔پیدائش ٹالسٹائی ۱۸۲۸ء
۹۔کراچی سے مہاجر ٹیکس کا اجراء ۱۹۵۰ء
۱۰۔آزادی کیوبا ۱۸۹۸ء
۱۱۔وفات قائد اعظم ۱۹۴۸ء

www.freeamliyaatbookspk.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaat
محمد شبیر قادری

۱۲۔انتقال خردشیف وزیراعظم روس ۱۹۷۱ء
۱۳۔بھارت کا حیدرآباد دکن پر حملہ ۱۹۴۸ء
۱۴۔خواجہ ناظم الدین گورنر بنے ۱۹۴۸ء
۱۵۔پاکستان ورلڈ بینک کا ممبر بنا ۱۹۵۰ء
۱۶۔آزادی ملیشیاء ۱۹۵۱ء
۱۷۔دنیا کا پہلا ہوائی حادثہ ۱۹۰۸
۱۸۔ملک کا نام تبدیل کر کے سعودی عرب ہوا ۱۹۲۲ء
۱۹۔ورلڈ ایئرویز کا طیارہ تباہ ۱۹۶۰ء
۲۰۔قید بہادر شاہ ظفر ۱۸۵۷ء
۲۱۔ایچ جی ویلز پیدا ہوا ۱۸۶۶ء
۲۲۔رباط کانفرنس ۱۹۶۹ء
۲۳۔پاک بھارت جنگ بندی ۱۹۶۵ء
۲۴۔پیدائش پیرس ول ادیب ۱۷۱۷ء
۲۵۔شمالی امریکہ برطانیہ میں ٹیلی فون رابطہ
۲۶۔ہرشولڈ سیکریٹری جنرل UNO ۱۹۵۷ء
۲۷۔یمن میں فوجی انقلاب ۱۹۶۲ء
۲۸۔وفات صدر ناصر ۱۹۷۰ء
۲۹۔معاہدہ میونخ ہٹلر مسولینی ۱۹۲۸ء
۳۰۔بی بی سی سے پہلا ٹی وی پروگرام ۱۹۲۹ء

## اکتوبر کے اہم واقعات

۱۔پاکستان کا نیا معیاری وقت ۱۹۵۱ء
۲۔پیدائش مہاتما گاندھی ۱۸۶۹ء
۳۔برطانیہ کا پہلا ایٹمی دھماکہ ۱۹۵۳ء
۴۔فتح بیت المقدس ۱۱۸۷ء
۵۔پرتگال کی آزادی ۱۹۱۰ء
۶۔اسکندر مرزا گورنر بنے ۱۹۵۵ء
۷۔اجراء ڈاک ٹکٹ یوم اطفال پر ۱۹۶۸ء
۸۔انتقال خواجہ ناظم الدین ۱۹۵۸ء
۹۔آزادی یوگنڈا ۱۹۶۲ء
۱۰۔لیاقت علی خان صدر مسلم لیگ بنے ۱۹۵۰ء
۱۱۔کولمبس امریکہ پہنچا ۱۴۹۲ء
۱۲۔خلاء میں خلاء نوردوں کا ملاپ ۱۹۶۹ء
۱۳۔روم ایئر لائنز کا طیارہ تباہ ۱۹۷۳ء
۱۴۔پیدائش صدر آئزن ہاور ۱۸۹۰ء
۱۵۔پیدائش بادشاہ اکبر ۱۵۴۳ء
۱۶۔شہادت لیاقت علی خان ۱۹۵۱ء
۱۷۔پیدائش سرسید ۱۸۱۷ء
۱۸۔آئی آئی چندریگر وزیراعظم بنے ۱۹۵۷ء
۱۹۔غلام محمد گورنر بنے ۱۹۵۱ء
۲۰۔پیدائش رچرڈ برٹن سیاح ۱۸۹۰ء
۲۱۔پیدائش الفریڈ نوبل ۱۸۲۲ء
۲۲۔عالمی ہاکی کپ میں فتح ۱۹۷۱ء
۲۳۔ایوب خان وزیراعظم ۵؍دن ۱۹۵۸ء
۲۴۔آزادی زمبیا ۱۹۶۴ء
۲۵۔یوگنڈا اقوام متحدہ کا ممبر بنا ۱۹۶۳ء
۲۶۔ایوب خان کو فیلڈ مارشل کا اعزاز ۱۹۵۹ء
۲۷۔انتقال ابراہیم جلیس ۱۹۷۷ء
۲۸۔وفات بادشاہ جہانگیر ۱۶۲۷ء
۲۹۔اتاترک ترکی کے صدر بنے ۱۹۳۳ء
۳۰۔قیام پشاور یونیورسٹی ۱۹۵۰ء
۳۱۔قتل اندرا گاندھی ۱۹۸۴ء

## ماہ نومبر کے اہم واقعات

۱۔راجیو گاندھی وزیراعظم بنے ۱۹۸۴ء

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks
محمد شبیر قادری

۲۔وفات سید سلیمان ندویؒ ۱۹۵۳ء
۳۔روسی سارہ میں کتیا لائن کا زمین کے گرد چکر ۱۹۵۷ء
۴۔آئزن ہاور صدر امریکہ بنے ۱۹۵۲ء
۵۔پانی پت کی دوسری جنگ ۱۹۵۶ء
۶۔چین کے صدر لیوشاؤ چی کا انتقال ۱۹۴۱ء
۷۔پیدائش مادام کیوری ۱۸۶۷ء
۸۔قتل نادر شاہ افغانستان ۱۹۳۳ء
۹۔پیدائش علامہ اقبالؒ ۱۸۷۷ء
۱۰۔انتقال کمال اتاترک ۱۹۳۸ء
۱۱۔جنگ بندی جرمنی ۱۹۱۸ء
۱۲۔پیدائش اسماعیل میرٹھی ۱۸۴۴ء
۱۳۔انتقال اسکندر مرز ۱۹۶۹ء
۱۴۔شادی شہزادی این ۱۹۷۳ء
۱۵۔پاکستان نے جرمنی کو تسلیم کیا ۱۹۷۲ء
۱۶۔آغاز کمرشل سروس ریڈیو ۱۹۱۶ء
۱۷۔دریافت آبشار وکٹوریہ ۱۸۵۵ء
۱۸۔وفات علامہ شبلی نعمانی ۱۹۱۴ء
۱۹۔افغانستان رکن ادارہ صحت بنا ۱۹۴۲ء
۲۰۔پیدائش احمد ندیم قاسمی ۱۹۱۲ء
۲۱۔وفات فیض احمد فیض ۱۹۸۴ء
۲۲۔قتل صدر کینڈی ۱۹۶۲ء
۲۳۔اعلان ہنگامی حالت ۱۹۷۱ء
۲۴۔پی ٹی وی قائم ہوا ۱۹۶۴ء
۲۵۔جوزف متوبو صدر کانگو ۱۹۶۵ء
۲۶۔آزادی لبنان ۱۹۴۱ء
۲۷۔امیر صباح السالم الصباح کویت ۱۹۶۸ء
۲۸۔افتتاحی ایٹمی بجلی گھر کراچی ۱۹۷۲ء
۲۹۔پیدائش سید احمد شہید ۱۷۸۶ء
۳۰۔پیدائش سرونسٹن چرچل ۱۸۷۴ء

## ماہ دسمبر کے اہم واقعات

۱۔وفات سکندر لودھی ۱۵۱۷ء
۲۔امریکہ کا پہلا ایٹمی تجربہ ۱۹۴۲ء
۳۔تبدیلی قلب کا پہلا آپریشن ۱۹۶۷ء
۴۔جلاوطنی بہادر شاہ ظفر ۱۸۵۷ء
۵۔انتقال پطرس بخاری ۱۹۵۹ء
۶۔نکس نائب صدر کی حیثیت سے آمد ۱۹۵۳ء
۷۔انتقال حیدر علی ۱۸۸۲ء
۸۔صدر آئزن ہاور نے کرکٹ دیکھا ۱۹۵۴ء
۹۔سقوط یروشلم ۱۹۱۷ء
۱۰۔نوبل انعام کا آغاز ۱۹۰۱ء
۱۱۔شہادت امام حسین ۶۸۰ء
۱۲۔حادثہ طیارہ پاکستان فضائیہ ۱۹۴۹ء
۱۳۔وفات علامہ شبیر عثمانی ۱۹۴۹ء
۱۴۔انتقال جارج واشنگٹن ۱۷۹۹ء
۱۵۔پیدائش شہنشاہ نیرو ۱۸۳۷ء
۱۶۔فیروز خان نون وزیر اعظم بنے ۱۹۵۷ء
۱۷۔وفات مولانا رومیؒ ۱۲۷۳ء
۱۸۔انتقال رشید ترابی ۱۹۷۳ء
۱۹۔دریافت علاج جذام ۱۸۷۳ء
۲۰۔یحییٰ خان مستعفی ۱۹۷۱ء
۲۱۔پیدائش اسٹالن ۸۷۹

☆☆　☆☆　☆☆

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات FREE AMLIYAAT BOOK'S www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شبیر قادری

ممبئی کی مشہور ومعروف مٹھائی ساز فرم

# طہورا سوئیٹس

## اسپیشل مٹھائیاں

افلاطون ★ نان خطائیاں ★ ڈرائی فروٹ برفی
ملائی مینگو برفی ★ قلاقند ★ بادامی حلوہ ★ گلاب جامن
دودھی حلوہ ★ گاجر حلوہ ★ کاجو کتلی ★ ملائی زعفرانی پیڑہ

مستورات کے لئے خاص بتیسہ لڈو۔

ودیگر ہمہ اقسام کی مٹھائیاں دستیاب ہیں۔

بلاسس روڈ، ناگپاڑہ، ممبئی-۴۰۰۰۰۸ ☎ ۲۳۰۹۱۳۱۸ - ۲۳۰۸۴۷۷۳

GRAPHTECH

# رسالت مآب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت

سیّدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: جس نے مجھے نیند میں دیکھا اس نے مجھے (ہی) دیکھا ہے، کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا اور فرمایا: مسلمانوں کا خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک ہے۔ (صحیح البخاری، ۶۹۹۴)

سیدنا ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (خواب میں) مجھے دیکھا تو اس نے یقیناً سچ دیکھا ہے۔ صحیح البخاری: ۶۹۹۶، صحیح مسلم: ۲۲۶۷، الترمذی فی الشمائل: ۴۱۴)

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے تھے کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب مجھے بیداری میں دیکھے گا اور میری صورت میں شیطان نہیں آسکتا۔ (صحیح البخاری: ۶۹۹۳، مسلم ۲۲۶۶)

چنانچہ بزرگانِ دین نے ایسے خواب کی یہی تعبیر دی ہے کہ اس شخص کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ بیداری میں بھی دیکھے گا کا مطلب یہ ہے کہ ایسے شخص کو آخرت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب حاصل ہوگا۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے مجھے دیکھا اس نے مجھی کو دیکھا جس نے یہاں مجھے خواب میں دیکھا، وہ قیامت مین ضرور مجھے دیکھے گا اور میں قیامت میں دیکھنے والے کی شفاعت کروں گا اور جس کی میں شفاعت کروں گا اللہ تعالیٰ اس کو حوضِ کوثر سے پانی پلائے گا اور حوض کوثر سے پانی پینے والے پر آتش دوزخ حرام ہے۔ (حدیث)

ابن ماجہ نے روایت کی ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جس نے مجھ کو دیکھا وہ دوزخ میں نہ جائے گا، مرقاۃ میں ہے کہ مراد اس سے یہ ہے کہ جس نے بصدقِ عقیدت وخلوص، ارادت وکمالِ تمنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کیا حالت بیداری کیا حالت خواب میں وہ جنتی ہوگا۔

ترمزی شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جوکوئی دیکھے گا مجھ کو خواب میں تحقیق اللہ تعالیٰ اس کو دکھائے گا مجھے بے داری میں طیبی نے لکھا ہے کہ مراد اس بیداری سے یہ ہے کہ بحالت تقرب بیداری مجھ کو آخرت میں دیکھے گا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ سے روایت ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا (بعض حیثیات سے) میرے ساتھ شدت سے محبت رکھنے والے وہ لوگ ہیں جو میرے بعد ہوں گے کہ ان میں سے ہر شخص یہ تمنا کرے گا کہ تمام اہل ومال کے عوض مجھ کو دیکھ لے روایت کیا اس کو مسلم نے (کذافی المشکوۃ) یعنی اگر ان سے کہا جائے کہ سب اہل وعیال، جان ومال قربان اور فدا کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ تب حصول دولت زیادہ سے مشرف ہوں گے تو وہ اس پر دل وجان سے راضی ہو جائیں گے۔ (سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم حصہ اول صفحہ ۱۸)

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو مسلمان اس دورد شریف کو شب جمعہ بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اسی جگہ سو جائے یہ تصور دل میں لئے ہوئے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس مبارک میں بیٹھا ہوا ہوں اور آپ کو دیکھ رہا ہوں پس وہ آپ کو خواب میں دیکھا گا اس پر چندروز عمل ضروری ہے۔ اگر پہلی رات ہی کامیاب ہوجائے توفبیھا درود شریف یہ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ لْاُمِیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ. اس پر تمام اولیائے عظام متفق ہیں۔ چنانچہ اس درود شریف کی برکت سے محبوب سبحانی غوث صمدانی حضرت الشیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی خواب میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کیا۔ سلسلہ قادریہ سے متعلق بزرگ اس درود شریف کا ورد بہت پسند کرتے ہیں اور اسی وجہ سے اسے ''درود قادریہ'' بھی کہا جاتا ہے وہی مشہور درود شریف

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS
محمد شبیر قادری

ہے جو حکیم الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ کے خاندان کو عطا ہوا تھا اور جس کی برکت سے تاریخ اسلام میں اس خاندان کو مسلسل کئی پشتوں تک نمایاں مقام حاصل رہا۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ کا ارشاد گرامی ہے کہ اس خاندان کو جو کچھ بھی حاصل ہوا وہ اسی درود شریف کی برکت کا ثمرہ ہے۔ (سیرت النبی بعد از وصال النبی ﷺ حصہ دوم صفحہ ۱۳۴)

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

اسم ''اللہ'' اسم ذات ہے اور یہی اسم اعظم بھی ہے (حضرت امام اعظم اور پیران پیر حضرت الشیخ محی الدین عبد القادر جیلانی نے اسی کو اسم اعظم فرمایا ہے۔)

اس کی ادنیٰ سی تاثیر یہ ہے کہ نماز روزے کا پابند، رزق حلال کھانے والا باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اگر ہر روز پانچ ہزار بار اللہ اللہ کا ورد کرے تو تھوڑے ہی عرصہ میں صاحب کشف اور روشن ضمیر ہو جائے گا اور راتوں میں اکثر پیغمبر اسلام کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص شب جمعہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہ اخلاص پندرہ بار پڑھے، پھر سلام کے بعد ایک ہزار بار پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔ تو وہ مجھے ضرور خواب میں دیکھے گا، دوسرا جمعہ پورا نہ ہونے پائے گا کہ مجھے خواب میں دیکھ لے گا اور جس نے مجھے دیکھ لیا اس کے لئے جنت اور اس کے گذشتہ و آئندہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے (غنیۃ الطالبین صفحہ نمبر ۴۱۲)

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

جو کوئی ماہ ربیع الاول میں سوا لاکھ مرتبہ ''اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ'' پڑھے ان شاء اللہ سید الرسل ﷺ کی زیارت و برکت سے مشرف ہوگا۔ (سیرت النبی بعد از وصال النبی ﷺ حصہ ہفتم صفحہ ۱۹۳)

## چند سچے واقعات

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک روز حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں اس حال میں دیکھا کہ دو پہر کا وقت ہے اور آپ ﷺ پریشان حال، غبار آلود ایک شیشی ہاتھ میں لئے ہوئے ہیں جس میں خون بھرا ہوا ہے میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں یہ کیا ہے آپ نے ارشاد فرمایا یہ حسین (رضی اللہ عنہ) اور ان کے ساتھیوں کا خون ہے جس کو میں صبح سے اس وقت تک شیشی میں جمع کرتا رہا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خواب میں جو وقت حضرت محمد ﷺ نے بتایا تھا میں نے اس کو یاد رکھا اور پھر دریافت کیا تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ ٹھیک اسی وقت شہید کئے گئے تھے۔ (مسند احمد، جلد ۱، صفحہ ۲۴۲، حدیث نمبر ۲۱۶۵)

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

رد قادیانیت میں علامہ قاضی محمد سلیمان منصور پری رحمۃ اللہ علیہ (مصنف رحمت للعالمین ﷺ) ''غایۃ المرام'' تحریر فرما رہے تھے کہ خواب میں حضرت رسول مقبول ﷺ کی زیارت بابرکت نصیب ہوئی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''کوئی قادیانی اس کتاب کا جواب نہ دے سکے گا'' اور ہوا بھی یہی کہ بارہا یہ کتاب شائع ہو چکی ہے مگر آج تک کوئی قادیانی اس کا جواب نہ دے سکا حالانکہ قادیانی جواب دینے میں بہت تیز سمجھے جاتے ہیں (دیباچہ ''غایۃ المرام'' از قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ) لوگوں نے کہا کوئی اینڈ ابینڈا جواب دے دے۔ اس پر فرمایا کہ کوئی ایسا بھی نہیں کر سکتا کیوں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ کوئی اس کا جواب نہ دے سکے گا۔ آج تک یہ بات درست ہے اور قیامت تک درست رہے گی۔ سیرت النبی بعد از وصال ﷺ حصہ ہفتم صفحہ ۶۱)

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

ایک زاہد پر پانچ سو درہم قرض تھا اس نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے زاہد تو ابو الحسن کسائی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جا۔ وہ ایک مرد ہے مشاہیر نیشا پور سے اور ہر سال دس ہزار ننگوں کو کپڑا پہناتا ہے۔ اس سے جا کر کہہ کہ رسول اللہ ﷺ نے تجھ کو سلام کہا ہے اور فرمایا ہے کہ پانچ سو درہم میرے قرضے کے ادا کر دے اور ابو الحسن رحمۃ اللہ علیہ اگر کوئی نشانی طلب کرے تو کہنا

www.freeamliyaatbookspot.com TREEAMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks محمد شبیر قادری

کہ تو ہر رات ایک سو مرتبہ درود شریف بھیجتا تھا۔ کل کی رات مجھ پر درود نہ بھیجا۔ وہ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ کے پاس گیا اور پانچ سو درہم طلب کئے۔ ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ نے کوئی خاص التفات نہ کی۔ اس نے جب کہا کہ مجھے حضور نبی کریم ﷺ نے تمہارے پاس بھیجا ہے اور یہ نشانی دی ہے جب وہ نشانی سنی تو ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ تخت سے نیچے اترے اور سجدۂ شکر بجالائے اور کہا کہ یہ ایک راز تھا میرے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان جو کسی اور کو معلوم نہ تھا۔ غرض ڈھائی ہزار درہم اس کو دیئے اور کہا کہ ہزار درہم بعوض اس بشارت کے ہیں کہ تو نے حضور بنی کریم ﷺ کی جانب سے مجھے پہنچائی اور ہزار درہم اس کے عوض ہیں کہ تو نے اس خاکسار تک قدم رنجہ فرمایا اور پانچ سو درہم تیرے قرض کی ادائیگی کے لئے ہیں جس کا حکم حضور نبی کریم ﷺ نے مجھ کو دیا ہے۔ آئندہ جب کبھی کسی امر کی حاجت ہو تو میرا دروازہ تمہارے لئے ہر وقت کھلا ہوا ہے۔ (سیرت النبی بعداز وصال النبی ﷺ حصہ چہارم صفحہ ۱۳۱)

☆☆☆ ☆☆☆ ☆☆☆

۱۹۷۰ء میں استاذ الحکماء حکیم عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ نے خواب دیکھا کہ مسجد نبوی ﷺ میں علماء کا بہت بڑا اجتماع ہے اور مشرق پاکستان کے حالات بیان کئے جارہے ہیں کہ اتنے میں آواز آئی کہ مشرقی پاکستان پر بھارتی افواج کا قبضہ ہوگیا۔ یہ سن کر حاضرین مجلس رونے لگے حضرت نبی الامی ﷺ بھی موجود ہیں اور پیشانی مبارک پر دست مبارک رکھے اظہار تشویش فرمارہے ہیں کہ ایک بزرگ نے اٹھ کر حضرت محمد ﷺ سے دعا کے لئے عرض کیا تو اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر مغربی پاکستان والے نہ سنبھلے تو ان کا حال مشرقی پاکستان والوں سے بھی زیادہ ابتر ہوگا۔ (سیرت النبی بعداز وصال النبی ﷺ حصہ چہارم صفحہ ۶۰)

## زیارت نبی ﷺ بحالت بیداری

علامہ حافظ محمد ایوب دہلوی قدس سرہ سے کسی نے سوال کیا کہ اللہ کا نبی زندہ ہے، کیا ایسا کہنا بدعت ہے؟ اس کے جواب میں فرمایا: ”نبی اللہ حیّ“ یہ حدیث ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا نبی زندہ ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ترجمہ: ”مقتول فی سبیل اللہ کو مردہ مت کہو وہ زندہ ہے لیکن تمہیں پتہ نہیں“۔ یہاں مقتول فی سبیل اللہ کو حیی اور زندہ کہا گیا ہے اور ظاہر ہے محض مقتول حیی نہیں ہے معلوم ہوا کہ حکم حیات اس مقتول پر ہے جو مقید ہے فی سبیل اللہ کے ساتھ یعنی جہاں حیّ کی علت فی سبیل اللہ ہو گی۔ اور فرمایا: ”کہہ دے کہ میری نماز اور قربانی اور میری حیات اور موت سب اللہ کے لئے ہے۔

شہید کی تو صرف موت ہی فی سبیل اللہ اور اللہ ہے جب کہ نبی علیہ السلام للّٰہیت شہید کو للّٰہیت سے لامتناہی افضل وارفع ہے اسی طرح نبی علیہ السلام کی حیات شہید کی حیات لامتناہی افضل اور ارفع جبکہ ہم ادنیٰ حیات شہید کا شعور نہیں تو اعلیٰ وارفع حیات کا شعور کیسے ہوسکتا ہے؟ لہٰذا نبی اللہ حیی ہے اور یہ عقیدہ نہ شرک ہے نہ بدعت۔ (مقالات ایوبی حصہ سوم صفحہ ۲۷۷ تا ۲۷۸)

حیات النبی ﷺ کے تو غیر مسلم تک قائل ہیں۔ مشہور مستشرق ڈاکٹر گستاؤ لیبان کہتا ہے: ”اس پیغمبر اسلام (ﷺ) اس نبی امی (ﷺ) کی بھی ایک حیرت انگیز سرگزشت ہے۔ جس کی آواز نے ایک ایسی قوم نا ہنجار کو جو اس وقت تک کسی ملک گیر کی محکوم نہیں ہوئی تھی، اسے رام کیا اور اس درجہ تک پہنچا دیا کہ اس نے دنیا کی عظیم الشان سلطنتوں کو زیر وزبر کر ڈالا اور آج بھی وہی نبی امی (ﷺ) اپنی قبر کے اندر سے لاکھوں بندگان خدا کو کلمہ اسلام پر قائم کئے ہوئے ہے۔“

اعجاز القرآن از شیخ علامہ شبیر احمد عثمانی صفحہ ۸۲)

ہمارا عقیدہ ہے کہ حضور ﷺ کا درجہ اور مرتبہ تمام مخلوقات میں سب سے اعلیٰ وافضل ہے اور آپ اپنی قبر مبارک میں زندہ ہیں اور آپ ﷺ کی یہ حیات برزخی ہے اور یہ شہداء کی حیات سے زیادہ بلند درجہ کی ہے کیونکہ بلاشک وشبہ آپ ﷺ تمام شہداء سے افضل اور آپ ﷺ سلام کرنے والے کا سلام سنتے ہیں اور آپ ﷺ کی زیارت مسنون ہے۔ ہم اس کے قائل ہیں کہ قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کی شفاعت ہوگی اور عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ روز قیامت ہمارے نبی ﷺ کی شفاعت ہمیں نصیب فرمایا اور ہمارے بارے میں آپ ﷺ کی شفاعت قبول فرما۔ ہمارے نزدیک شیخ الاسلام ابن قیم اور ان کے استاد شیخ الاسلام ابن تیمیہ اہل حق اہل سنت کے امام وپیشوا ہیں اور ان

دونوں بزرگوں کی کتابیں ہمیں نہایت عزیز ہیں۔

علامہ سبکی فرماتے ہیں کہ یہ ناممکن ہے کہ شہید کو نبی سے بڑھ کر کوئی اعلیٰ وارفع مرتبہ حاصل ہو سکے، نیز شہداء کو یہ مرتبہ بلند (یعنی حیات جسمانی) حضور نبی کریم ﷺ کی شریعت اور ملت کی حفاظت میں جانبازی اور سرفروشی کے صلے میں ملا ہے۔ پاس قیامت تک جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرے گا اور شہید ہوگا تو ان تمام شہدا کا اجر سید الانبیا ﷺ کے نامہ اعمال میں ثبت اور آپ ﷺ کی تنہا حیات تمام شہدا سے باعتبار حیات سب سے اعلیٰ اور ارفع ہوگا۔ اس لئے کہ دین کا سنگ بنیاد رکھنے والے حضور نبی الامی فداہ ابی امی صلوٰت اللہ علیہم ہیں۔ لہٰذا آپ ﷺ کی تنہا حیات تمتم شہدائے علم کی حیات سے زیادہ قوی اور بلند ہوگی۔ دیکھو شفاء القسام صفحہ ۱۴۰، نیز کہ حضرت صادق المصدوق ﷺ شہید بھی ہیں۔

چنانچہ الشیخ امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ شاذ و نادر ہی کوئی نبی ایسے ہوگا جہاں نبوت کے ساتھ شہادت جمع نہ کی گئی ہو۔ پس انبیاء کرام علیہ السلام نبی ہونے کے اعتبار سے بھی زندہ ہیں اور شہید ہونے کے اعتبار سے بھی زندہ ہیں ہمارے نبی محترم حضرت سید الانبیا ﷺ نے بحالت شہادت وصال فرمایا اس لئے کہ آپ ﷺ کا وصال اس زہر کے اثر سے ہوا کہ جو یہود نے خیبر میں آپ ﷺ کو دیا تھا۔ (رواۃ صحیح البخاری)

لے سانس بھی اہستی کہ دربار نبی ﷺ ہے
خطرہ ہے بہت سخت یہاں بے ادبی کا

اللہ رب العزت نے اپنی رحمت خاص سے اپنے انبیاء کو یہ طاقت عنایت فرمادی ہے کہ وہ جب چاہیں اپنے جسم روحی کو جسم عنصری میں تبدیل کرلیں اور جب چاہیں جسد عنصری کو جسد روحی میں بدل لیں۔ یہی نہیں یہ طاقت اللہ تعالیٰ کے بیشمار صدیقین، صالحین، قطب، غوث، ابدال اور بلند پایہ اولیاء کرام کو بھی حاصل ہے جس کے ثبوت میں لاتعداد مثالیں پیش کی جاسکتی ہیں مگر یہ تمام کرامات باذن اللہ ہیں کہ وہی اصل ہے، از خود کسی کا کچھ نہیں۔ (زیارت نبی ﷺ بحالت بیداری، حصہ اول دوم)


NICE ONE ATTAR

نائس ون پرائیویٹ لمٹیڈ کمپنی

کی چند عظیم الشان ادویات

اور

عمدہ ترین عطورات

عطر تسخیر : برائے حُب و تسخیر
عطر اول : برائے دفعِ نظر بد
عطر ثانی : برائے دفعِ سحر
عطر ثالث : برائے دفع جنات
عطر رابع : تمام طرح کی حفاظت کی لئے

NICE ONE MEDICINE

حسن افزا فیس پیک : کیل مہاسوں، چہرے کی جھائیوں اور داغ دھبوں کو دور کرنے کا بہترین علاج۔ 30/
حبّ مفاصل: جوڑوں کے درد میں نہایت مفید 70/
مقوی شباب: قوت باہ کے لئے لاجواب فارمولا 150/

شاگردوں اور ایجنٹوں کے لئے خصوصی رعایت

آڈر کے لئے رابطہ کریں

9557554338


www.freeamliyaatbookspdf.com

# نظراتِ کواکب کے احکام، الواح وتشریح

روحانی تقویم ۲۰۱۹ء میں تمام سال کی نظرات تحریر کردی گئی ہیں۔ یہ کس کام آتی ہیں؟ اس کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔ تاہم پہلے مختصراً سمجھ لیں پھر تفصیل سے سعد نظر متعلقہ کواکب کے حولہ سے اچھے کاموں یعنی شادی، منگنی، نیا کام شروع کرنے، کاروبار یا ترقی وغیرہ وغیرہ کے لئے کوشش کرنے کے لئے مفید ہوتی ہیں۔ جبکہ نحس نظرات دشمنی پیدا کرنے، رزق کی بندش اور نفاق وغیرہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

قمر کی نظر کا دورانیہ مختصر اور دیگر کواکب کا طویل ہوتا ہے۔ تاہم کوئی عمل نظر کے عین وقت سے آدھا گھنٹہ بعد تک مکمل کرلیں۔ زود اثر ہوگا۔

☆ جدول کواکب وغیرہ کے لئے علامتی حروف تحریر نہیں کئے گئے ہیں بلکہ کواکب اور نظرات کا پورا نام تحریر کردیا گیا ہے۔ تاکہ کسی قاری کو پڑھنے اور سمجھنے میں مسئلہ نہ ہو۔

☆ پہلے کالم میں نظر واقع ہونے کی تاریخ درج ہے۔

☆ دوسرے یعنی وقت کے کالم میں مکمل نظر بننے کا وقت فوجی انداز میں تحریر ہے۔ یعنی دوپہر کے ۲ بجے کو ۱۲+۲=۱۴ تحریر کیا گیا ہے۔

☆ تیسرے اور آخری کالم میں بننے والی نظر اور نظر بنانے والے کواکب کے تحریر ہیں۔

ذیل میں تمام کواکب کی متفرق نظرات اور ان کے احکام کو بیان کیا جارہا ہے۔ اس کے بعد تمام سال کی نظرات کا بیان آئے گا۔

## نظرات، قران اور عملیات

### قمر اور شمس

(سعد نظر) سلاطین وحکام کی تسخیر، مقبولیت اور کامیابی۔

(نحس نظر) یعنی سلاطین وحکام میں جھگڑے تعلقات میں کشیدگی، جدائی وغیرہ۔

### قمر اور عطارد

(سعد نظر) دماغی صلاحیتوں میں اضافے، ادبی کاموں میں کامیابی، حصول محبوب۔

(نحس نظر) دوستوں اور محبت کرنے والوں میں نفاق، اعصابی ودماغی امراض کا شکار کرنے کے لئے۔

### قمر اور زہرہ

(سعد نظر) عورتوں، عشق ومحبت کے کاموں اور فنون لطیفہ میں کامیابی کے لئے۔

(نحس نظر) زوجین میں دشمنی، طلاق، تنگی کا شکار کرنے اور روزمرہ تعلقات میں ناچاقی پیدا کرنے۔

### قمر اور مریخ

(سعد نظر) دشمنوں پر فتح، مغلوب کرنے، جسمانی طاقت وغیرہ حاصل کرنے کے لئے۔

(نحس نظر) سکون اور خوشی برباد کرنے کے لئے دشمنوں کو زیر کرنے کے لئے۔

### قمر اور مشتری

(سعد نظر) خوش قسمتی، کامیابی، ازدواجی معاملات میں بہتری، مذہبی امور وتعلیم، عزت، شہرت اور دولت۔

(نحس نظر) خوش قسمتی کو بدقسمتی میں بدلنے ازدواجی مسائل کا شکار کرنے لئے۔

### قمر اور زحل

(سعد نظر) لاپرواہ افراد میں احساس ذمہ داری پیدا کرنے، زراعت، زمین جائیداد کے معاملات میں کامیابی کے لئے۔

www.freeamliyaatbooks.pdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شبیر قادری

(نحس نظر) عورتوں سے تعلقات میں کشیدگی، خوف کا شکار کرنے، دشمنوں کو بیمار اور برباد کرنے کے لئے۔

**عطارد اور زھرہ**

(سعد نظر) تحریر وتقریر وگفتگو میں روانی، بہتری اور کامیابی حاصل کرنے، محبوب کے حصول، پرندوں اور آبی جانوروں کی تسخیر وغیرہ۔

(نحس نظر) ذہنی طور پر پراگندکرنا اور ناکام بنانے، لوگوں میں نااتفاقی اور بندش کاروبار وغیرہ۔

**عطارد اور مریخ**

(سعد نظر) تکنیکی امور میں مہارت اور کامیابی، صحت، حصول قوت اور جسمانی طاقت وغیرہ۔

(نحس نظر) کاروبر اور تکنیکی امور میں ناکامی اور امراض کا شکار کرنے کے لئے۔

**عطارد اورمشتری**

(سعد نظر) کاروبار میں کامیابی، ذہنی قوت اور علم میں اضافے وغیرہ۔

(نحس نظر) ناکامی، کاروبار واملاک میں نقصان اور تباہی وغیرہ کے لئے۔

**عطارد اورزحل**

(سعدنظر) انتظامی اور دوسرے اموال میں کامیابی

(نحس نظر) دماغی صلاحیتوں اور املاک کی تباہی۔

**زھرہ اور مشتری**

(سعد نظر) جنس مخالفت میں مقبولت وتسخیر، ازدواجی امور میں بہتری کے لئے۔

(نحس نظر) میاں بیوی میں جھگڑا پیدکرنے، دوسروں کی نظروں میں گرانے کے لئے۔

**زھرہ اور مشتری**

(سعد نظر) اعلیٰ حکام کی تسخیر وتوجہ، جنس مخالف میں مقبولیت، کامیابی، شادی، عوامی مقبولیت۔

(نحس نظر) بے عزت کرنے مرتبے سے گرانے، ذلیل اور بدنام کرنے کے لئے۔

**زھرہ اورزحل**

(سعد نظر) مستقل تعلقات قائم کرنے، معاملات زندگی میں استحکام، ازدواجی اور قلبی معاملات میں کامیابی وبہتری۔

(نحس نظر) مسائل وذمہ داریوں کا شکار کرنے، خوشیوں اور قلبی معاملات میں افسوناک صورت حال اور طرفین میں تنازعہ اور فتنہ پیدا کرنے کے لئے۔

**مریخ اور شمس**

(سعد نظر) جسمانی طاقت، دشمنوں پر فتح وکامیابی، تسخیر امراء، افسران اور قوت عمل پیدا کرنے۔

(نحس نظر) مخالفین کی ناکامی وتباہی، فساد، لڑائی جھگڑے حادثات وغیرہ کے لئے

**مریخ اورمشتری**

(سعد نظر) مادی معاملات میں کامامیابی، ترقی، حصول دولت، طاقت وہمت

(نحس نظر) طبع میں بے چینی، تنازعات، جھگڑے۔

**مریخ اور زحل**

(سعدنظر) صحت، ترقی، حصول جائیداد، مکانات، تکنیکی امور وغیرہ۔

(نحس نظر) دشمن کی تباہی اور اس کو حادثات اور آگ کے ذریعہ نقصان پہنچانے کے لئے۔

**شمس اورمشتری**

(سعدنظر) خوش قسمتی، حصول دولت، عزت ومرتبہ

(نحس نظر) حکومت اور قانون کا مجرم یا ان معاملات سے نقصان، آبادجگہ کو ویران کرنے تنزلی وغیرہ کے لئے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

**شمس اورزحل**

(سعد نظر) ثابت قدمی سے کام کرنے، حصولِ حاجات

(نحس نظر) مخالفت کے لئے پریشانی، باپ بیٹے میں اختلاف، لوگوں میں عداوت وغیرہ۔

**مشتری اور زحل**

(سعد نظر) خوش قسمتی، مقبولیت، کاروبار میں کامیابی اور تسخیر توجہ سلاطین۔

(نحس نظر) مادی و مالی معاملات میں پریشان کرنے، نظروں سے گرانے وغیرہ۔

## قران

**قمر اورمریخ**

دشمنوں پر فتح وکامیابی کے لئے۔

**قمر اورعطارد:**

ادبی معاملات اور اہل قلم وصنعت سے حصول مقصد کے لئے۔

**قمر اورزہرہ:**

قلبی وازدواجی معاملات کے لئے۔

**قمر اورشمس**

یہ وقت تمام نحس وغلط کاموں کے لئے موزوں خیال کیا جاتا ہے۔

**قمر اور مشتری**

حصول علم ودانش ودولت وغیرہ کے لئے۔

**قمر اور زحل**

نفاق، تباہی وبربادی کے لئے۔

**مریخ اورعطارد**

عمارت کومکینوں سے خالی کروانا، تباہی وبربادی کے لئے۔

**مریخ اور زہرہ**

عورتوں میں مقبولیت کے لئے۔

**مریخ اور شمس**

بیمار کرنے لڑائی جھگڑے کے لئے۔

**مریخ اورمشتری**

حصول طاقت اور دشمنوں پر فتح کے لئے۔

**مریخ اور زحل**

اختلافات، لڑائی جھگڑے وغیرہ کے لئے۔

**عطارد اورزہرہ**

فنون لطیفہ میں کامیابی کے لئے

**عطارد اور شمس**

کامیابی، دولت اورترقی کے لئے۔

**عطارد اور مشتری**

علم ودانش، امتحان میں کامیابی، حصول علم وملازمت وغیرہ۔

**عطارد اور زحل**

عمارت ورہائش گاہ کومکینوں سے خالی کرانے، تباہی وبربادی۔

**زہرہ اورشمس**

زوجین میں محبت، محبت اور مالی امور میں کامیابی حاصل کرنے۔

**زہرہ اورزحل**

استحکام ملازمت ونکاح وغیرہ کے لئے۔

**شمس اورمشتری**

دولت، کامیابی اورشہرت کے لئے۔

**شمس اور مشتری**

دولت، کامیابی اورشہرت کے لئے

**شمس اور زحل**

دشمن کی تباہی

وغیرہ کے لئے۔

**مشتری اورزحل**

شرفاء اور اہل قلم کی تباہی وبربادی اور بدنامی کے لئے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com فری عملیات FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
محمد شبیر قادری

# پتھر اور نگینے
# خواص عقیق

۱۔ایک انگوٹھی بنواؤں اور رنگ کی جگہ زرا اونچی اور بڑی رکھواؤں جو تقریبا ۴/۳ انچ مربع ہو ہواس میں یہ مرکب بھر دو۔

۲۔ایک ڈبیہ ایک انچ قطر کی گول بنواؤں اس میں مرکب بھر دو اور ڈھکنا لگا کر رکھو۔

۳۔ایک چراغ بنوا کر اس کے پیندے کے اندر نقش کندہ کرائیں تو چراغ کی میں مؤکل نظر آئے گا یہ رات کی حاضرات ہے عموماً آسیبی مریضوں کے علاج کے لئے اس سے کام لیا جاتا ہے۔

۴۔ایک آئینہ لے کر اس کے درمیان ایک روپے کے برابر سیاہ رنگ لگو دو۔اس کے اوپر مرکب لگادو اسے بعض مسمریزم کا آئینہ کہتے ہیں۔

۵۔ایک کانسی کا کٹورا لو جس کا پیندا اندر کی طرف سے ابھرا ہوا ہو اور پشت میں گڑھا ہو اس گڑھے میں وہ مرکب بھر دو۔ وہ تمام چیزیں جس میں مرکب بھرا جائے گا اس کے اندر یا پشت پر نقش مثلث آتشی معہ مؤکل کندہ کیا جانا ضروری ہے۔ کٹورا کے اندر، انگوٹھی کے اندر، ڈبیہ کے اندر، شیشہ پر غرضیکہ ہر اس جگہ نقش ہوگا جہاں مصالحہ بھرا جائے گا۔ پانی کے حاضرات والے پیالہ کے اندر نقش کندہ کیا جائے گا مگر یہ پیالہ پھول والا نہ ہوگا بلکہ اندر سے ہموار ہوگا۔ یہ نقش شرف قمر میں کندہ کیا جاتا ہے مگر مصالحہ بھرنے کا کوئی وقت متعین نہیں۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

اجب یا جبرائیل

اجب یا عزرائیل (دائیں) — اجب یا اسرافیل (بائیں)

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

جب ضرورت پڑتی ہے تو اس مرکب کو تیل سے چپڑ کر چکنا کر لیتے ہیں پھر جب کوئی بچہ یا عورت معمول کے طور پر کام کرے گی تو تھوڑی دیر توجہ سے دیکھنے پر اسے آدمیوں کی شکلیں، باغات، بیابان یا نظارے نظر آئیں گے۔ حاضرات کا کام ختم کر کے تیل کو صاف کر کے ڈھکنا بند کر کے آلۂ حاضرات کو رکھنا چاہئے۔

## ''معمول''

لڑکا یا لڑکی نابالغ بارہ برس تک عمر ہو تو اسے آلۂ حاضرات میں دیکھنے کے لئے کہا جاتا ہے لڑکی زیادہ عمر کی ہو تب بھی کام دے گی مگر بچہ سمجھدار اور ہوشیار ہونا چاہئے۔ عامل ہمیشہ معمول سے بڑی عمر کا ہوتا ہے۔ معمول سنجیدہ، فرمانبردار، اثر پذیر طبع کا مالک اور عامل سے انس رکھنے والا فرمانبردار ہو

## ''عامل''

ارادہ کا پختہ، صابر، مستحکم قوتِ ارادی والا باحوصلہ اور پاکیزہ خیال رکھنے والا اور حاضرات کی کسی آیت یا اسم کا عامل اگر خدا ہی توجہ سے کام لینا چاہے تو وہی فزیکل مشقیں کرے جو مسمرازم یا ہپناٹزم کے عامل کے لئے واجب ہیں۔

اس جنتری میں کسی بھی عمل کو کرنے کے لئے ایک چلہ یا لطیف کا سب سے نکالنا چاہئے یعنی چالیس دن میں سوالاکھ پورا کرے۔ عامل میں مخفی خزائن کے حصول اور اسرار کشف کی قوت پیدا ہو ہے۔ اس کے بعد اس عمل کا عامل بنے جو اس نے حاضرات کے لئے انتخاب کیا ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbook

# سیاسی لوگ : الیکشن ۲۰۱۹ء

## اپنے لیڈروں اور رہنماؤں کو سمجھنے کی کوشش کریں

آئندہ الیکشن میں جو لوگ سیاست میں حصہ لینے والے ہیں اور ممکن ہے آپ خود بھی ان میں سے ایک ہوں، اس لئے اپنے آپ کا اندازہ لگانے اور دوسروں کو تولنے کے لئے میں ایک منجمی ترازو پیش کرتا ہوں جسے قدرت نے آسمانی زاویوں سے مقرر کیا ہے۔ ذیل میں مختلف برج کے ماتحت آنے والے لوگوں کی وہ فطرت بتائی گئی ہے جو سیاسی نوعیت کی ہے۔ (ان کی شخصیت یا قسمت سے کوئی تعلق نہیں)

جن کی تاریخ پیدائش ۲۱/مارچ سے ۲۱/اپریل کے درمیان ہو۔

**حمل** والے لوگ جب بھی آگے آئیں گے تو ان کی سرخیاں ملک کے بڑے بڑے اخبارات کے صفحہ اول کی زینت ہوں گی۔ الیکشن کے دنوں میں پبلسٹی بڑا کام کرتی ہے، یہ ایسے لوگ ہیں جو سیاسی گیند کو اپنی طرف سے بالکل آخر کی طرف پھینکتے ہیں اور درمیان کا تمام میدان نظرانداز کر جاتے ہیں۔ اگر ووٹران سے وعدے لے لیں اور ان کو ملنے شروع ہو جائیں تو اپنی سرگرمیاں اور تیز کر دیتے ہیں اور نتیجہ نکلنے تک سرگرم رہتے ہیں۔ یہ لوگ میدانِ سیاست میں آکر بہت زور شور سے کام کرتے ہیں، دوڑ بھاگ بہت کرتے ہیں، ڈیفینس اور سپلائی کا محکمہ لے کر بہت خوش ہوتے ہیں، لوگوں پر رعب دبدبہ بہت رکھتے ہیں۔ لوگوں سے کئے گئے وعدوں کے پکے ہوتے ہیں، لیکن جس کو نہ کر دیں سختی سے اس پر قائم ہو جاتے ہیں اور خلاف ہو جاتے ہیں۔

جن کی تاریخوں پیدائش ۲۲/اپریل سے ۲۰/مئی کے درمیان ہو

**ثور** والے لوگ آپ کو کبھی میدان میں نہ ملیں گے نہ الیکشن کے دن نہ اس کے بعد۔ ان کو تلاش کا میدان بالکل صاف نظر آئے گا۔ یہ کسی دفتر میں بیٹھے کام کر رہے ہوں گے اور جوڑ توڑ میں مصروف ہوں گے۔ بڑی میز پر بیٹھا کر ان سے ہر قسم کے امور پر بحث کر لیں، یہ ان معاملات کو بہتر طور پر نمٹا لیں گے۔ کچھاؤ اور فسادات کی حالت میں مشکلات کا گہری نظر سے مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کی قابلیت سیاسی چالوں کے وقت کھلتی ہے۔ اگر ان لوگوں کی پارٹی الیکشن میں جیت جائے تو یہ عوام کے آگے پیش پیش ہو جاتے ہیں لیکن ان لوگوں کو اپنے عہدہ میں احتیاط کی سخت ضرورت ہوتی ہے کیوں کہ یہ عیش پسند، نمائش اور عورتوں سے رغبت رکھنے والے ہوتے ہیں۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۱/مئی سے ۲۱/جون کے درمیان ہو۔

**جوزا** والے لوگ مقابل کے لوگوں میں آخر تک اپنی پوزیشن قائم رکھتے ہیں اور مقابلہ ڈٹ کر کرتے ہیں، ان کے پاس دوسروں سے زیادہ دلائل ہوتے ہیں۔ لکھنا، پبلسٹی کرنا اور بولنا ان کی پوزیشن کو بناتا ہے لیکن یہ لوگ زیادہ دیر تک ڈپلومیٹک پوزیشن قائم نہیں رکھ سکتے۔ یہ تحریر میں غلطیاں کر جاتے ہیں اور جلد اُکتا

جانے والے ہوتے ہیں۔ جہاں بھی ان کی آزادی پر حرف آئے تو یہ سب چھوڑ چھاڑ کر الگ بیٹھنے سے گریز نہیں کرتے خواہ کتنا ہی نقصان ہو جائے۔ ان لوگوں کے لئے دوسرے لوگ زیادہ کام کرتے ہیں۔ ان سیاسی لوگوں کا ہیڈ کوارٹر دوستوں اور پارٹی کے ممبروں کے لئے خاموش ہو جاتا ہے اور جب انہیں یہ جاننا ہو کہ کیسے ان کا قیام رہ سکتا ہے تو دوسروں سے تب مشورہ کریں گے حالاں کہ دوسرے ان کی کمزوریوں اور قابلیتوں کو جانتے ہیں اور وہ ان کی مدد کرتے ہیں۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۲ رجون سے ۲۳ رجولائی کے درمیان ہو۔

**سرطان** والے سیاسی آدمیوں کی اگر تاریخ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوگا کہ یہ لوگ تاریخ کو بدلنے والے ہوتے ہیں اور الیکشن میں خاصی جیت حاصل کر جاتے ہیں۔ اگر تم بھی سرطانی آدمی ہو تو اپنے حلقۂ اثر کا اندازہ لو۔ دوبارہ سہ بارہ سوچو اور پھر میدان میں آجاؤ۔ اپنی ذمہ داریوں اور قابلیتوں کا مظاہرہ کرو، جیت تمہاری ہوگی۔ وہ لوگ جو سیاست میں کامیاب ہو جاتے ہیں وہ اپوزیشن کا کامیابی سے مقابلہ کرتے ہیں لیکن ان لوگوں کے لئے سیاسی زندگی بڑی کٹھن ہوتی ہے۔ یہ لوگوں کے ہاتھ بڑی مشکل سے آتے ہیں۔ کوئی کام کرنا ہو تو فوراً عمل کرتے ہیں۔ سوالوں کے جواب فوراً دیتے ہیں، ورنہ سنی ان سنی کر دیتے ہیں۔ سفر اور دورے کرنے کے شائق ہوتے ہیں۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۴ رجولائی سے ۲۳ راگست کے درمیان ہو۔

**اسد** والے لوگ عموماً عمدہ طریقہ سے کام کرتے ہیں اور ملکی کام کا سارا بوجھ دوسروں کے کندھوں پر ڈال دیتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے گھروں میں بیٹھے مصروف گفتگو رہتے ہیں، ان کی سیاسی چالیں بہت گہری ہوتی ہیں، یہ چالاکی سے زیادہ کام لیتے ہیں، میدانِ سیاست میں آنے پر ان کے اندازے پایۂ تکمیل تک جلد پہنچتے ہیں۔ یہ راز کو رکھنے میں بہت ماہر ہوتے ہیں، یہ لوگ جب سیاست سے باہر ہوتے ہیں تو یوں محسوس کرتے ہیں جیسے اپنی قوت کو کھو بیٹھے ہیں لیکن جن جگہوں پر ان کا کچھ وقار ہوتا ہے اپنے کام نکالتے رہتے ہیں۔ یہ لوگ ووٹروں سے کئے گئے وعدوں کو پورا نہیں کر سکتے۔ اگر ان کے لئے کوئی دشواری بھی نہ ہو تو بڑی مشکل سے دوسروں کا کام کرتے ہیں۔ ناجائز ذرائع آمدنی کو قابو میں لانا اور اختیار کرنا ان کے لئے معمولی بات ہوتی ہے۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۴ راگست سے ۲۳ رستمبر کے درمیان ہو۔

**سنبلہ** والے سیاسی لوگ عجیب قسم کے ہوتے ہیں، وہ دوسروں میں قطعی دلچسپی نہیں رکھتے۔ الوداعی فقرہ فوراً ادا کر دیتے ہیں۔ ہاتھ ملانے کو تیار رہتے ہیں۔ بات کرنا مکمل الفاظ میں اور جلدی سننا چاہتے ہیں۔ ہمیشہ ہر جگہ دیر سے پہنچتے ہیں۔ یہاں تک کہ پارٹی یا میٹنگ یا مباحثہ میں انہیں ایسے فعل پر سخت تنبیہ کی جاتی ہے۔ محکمہ کے ایسے کام لے کر خوش ہوتے ہیں جو خود بخود ہوتے رہتے ہوں۔ مقررہ لائنوں پر چلنے والے کاموں کو لے کر پسند کرتے ہیں تاکہ کام اور فہم کی مصیبت سے بچے رہیں۔ بہت محتاط ہوتے ہیں، کاروبار میں بھی بہت مدوجزر دیکھتے ہیں اس لئے ان کی طبیعت مدوجزر کی عادتی ہوتی ہے لکھنے میں جو لکھ جائیں ان کو کوئی کاٹ نہیں سکتا۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۴ رستمبر سے ۲۳ اکتوبر کے درمیان ہو۔

**میزان** والے لوگ بہت مصروف رہتے ہیں، ان

پارٹی اور دوسرے لوگوں کے معاملے کو ختم کرنے کے لئے ان کی مدد لیتے ہیں۔ یہ لوگوں کو خاموش کرانے کے ماہر ہوتے ہیں، ان کی قوت جچی تلی ہوتی ہے، مخالفوں پر اپنی پالیسی سے فوراً قابو پالیتے ہیں، لوگ ان کی باتوں کے چکر میں آجاتے ہیں، یہ پارٹی کے لیڈر بہت موزوں رہتے ہیں، کسی میدان کو جیتنے کے لئے بہتر چال چل سکتے ہیں۔ یہ اسمبلی میں ہوں یا باغ میں بیٹھے ہوں ان کے مخالفانہ گروپ کو نیچا دکھانے والے توڑ خوب کام کرتے ہیں۔ ایسے نظریات چھوڑتے ہیں کہ عوام کو ان کا قبول کرنا مشکل نہیں ہوتا۔ اس لئے مقبول عام ہوتے ہیں۔ ہر شخص کو خوش رکھتے ہیں اور ہر شخص سے چار سو بیسی کرتے ہیں اور کامیاب زندگی بسر کرتے ہیں، کسی کو اُن سے شکایت نہیں ہوتی، شکایت ہو بھی تو ان کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۴ر اکتوبر سے ۲۲ر نومبر کے درمیان ہو۔

**عقرب** والے لوگ میدانِ سیاست کو لڑ جھگڑ کر بھی جیتنا چاہیں تو کامیاب رہتے ہیں۔ دراصل یہ قوت سے میدان جیتتے ہیں، اس امر کی کوئی پرواہ نہیں کرتے کہ مقابل کون ہے۔ یہ لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے بہتر تجاویز رکھتے ہیں اور ان پر عمل درآمد کرواتے ہیں۔ یہ بہترین سیاسی آدمی ہوتے ہیں، سرگرمیاں ان کے خون میں بسی ہوتی ہیں، بہت جوش و خروش سے آخر تک کام کرتے ہیں اور عوام کی مدد کرتے ہیں، یہ لوگ راز کی باتوں کو پاکر اُن سے فائدہ اٹھاتے ہیں، تم ان کے بحث و مباحثہ، جلسے جلوس سے گریز کرنا ہی پسند کروگے کیوں کہ یہ باتیں کم کرتے ہیں، لڑائی جھگڑے کے انتظام انہوں نے پہلے سے کئے ہوتے ہیں۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۳ر نومبر سے ۲۲ر دسمبر کے درمیان ہو۔

**قوس** والے سیاسی لوگ وقت اور موقع کو خوب پہچانتے ہیں، یہ فائنینس کام بہتر کرسکتے ہیں، اگر یہ دنیا کا سفر کریں تو بہت روپیہ پیدا کرلیتے ہیں۔ بیرونِ ملک بھی اگر ان کو گورنمنٹ کا کام دیا جائے تو بھی یہ اپنا کاروبار شروع کردیتے ہیں اور بے شمار دولت کما لیتے ہیں۔ گورنمنٹ کے بہت ذمہ دارانہ کاموں کو سنبھالتے ہیں اور اپنے کام کا بہت تجربہ رکھتے ہیں، عوام کو ضرورت پورا کرنے کا خاص خیال رکھتے ہیں اور بہت کام کرجاتے ہیں۔ جب ان کو کسی فیصلہ کے لئے طلب کیا جائے تو فوراً تیار ہوجاتے ہیں اور بغیر کسی مشکل کو پیدا کئے کام ختم کردیتے ہیں۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۳ر دسمبر سے ۲۰ر جنوری کے درمیان ہو۔

**جدی** والے سیاسی لوگوں سے اونچا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ سابقہ کام و تجربہ کو مدنظر رکھتے ہیں۔ زندگی کی جدوجہد کو پسند کرتے ہیں اور کچھ قدامت پرست ہوتے ہیں، یہ جس پوزیشن میں ہوں خوش رہتے ہیں لیکن وہ ہر وقت یہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ راستہ آسان نہیں ہے۔ یہ سیاست کو اس لئے اختیار کرتے ہیں کہ اس میں کام کرنے کا خوب موقع ملتا ہے۔ وہ اپنی پوزیشن اور عہدے سے یہ اظہار کراتے رہتے ہیں کہ وہ اس کام کے لئے کس قدر موزوں آدمی ہیں، وہ تخیلی نہیں بلکہ عملی آدمی ہیں۔ ان کی قوت ہمیشہ ان کو فاتح رکھتی ہے، تم ان سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہو، ان کے علم و تجربہ کو کامیاب نتائج کے لئے استعمال کرسکتے ہو، یہ ملک کے لئے بہت مفید کام کرتے ہیں۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۱ر جنوری سے ۱۹ر فروری کے درمیان ہو۔

**دلو** والے سیاسی لوگ ہمیشہ ملک کے حالات تبدیل کرنے کے خواہاں رہتے ہیں۔ ان کی اسکیمیں کامیاب بھی رہتی

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
محمد شبیر قادری

ہیں اور ناکام بھی۔ اگر یہ تجربہ کرنا چاہیں کہ وہ کتنے پانی میں ہیں تو اپنی امیدوں کو کسی مضبوط اور تعمیری پروگرام کی بنیادوں پر استوار کریں، مخالفانہ اور حاسدانہ رویہ کو ختم کردیں یا مقابلہ کے لئے تیار رہیں، ان لوگوں کو اپوزیشن سے ہمہ وقت واسطہ رہتا ہے۔ اگر یہ اپنی تجاویز کو پیش کرنے کی پوری قابلیت رکھتے ہوں تو ان کو کامیابی ہوگی، ان میں نقص یہ ہے کہ جب کوئی ان کو مقابلے کے لئے چیلنج کرے تو دماغی توازن کھو بیٹھتے ہیں، یہ لوگ ملک کے لئے کوئی اہم کام نہیں کرپاتے لیکن ہمیشہ سرگرم عمل نظر آتے ہیں، عوام کے سچے ہمدرد نظر آئیں گے مگر نظریات میں فیل زیادہ ہوتے ہیں اور کامیاب کم۔

جن کی تاریخ پیدائش ۲۰ر فروری سے ۲۰ر مارچ کے درمیان ہو۔

**حوت** والے سیاسی لوگ کسی طویل، اہم اور خاص اپوزیشن سے گھبراتے ہیں، یہ لوگ میٹنگ میں آنے سے کترا جاتے ہیں، البتہ دوست بنانے اور حقائق کو بروئے کار لانے میں بہت ماہر ہوتے ہیں۔ پارٹی کے بہت مقبول ممبر ہوتے ہیں، اشتراک عمل کو پسند کرتے ہیں۔ ڈپلومیٹک بھی کامیاب رہتے ہیں، نتائج کو بلاواسطہ طریقوں سے لاتے ہیں۔ اگر ان کا عمل باقوت ہو تو یہ اپنے عمل میں محتاط نہیں ہوتے، اندھادھند جو چاہیں کرجاتے ہیں اور جو چاہیں کہہ جاتے ہیں۔ میدانِ سیاست میں ان کی دلچسپی ہمہ وقت قائم رہتی ہے۔ یہ کسی چیلنج کو قبول کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔ دنیا کے لئے اہم آدمی ثابت ہوتے ہیں اور اپنے اہم نظریات سے ملک کے لئے بہت کام کرجاتے ہیں۔

☆☆☆

## کارآمد نکات

۱- نئے مکان میں داخلہ کے لئے تین ماہ نحس ہوتے ہیں: اپریل، جولائی اور نومبر، نیز کسی بھی ماہ کی ۱۱ر تاریخ اس امر کے لئے سعد نہیں ہوتی۔

۲- جب گھر تبدیل کریں تو سامان لے جانے سے ۲۴ر گھنٹے قبل پانچ چیزیں وہاں رکھ آئیں۔ بہت فراوانی، برکت اور خوش بختی حاصل ہو: (۱) قرآن مجید (۲) روٹی (۳) شہد (۴) سفید سکہ چاندی کا، ۶ر کٹورے میں ایک کلو گیہوں (۵) نمک۔ منتقل ہونے کے بعد ان چیزوں کو خیرات کردیں۔

۳- ناشتے سے قبل کبھی اپنا خواب نہ سنائیں۔ اگر کوئی خواب تین دفعہ دیکھیں تو یہ دوستانہ وارننگ ہوگی۔

۴- اگر آپ کے پاس کوئی تعویذ یا لوح یا طلسم ہے تو اس کے متعلق ہرگز کسی کو نہ بتائیں۔ یہاں تک کہ اپنے سب سے وفادار اور بہترین دوست کو بھی نہ بتائیں۔

۵- جب کیتلی یا فرائی پین نیا خرید کر لائیں تو جو چیز سب سے پہلے اس میں پکائیں جب وہ جلنے لگے تو اسے باہر پھینک دیں۔ پرواہ نہ کریں وہ کتنے کی ہی چیز ہو۔ جب تک وہ برتن گھر میں رہے گا، خوراک کی کمی نہ ہوگی۔

۶- شیشہ ٹوٹ کر گر جائے تو نحس نہیں ہوتا بلکہ خوشیوں کی نوعیت بدل جاتی ہے، البتہ فوٹوں کے فریم کا شیشہ فرش پر گر کر ٹوٹ جائے تو اس شخص پر کوئی مشکل یا مصیبت آئے گی۔

۷- جمعہ کے دن کبھی بستر کا رخ تبدیل نہ کریں۔

۸- مندرجہ ذیل تاریخیں ہر لحاظ سے نحس ہوتی ہیں، خواب کی تعبیر ان میں بتائیں تو الٹ ہوگی۔ کاروبار کریں تو نتیجہ خراب نکلتا ہے، کسی سے ملاقات بڑھائیں تو خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوگی، آپ بھی آزمائیں۔

جنوری ۱، ۲، ۴، ۶، ۱۱، ۱۲، ۲۰۔ فروری ۱، ۲، ۱۷، ۱۸۔ مارچ ۱۴، ۱۶۔ اپریل ۱۰، ۱۷، ۱۸۔ مئی ۷، ۸ جون ۱۷۔ جولائی ۱۷، اگست ۱۰، ۲۱۔ ستمبر ۱۰، ۱۸۔ اکتوبر ۶۔ نومبر ۶، ۱۰ دسمبر ۶، ۱۱، ۱۵۔

محمد بشیر جمعہ

# پرکشش شخصیت بننے کی ۵۰ تجاویز

پرکشش بننے کے لئے گفتگو کا سلیقہ بہت ضروری ہے۔ ایسی گفتگو جس سے آپ نہ صرف دوسروں کو متاثر کرسکیں، بلکہ لوگوں کے التفات اور توجہ کا مرکز بھی بن جائیں۔ اکثر لوگ اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ آپ نہ صرف ان کی باتوں میں شریک ہوں، بلکہ ان ہی کے مطلب کی باتیں بھی کریں۔ جب کہ ایسے لوگوں کی بھی کمی نہیں، جو دوسروں سے باتیں کرنے کو ترستے ہیں۔

وہ چاہتے ہیں کہ کوئی ان سے بات کرے، خواہ وہ کسی بھی موضوع سے متعلق ہو۔ ماہرین نے فن گفتگو کے حوالے سے ایک تھیوری پیش کی ہے، جسے اگر اپنا لیا جائے، تو بہت سی دقتیں ختم ہوسکتی ہیں۔ تھیوری کے مطابق، گفتگو کا مقصد باہمی الفت و ہمدردی اور آپس میں میل جول پیدا ہونا چاہئے۔ آپ لوگ اگر اس تھیوری کے تحت ایک دوسرے سے بات چیت کریں، تو گفتگو میں کبھی رنجش اور ناخوش گواری پیدا نہیں ہوسکتی۔

ایک مشہور امریکی مدبر، ایلس جے میکلا ناہان کا کہنا ہے کہ ”ہمیں کبھی دوسروں کی باتوں کی نفی یا کاٹ نہیں کرنی چاہئے، بلکہ ان کی باتوں ہی پر اپنی گفتگو کی عمارت کھڑی کرنی چاہئے۔“ ذیل میں فن گفتگو سے متعلق چند اہم ضروری باتیں اور تجاویز پیش کی جارہی ہیں، جو آپ کی گفتگو کو نکھار پیدا کر کے آپ کو نہ صرف توجہ کا مرکز بنا دیں گی، بلکہ آپ کے گھر کے ماحول کی بہتری و نکھار میں بھی بہت مدد و معاون ثابت ہوں گی۔

۱۔ آپ جب بھی کہیں نئے لوگوں کی گفتگو میں شامل ہوں، تو فوراً کوئی نئی بات نہ چھیڑیں، بلکہ ان لوگوں کو رفتہ رفتہ اپنے ڈھب پر لائیں۔ فوراً کوئی نئی بات چھیڑنے سے لوگوں کی گفتگو میں بے جا مداخلت ہوتی ہے اور کوئی بھی یہ بات پسند نہیں کرتا۔

۲۔ اگر کسی محفل میں بہت سے افراد موجود ہوں تو سب سے مخاطب ہو کر بات کریں، صرف ایک شخص کی جانب متوجہ نہ ہوں۔ اپنے چہرے اور نظروں کا رخ بھی سب کی طرف پھیرتے رہیں۔

۳۔ گفتگو میں گرم جوشی سے ایک نئی زندگی پیدا ہوجاتی ہے، لیکن کبھی بھی سب پر حاوی ہونے کی کوشش نہ کریں۔ دوسروں کو بھی باتیں کرنے کا موقع دیں۔

۴۔ گفتگو کے وقت کوئی اختلافی مسئلہ یا کوئی ایسی بات ہرگز نہ چھیڑیں، جس سے دوسروں کے جذبات مجروح ہوتے ہوں۔ کسی کے کاروبار یا پیشے پر تنقید نہ کریں، کیوں کہ اس سے تکلیف پہنچتی ہے۔

۵۔ گفتگو کرتے وقت کسی دوسرے شخص کے نجی مسائل چھیڑنے سے اجتناب برتیں۔

۶۔ کھری کھری باتیں کہنے اور خود کو بولڈ ثابت کرنے سے اجتناب کریں۔ بعض لوگوں کو یہ فخر ہوتا ہے کہ وہ کھری بات کرتے ہیں لیکن ان کی کھری باتوں سے اکثر لوگوں کے جذبات مجروح ہوجاتے ہیں۔

۷۔ کبھی کبھی بچوں کو بھی اپنی بات چیت میں شامل کریں۔ بعض افراد بچوں کو مطلق منہ لگانا پسند نہیں کرتے، حالاں کہ وہ اپنے والدین اور بھائیوں سے بات کرنے کے لئے بے قرار رہتے ہیں۔

۸۔ لوگوں کے متعلق گفتگو کرنا برا نہیں۔ اگر غور کیا جائے، تو معلوم ہوگا کہ ہم سب ایک دوسرے کے حالات جان کر ہی تجربات اور سبق حاصل کرتے ہیں۔ ڈراموں، قصے کہانیوں، داستانوں، آپ بیتیوں، ناولز اور افسانوں میں بھی دوسروں کی زندگی کے حالات ہی دل چسپ انداز میں پیش کئے جاتے ہیں۔

۹۔ دوسروں کے مشاغل پر بات چیت سے بہت سی نئی

www.freeamliyaatbooks.blogspot.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks محمد بشیر قادری

معلومات حاصل ہوسکتی ہیں اور لوگ اپنے دل چسپ مشاغل کے بارے میں بات کرتے وقت خوشی بھی محسوس کرتے ہیں۔

۱۰۔ اگر اپنی گفتگو میں ہلکا سا مزاح بھی شامل کرلیں تو اس سے خشک اور غیر دلچسپ موضوعات بھی کسی قدر پرلطف بن سکتے ہیں۔

۱۱۔ دوسروں سے اپنی پریشانیوں اور مصائب ہی کا رونا مت روتے رہیں، ایسی باتیں صرف بہت قریبی دوستوں سے شیئر کریں۔

۱۲۔ گفتگو کے درواں حسب ضرورت اپنے چہرے پر مسکراہٹ لائیں۔ ایک حدیث مبارکہ بھی ہے کہ ''اپنے بھائی سے مسکرا کر ملنا بھی صدقہ ہے۔''

۱۳۔ دوران گفتگو اگر کوئی ہنسی کا پہلو آجائے تو پہلے ہنس لیں یا پھر بات کریں، دونوں کام ایک ساتھ نہ کریں۔

۱۴۔ گفتگو کے دوران اپنے چہرے کے اتار چڑھاؤ کا خاص خیال رکھیں۔

۱۵۔ ہمیشہ صاف اور واضح آواز میں بات کریں۔ تاہم، زیادہ اونچی آواز میں بولنے سے گریز کریں۔

۱۶۔ لب و لہجے اور اندازِ تکلم کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

۱۷۔ بات چیت کرتے ہوئے اگر دانت صاف، چہرہ دھلا ہوا، بال سنورے ہوئے اور کپڑے صاف ستھرے ہوں، تو اس سے کثیر فوائد حاصل ہوسکتے ہیں۔

۱۸۔ جس فرد سے گفتگو کی جارہی ہے، اگر وہ اپنا سر کھجانا شروع کردے یا پھر گھڑی یا ہاتھ کی کلائی کی طرف نظریں لے جائے، تو یہ اس بات کی نشانی ہے کہ اب وہ بات ختم کردینی چاہئے۔

۱۹۔ طویل گفتگو کے لئے پہلے سے طے کرلیں۔

۲۰۔ لوگوں کے متعلق شکایات ہوں، تو تحریر کرلیں۔ اور پھر سوچیں کہ اگر آپ ان کی جگہ ہوتے تو کیا انہیں بھی آپ سے ایسی ہی شکایت ہوتیں۔

۲۱۔ ذہن میں آنے والی تجاویز کا فوراً اظہار نہ کریں۔

۲۲۔ ہمیشہ اچھی رائے، عمدہ روش اور میانہ روی اختیار کریں۔

۲۳۔ اپنی بات منوانے کے لئے اپنے ہم جنس کے بائیں کاندے پر ہاتھ رکھیں اور پھر گفتگو کریں، جب کہ مخالف جنس سے ہمیشہ ایک فاصلے پر رہ کر بات کریں۔

۲۴۔ گفتگو کے دوران کسی تکیہ کلام کا استعمال ہرگز نہ کریں، بلکہ اس عادت سے جس قدر جلد چھٹکارا پالیں، تو بہتر ہے کہ اس کے باعث عموماً گفتگو مضحکہ خیز ہوجاتی ہے۔

۲۵۔ گفتگو کو کہانی اور واقعات کے انداز میں پیش مت کریں۔ ایک ہی جملے میں کہنے والی بات کو طویل کرکے سامع کے دس پندرہ منٹ ضائع نہ کریں۔

۲۶۔ اپنی گفتگو سے مقصد ضرور حاصل کیجئے۔

۲۷۔ گفتگو میں تسلسل رکھیں۔ بعض افراد گفتگو کے دوران کافی حد تک سیاحت کروادیتے ہیں۔ اس عادت سے احتراز کریں۔

۲۸۔ معلوماتِ عامہ اور کامن سینس ضرور ہونی چاہئے۔

۲۹۔ دوسرے کی بات کبھی کاٹیں نہیں۔ بہترین گفتگو کرنے والے کی بڑی نشانی یہی ہے کہ وہ پہلے دوسرے کی بات بہ غور سنتا ہے اور پھر ذہانت سے اس کا جواب دیتا ہے۔

۳۰۔ اپنے غصے پر ہمیشہ قابو رکھئے۔ ایسی صورت میں بیٹھ جائیں یا خاموش ہوجائیں۔

۳۱۔ اخبارات کا مطالعہ، عام ماحول میں گفتگو اور تبصرے کے لئے اچھا مواد فراہم کرتا ہے۔

۳۲۔ افراد سے گفتگو میں ہمیشہ اپنا یا اپنے اہل خانہ ہی کا دفاع مت کریں۔

۳۳۔ گفتگو میں مخاطب کے ذہن، تہذیب اور علم کا لحاظ ضرور رکھیں۔

۳۴۔ فضول اور بے مواقع باتوں سے پرہیز کیجئے۔

۳۵۔ اچھی بات کہیے، یا پھر چپ رہیں۔

www.freeamliyaatbooksurdu.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOK'S محمد بشیر قادری

۳۷۔ لوگوں کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آئیں۔

۳۸۔ بھلائی کی مدافعت احسن طور پر کریں۔

۳۹۔ اگر لوگ گفتگو کے دوران یا کسی اور موقعے پر آپ کے ساتھ احسان کریں، تو ان کا شکریہ ادا کریں۔ نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے "جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا، وہ اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کرتا۔

۴۰۔ کسی کے ساتھ بازاری انداز میں لڑائی جھگڑا مت کریں، اگرچہ آپ حق ہی پر کیوں نہ ہوں۔

۴۱۔ کثرت سے "سلام علیکم" کہیے۔ اس سے عزت اور نیکوں میں اضافہ ہوتا ہے۔

۴۲۔ خود پسندی اور اپنے اوصاف زیادہ بیان کرنے سے گریز کریں۔

۴۳۔ لوگوں کے منہ پر ان کی تعریف نہ کریں۔

۴۴ کسی کے ساتھ بدسلوکی نہ کریں۔ ہمیشہ شریفانہ اخلاق اختیار کریں۔

۴۵۔ جب کسی ایسے شخص کو دیکھیں، جس پر آپ کو کسی بھی لحاظ سے فضیلت حاصل ہے تو اللہ کی بہت تعریف کریں۔

۴۶۔ کسی چیز کو دیکھ کر یا سن کر بدفالی نہ کریں۔

۴۷ کوئی ہم جنس مصافحہ کرے، تو اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے پہلے نہ کھینچیں، یہاں تک کہ وہ خود اپنا ہاتھ ہٹائے۔

۴۸۔ جب کوئی شخص متوجہ ہو کر بات کرے تو اس سے منہ نہ پھیریں۔

۴۹۔ دورِ جدید کی ایجادات کا بھرپور استعمال سیکھیں اور ان سے سہولت حاصل کر کے انہیں دعوتِ دین کا ذریعہ بنائیں۔

۵۰۔ اپنے لئے یہ دعائیں ضرور کریں (اے اللہ مجھے اچھے انداز سے پیدا کیا اب تو میرے اخلاق بھی اچھے کر دے) اور (اے اللہ! تو مجھے علم کی دولت سے غنی کر دے اور زینت دے مجھ کو بردباری کے ساتھ، اور مجھے عزت دے تقویٰ کے ذریعہ اور سجا دے مجھ کو صحت سے)

# برائے شادی دختران

## ترقی تجارت حصول مال و دولت

آپ قارئین کے لئے اسمائے الٰہی اور حروف مقطعات کا جو نقش پیش کر رہا ہوں یہ نقش میرا آزمودہ ہے اور نقش اعظم کہلاتا ہے، میری ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ کوئی نئی چیز پیش کی جائے جو قارئین کی دلچسپی اور فوائد کا سامان مہیا کر سکے یہ نقش کئی فوائد کا حامل ہے، مثلاً شادی دختران، ترقی تجارت، حصول مال و دولت، دفع سحر، حصول فتوحات اور ترقی زراعت کے لئے تیر بہدف کام دیتا ہے۔ آج کے پرآشوب دور میں والدین اپنی لڑکیوں کی شادی کے متعلق بہت پریشانی میں مبتلا ہیں، حروف مقطعات اور اسماء الٰہی کا یہ نقش ان کے لئے عطیہ خداوندی سے کم نہیں ہے۔ کسی عامل سے جو صوم و صلوۃ کا پابند ہو اور حروف ابجد اکبری کی زکوۃ کا حامل ہو وہ نقش زعفران سے لکھوالیں ایک نقش لڑکی کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا نقش لڑکی اپنے دوپٹے کے کونے میں باندھ لے، اللہ نے چاہا تو لڑکی کا رشتہ بہت جلد طے ہو جائے گا۔ نقش مبارک یہ ہے۔

اس نقش کی پشت پر یہ عبارت تحریر کریں۔ (الٓمٓ الٓمٓصٓ الٓرٰ، الٓمٓرٰ، کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ، طٰسٓمٓ، طٰسٓ، یٰسٓ، صٓ، حٰمٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| عسق | طس | حم ق | الر ن |
|---|---|---|---|
| احد ملک | مالک کافی | نافع | رحمان |
| نحمد ۲۲۲ | ملک رب | اللہ | کفیل |
| حمعسق | طس | المص | ص ق ن |

یہ نقش خاص طور یکم رجب کو لکھا جاتا ہے یا پھر کسی جمعرات کو بھی لکھ سکتے ہیں۔ ترقی تجارت کے لئے ایک بڑے کاغذ پر یہی نقش موٹے حروف میں لکھ کر دکان میں لٹکا دیں خوب کاروبار چلے گا۔ دفع سحر کے لئے یہی نقش لکھ کر چمڑے میں بند کر کے مریض کے گلے میں پہنائیں۔ بحکم خدا شفا ہوگی، فتوحات کے لئے لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لیں ہر جائز کام میں فتح ہوگی۔ زراعت کی ترقی کے لئے ایسے چار نقش بنوائیں اور کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں فصل نقصان سے محفوظ رہے گی۔

# بھرپور نیند کے چند اصول

نیند اچھی صحت کا ایک لازمی حصہ ہے، دن بھر کی بے آرامی اور تکان کو نیند جتنا بحال کر سکتی ہے اور کوئی چیز نہیں کر سکتی۔ اس حقیقت کے باوجود جسے تمام لوگ بخوبی جانتے ہیں۔ ۱۰۰ ملین امریکی کسی نہ کسی صورت میں بے خوابی کا شکار ہوتے ہیں، ہر چھٹے آدمی کو کچھ نہ کچھ بے خوابی کی تکلیف ہے۔ بے خوابی سے دن کو نہ صرف غنودگی کے دورے پڑتے ہیں، بلکہ تکان محسوس ہوتی ہے۔ جن لوگوں کا کام ایسا ہے کہ رات اور دن کو کام کی شفٹیں بدلتے ہیں، ان کے مسائل زیادہ سنگین ہیں، انہیں مرض قلب بدہضمی وغیرہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

## گہری نیند کے راز

خوش قسمتی سے خواب اور بے خوابی پر اچھی خاصی تحقیق ہو چکی ہے۔ تحقیق کاروں نے مندرجہ ذیل نکات تجویز کئے ہیں۔

## بے فکری سے رہیں

تناؤ اور فکر و تشویش میں نہ رہیں، اعصاب پر فکر کو سوار نہ کریں، بات بات پر سنجیدہ نہ ہو جائیں، چیزوں کو برداشت کریں، اگر آپ اس قسم کے آرام و سکون پر قابو پالیں تو آپ کو سوتے وقت کروٹیں نہیں بدلنی پڑیں گی، آپ جلد سو جائیں گے۔

## نظام الاوقات کی پابندی کریں

کبھی دیر سے سونا، کبھی جلدی سونا، کبھی پہلے کھانا تناول کرنا، کبھی دیر سے، اس قسم کی بدنظمی اور بے ضابطگی جو لگے بندھے نظام کو توڑ دیتی ہے، نیند کے حق میں بہت بری ثابت ہوتی ہے۔ ہمیشہ مقررہ وقت پر سوئیں اور مقررہ وقت پر اٹھیں خواہ چھٹی کا دن ہی کیوں نہ ہو، اگر آرام کرنا مطلوب ہے تو پہلے غسل، ناشتہ وغیرہ اپنے مقررہ وقت پر کرلیں، پھر آرام کریں۔

## قیلولے کو مختصر رکھیں

اگر آپ قیلولہ کرنے کے عادی ہیں تو اس کو مختصر رکھیں، زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹہ ورنہ رات کو نیند نہیں آئے گی، قیلولہ بستر پر مناسب ہوتا ہے۔

## ورزش کریں

جب گاڑیاں اور موٹر کاریں نہیں تھیں تو لوگ لمبے لمبے فاصلے پیدل طے کرتے، گھر کے کام خود کرتے، اس لئے دن بھر میں ان کی اتنی ورزش ہو جاتی کہ ادھر لیٹے اُدھر خراٹے بھرنے لگے۔

اب غریب آدمی بھی پیدل نہیں چلتے، ایک سے دوسرے اسٹاپ تک بس سے سفر کرتے ہیں، گھر کا کوئی کام نہیں کرتے، اس آرام پسندی نے امیر و غریب سب کو کاہل بنا دیا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے آپ روزانہ ورزش کریں یا پیدل چلیں، کم از کم ۲۰ منٹ روزانہ پسینہ آئے گا، اعضا کھلیں گے تو رات کو نیند بھی آئے گی۔

## مشروبات کے معاملے میں احتیاط کریں

مشروبات، کوفی، چائے، کوکا کولا سونے سے دو گھنٹے پہلے بند کر دیں، یہ چیزیں نیند کو خراب کرتی ہیں، کوفی کے اثرات گھنٹوں جسم میں رہتے ہیں، نیز ان کے استعمال نہ کرنے سے آپ کو رات کو پیشاب بھی کم آئے گا، بستر پر جب بھی لیٹیں جب نیند کا غلبہ ہو، نیند کے لئے گولیوں کا استعمال نہ کریں، نیند کی گولیاں دل کو کمزور کرتی ہیں۔

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

# ایسی ۱۵ عادتیں جو آپ کو کبھی بیمار نہیں ہونے دیں گی!

کیا کبھی آپ نے غور کیا ہے کہ آپ کے آس پاس موجود کچھ لوگ اکثر بیمار رہتے ہیں جبکہ بعض افراد موسم کی سختی کو با آسانی برداشت کر لیتے ہیں اور ہمیشہ صحت مند اور تندرست نظر آتے ہیں۔ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ انسان کا رہن سہن اور لائف اسٹائل اس کی صحت کو متاثر کرتا ہے جس کی وجہ سے لوگ بار بار بیمار ہوتے ہیں۔ کمزور قوت مدافعت بھی بیمار ہونے کی وجہ ہوتی ہے جس کے نتیجے میں آپ کی روز مرہ زندگی بہت زیادہ متاثر ہوتی ہے اور پریشانیاں وفکریں انسان کو گھیر لیتی ہیں۔ یہاں صحت مند انسانوں کی چند عادات پیش کی جا رہی ہیں جنہیں دیکھ کر کمزور قوت مدافعت کے حامل افراد بھی اپنی معمولات زندگی میں تبدیلی لا سکتے ہیں اور بار بار بیمار رہنے کی عادت سے پیچھا چھڑا سکتے ہیں۔

**مثبت سوچ**: بار بار بیمار رہنے کی ایک وجہ آپ کی سوچ بھی ہو سکتی ہے۔ اگر آپ اپنے دماغ میں یہ بات بٹھا لیں کہ سرد و گرم موسم کے اثرات آپ پر اثر انداز ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے آپ کا مدافعتی نظام کمزور پڑ رہا ہے تو آپ لازمی بیمار ہوں گے۔ اس کے برعکس آپ اگر موسم کی سختی کو اپنے اوپر حاوی نہ ہونے دیں اور بیماری کے متعلق زیادہ نہ سوچیں تو آپ دیکھیں گے کہ آپ کی صحت پر اس کے مثبت اثرات مرتب ہونا شروع ہو گئے ہیں۔

زیادہ سے زیادہ پانی پئیں: زیادہ سے زیادہ پانی پینے کی عادت کو اپنی زندگی میں اس طرح شامل کر لیں کہ اس کے بغیر آپ کو اپنی زندگی ادھوری لگے۔ کوشش کریں کہ دن میں کم از کم ۸ رگلاس پانی پئیں۔ صحت مند زندگی میں پانی کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ ایک ۲۰ رکلو وزن کے انسانی جسم کو ایک لیٹر پانی کی ضرورت ہوتی ہے لہٰذا آپ کا وزن ۵۰ رکلو گرام ہے تو آپ کو ڈھائی لیٹر پانی کی ضرورت ہے۔

**وٹامن سی کا استعمال**: وٹامن سی انسانی صحت کے لئے بہت ضروری ہے کیونکہ یہ وٹامن مدافعتی نظام کو بڑھانے کے ساتھ طاقتور بھی بناتا ہے۔ وٹامن سی حاصل کرنے کا سب سے بہترین ذریعہ ترش پھل جیسے لیموں، کینو، مالٹا وغیرہ ہیں جبکہ دھوپ سے بھی وٹامن سی حاصل کی جا سکتی ہے۔

**بھرپور نیند** : اگر کوئی انسان بے خوابی کا شکار ہے اور جلدی لیٹنے کے باوجود اسے نیند نہیں آتی تو اس کا مطلب ہے کہ اس کا مدافعتی نظام بے حد کمزور ہے کیونکہ نیند کا براہ راست تعلق مدافعتی نظام سے ہوتا ہے۔ لہٰذا کوشش کریں کہ بھرپور نیند لیں اور صبح تازہ دم اٹھیں۔

**حفظان صحت اور مناسب صفائی** : کوشش کریں کہ اپنے آس پاس کی جگہ خاص طور پر فرش، دروازے، لائٹ، ریموٹ اور ٹوائلٹ وغیرہ کی صفائی کا بے حد خیال رکھیں کیوں کہ گھر میں گر ایک انسان بیمار ہوگا اور وہ ان تمام چیزوں کو ہاتھ لگائے گا تو اس کے جراثیم گھر کے دیگر افراد میں منتقل ہو جائیں گے جس کی وجہ سے دیگر لوگوں کے بیمار ہونے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔

**موبائل فون کی صفائی** : موبائل فون استعمال کرنے والے یہ بات ذہن میں بٹھا لیں کہ موبائل پر نقصان دہ بیکٹر یا سب سے زیادہ تعداد میں پائے جاتے ہیں لہٰذا موبائل فون کی روزانہ صفائی کو یقینی بنائیں اور اگر ہو سکے تو دن میں دوبارا سے اچھی طرح صاف کریں۔

**احتیاطی تدابیر** : سرد موسم کی شروعات ہوتے ہی نزلے اور زکام کے جراثیم انسانوں پر حملہ آور ہوتے ہیں جس کے باعث انسان بیمار ہو جاتے ہیں اور اپنے آس پاس کے لوگوں کو بھی بیمار کرتے ہیں لہٰذا ان جراثیم سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ موسم کی تبدیلی کے ساتھ ہی نزلے اور زکام سے بچاؤ کی ویکسین لے لیں اس طرح آپ کا مدافعتی نظام بیمار کرنے والے جراثیم سے لڑنے کے لئے تیار ہو جائے گا

ہاتھوں کو دھونے کی عادتوں کو اپنائیں: ہاتھ دھونے کی عادت ہمیں بچپن سے سکھائی جاتی ہے۔ یہ عادت حفظان صحت کے اصولوں کے معیار پر پوری اترتی ہے۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں، اس کے علاوہ ٹوئلٹ سے باہر آنے کے بعد بھی لازمی ہاتھ دھونے کی عادت بنائیں۔

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

**ورزش کرنے کی عادت:** روزانہ ورزش کرنے کو اپنا معمول بنالیں۔ ورزش کرنے سے انسانی صحت پر مثبت نتائج برآمد ہوتے ہیں اور انسان تازہ دم اور چست ہوجاتا ہے۔

**گوشت سے پرہیز:** بعض افراد اپنی خوراک میں گوشت لازمی کھاتے ہیں۔ روزانہ گوشت کھانے کی عادت انسانی صحت کے لئے بہت نقصان دہ ہے اس سے مدافعتی نظام بھی کمزور ہوتا ہے جب کہ وزن میں بھی اضافہ ہوتا ہے جو بذات خود ایک بیماری ہے۔

**ہری سبزیوں کا استعمال:** گوشت کے بجائے اپنی خوراک میں ہری سبزیوں کا استعمال بڑھادیں۔ ہری سبزیاں اینٹی آکسیڈنٹ حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہوتی ہیں جب کہ ان میں بہت سارے وٹامن بھی پائے جاتے ہیں جو مدافعتی نظام کو طاقتور بنا کر جسم کو جراثیم کے خلاف لڑنے کے لئے تیار کرتے ہیں۔

**دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا:** دوستوں کے ساتھ لازمی وقت گزاریں کیونکہ انسان اپنے دوستوں کے ساتھ خوش رہتا ہے جس کے مثبت اثرات اس کی زندگی پر پڑتے ہیں۔

**غیر معیاری غذا سے اجتناب:** عموماً نوجوان تیل میں تلی ہوئی چیزیں جنہیں، اسنیکس، کہا جاتا ہے بہت شوق سے کھاتے ہیں جب میں چپس وغیرہ شامل ہیں تاہم یہ چیزیں وزن میں اضافہ کا باعث بنتی ہیں جب کہ انہیں کھانے سے گلے کے مسائل بھی پیدا ہوجاتے ہیں۔

**ہربل چائے:** ہربل چائے (سبز چائے) اینٹی آکسیڈنٹ حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں جسم میں موجود اضافی چربی کو زائل کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتی ہیں جبکہ سبز چائے پینے سے انسان نہایت ہلکا پھلکا محسوس کرتا ہے۔

**خوش رہیں:** کوشش کریں کہ ہر بات پر ڈپریشن اور تناؤ کا شکار نہ ہوں بلکہ بڑی سے بڑی بات کو بھی ہلکے پھلکے انداز میں لیں اور زیادہ سے زیادہ خوش رہنے کی کوشش کریں۔ اس کے علاوہ اگر آپ کو سسپنس، خوفناک اور جرائم والے شوز دیکھنا پسند ہیں تو انہیں فوراً چھوڑ کر میڈی فلمیں دیکھنا شروع کردیں۔

## شہد کے کچھ خاص فائدے

☆ اگر شہد ایک شیشی میں اصلی شہد بھر کر دمہ کے مریض کی ناک کے پاس لے کر اس کو سنگھاتے جائیں تو سانس لینے میں آسانی ہوتی ہے۔

☆ تپ دق، ٹائی فائڈ، پیلیا، گیس بننا جیسی بیماریوں میں بعد کھانے سے دس منٹ سے اسے گرم پانی کے ساتھ شہد کا استعمال کریں یہ السر پت جیسے امراض میں، بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔ چستی پھرتی پیدا کرتا ہے۔

☆ دل کے مریضوں کے لئے ایک گلاس پانی میں دو چمچہ شہد ملانے سے رات کے وقت استعمال کرنے سے اچھی نیند آتی ہے۔ لیموں کے ساتھ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جس سے فائدہ ہوتا ہے۔

☆ شہد کولسٹرول کے اوپر کنٹرول کرتا ہے اور موٹاپا کم کرتا ہے۔

☆ شہد کو آنکھوں میں کاجل کی طرح لگانے سے آنکھوں کی بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے۔ موتیا بند بھی نہیں ہوتا ہے۔

☆ خالص تازہ شہد روزانہ پندرہ منٹ تک گلے اور چہرے پر لگائیں یا ملیں اور پھر گیلے کپڑے سے صاف کرلیں۔ چہرہ نکھر جائے گا۔ اور جھریاں ختم ہوجائیں گی۔

☆ شہد کو سوکھی پٹی کے ساتھ لگانے سے ناسور اور جلن کے گھاؤ جلدی اچھے ہوجاتے ہیں۔

☆ شہد کا استعمال کرنے سے انرجی بنی رہتی ہے۔ اور بڑھتی عمر میں توانائی اور پھرتی بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

☆ شہد کو ادرک پان اور تلسی کے رس میں تین چار بار چاٹنے سے کھانسی ٹھیک ہوجاتی ہے۔

☆ ٹھنڈے پانی کے ایک گلاس میں دو چمچہ شہد ملا کر پینے سے موٹاپا کم ہوجاتا ہے۔

☆ پیلیا میں روزانہ تین بار از یک چمچہ شہد کو پانی کے گلاس میں ملا کر پلانے سے فائدہ پہنچتا ہے۔

☆ ۵۰ گرام شہد دو چمچ ادرک کا رس تھوڑے گرم پانی میں ملا کر پینے سے زکام ٹھیک ہوجاتا ہے۔

☆ شہد اور پانی کو ملا کر استعمال کرنے سے وہ زہر کا کام کرتا ہے اس لئے اس کو استعمال نہ کریں۔

# شادی کے لئے مبارک تاریخیں (برائے ۲۰۱۹ء)

جو لڑکے اور لڑکیاں ۲۱/ مارچ سے ۲۰/ اپریل کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج حمل ہوتا ہے
اور جن کا برج حمل ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۷فروری ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹،
۲۱، ۲۲، ۲۳مارچ ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰،
۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ مئی ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۲۳، ۲۴، ۲۵،
۲۶، ۲۸ جون ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶
جولائی ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱ اکتوبر ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹،
۲۳، ۲۴، ۲۵، ۳۱نومبر ۱، ۵، ۸، ۹، ۱۰

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷، فروری: ۶، ۸،
۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷،
۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۲۳،
۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۲۰،
۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱ اکتوبر: ۴، ۵،
۶، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۳۱نومبر: ۱، ۵، ۸، ۹،
۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰ ستمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷،
۸، ۱۱، ۱۲

جو لڑکے اور لڑکیاں ۲۰/ اپریل سے ۲۱/ مئی کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج ثور ہوتا ہے
اور جن کا برج ثور ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹فروری: ۶، ۸، ۹،
۱۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲مئی: ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳،
۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، جون: ۴، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۴،
۲۵، ۲۶، ۲۷جولائی: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱ اکتوبر: ۲، ۳، ۷، ۸،
۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۸، ۱۹، ۲۵نومبر: ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۲۱، ۲۲،
۲۳، ۳۰دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹فروری: ۶، ۸، ۹،
۱۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰،
۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳،
۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱جون: ۴، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰،
۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷جولائی: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱ اکتوبر:
۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۸، ۱۹، ۲۵، ۲۹، ۳۰نومبر: ۸،
۹، ۱۰، ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶،
۷، ۸، ۱۱، ۱۲

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOK'S
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۱ر مئی سے ۲۱ر جون کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج جوزا ہوتا ہے
اور جن کا برج جوزا ہوان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

فروری: ۱۹، ۲۱، ۲۳ مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۸ مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳ جون: ۱۶، ۲۲، ۲۳، ۲۶، ۲۷ جولائی: ۶، ۷، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱ نومبر: ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۸، ۳۰ دسمبر: ۲، ۳، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۶، ۲۷، ۲۹ فروری: ۶، ۷، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵ مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۱ جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۳، ۱۶، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، جولائی: ۶، ۷، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۹، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱ نومبر ۱، ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۹، ۲۰، ۲۱ دسمبر: ۳، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۲ر جون سے ۲۳ر جولائی کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج سرطان ہوتا ہے
اور جن کا برج سرطان ہوان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۹، فروری: ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۸، ۳۰، ۳۱ جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، نومبر: ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۹، فروری: ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۸، ۱۹، ۲۳، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱، نومبر: ۱، ۵، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

محمد شبیر قادری

جو لڑکے اور لڑکیاں ۲۴ر جولائی سے ۲۳ر اگست کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج اسد ہوتا ہے
اور جن کا برج اسد ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷ فروری: ۶، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۳۰، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۷ جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، اکتوبر: ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۳۱، نومبر: ۱، ۵، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۷، فروری: ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۳۰، ۳۱، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۷، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، اکتوبر: ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۳۱ نومبر: ۱، ۵، ۱۰، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۲، ۳، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

جو لڑکے اور لڑکیاں ۲۴ر اگست سے ۲۳ر ستمبر کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج سنبلہ ہوتا ہے
اور جن کا برج سنبلہ ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹ فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۲، مئی: ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶ جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، نومبر: ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۶، ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، نومبر: ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۱۱، ۱۲

محمد بشیر قادری

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۴ر ستمبر سے ۲۳ر اکتوبر کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج میزان ہوتا ہے
اور جن کا برج میزان ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

فروری: ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، مئی: ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، جون: ۱۶، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵، نومبر: ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، دسمبر: ۳، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، مئی: ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۵، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۲، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، نومبر: ۱، ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۲، ۶، ۷، ۸۔

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۴ر اکتوبر سے ۲۳ر نومبر کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج عقرب ہوتا ہے
اور جن کا برج عقرب ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، مئی: ۶، ۷، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۸، ۲۹، ۳۰ جون: ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، نومبر: ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹، فروری: ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱، جون: ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، جولائی: ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۸، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱، نومبر: ۸، ۹، ۱۰، ۱۳، ۱۴، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲۔

محمد شبیر قادری

www.freeamliyaatbookspdf.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks FREE AMLIYAAT BOOKS عملیات

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۴ر نومبر سے ۲۳ر دسمبر کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج قوس ہوتا ہے
اور جن کا برج قوس ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸،۲۲،۲۳،۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹،
فروری:۶،۱۹،۲۱،۲۲،۲۳، مارچ:۹،۱۰،۱۲، اپریل:۱۵،۱۶،۱۷،
۱۸،۱۹،۲۳،۲۴،۲۵،۲۶،۳۰، مئی:۶، ۷، ۸،۱۲،۱۳،۱۶،۱۷،
۱۸،۱۰،۲۳،۲۴،۲۵،۲۶،۳۰،۳۱، جون:۴،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،
۱۶،۲۰،۲۱،۲۲،۲۷، جولائی:۶، ۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱، اکتوبر:۲،
۳،۴،۵،۷،۸،۹،۱۴،۱۸،۱۹،۲۳،۲۴،۲۵،۲۹،۳۰، نومبر:۱،۵،
۱۰،۱۱،۱۳،۱۴

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹،
فروری:۶،۱۹،۲۱،۲۲،۲۳، مارچ:۹،۱۰،۱۲، اپریل:۱۵،۱۶،۱۷،
۱۸،۱۹،۲۰،۲۱،۲۲،۲۵،۲۶،۲۷،۲۸، مئی:۶، ۷، ۸،۱۲،۱۳،۱۶،
۱۷، ۱۸،۱۹،۲۰، ۲۶، ۲۷ جون:۴، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱،۱۲،۱۳،۲۰،۲۱،
۲۲،۲۷ جولائی:۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱،۱۲،۱۳،۱، اکتوبر:۲،۳،۴،۵،
۷،۸،۹،۱۸،۱۹،۲۳،۲۴،۲۵،۲۹،۳۰، نومبر:۱،۵،۱۰،۱۹،۲۰،
۲۱،۲۲،۲۳،۲۸،۳۰، دسمبر:۱،۲،۳،۷،۸،۱۱،۱۲

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۴ر دسمبر سے ۲۰ر جنوری کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج جدی ہوتا ہے
اور جن کا برج جدی ہو ان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۷، ۱۸، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰،
۲۱،۲۲،۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۲، مئی: ۱۶، ۱۷، ۱۸،۱۹،۲۳،۲۴،
۲۵،۲۶،۲۸،۲۹،۳۰، جولائی: ۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱، اکتوبر:۲،
۳،۴،۵،۷،۸،۹،۱۳،۱۴،۱۸،۱۹،۲۵، نومبر:۱،۵،۸،۹،۱۰،۱۳،
۱۴،۲۲،۲۳،۲۸،۳۰، دسمبر:۱،۲،۳،۶،۱۱،۱۲۔

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۷، ۱۸، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۹، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰،
۲۱،۲۲،۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۲، اپریل: ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲،
۲۵،۲۶،۲۷،۲۸، مئی: ۶، ۷، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶،
۲۸،۲۹،۳۰، جولائی: ۷،۸،۹،۱۰،۱۱،۱۲،۱۳،۱، اکتوبر:۲،۳،۴،۵،
۷،۸،۹،۱۳،۱۴،۱۸،۱۹،۲۵، نومبر:۱،۵،۸،۹،۱۰،۱۳،۱۴،۲۲،
۲۳،۲۸،۳۰، دسمبر:۱،۲،۳،۶،۷،۸،۱۱،۱۲۔

محمد شبیر قادری

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۱رجنوری سے ۱۹رفروری کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج دلو ہوتا ہے
اورجن کا برج دلو ہوان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

فروری: ۱۹، ۲۱، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، جون: ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، جولائی: ۶، ۷، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱، نومبر: ۱، ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۸۔

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۲، ۲۳، ۲۶، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۳، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۷، ۸، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، جون: ۴، ۸، ۹، ۱۰، جولائی: ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱، نومبر: ۱، ۵، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۸۔

جولڑکے اورلڑکیاں ۲۰رفروری سے ۲۰رمارچ کے درمیان پیدا ہوئے ہوں ان کا برج حوت ہوتا ہے
اورجن کا برج حوت ہوان کے لئے برائے شادی مبارک تاریخیں یہ ہیں:

## لڑکوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۶، ۲۹، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۶، ۷، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱، جون: ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، اکتوبر: ۲، ۳، ۴، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، نومبر: ۱۹، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

## لڑکیوں کے لئے مبارک تاریخیں

جنوری: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۲۲، ۲۳، ۲۵، ۲۶، ۲۹، فروری: ۶، ۸، ۹، ۱۰، ۱۹، ۲۱، ۲۲، مارچ: ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۲، اپریل: ۱۵، ۱۶، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۱، ۲۲، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، مئی: ۶، ۷، ۱۲، ۱۳، ۱۶، ۱۸، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، جون: ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۶، ۲۰، ۲۱، ۲۲، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷ جولائی: ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۲، ۱۳، اکتوبر: ۲، ۳، ۵، ۷، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۰، ۳۱، نومبر: ۱۰، ۵، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۳، ۱۴، ۱۹، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۸، ۳۰، دسمبر: ۱، ۲، ۳، ۶، ۷، ۸، ۱۱، ۱۲

محمد شبیر قادری

# دنوں کے مؤکلین اور ان کے احکامات

## ماہ قمری سعد منقلب ونحس

| ثابت وسعد | محرم | ربیع الثانی | رجب | شوال |
|---|---|---|---|---|
| ذوجسدین منقلب | ربیع الاول | جمادی الاول | شعبان | ذی القعد |
| نحس ومنقلب | ربیع الاول | جمادی الثانی | رمضان | ذی الحج |

جولوگ ماہ سعید میں منقلب اور نحس کا خیال نہیں رکھتے، جب چاہیں عمل شروع کر دیتے ہیں وہ ناکامی کا منہ دیکھتے ہیں، اس لئے انتہائی ضروری ہے کہ ماہ سعید میں دعوت وغیرہ دی جائے۔ اگر منقلب مہینوں میں عمل شروع کریں تو تاثیر الٹی ہوکر رجعت طاری ہوکر پاگل یا دیوانہ کر دیتی ہے۔ جیسا کہ کئی مخبوط الحواس لوگ نظر آتے ہیں۔ جو کہ اپنی غلطی سے رجعت میں گرفتار ہوکر حواس کھو بیٹھتے ہیں۔

نحس مہینوں میں عمل کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ عمل بالکل ضائع ہوجاتا ہے۔ لہٰذا ماہِ سعید کا خیال کر کے عمل کرنا چاہئے تاکہ کامیابی وکامران سے ہمکنار ہوسکے۔

## خواص واحکام روزہائے ہفتہ

**ہفتہ کا دن:** مکلا وہ اور غسل صحت ونوخوردن دھنیا (ہنی) جسے کہتے ہیں، رکھنا چاہتے ہوتو تحویل مکان خرید وفروخت چوپایہ اور سواری گھوڑا ہاتھی وغیرہ کے لئے بہتر ہے۔

**اتوار کا دن:** یہ نام رکھنے اور نیا کھانے اور نیا سرخ کپڑا پہننے کا اور آغاز تعلیم اور عملیات اور زمین جوتنے اور ملازمت بادشاہوں کے لئے نیک اور بہتر ہے۔

سوموار کا دن: مکلا وہ کرنے، نام رکھنے، غسل صحت، زمین جوتنے یا بنیاد رکھنے تحویل ونقل مکان اور خرید وفروخت اسباب وچوپایہ اور سواری وسفر کے لئے بہتر اور اچھا گنا جاتا ہے۔

**منگل کا دن:** غسل صحت وعملیات ونوخوردن یا پوشیدن پارچہ سرخ اور نقل وتحویل اور خرید وفروخت چوپایہ سواری وسفر کے لئے بہتر ہے اور نیک ہے۔

**بدھ کا دن:** مکلا وہ کرنے، نام رکھنے، نیا کپڑا پہننے، نیا کھانا کھانے، تعلیم، زمین جوتنے، بنیاد رکھنے، تحویل مکان، حجامت بنوانا وملازمت سلاطین خرید وفروخت چوپایہ سوای نیک ہے۔

**جمعرات کا دن:** مکلا وہ کرنے، نام رکھنے، پوشش، نو تعلیم وغیرہ بمطابق بدھ کے نیک اور بہت بہتر اور خوش دہ ہے۔

**جمعہ کا دن:** مکلا وہ لباس نو زمین جوتنے، نو تعلیم بنیاد رکھنا، تحویل خرید وفروخت، حجامت بنوانا اور سواری ہاتھی، گھوڑے کو نیک سمجھا جاتا ہے۔ یہ عامل لوگوں کے لئے دنوں کے خواص لکھ دیئے ہیں۔

## خصوصیات ایام

معلوم ہونا چاہئے کہ خداوند تعالیٰ نے سات آسمان اور سات ستارے اور سات زمین، سات سمندر، سات دن اور سات اقلیمیں اور سات معدن، سات ملوک سفلی پیدا کئے اور بہت ہی مواصلے شروع ہوئے۔ سات آسمانوں میں پہلا آسمان یعنی سب کے اوپر وہ ہے جس کو ساتواں آسمان کہتے ہیں اور اس آسمان کی تدبیر خداوند تعالیٰ نے کوکب زحل سے متعلق کی ہے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دعوت زحل اور شنبہ معجون سیاف سجابی ابی نوح کے واسطے۔

اَجِبْ یَا ابا نوخ وَبِحَقِّ الْمَلِکِ المُؤکل بکَ الَّذی لَتَسَرَعُ اِلٰی خدمتِہٖ کسفیائیل وَبِحَقِّ ازلی ازد ارٍ اتفحش ھلکما کثلطش کلست لطہ نفعائم بشمخلیص علشاقش مھراقش اقشا مقش ثقمونھش ارکشالیخ کیاغ بکشلیخ علمش لھش نموہ اجب یَا میمون یا اما نوح وَتوَکَّلُ بکذا وَکَذَا بحقّ ما اَقْسَمْتُ بِہٖ علَیْکَ الْعَجَلْ۲ الْوَحا۲بار السَّاعَۃ۲ بار۔

یہ دعوت شنبہ (یعنی ہفتہ کے دن کی ہے) اس کا مؤکل بادشاہ مؤکل زمین کے مؤکلات سے کام لیتا ہے۔ سب کا بادشاہ ہے۔ ہر کام کرواتا ہے اور چھٹے آسمان سے اسی طرح سب آسمانوں کی تدبیر ایک ایک ستارہ سے متعلق ہے، جیسا کہ پہلے بتا چکا ہوں۔

پھر ان سات آسمانوں کے اوپر ایک آسمان ہے جس کو فلک ثوابت کہتے ہیں، یہ توبہ کا آسمان ہے اور یہاں پر ہی توبہ کی دعا پہنچتی ہے اور توبہ قبول ہوتی ہے۔ وہاں پر ایک مؤکل روحانی رہتا ہے۔ یہ مؤکل سب مؤکلوں کا بادشاہ ہے اور اس کا نام میططرون علیہ السلام ہے۔ اس طرح ساتوں زمین اور ساتوں سمندر پر ایک مؤکل ارضی خداوند تعالیٰ نے مقرر کیا ہے۔ جس کا نام میمون آتا نوخ ہے اور یہ مؤکل زحل کے تابع ہے۔ جس کی دعوت پیچھے لکھ چکا ہوں۔ اس طرح چھٹی زمین کا مؤکل شمہورش مشتری کے تابع ہے۔

پانچویں زمین اور پانچویں سمندر کا مؤکل ابویعقوب احمر محزر مریخ کا تابع ہے۔ چوتھی زمین اور سمندر کا مؤکل ابوالنور زوبعہ زہرہ کا مطیع ہے۔ دوسری زمین اور سمندر کا مؤکل ابوالعجائب برقان عطارد کا تابع ہے۔ اور پہلی زمین اور سمندر کا مؤکل ابوالنورابیض قمر کا تابع ہے اور ساتوں زمینوں کے نیچے جو مچھلی ہے اس کو بہموت کہتے ہیں۔

اس پر خدا نے ایک مؤکل میمون السیاف نام کا مقرر کیا ہے، وہ ساتوں زمینوں اور ساتوں سمندروں کا حاکم ہے۔ جس کو چاہے گرائے جس کو چاہے نوازے، یہ خدا نے اس کو کام سونپے ہیں۔

میططرون ساتوں آسمانوں اور کواکب کا حاکم اور کل مؤکلات علوی و سفلی اس کے ماتحت ہیں اور یہ مؤکلات جو آسمانوں میں ہیں میططرون کے محکوم ہیں اور اس بات پر مامور ہیں جو کام سونپے جاتے ہیں بہت جلدی کرتے ہیں۔ اس بات پر بھی مامور ہیں کہ مؤکلات سفلی کے پاس زمین پر آئیں اور احکام پہنچائیں۔

پس مؤکلات علوی مؤکلات سفلی کے احکام میں میططرون ان سب کا بادشاہ ہے۔ بعض کا بیان ہے کہ میططرون نویں آسمان کا حاکم اور کھڑا ہے۔ اس کے ہاتھ میں ایک کوڑا ہے جس کے اندر تین سو ساٹھ گرہیں ہیں اور ان گرہوں کے ساتھ وہ مؤکلات اور جنات پر حکومت کرتا ہے اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے تسخیر کیا تھا۔ سب جنات سلیمانؑ بن داؤدؑ کے تابع تھے اور وہ کوڑا اس کا مثل شعلہ آتش کے روشن ہے۔ جس وقت عامل صحت الفاظ اور پابندی وقت کے ساتھ عمل پڑھتا ہے اور بخور روشن کرتا ہے اور سریانی کے ناموں کا تذکرہ کرتا ہے اس کے منہ سے ایک نور نکل کر میططرون کے سامنے آجاتا ہے اور میططرون اس کے عمل کو قبول کرتا ہے اور اپنے کوڑے کو ہلا کر اس مؤکل کی طرف نظر کرتا ہے جو اس وقت کی منزل کا مالک ہے۔ وہ مؤکل فوراً زمین پر حاضر ہو کر زمین کے مؤکل کو پکڑ کر عامل کی خدمت میں حاضر ہو جاتا ہے۔ وہ عامل کے عمل کو پورا کرتا ہے، ذرا توقف نہیں کر سکتا، مگر یہ بات اس وقت ہوتی ہے جب کہ سریانی نام کو نہایت صحت کے ساتھ بغیر غلطی اور ظن کے پڑھا ہو، اگر اس نے غلط پڑھا تو مؤکل ہرگز حاضر نہ ہوں گے اور خدا سے پناہ مانگیں گے۔ یہی سبب ہے کہ اکثر لوگوں کے عمل کامیاب نہیں ہوتے اور عامل لوگ اس کو غلط قرار دیدیتے ہیں۔ پہلے عمل کا ورد کسی اچھے عامل سے درست کروائیں اور اچھے عامل سے اجازت لے لیں، کیوں کہ صحت الفاظ اور پابندی وقت نہایت ضروری ہے۔ ہر قسم کے اعمال پر جداگانہ مؤکل مقرر ہیں۔ جب عامل صحت کے ساتھ عمل کرتا ہے، میططرون اس عمل کے مؤکل کی طرف توجہ کرتا ہے اور وہ مؤکل عامل کی خدمت گزاری کو حاضر ہو جاتا ہے۔ یعنی مؤکل ارضی کو حاضر کرتا ہے اور صاحب حاجت کی حاجت کو پوری کرتا ہے، جیسا کہ مذکور ہوا۔

میططرون سب مؤکلات علوی کا حاکم اور مؤکلات علوی،

موکلات سفلی یعنی عرضی کے حاکم ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو سفلی عامل کی اطاعت کبھی بھی قبول نہ کرتا۔ اس لئے لازمی ہے کہ جب کوئی سفلی عامل کا کہنا نہ مانے تب عامل اسماء قدرت اور اس موکل علوی کا نام لے گا جو موکل سفلی کا حاکم ہے۔ اس وقت عامل کے منہ سے نور نکل کر میطظرون کے پاس چلا جائے گا اور وہ علوی کو حکم صادر کرے گا اور فوراً عامل کا کام ہو جائے گا۔ یہ ایک سرکل ہے جو چلتا رہتا ہے اور عامل کا کام کروا کر اپنی ذمہ داری ختم کرے گا اور میطظرون جب موکلوں کی طرف دیکھتا ہے اور غور سے دیکھتا ہے تو تمام موکل تھرتھر اس طرح خوف سے تھرتھراتے ہیں جیسے آندھی سے درختوں کے پتے اور خود درخت تھرتھراتا ہے اور فوراً اس حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔

## اب ہم آتے ہیں ملوک علویہ کی طرف

ان کے ماتحت ملوک سفلیہ کے اسماء بیان کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔ سب سے پہلے موکل علوی روقیائیل ہے۔ ملوک سفلیہ سے اس کا ماتحت من حب جو یک شنبہ کا مالک ہے۔

دوسرا موکل شدخیائیل ہے اور اس کے ماتحت مرا ابیض دوشنبہ کا مالک ہے اور تیسرا موکل مہقیائیل ہے اور اس کے ماتحت ابومحرز احمر سہ شنبہ کا مالک ہے۔

چوتھا موکل شفیائیل ہے۔ اس کے ماتحت برقان چہار شنبہ کا مالک ہے۔ پانچواں موکل جھلیائیل ہے، اس کے ماتحت شمھورش پنج شنبہ (جمعرات) کا مالک ہے اور چھٹا موکل عیتیائیل اس کے ماتحت زوبعہ (جمعہ) کا مالک ہے اور ساتواں موکل کسفیائی ہے اور ماتحت اس کے میمون شنبہ کا موکل ہے۔

موکلات علوی کے اوپر اور سات موکلات حاکم ہیں، چنانچہ اوقیائیل کا حاکم محطظلیائیل ہے اور شخیائیل کا حاکم صعطکیائیل ہے۔ بعض صعلصعلیائیل کہتے ہیں اور مھفیائیل کا حاکم تہتھطظیائیل ہے اور حمجلیائیل کا حاکم سطسیائیل ہے اور میطظرون کا حاکم اعلیٰ اکحیطخلیائیل علیہ السلام ہے۔

آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ان موکلات کے اوپر اور موکلات بھی ہیں۔ چوں کہ ان کے ناموں میں علماء نے اختلاف کیا ہے وہ بہت سخت اور دشوار بھی ہیں۔ اس وجہ سے ہم نے ان کا بیان ترک کر دیا ہے، پس پاک ہے اس کی ذات پاک اعلیٰ کہ جو رحیم ہے، رحمان ہے، غفور ہے۔ جو اپنے لشکروں کی تعداد آپ ہی خود جانتا ہے۔ حضرت آصف بن برخیا وزیر حضرت سلیمان علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جب خدا تعالیٰ کسی موکل یا کسی کو پیدا کرتا ہے تو اپنا ایک نام لے کر فرماتا ہے کہ کن (ہو جا) پس وہ موکل پیدا ہو جاتا ہے جو شخص اسم کو معلوم کرے وہ اس کے ذریعہ سے موکل کو یا شیطان کو تابع کر سکتا ہے۔

اے طالب تم کو یہ بات معلوم ہونی چاہئے اگر خدا نے تمہیں توفیق دی اور ان علوم کو تم نے حاصل کیا، پس تم اس مقام میں صدر نشین ہو گئے جہاں تمہارے باپ دادا کا بھی گزر نہ ہوگا اور نہ کوئی تمہارے قریب پہنچ سکے گا، یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان الٰہی ہے۔ اس علم کو حاصل کرنے میں روزہ و ریاضت کی بھی ضرورت ہے اور اس کی طلب نایاب میں گھبرانا بھی نہیں چاہئے۔ کیوں کہ ان کاموں میں تکلیفیں ضرور آتی ہیں، کسی چیز کو پانے کے لئے کچھ کھونا بھی پڑتا ہے اور ان مشائخ کی صحبت اختیار کرنی چاہئے جو اس میں علم کمال رکھتے ہیں۔

اس میں یہ معلوم ہونا چاہئے جب تم ان موکلات میں سے ایک موکل کو حاضر کرنا چاہتے ہو، تب اس کے روز میں اس کو حاضر کرو اور وہ اسم پڑھو جس اسم کے ساتھ خداوند تعالیٰ نے اس موکل کو پیدا کیا تھا، یہ اسم اس کے حق میں آگ سے زیادہ ہوگا اور وہ آنے میں ذرا سا بھی توقف نہ کر سکے گا اور یہ اسماء سریانی زبان میں ہیں اور بہت طاقت رکھتے ہیں۔

اب آپ کو یہ علم ہو چکا ہے کہ جب موکل کو طلب کریں تو اس کے روز میں طلب کرنا بہت ضروری سمجھا گیا۔ مثلاً اتوار کے روز مذہب کو بلائے یہ اتوار کے دن کا موکل جانا گیا ہے کیوں کہ وہ موکل کوکب شمس سے تعلق رکھتا ہے اور بعض علماء کہتے ہیں کہ شمس کی قسم اس کو دے۔ شمس اس کو حاضر کر دے گا، یہ بھی آپ کو معلوم ہوگا کہ پیر والے دن مرہ ابیض کو بلانا ہوگا، کیوں کہ اس کا تعلق کوکب قمر کی روحانیت سے منسوب ہے۔ غرضیکہ اس طرح تمام موکلات کا خیال کرنا چاہئے،

جب جس کو بلانا ہو اس کے دن میں عمل کرے، اس کو کوکب کی قسم دینا ضروری بتایا ہے۔ علماء کے نزدیک یہ خیال کرنا ضروری سمجھا گیا ہے۔ مؤکل سفلی کے سامنے مؤکل علوی کو حاضر کرنا چاہئے۔

## اب ہم آتے ہیں دعوات مؤکلات کی طرف

جس کو ہم نے تفصیل اور طول سے سمجھایا ہے۔ امید ہے کہ آپ کو سمجھ میں آ گیا ہوگا۔ ان کے اندر وہ اسماء ہیں جن کے ساتھ خداوند تعالیٰ نے مؤکلات کو پیدا کیا تھا، جس مؤکل کو تسخیر کرنا منظور ہو اس کے دن میں اس کی دعوت کو پڑھے۔ اس کے کوکب کو بتلائے ساتھ بخور کے روشن کرے۔ ان اسماء کو قاعدہ روحانی کہتے ہیں۔ یکشنبہ کے روز ابوعبداللہ سعید المذہب کی دعوت یہ ہے، جو تحریر کر رہا ہوں۔

اَجِبْ یا مُذْهِبُ مَا اَعْظَمَ سُلْطَانُ اللّٰهِ احترق مَن عَصَی اللّٰهَ بِنَارِهِ الْمُوْقَدَةِ اَهْنَا۲ ناهٍ۲ خَنُوخٍ ۲ اهیاً اَشْرَاهِیًا اذرنائ اَصْبَاؤُتْ الُ شدائی یاهٍ۲ صبوحٍ ۲ ما اعزا صبا وتالقدیم الازلی اَجِبْ یَا مُذْهِبُ بِحَقِّ سُبُّوْحٌ۲ قُدُّوْسٌ۲ رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ ۲ اَلْوَحَا ۲ اَلْعَجَلُ ۲ السَّاعَةَ ۲ بار۔ اس کی دعوت اتوار کے دن سے تسخیر کیا جاتا ہے۔

## دعوت دوشنبہ امرہ ابیض بن ہارث مؤکل

اس کی دعوت پیر کے دن میں شروع کرتے ہیں اور یہ شام کو مؤکل حاضر ہوتا ہے، بڑے کام کرتا ہے۔ عامل کو کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہوتی۔

اَجِبْ یَا مُرَّةَ بِحَقِّ طهش طهشرةِ طهشوه جاروشهٍ۳ بارجنجروشه ۲بارهبشرهٍ اَجِبْ یَا مُرَّةَ بِحَقِّ سام۲بار بِالَّذِیْ تَجَلّٰی لِلْجَبَلِ فَجَعَلَهٗ دَکًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا۔ اَلْعَجَلُ۲بار اَلْوَحَا۲بار اَلسَّاعَةَ ۲بار۔

## یہ دعوت بروز منگل ابی محرز احمر کو حاضر کرنے کی ہے

یہ منگل کے روز ہی حاضر ہوتا ہے۔ اس سے جو بھی کام لینا ہے منگل کے دن لے سکتا ہے اور آناً فاناً ہی کرتا ہے، مگر جو کام کرے گا وہ منگل کو ہی حاضر ہوگا اور کام بھی منگل کے دن کرے گا۔

اس کی دعوت یہ ہے۔

اَجِبْ یَا اَبَا مُحَرِّزِ الْاَحْمَرَ بِحَقِّ الطففٍ ۲بار اجلففٍ۲ بارشففٍ۲ لیطشلا۲ شلادون۲ لِلّٰهِ۲ هلل۲ ففهشل۲ جهلفف ۲ مهلقک۲ جلصص ۲ هلهلص ۲ شهلیص ۲ نَمُوْهٍ۲ دَملیخ ۲ اَجِبْ یَا اَحْمَرُ بِحَقِّهَا عَلَیْکَ بِحَقِّ الْمَلِکُ الْغَالِبُ عَلَیْکَ سمسائیل وَتَوَکَّکْ بِکَذَا وَلَذَا اَلْعَجَل الوحا ۲السَّاعة۲بار پڑھنا ہے۔

## دعوت چہارشنبہ یعنی بدھ برقان اصغر ابوالعجائب مؤکل کا حاضر کرنا

یہ بروز بدھ کا مؤکل ہے۔ اس کا دن اس کو لگے گا، حاضری بھی بدھ کے دن ہوگی، یہ بدھ کے دن بہت اچھے کام کرتا ہے۔

دعوت اس کی یہ ہے۔

اللّٰہ ھم بے امانتِ اخز وطبه وبحکمت کسی بطه توتحه فین فر تیلی منها ولد فض الله مبارکن منی شعتے آل محمد ولا تجل لش شیطوان فھی شریکن ولا نصویتن. یعنی اے میرے اللہ تو نے اپنے فضل کرم سے مجھے امانت عطا کی تو مجھے اس مبارک متقی اور اچھے نصیب والی اولاد عطا فرما تا جو شیعان آل محمد ہو اور ان میں شیطان کی شرکت نہ ہو اور نہ اس کے نصیب میں شیطان شریک ہو اس کے بعد جو رسمیں ہوتی ہیں اس کو پورا کرنے کے بعد جب مباشرت یا صحبت کا ارادہ کریں دونوں تو ایسی جگہ کرے جہاں کوئی دیکھنے اور سننے والا نہ ہو اور رات کا آخر حصہ یا عصر کی نماز کے بعد کا وقت صحبت کے لئے بہتر وقت ہے۔ صحبت کرنے میں جلدی نہ کرے دست بازی وغیرہ کرے پس جب بالکل ارادہ ہو تو لازم ہے کہ میاں بیوی پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہے اور اللہ کے ذکر کے علاوہ کوئی ذکر نہ کرے یعنی بیوی کے حسن کی تعریف میں اللہ کو شریک کرلے۔ فرمایا کہ اگر کسی پر یا دونوں پر غسل جنابت واجب ہو تو پہلے غسل کرلے اگر بیوی حاملہ ہوگئی تو اولاد دیونی یا پاگل ہوگی۔ صحبت کرنے سے پہلے شیطان پر دونوں لعنت ملامت کریں یا کہ شیطان دور ہوجائے۔

اللھم ذکنی ولدن وج الله ھو یقین ذکی ان لیسانی خلقِ ذیا دو تون نقصانون وحعجل اقبسے بتھو الا خیر.

یا اللہ مجھے اولاد (بیٹا) عطا کر جو تقی ذکی ہو جو تیری خلقت کے لئے زیادتی اور نقصان والی نہ ہو اور اس کی عاقبت بھی خیر ہو۔

ایسا کرنے سے خالق ماں اور بچوں دنوں کو صحیح سالم رکھتا ہے بچے میں شیطان کو شامل نہیں ہونے دیتا۔ بچہ بے عیب خوبصورت خوب سیرت اور آل رسول کو چاہنے والا ہوگا۔

ا۔ بغیر نکاح اولاد ماں باپ کے لئے بھی خطرہ ہے۔ دنیا اور آخرت دونوں میں اور دنیا والوں کے لئے بھی انبیاء اور اماموں کے قاتل وہ سب ایسے ہی لوگ تھے۔

۲۔ محبت بالکل اکیلے میں خاموشی سے شب آدھی سے زیادہ گزر جانے کے بعد یا نماز عصر کے بعد کرے بہت بہتر ہے۔

۳۔ شیطان پر لعنت پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور دعا ایسے کہے کے صرف ایک دوسرا سنے۔

۴۔ اچھا دن، اچھی تاریخ اور اچھا وقت اچھی اولاد پانے کے لئے اچھا ذریعہ ہے۔

۵۔ اچھی تاریخ میں شب جمعہ (آنے والا دن جمعہ کا ہو) صحبت کرنے سے اگر بیوی حاملہ ہوئی تو بچہ دعا لیمل احکام شیریعت ہوگا، نیک ہوگا، جمعرات یعنی پنجشنبہ کے بعد نماز عصر صحبت کرنے سے بچہ

متقی پرہیز گار ہوگا۔ شیطان اس کے قریب نہ آسکے گا یہاں تک بچہ بوڑھا ہوجائیگا دین اور دنیا اور آخرت تک اس کی خیر رہے گی۔

۶۔ اچھی تاریخ میں شب جمعہ (آنے والا دن جمعہ ہو) صحبت کرنے سے بیوی اگر حاملہ ہوگئی تو اولاد خطیب اور سخن گو (ذاکر) ہوگی۔ جمعہ کے دن بعد نماز عصر صحبت کرنے سے بچہ بہت عقلمند ہوگا اور حافظ قرآن ہوگا۔

۷۔ شب ہفتہ یعنی شنبہ اچھی تاریخ میں صحبت کرنے سے جو اولاد بیوی کے شکم میں ٹھہرتی ہے وہ شہید ہوتی ہے۔ یا شہادت نصیب ہوتی ہے اس کے منہ سے ہمیشہ خوشبو آتی ہے دل سخی اور جواں مرد ہوگا۔

۸۔ اچھی تاریخ میں شب پیر یعنی دوشنبہ صحبت کرنے پر حاملہ ہوئی بیوی سے پیدا ہوئی اولاد حافظ قرآن ہوگی۔ قسمت پر راضی رہے گی۔ عبادت گزار ہوگی۔

۹۔ چاند کے حساب سے ہر ماہ کی ۱، ۲، ۳، ۱۳، ۱۵، ۲۷، ۲۸، ۲۹ صحبت کے لئے یہ تاریخیں نحس یعنی خراب ہیں۔

۱۰۔ شب روز عاشورہ، عید، بقرعید، ۱۵ شعبان صحت کے لئے نحس ہیں۔

۱۱۔ ماہ رمضان المبارک میں دن میں صحبت نہیں کرنا چاہئے روزہ رکھے لیکن آخری شب میں صحبت کرسکتا ہے۔ مگر صبح صادق سے پہلے غسل جنابت جلدی سے جلدی کر لینا چاہئے۔

۱۔ قبلہ کے رُخ منہ کر کے صحبت ہرگز نہ کریں۔

۲۔ حیض کے دنوں میں عورت سے صحبت کرنا حرام ہے۔

۳۔ اول شب میں جب کھانے سے پیٹ بھرا ہو قطعی صحبت نہ کرے ایسا کرنے سے فالج، درد قولنج، لکوا، رقرس، سنگ مثانہ، سلسل بول جیسی بیماریوں کے ساتھ ساتھ آنکھیں کمزور ہونے کی شکایت ہو جاتی ہے۔

۴۔ جب مباشرت کرے تو آپس میں کوئی بات نہ کریں ورنہ ایسی اولاد گونگی، بہری ہوگی۔ ہلکا تتلانا بھی تھوڑی بات کر لینے کی وجہ سے ہے۔

۵۔ صحبت کرتے وقت اپنی شرم گاہ نہ دیکھے اگر بچہ ٹھہر گیا تو وہ اندھا ہوگا۔

۶۔ صحبت ایسی جگہ نہ کریں جہاں کوئی جگتا ہو یا دیکھتا ہو یا کھٹ پٹاہٹ سن کر احساس کرسکتا ہو کہ کچھ ہورہا ہے ایسا کرنے سے جو اولاد ہوگی وہ سیکسی اور زنا کار ہوگی۔

۷۔ قبلہ کی طرف بیٹھ یا منہ کر کے ناؤ یا پانی کے جہاز میں سوار ہوکر سفر میں سواری پر سوار ہوکر (ٹرین، موٹر بس یا ہوائی جہاز) صحبت نہ کریں۔

۸۔ زوال کے وقت یعنی دن ۱۲ بجے کے آس پاس صحبت کرنے سے بچہ احول ہوتا ہے۔

۹۔ اپنی بیوی میں کسی دوسری عورت کا خیال کر کے بیوی سے صحبت نہ کریں ایسا کرنے سے اگر بیوی حاملہ ہوگئی ہو تو بچہ مخنس اور دیوانہ ہوگا۔

۱۰۔ سورج نکلتے وقت صحبت نہ کریں ایسا کرنے سے بچہ چور ہوگا چوری کرے گا۔

۱۱۔ صحبت کرنے کے بعد الگ الگ کپڑوں سے اپنی اپنی صفائی کریں اگر ایک ہی کپڑے سے دونوں صفائی وغیرہ کریں گے تو پہلے لڑائی بعد میں جدائی ہوگی۔ آپس میں دشمنی بھی پیدا ہوجائے گی۔

۱۲۔ کھڑے کھڑے صحبت نہ کریں ایسا کرنے سے حاملہ ہو جانے پر وہ اولاد فعل بد کرنے والی ہوگی۔

۱۳۔ شب عید الفطر صحبت کرنے سے پیدا ہوئی اولاد سے شروع فتنے ظاہر ہوں گے۔

۱۴۔ شب بقرعید صحبت کرنے سے پیدا ہوئی اولاد کے چھ یا چار انگلیاں ہوں گی۔

۱۵۔ رمضان المبارک میں دن میں صحبت کرنے سے بچہ حرام ہوگا اور روزہ ترک کرنے کا کفارہ بھی واجب ہوگا۔

۱۶۔ سورج کے سامنے صحبت نہ کریں اگر بچہ ہوا تو ہمیشہ بد حال رہے گا۔

۱۷۔ اذان کے بعد اور اقامت سے پہلے صحبت نہ کریں اگر بیوی حاملہ ہوگئی تو پیدا ہوا بچہ خونی ہوگا لوگ اس کے ہاتھوں ناحق قتل ہوں گے۔

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks محمد شبیر قادری

۱۸۔ حاملہ بیوی سے صحبت اگر کرے تو وضو کر کے کرے ورنہ اولاد بخیل ہوگی۔ ۷۔۸ مہینے میں زچہ اور بچہ کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

۱۹۔ شب نیم شعبان صحبت کرنے سے بچہ ہوا تو وہ کنجوس ہوگا اور منہ پر سیاہ داغ ہوگا۔

۲۰۔ شعبان کے آخری دن میں صحبت نہ کریں ورنہ بچہ ظالم اور قاتل ہوگا۔ لوگ اس کے مظالم کے شکار ہوں گے۔ جوانی میں ہی وہ بوڑھا اور لاغر ہو جائے گا۔

۲۱۔ پشت بام پر (پیچھے سے) صحبت نہ کرو ایسا بچہ منافق، ریا کنندہ اور صاحب بدعت ہوگا۔

۲۲۔ جس روز سفر میں جانا ہو اس شب صحبت نہ کریں ایسا بچہ فضول خرچ کرے گا اور اپنا مال و جائداد فضول میں برباد کرے گا۔

۲۳۔ نماز عشا کے وقت تک (۱۲) بجے رات سے پہلے یعنی رات کے شروع حصے میں صحبت نہ کریں بچہ ساحر ہوگا دنیا کو آخرت سے اچھا سمجھے گا اور آخرت سے غافل ہوگا۔ میاں بیوی کے بیماریاں بھی لگ سکتی ہیں۔

۲۴۔ سورج گہن چاند گہن جب لگے، زلزلہ یا آندھی جب آئے اس رات و دن صحبت نہ کریں۔ بچے گھنائے ہوں گے۔

۲۵۔ سورج نکلنے کے وقت اور سورج ڈوبنے کے وقت صحبت نہ کرنا چاہئے۔ بچہ ساحر، سفید داغ والا، چور غاصب ہوگا۔

۲۶۔ صبح صادق کے وقت سے کچھ پہلے سورج نکلنے تک کا وقت خاص عبادت کے لئے ہوتا ہے۔ اس لئے اس وقت جو صحبت کرتا ہے اور اگر بیوی حاملہ ہو جاتی ہے تو بچہ سنی (سفید بھوریا) ہوتا ہے۔

۲۷۔ غسل میت واجب ہو تو وضو کر کے صحبت کریں ورنہ نہ کریں تو بہتر ہے۔

بیماری (بخار) یا درد سر ہو تو صحبت نہ کریں اس میں اضافہ ہوگا اور ہونے والا بچہ بھی کمزور ہوگا۔

۹۲۔ اگر دو بیویاں آمنے سامنے ہوں تو صحبت نہ کریں۔

۳۰۔ آسن کے ذریعہ بھی صحبت نہ کریں۔

www.freeamliyaatbookspdf.com/groups/freeamliyaatbooks


## اپنے من پسند اور اپنی راشی کے پتھر حاصل کرنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں

پتھر اور نگینے اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ ایک عظیم نعمت ہے۔ جس طرح دواؤں، غذاؤں اور دوسری چیزوں سے انسان کو بیماریوں سے شفاء اور تندرستی نصیب ہوتی ہے اسی طرح پتھروں کے استعمال سے بھی انسان مختلف امراض سے نجات حاصل کرتا ہے اور اس کو اللہ کے فضل و کرم سے صحت اور تندرستی نصیب ہوتی ہے۔ ہم شائقین کی فرمائش پر ہر قسم کے پتھر مہیا کر سکتے ہیں۔ ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ اگر اللہ کے فضل و کرم سے کسی بھی شخص کو کوئی پتھر راس آجائے تو اس کی زندگی میں عظیم انقلاب برپا ہو جاتا ہے، اس کی غربت مال داری میں بدل جاتی ہے اور وہ فرش سے عرش پر بھی پہنچ سکتا ہے۔ یہ بھی کوئی ضروری نہیں کہ قیمتی پتھر ہی انسان کو راس آتے ہیں، بعض اوقات بہت معمولی قیمت کے پتھر سے انسان کی زندگی سدھر جاتی ہے۔ جس طرح آپ دواؤں، غذاؤں پر اور اسی طرح کی دوسری چیزوں پر اپنا پیسہ لگاتے ہیں اور ان چیزوں کو بطور سبب استعمال کرتے ہیں، اسی طرح ایک بار اپنے حالات بدلنے کے لئے کوئی پتھر بھی پہنیں۔ انشاء اللہ آپ کو اندازہ ہوگا کہ ہمارا مشورہ غلط نہیں تھا۔ ہمارے یہاں الماس، نیلم، پنا، یاقوت، مونگا، موتی، گارنیٹ، اوپل، سنہلا، گومید، لاجورد، عقیق وغیرہ پتھر بھی موجود رہتے ہیں اور جو پتھر نہیں ہوگا وہ فرمائش موصول ہونے پر مہیا کرادیا جاتا ہے۔ آپ اپنا من پسند یا راشی کا پتھر حاصل کرنے کے لئے ایک بار ہمیں خدمت کا موقع دیں۔

مزید تفصیل مطلوب ہو تو اس موبائل پر رابطہ قائم کریں: موبائل نمبر: 8937937990 - 9897648829

ہمارا پتہ: ہاشمی روحانی مرکز محلہ ابوالمعالی دیوبند، (یوپی) پن کوڈ نمبر: ۲۴۷۵۵۴

# تحویل آفتاب عالم تاب

خالق کائنات نے جس وقت نظام دنیا کا چکر پیدا کیا اور جس نقطہ سے اس دور کی ابتدا ہوئی تو جب بھی سال بھر میں وہ دور آتا ہے تو اسے تحویل آفتاب کہتے ہیں۔ اس وقت دن رات برابر ہوجاتے ہیں۔ تمام اہل علم سال بھر کا حساب اس ساعت سے تیار کرتے ہیں۔ شیعہ اور جفار ساعت کی سعادت اور تاثیر سے فائدہ اٹھانے کے لئے لوحیں، نقوش تیار کرتے ہیں اور تحویل کے وقت ہر متحرک چیز ساکن ہوجاتی ہے لیکن یہ وقفہ اس قدر قلیل ہوتا ہے جس کا ادراک و شعور ممکن نہیں، تو مشکل ضرور ہے۔ اس وقت کو پانے کے لئے لوگ مختلف طریقے اختیار کرتے ہیں۔ استجابت دعا کے لئے یہ وقت تیر بہدف ہے۔

**تحویل آفتاب کا وقت اس سال ۲۱ مارچ صبح ۳ بج کر ۲۹ منٹ**

اس وقت سے پہلے غسل کریں، سفید پاکیزہ لباس پہنیں، لباس میں کوئی کپڑا سرخ رنگ کا بھی ہو خواہ رومال ہی کیوں نہ ہو یا جائے نماز ہو، صندل، لوبان، اگر بخور وغیرہ میں جو میسر ہو اس کی دھونی وقت عمل جلائیں۔ قبل از عمل دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ لیکن نفل ایک گھنٹہ قبل ادا کر کے تیاری میں رہیں جگہ تنہا ہو۔ عمل کرتے وقت کوئی پاس نہ ہو۔ زعفران سے لکڑی کے قلم سے جو نیا ہو، کاغذ بھی نیا ہو، لے کر اس نقش مربع کو وقت مقررہ پر پر کریں۔ مربع پر کرنے کا قاعدہ یہ ہے کہ اپنے اور اپنی ماں کے نام کے اعداد حساب ابجد نکال کر اس میں ۳۸۷ کا اضافہ کریں اس مجموعہ میں ۳۰ عدد کو تفریق کر کے بقایا کو ۴ پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو چال کے نقش کے خانہ اول میں رکھ کر حسب قاعدہ نقش پر کریں۔ چاروں طرف سے میزان پورا ہوگا۔ تو نقش درست پر ہوگا۔ اگر تقسیم کرنے سے باقی کچھ بچ جائے تو ایک کے لئے خانہ ۱۳ میں ۲ کے لئے خانہ ۹ میں ۳ کے لئے خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کرنا ہوگا۔ مربع پر کرنے کی واضح ترکیب اکثر لکھ چکا ہوں۔ بہر حال خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چال کے مطابق آگے آگے عدد لکھتے جائیں۔ چال آتشی مربع کی یہ ہے۔

| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

نقش کے نیچے یہ عبارت لکھیں۔

یَا اَللّٰهُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ بِحَقِّ کَلَائِیْلُ بعد میں مختصر مطلب لکھ دیں۔

اب نقش تیار ہے اس کو سامنے جائے نماز پر رکھیں اور خوشبو کو کوئلوں پر ڈالتے رہیں اس عمل کو ۳۸۷ (تین سو ستاسی) مرتبہ پڑھیں

یَا اَللّٰهُ بِحَقِّ اَللّٰهُ الصَّمَدُ یَا اَللّٰهُ بِحَقِّ کَلَائِیْلُ اَجِبْ دَعْوَتِیْ۔

اپنے مقصد کا دل میں خیال رکھیں اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ہو آخر عمل میں اپنے مقصد کی دعا مانگیں یہیں اب عمل ختم ہوا۔ اس نقش کو اپنے گلے میں ڈال لیں اور روزانہ کسی ایک وقت مقررہ پر ۳۸۷ مرتبہ عمل پڑھتے رہیں۔ چند ہی دنوں میں خدا کی قدرت اور عملیات کی عظمت کا تماشا نظر آئے گا اور مقصد خواہ کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو اس کی تکمیل کے اسباب پیدا ہوں گے۔ یہ واضح ہوجائے گا کہ کس طرح غیب سے آپ کو امداد ہوتی ہے اور کس طرح کامیابی ہوتی ہے۔

تحویل کے صحیح وقت کے دئے گئے وقفے کا خیال رکھیں، تحویل کے عین وقت پر جو کلمہ یا عدد قلم سے نکل گیا ان ہی حرفوں سے کوئی حرف بھی نقطۂ اعتدال سے ٹکرا گیا وہی اسم اعظم ہوجائے گا۔ اس لئے وقت مقررہ سے قبل عمل شروع کریں اور بعد میں ختم کریں تاکہ یہ

وقت درمیان عمل کے آئے کیوں کہ صحیح وقت کا پانا مشکل ہے حکمت سے کام لیں گے تو کام ہوجائے گا۔ وقت موہوم کا وقفہ خالی نہ جانے پائے یہی آپ کی کامیابی کا راز ہے۔ میں بھی یہی کرتا ہوں۔

سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ۔

یہ وقت نہایت سریع التاثیر اور سعد ہوتا ہے۔ ہر قوم کے سن کا روز اول نو روز کہلاتا ہے۔ یونان وایران میں تحویل کے اس نوروز کو خوب منایا جاتا ہے۔ شیعہ حضرات کے نزدیک بھی یہ نہایت متبرک دن ہے۔ محض اس لئے نہیں کہ تحویل ہوتا ہے۔ بلکہ ان کے عقائد کے مطابق اس روز سعید میں امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے خلافت ظاہری کو اختیار کیا اور اس روز ان کی مخصوص دعائیں اور عبادات بھی ہیں۔ اہم امور کا ذکر کیا جاتا ہے۔

## نفل نوروز

غسل کر کے نئے کپڑے پہن کر بعد نماز ظہر چار رکعت نماز پڑھیں پہلی دو رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ دس بار، دوسری میں سورہ قدر دس بار، تیسری میں دس بار قل ھو اللہ احد، چوتھی میں دس بار معوذتین پڑھیں بعد فراغت کے ۳۶۶ بار یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ سُنَّۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَ اَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَ شَرِّ مَا فِیْھَا وَ اسْتَکْفِیْکَ مُوْنَتَھَا وَ شُغْلَھَا یَاذُوالجلالِ والاکرام۔

## دعا نوروز

یہ نماز تو ۲۰ مارچ کو پڑھنا ہوگی۔ ۲۰ مارچ کو عین طلوع آفتاب کے وقت یہ دعا ۳۶۶ بار کھڑے ہو کر سورج کی طرف منہ کر کے پڑھیں۔

یَامُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ یَاعَزِیْزُ یَا غَنِیُّ۔

(یعنی اے بدلنے والے سال اور احوال کے تو ہمارے حال کو بہترین حال سے بدل دے تو غالب ہے اور غنی ہے)

## آب شفا

عین تحویل کے وقت سے شروع کر کے سات سلاموں کو سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے محفوظ کر لیا جائے تو یہ پانی مصیبت زدہ اور بیمار کو ایک چمچ پلانے سے شفا حاصل ہوگی اور تکلیفوں سے راحت حاصل ہوگی۔ سات سلام یہ ہیں۔

(۱) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○
(۲) سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○
(۳) سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ○
(۴) سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ○
(۵) سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ ○
(۶) سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ ○
(۷) سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ○

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر الگ الگ سات طشتریوں پر یہ سات سلام اس طرح لکھے جائیں کہ ہر ایک سلام کو لکھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر طشتری پر دم کر دیا جائے پھر بالترتیب ایک ایک طشتری کو آب زمزم سے یا زمزم مہیا نہ ہونے کی وجہ سے بارش یا سادہ پانی سے دھو کر ان کو پی لیا جائے تو تمام سال انسان مہلک امراض سے محفوظ رہے گا۔

عین تحویل کے وقت اس عمل کی شروعات کر دینی چاہئے پھر کتنی بھی دیر لگے۔ انشاء اللہ عمل کارگر رہے گا۔

یہ روحانی دولت ہے جس کی قدر کرنی چاہئے اور ہر وقت اس کا فائدہ اٹھانا چاہئے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ ہمارے تمام قارئین اس وقت کا فائدہ اٹھائیں گے اور اللہ کی رحمتوں کے مستحق بنیں گے۔

☆☆☆☆

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

## خسوف وکسوف ۲۰۱۹ء

اس سال کل ۵ گرہن ہوں گے۔

اس سال کا پہلا گرہن، سورج گرہن ہوگا جو جزوی ہوگا، یہ گرہن بھارت میں دکھائی نہیں دے گا۔ یہ پہلا گرہن ۶ رجنوری بروز اتوار کو ہوگا جس کی تفصیل یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| آغاز ۶ رجنوری (علی الصبح) | شام ۴ بج کر ۲۱ منٹ |
| گرہن مکمل | ۷ بج کر ۱۱ منٹ |
| گرہن ختم | ۹ بج کر ۱۸ منٹ |

اس گرہن کا کل دورانیہ ۴ گھنٹے ۱۴ منٹ ہوگا، علم فلکیات کے حساب سے یہ گرہن برج جدی کے ۱۵ درجے اور ۲۵ دقیقے پر لگے گا، یہ گرہن ہندو پاک اور ایران میں نظر نہیں آئے گا، یہ گرہن امریکہ، جاپان، روس وغیرہ میں دکھائی دے گا۔

اس سال کا دوسرا گرہن، قمری گرہن ہوگا، یہ ۲۱ رجنوری کو لگے گا اور یہ گرہن بھی یورپی ممالک میں نظر آئے گا اور ہندوستان میں دکھائی نہیں دے گا، اس کی تفصیل یہ ہے۔

۲۱ رجنوری بروز پیر

| | |
|---|---|
| گرہن کا آغاز | صبح ۹ بج کر ۶ منٹ |
| گرہن مکمل | صبح ۱۰ بج کر ۱۱ منٹ |
| گرہن ختم | ۱۲ بج کر ۲۱ منٹ |

گرہن کا کل دورانیہ ۶ گھنٹے ۱۲ منٹ ہوگا، علم فلکیاتی کے حساب سے یہ گرہن برج اسد میں لگے گا۔

مکمل شمسی گرہن، ۲ رجولائی منگل اور بدھ کی درمیانی شب، تفصیل یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| گرہن شروع | رات ۱۰ بج کر ۲۵ منٹ |
| گرہن مکمل | رات ۱۲ بج کر ۵۲ منٹ |
| گرہن ختم | رات ۳ بج کر ۲۰ منٹ |

یہ گرہن برج سرطان میں لگے گا، یہ گرہن بھی بھارت میں دکھائی نہیں دے گا۔

جزوی قمری گرہن، منگل اور بدھ کی درمیانی شب ۱۶ رجولائی۔

تفصیل یہ ہے۔

## سورج گرہن وچاند گرہن

| | |
|---|---|
| گرہن کا آغاز | ۱۲ بج کر ۲۱ منٹ |
| گرہن مکمل | ۱۷ رجولائی رات ۳ بجے |
| گرہن ختم | ۱۷ رجولائی صبح ۵ بج کر ۴۷ منٹ |

یہ گرہن ہندو پاک میں نظر آئے گا اور اس کے نظارے عراق، انڈونیشیا، عرب امارات میں بھی دیکھنے کو ملیں گے۔

جزوی شمسی گرہن، اس سال کا پانچواں اور آخری گرہن ۲۶ ر دسمبر کو برج جدی کے چوتھے درجے اور ۶ دقیقے پر لگے گا، یہ گرہن ہندو پاک میں عرب امارات میں ملیشیا اور انڈونیشیا میں دکھائی دے گا، اس کی تفصیل یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| گرہن کا آغاز | صبح ۷ بج کر ۵۹ منٹ پر ہوگا |
| گرہن مکمل | صبح ۱۰ بج کر ۴۷ منٹ |
| گرہن ختم | دوپہر ایک بج کر ۳۵ منٹ |

## گرہن کے اوقات میں کیا کریں

نماز کسوف وخسوف ادا کریں اور اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور یہ بھی اندازہ کریں اور غور وفکر کریں کہ جب چاند اور سورج جیسے قوی سیاروں اللہ کے حکم سے حال یہ ہوسکتا ہے تو پھر انسان کی بساط ہی کیا ہے۔ وہ تو پانی پر اُبلنے والے ایک بلبلے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ گرہن کے اوقات میں بعض عملیات کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے اور زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد عملیات میں زبردست قوت وتاثیر پیدا ہوجاتی ہے، پھر عمل باذن اللہ تیر کی طرح کام کرتا ہے۔

حروف صوامت کی زکوٰۃ بھی گرہن کے اوقات میں ادا کرنی چاہئے، بہت مؤثر ثابت ہوتی ہے اور زکوٰۃ ادا کرنے والا تمام حروف صوامت کے اعمال کا اہل بن جاتا ہے۔

## گرہن کے اوقات میں پرہیز

گرہن کے اوقات میں کسی اناج کا استعمال نہیں کرنا چاہئے، کوئی کاٹی ہوئی سبزی بھی نہیں کھانی چاہئے، نہ اناج وغیرہ کا گرہن کے اوقات میں ذخیرہ کرنا چاہئے، البتہ تیل، گھی، دودھ، مکھن، دہی وغیرہ نقصان نہیں دیتے، اسی طرح خشک میوے، بادام، اخروٹ، چلغوزے،

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOK'S

پستہ اور کاجو وغیرہ بھی نقصان دہ ثابت نہیں ہوتے۔ اگر ان میوہ جات کا ذخیرہ گرہن کے اوقات میں کرلیا جائے تو کوئی تکلیف نہیں ہوتی، نہ کسی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے، خیر و برکت میں بھی کوئی کمی نہیں آتی۔ سورج گرہن کے وقت سورج کی طرف بغیر کالے چشمے کے نہیں دیکھنا چاہئے۔ گرہن کے وقت اچھلنے کودنے، بھاگنے دوڑنے سے اور ایکسرسائز وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہئے، جو کھانا چولہے یا گیس وغیرہ پر پکایا ہو اس کو گرہن کے اوقات میں نہیں کھانا چاہئے، اس کھانے سے کوئی بھی بیماری لاحق ہوسکتی ہے۔ گرہن کے اوقات میں میاں بیوی کا مجامعت وصحبت کرنا ہونے والے بچے کے لئے نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ گرہن کے اوقات میں کھیل تماشے کرنا، ٹی وی دیکھنا، گانے سننا اور اس طرح کی ممنوعات میں مبتلا رہنا ضرر رساں ہے۔ گرہن کے اوقات میں کرکٹ کا میچ دیکھنا، مذہبی بحث ومباحثہ میں مبتلا ہونا، بلاوجہ کی گپ شپ میں مبتلا ہونا بھی غلط ہے۔ اس سے انسان کی جسمانی اور روحانی صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ حاملہ عورتوں کو گرہن کے اوقات میں کپڑا کاٹنے، سبزی وغیرہ کاٹنے یا کسی بھی چیز کو کاٹنے سے بچنا چاہئے اور کسی بھی چیز کے لئے چاقو اور قینچی کا استعمال غلط ہوگا۔ اسی طرح گرہن کے اوقات میں حاملہ عورتوں کا گھومنا، بازاروں میں خرید وفروخت کرنا، ناخن کاٹنا، تیل لگانا، بیوٹی پارلر میں جاکر اپنی نوک پلک درست کرانا نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ حاملہ عورتوں کا تیل لگانا اور مساج کرانا غلط ہوگا اور اس کا غلط اثر ہونے والے بچے پر پڑے گا۔ مردوں کا زمین کھودنا، ہل چلانا، پھول یا پھل توڑنا صحیح نہیں ہے۔ اس سے جانی اور مالی نقصان کا اندیشہ رہے گا۔ افضل یہ ہے کہ اگر کوئی مجبوری نہ ہو تو سورج گرہن کے بعد غسل کرلینا چاہئے۔ گرہن کے اوقات میں اگر عبادت وتلاوت قرآن کی توفیق نہ ہو تو کم سے کم خاموش رہیں اور کسی کتاب کے مطالعے میں خود کو مصروف رکھیں یا ایسی بات چیت میں مشغول رہیں جو شرعاً ممنوع نہ ہو۔ گرہن کے اوقات میں جھوٹ، غیبت، الزام تراشی، دجل وفریب جیسے گناہ انسان کی بدنصیبی کی وجہ بنتے ہیں۔ اس لئے گرہن کے اوقات میں خاموش رہنا بھی بہتر ہے، لیکن گرہن کے اوقات میں سونا نہیں چاہئے۔ کھانا کھانا اگر ضروری ہو تو گرہن سے پہلے کھالینا چاہئے، ورنہ گرہن کے بعد، دوران گرہن اگر کھانے سے پرہیز رکھیں تو افضل ہے، البتہ مشروبات کے استعمال میں کوئی حرج نہیں ہے۔

## حروف صوامت کی زکوٰۃ

حروف صوامت یہ ہے۔ ا، ح، د، ر، س، ص، ط، ع، ک، ل، م، و، ہ۔ ان حروف کی زکوٰۃ چاند کی متعلقہ منزلوں میں مخصوص تعداد کے ساتھ پڑھ کر ادا کریں۔ اس کے علاوہ ان حروف کو چاند گرہن یا سورج گرہن کے اوقات میں ان ۱۳ حروف کے اعداد کے مطابق جو ۵۴۳ بنتے ہیں۔ اتنی بار تنہائی میں خاموشی کے ساتھ لکھیں۔ لکھنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ان ۱۳ حروف کے ۴ کلمے بنالیں تاکہ لکھنا آسان ہوجائے اور ان چاروں کلمات کو ۵۴۳ مرتبہ کسی کاغذ پر لکھیں، لکھتے وقت باوضو ہوں اور کوئی بخور بھی روشن کرلیں، تھوڑے سے بتاشے لکھتے وقت اپنے پاس رکھ لیں اور تعداد پوری ہوجانے پر یہ بتاشے کمسن بچوں میں تقسیم کردیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ان کلمات کو روزانہ ۱۳ مرتبہ لکھ لیا کریں، کسی کاپی پر لکھتے رہیں۔ جب کاپی بھر جائے تو اس کو کسی درخت کی جڑ میں دبادیں یا دریا میں بہادیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی اگر آپ لگاتار ۱۳ سالوں تک گرہن کے اوقات میں کرتے رہیں تو آپ کی طرف زکوٰۃ اکبر ادا ہوجائے گی، اس کے بعد زکوٰۃ ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔ حروف صوامت کے چار کلمات یہ ہیں۔

| احد | اسص | طعک | لموہ |
|---|---|---|---|
| ا ح د | ا س ص | ط ع ک | ل م و ہ |

بعض ماہرین کی رائے یہ ہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت کوئی سرمہ پاس ہونا چاہئے اور زکوٰۃ ادا کرتے ہی اس سرمہ پر دم کردینا چاہئے، پھر دوران سال جب بھی کوئی عمل حروف صوامت کے ذریعہ کریں یا کوئی نقش حروف صوامت کے اعداد نکال کر بنائیں تو اس وقت اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگالینا چاہئے۔ انشاء اللہ عمل اور نقش میں زبردست تاثیر پیدا ہوگی۔ بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ ان ۱۳ حروف کو کسی جست یا لوہے کی پلیٹ پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں، یہ لوح اگر عامل کے پاس ہوگی تو عمل میں قوت رہے گی اور زبردست نتائج برآمد ہوں گے۔ یہ لوح بھی زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد اگر گرہن کے اوقات ہی میں تیار کرلیں تو افضل ہے۔ گرہن کے اوقات میں حروف صوامت لکھنے شروع کردیں، اگر ۵۴۳ مرتبہ لکھنے سے پہلے گرہن کا وقت ختم ہوگیا تو کوئی حرج نہیں، البتہ اہتمام یہ کرلیں کہ گرہن کا وقت شروع ہوتے ہی آپ لکھنا شروع کریں وقت ضائع نہ کریں۔ یہ بات بھی یاد رکھیں کہ سورج یا چاند گرہن اگر آپ کے ملک میں نظر نہیں آرہا ہے تب بھی آپ زکوٰۃ ادا کرسکتے ہیں، بس ٹائم کا خیال رکھیں۔ واضح رہے کہ زکوٰۃ کا اثر ایک سال تک رہتا ہے، لیکن اگر لگاتار ۱۳ سالوں تک زکوٰۃ ادا کرلی جائے تو پھر زکوٰۃ کی ضرورت نہیں رہتی۔ ۱۳ سالوں میں ۱۳ مرتبہ زکوٰۃ ادا کرلینے سے دائمی زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے۔

# تثلیث زہرہ و مشتری

(مطلوب کو حاضر کرنے کا بہترین وقت)

اس سال ۹ رمئی کو رات ۱۰ بج کر ۲۷ منٹ پر اور ۹ راگست کو رات ایک بج کر ۵۹ منٹ پر زہرہ و مشتری کی تثلیث ہوگی۔

اس وقت کی روحانیت کا تعلق تسخیر اور حب کے عملیات سے ہے، دو شخصوں کے درمیان خواہ وہ کوئی ہوں واقف ہوں یا ناواقف، دوستی اور محبت پیدا کی جاسکتی ہے، افسر ہو یا دوست، رشتہ دار ہو یا عزیز، عورت یا ہو بیوی اس کی تسخیر کی جاسکتی ہے اگر وہ کہنے میں نہ ہوں ناراض ہوں یا ان کے درمیان نفرت اور دشمنی ہو یا مقصد حصول رشتہ کا ہو مگر فریق مخالف یا اس کے والدین رکاوٹ ہوں تو اس وقت مخصوص جگہ شادی کرنے، محبوب کو مسخر کرنے، اپنے بس میں کرنے کے لئے اس موقعہ سے اور بہتر کوئی موقع نہیں ہے۔

## حاضری مطلوب

اس کا طریقہ یہ ہے کہ نام طالب مع والدہ اور نام مطلوب مع والدہ کے اعداد نکالو، محبت کے عدد ۴۵۰ پھر آیت زین للناس کے عدد ۹۱۵۸ راور ذیل کی چال میں دئے گئے طریقہ سے نقش پر کریں، عین اسی طرح عمل کریں جس طرح بتا رہا ہوں، یہ عمل پہلے بھی کمالات جفر کے عنوان سے شائع ہو چکا ہے، شاید کسی کو یاد بھی نہ ہو، یہ عمل ایسا ہے کہ ۲۴ گھنٹہ میں حاضری ہوتی ہے، غور کریں۔

۱-محبوب یا مطلوب مع والدہ کے اعداد کو خانہ اول میں لکھیں اور ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۲ میں پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۳ میں لکھیں پھر اس ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۴ میں لکھیں۔

۲-نام طالب مع والدہ کے اعداد کے خانہ نمبر ۵ میں لکھیں پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۶ میں پھر سات میں اور آٹھ میں لکھیں۔

۳-خانہ نمبر ۹ میں محبت کے اعداد ۴۵۰ لکھیں اور ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۱۰ میں لکھیں پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۱۱ میں اور پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۱۲ میں لکھیں۔

۴-اب خانہ ۴، ۷، ۱۰، ۱۳ کے اعداد کو جمع کریں اور ۹۱۵۸ میں سے تفریق کرلیں اور حاصلہ اعداد کو خانہ ۱۳ میں لکھیں پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۱۴ میں لکھیں پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے کانہ ۱۵ میں لکھیں اور پھر ۲۲ کا اضافہ کر کے خانہ ۱۶ میں لکھیں، اسی طرح تمام نقش پر ہو جائے گا۔ اب اس کا وفق چیک کرلیں ہر طرف سے جواب ۹۱۵۸ آنا چاہئے، اگر ایسا نہ ہوا تو نقش غلط ہوگا۔

ایک نقش کاغذ پر لکھیں، زعفران، کستوری ملا کر عرق گلاب کے محلول سے لکھیں، ایک نقش چاندی کے پترے پر کندہ کریں، اس کے نیچے مندرجہ ذیل عزیمت تحریر کریں۔

اللهم اجمع بيني (نام مع والدہ) و بين (نام مطلوب مع والدہ) يا جميع المنفردين بقول كلام پاك زين للناس حب الشهوات من النساء والبنين والقناطير المقنطرة من الذهب والفضة والخيل المسومة والانعام والحرث ذالک متاع الحيوة الدنيا والله عنده حسن المآب.

سورہ آل عمران کی ۱۴ویں آیت ہے، زیروزبر کی ضرورت نہیں، اس آیت کے لکھنے کے بعد بدوح کا نقش لکھیں، آتشی چال سے ہی لکھیں، کاغذ والے نقش کو لپیٹ کر گلے میں ڈال دیں اور چاندی کی لوح کو حرارت پہنچائیں یا گرم پانی میں رکھ دیں اور پانی ہمیشہ گرم رکھیں، جوں جوں گرمی پہنچے گی مطلوب بے چین ہوگا اور حاضر ہونے کے لئے بے قرار رہے گا اور یہ حقیقت ہے کہ مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔

## مثال اس نقش کی یہ ہے

مثلاً طالب کا نام : زید بن سلمہ ۱۶۱

مطلوب کا نام : زرینہ بنت نجمہ ۳۷۰

اعداد محبت ۴۵۰

اعداد آیت ۹۱۵۸

۸۷۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳۶ | ۲۰۵ | ۴۷۲ | ۸۰۴۵ |
| ۸۰۶۷ | ۴۵۰ | ۲۲۷ | ۴۱۴ |
| ۱۶۱ | ۳۹۲ | ۸۰۸۹ | ۵۱۶ |
| ۴۹۴ | ۸۱۱۱ | ۳۷۰ | ۱۸۳ |

۷۸۶

| ۱۳ | ۱۰ | ۷ | ۴ |
|---|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۹ | ۱۴ |
| ۱۲ | ۱۵ | ۲ | ۵ |
| ۶ | ۱ | ۱۶ | ۱۱ |

اللھم اجمع بینی زیدبن سلمہ و بین زرینہ بنت نجمہ یاجامع المنفردین بقول کلام پاک زین للناس حب الشھوات من النساء والبنین والقناطیر المقنطرۃ من الذھب والفضۃ والخیل المسومۃ والانعام والحرث ذالک متاع الحیوۃ الدنیا واللّٰہ عندہ حسن المآب۔

(نقش لکھتے وقت آیت کریمہ پرزیروزبر لگانے کی ضرورت نہیں)

## دوسرا فارمولہ حصول دولت کے لئے

مذکورہ وقت میں مال ودولت کے لئے یہ کریں۔

تازہ غسل کرکے نیالباس زیب تن کریں، اگر نیا لباس میسر نہ ہو تو اپنے پاس جو سب سے قیمتی لباس ہو اس کو پہن لیں، کھڑے ہو کر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر دورکعت نفل بہ نیت قضائے حاجت ادا کریں، اللہ سے دعا کریں، رزق کی زیادتی اور آمدنی کے بڑھ جانے کی یا کسی سے رقم وصول کرنے کی دعا سے فارغ ہونے کے بعد پھر کھڑے ہو سو مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد نقش تیار کریں۔

نقش کے لئے اپنے نام اور اپنی والدہ کے نام کے اعداد نکالیں اور اس میں ۱۲۸۷ راعداد شامل کرلیں، حسب قاعدہ کل مجموعے میں سے ۳۰ رگھٹا کر باقی اعداد کو ۴ سے تقسیم کردیں، تقسیم کے بعد اگر ایک بچے تو ۱۳ ویں خانہ میں ایک کا اضافہ کریں، اگر دو بچے تو نوے خانہ میں ایک کا اضافہ کریں اور اگر ۳ بچے تو پانچویں خانہ میں ایک کا اضافہ کریں۔

مثالی نقش

جاوید احمد ابن اسمہ کے لئے نقش اس طرح بنے گا۔

اعداد ۱۸۳+۱۲۸۷=۱۴۷۰

حسب قانون ۳۰ گھٹا کر نقش اس طرح بنے گا کوئی کسر نہیں ہے اس لئے اضافے کی ضرورت نہیں ہے۔

۷۸۶

اللّٰہ لطیف

| ۳۶۱۷ | ۳۶۲۰ | ۳۶۲۳ | ۳۶۱۰ |
|---|---|---|---|
| ۳۶۲۲ | ۳۶۱۱ | ۳۶۱۶ | ۳۶۲۱ |
| ۳۶۱۲ | ۳۶۲۵ | ۳۶۱۸ | ۳۶۱۵ |
| ۳۶۱۹ | ۳۶۱۴ | ۳۶۱۳ | ۳۶۲۴ |

نقش کی چال یہ ہے۔

۷۸۶

| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

نقش کے چاروں طرف یہ آیت لکھیں اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَ ھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ان نقوش کو مکمل طہارت کے ساتھ لکھیں۔ لکھتے وقت ہرے رنگ کا لباس پہن لیں یا ہرے رنگ کی چادر جسم پر ڈال لیں تو بہتر ہے ورنہ پھر مکمل سفید لباس پہن کر یہ نقش لکھیں۔

نوٹ: شرف شمس اور شرف زہرہ فرمائش کے مطابق سونے چاندی کے پترے پر کاغذ پر تیار کرکے روانہ کئے جاتے ہیں لیکن ان کا آرڈر ایک ماہ قبل مل جانا چاہئے۔ ضرورت مند حضرت ان نقوش کو مقامی عاملین سے بھی تیار کراسکتے ہیں یا ہمارے شاگردوں سے بھی رجوع کرسکتے ہیں۔


## شرف شمس

اگر آپ ہاشمی روحانی مرکز سے بنوانا چاہتے ہیں تو سونے پر بنوانے کے لئے ۲۵ ہزار روپئے۔ چاندی پر بنوانے کے لئے پندرہ سو روپئے اور کاغذ پر بنوانے کے لئے پانچ سو روپئے روانہ کریں۔ آپ کا ہدیہ ۱۳ر مارچ ۲۰۱۹ء تک پہنچ جانا چاہئے۔ ہدیہ مندرجہ ذیل اکاؤنٹ میں ڈالیں۔

ہمارا پتہ

ہاشمی روحانی مرکز، محلہ ابوالمعالی، دیوبند 747554

اکاؤنٹ نمبر: HASAN HMED SIDDIQUI

AC.NO-20015925432

State Bank Deoband

## نقشہ شرف قمر در برج ثور ۲۰۱۹ء

| تاریخ | ابتداء | تاریخ | انتہا |
|---|---|---|---|
| ۱۵ر جنوری | رات ۳ بج کر ۳۷ منٹ | ۱۵ر جنوری | صبح ۵ بج کر ۲۹ منٹ |
| ۱۱ر فروری | دن ۱۰ بج کر ۳۸ منٹ | ۱۱ر فروری | دوپہر ۱۲ بج کر ۳۲ منٹ |
| ۱۰ر مارچ | شام ۴ بج کر ۲۱ منٹ | ۱۰ر مارچ | شام ۶ بج کر ۳۳ منٹ |
| ۶ر اپریل | رات ۱۰ بج کر ۱۸ منٹ | ۶ر اپریل | رات ۱۲ بج کر ۳۰ منٹ |
| ۴ر مئی | علی الصبح ۵ بج کر ۲۸ منٹ | ۴ر مئی | صبح ۷ بج کر ۴۲ منٹ |
| ۳۱ر مئی | دوپہر ایک بج کر ۵۳ منٹ | ۳۱ر مئی | شام ۴ بج کر ۸ منٹ |
| ۲۷ر جون | رات ۱۱ بجے | ۲۷ر جون | رات ایک بج کر ۱۵ منٹ |
| ۲۵ر جولائی | صبح ۶ بج کر ۵۲ منٹ | ۲۵ر جولائی | صبح ۹ بج کر ۸ منٹ |
| ۲۱ر اگست | دوپہر ایک بج کر ۵۰ منٹ | ۲۱ر اگست | شام ۴ بج کر ۲ منٹ |
| ۱۷ر ستمبر | شام ۷ بج کر ۴۸ منٹ | ۱۷ر ستمبر | رات ۹ بج کر ۵۵ منٹ |
| ۱۴ر اکتوبر | رات ایک بج کر ۴۳ منٹ | ۱۴ر اکتوبر | رات ۳ بج کر ۴۹ منٹ |
| ۱۱ر نومبر | صبح ۸ بج کر ۲۸ منٹ | ۱۱ر نومبر | صبح ۱۰ بج کر ۴۳ منٹ |
| ۸ر دسمبر | شام ۴ بج کر ۳۹ منٹ | ۸ر دسمبر | شام ۶ بج کر ۵۴ منٹ |

## نقشہ اوجِ قمر در برج سنبلہ ۲۰۱۹ء

| تاریخ | ابتداء | تاریخ | انتہا |
|---|---|---|---|
| ۲۳ر جنوری | صبح ۸ بج کر ۵۸ منٹ | ۲۵ر جنوری | صبح ۹ بج کر ۳۲ منٹ |
| ۱۹ر فروری | رات ۸ بج کر ۱۷ منٹ | ۲۱ر فروری | شام ۷ بج کر ۳۷ منٹ |
| ۱۹ر مارچ | صبح ۷ بج کر ۱۱ منٹ | ۲۱ر مارچ | صبح ۶ بج کر ۵۸ منٹ |
| ۱۵ر اپریل | سہ پہر ۳ بج کر ۳۳ منٹ | ۱۷ر اپریل | شام ۴ بج کر ۵۲ منٹ |
| ۱۲ر مئی | رات ۹ بج کر ۵۲ منٹ | ۱۴ر مئی | رات ۱۲ بج کر ۲۱ منٹ |
| ۹ر جون | صبح ۳ بج کر ۱۵ منٹ | ۱۱ر جون | صبح ۵ بج کر ۵۹ منٹ |
| ۶ر جولائی | صبح ۹ بج کر ۵۵ منٹ | ۸ر جولائی | دن ۱۱ بج کر ۳۶ منٹ |
| ۲ر اگست | شام ۶ بج کر ۵۰ منٹ | ۴ر اگست | شام ۷ بجے |
| ۳۰ر اگست | صبح ۵ بج کر ۲۷ منٹ | یکم ر ستمبر | صبح ۴ بج کر ۳۸ منٹ |
| ۲۶ر ستمبر | شام ۴ بج کر ۷ منٹ | ۲۸ر ستمبر | سہ پہر ۳ بج کر ۴۴ منٹ |
| ۲۴ر اکتوبر | رات ۱۲ بج کر ۵۹ منٹ | ۲۶ر اکتوبر | رات ایک بج کر ۵۰ منٹ |
| ۲۰ر نومبر | صبح ۷ بج کر ۲۴ منٹ | ۲۲ر نومبر | صبح ۹ بج کر ۴۹ منٹ |
| ۱۷ر دسمبر | دوپہر ایک بج کر ۱۶ منٹ | ۱۹ر دسمبر | صبح ۵ بج کر ۳۴ منٹ |

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/ محمد شبیر قادری

## نقشہ قمر در برج عقرب ۲۰۱۹ء

| تاریخ | ابتداء | تاریخ | انتہا |
|---|---|---|---|
| ۲۷رجنوری | دن۱۲بج کر۴۳منٹ | ۲۹رجنوری | رات۸بج کر۳منٹ |
| ۲۳رفروری | رات۹بج کر۲۹منٹ | ۲۶رفروری | رات۲بج کر۴۹منٹ |
| ۲۳رمارچ | شام۷بج کر۴۷منٹ | ۲۵رمارچ | دن۱۱بج کر۳۶منٹ |
| ۱۹راپریل | شام۶بج کر۱۰منٹ | ۲۱راپریل | رات۹بج کر۲۹منٹ |
| ۱۷رمئی | رات۲بج کر۵۶منٹ | ۱۹رمئی | صبح۶بج کر۱۵منٹ |
| ۱۳رجون | صبح۹بج کر۳۲منٹ | ۱۵رجون | دوپہر۲بج کر۳۳منٹ |
| ۱۰رجولائی | دوپہر۲بج کر۵۸منٹ | ۱۲رجولائی | رات۸بج کر۳۵منٹ |
| ۶راگست | رات۹بج کرایک منٹ | ۹راگست | رات۳بج کر۵منٹ |
| رات۳رستمبر | صبح۵بج کر۵منٹ | ۷رستمبر | صبح۸بج کر۳۸منٹ |
| ۲۹رستمبر | دوپہر۳بج کر۱۲منٹ | ۲راکتوبر | شام۵بج کر۱۴منٹ |
| ۲۸راکتوبر | رات ایک بج کر۵۹منٹ | ۳۰راکتوبر | رات۳بج کر۲۹منٹ |
| ۲۴رنومبر | صبح۱۱بج کر۲۸منٹ | ۲۶رنومبر | دوپہرایک بج کر۴۱منٹ |
| ۲۱ردسمبر | شام۶بج کر۲۷منٹ | ۲۳ردسمبر | رات۱۰بج کر۵منٹ |

## نقشہ ہبوط قمر در برج عقرب ۲۰۱۹ء

| تاریخ | ابتداء | تاریخ | انتہا |
|---|---|---|---|
| ۲۷رجنوری | دوپہر۴بج کر۱۸منٹ | ۲۷رجنوری | ۷بج کر۷منٹ |
| ۲۳رفروری | دوپہرایک بج کر۱۲منٹ | ۲۳رفروری | شام۴بج کر۳۰منٹ |
| ۲۳رمارچ | رات۱۱بج کر۲۲منٹ | ۲۳رمارچ | رات۲بج کر۴۳منٹ |
| ۲۹راپریل | رات۱۰بج کر۲۵منٹ | ۲۹راپریل | رات ایک بج کر۴۰منٹ |
| ۱۷رمئی | صبح۶بج کر۴۱منٹ | ۱۷رمئی | صبح۹بج کر۳۹منٹ |
| ۱۳رجون | دوپہرایک بج کر۱۶منٹ | ۱۳رجون | شام۴بج کر۳۱منٹ |
| ۱۰رجولائی | شام۶بج کر۱۷منٹ | ۱۰رجولائی | رات۹بج کر۴۵منٹ |
| ۲راگست | رات ایک بج کر۱۶منٹ | ۱۲راگست | صبح۴بج کر۲۷منٹ |
| ۳رستمبر | صبح۹بج کر۲۰منٹ | ۳رستمبر | رات۱۲بج کر۳۱منٹ |
| ۲۹رستمبر | شام۷بج کر۲۷منٹ | ۲۹رستمبر | رات۱۰بج کر۳۹منٹ |
| ۲۸راکتوبر | صبح۵بج کر۴۸منٹ | ۲۸راکتوبر | صبح۸بج کر۳۶منٹ |
| ۲۴رنومبر | دوپہر۳بج کر۱۵منٹ | ۲۴رنومبر | شام۶بج کر۲۷منٹ |
| ۲۱ردسمبر | رات۱۰بج کر۲۴منٹ | ۲۱ردسمبر | رات ایک بج کر۵۲منٹ |

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaat

## نیا مکان تعمیر کرنے کی مبارک تاریخیں ۲۰۱۹ء

نئے مکان کی بنیاد رکھتے ہوئے کسی بزرگ کو فوقیت دینی چاہئے اور اس بات کی بھی کوشش کرنی چاہئے کہ مکان کی بنیاد کسی سعید ساعت میں رکھی جائے اور اس بات کا بھی لحاظ رکھنا چاہئے کہ زمین کی کھدائی ان تاریخوں میں نہیں کرنی چاہئے جب چاند برج عقرب میں ہو۔ ارباب تجربہ کا کہنا ہے کہ ان تاریخوں میں زمین مرتعش ہوتی ہے، اس لئے ان تاریخوں میں زمین کے سینے پر کدال چلانا مناسب نہیں ہے۔ شریعت اس بارے میں کچھ نہیں کہتی، لیکن تجربات انسانی کو دین اسلام کہیں رد نہیں کرتا اور تجربات کے پیش نظر ان تاریخوں میں زمین کی کھدائی کرنا دور اندیشی کے خلاف سمجھا جاتا ہے۔

| تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷رجنوری | ۱۰رجمادی الاول | جمعرات | ۲۹راپریل | ۲۳رشعبان | پیر | ۲۷رجون | ۲۳رشوال | جمعرات |
| ۲۱رجنوری | ۱۴رجمادی الاول | پیر | ۶رمئی | ۳۰رشعبان | پیر | ۲۸رجون | ۲۴رشوال | جمعہ |
| ۷رفروری | یکم رجمادی الثانی | جمعرات | ۹رمئی | ۳ررمضان | جمعرات | ۳رجولائی | ۲۹رشوال | بدھ |
| ۲۲رفروری | ۱۶رجمادی الثانی | جمعہ | ۱۰رمئی | ۴ررمضان | جمعہ | ۱۸راکتوبر | ۱۸رصفر | جمعہ |
| ۲۳رفروری | ۱۷رجمادی الثانی | سنیچر | ۲۲رمئی | ۱۶ررمضان | بدھ | ۳۰راکتوبر | ۳۰رصفر | بدھ |
| ۹رمارچ | یکم ررجب | سنیچر | ۲۵رمئی | ۱۹ررمضان | سنیچر | ۸رنومبر | ۹رربیع الاول | جمعہ |
| ۱۸راپریل | ۱۲رشعبان | جمعرات | ۳۰رمئی | ۲۴ررمضان | جمعرات | ۱۴رنومبر | ۱۵رربیع الاول | جمعرات |
| ۱۹راپریل | ۱۳رشعبان | جمعہ | ۳۱رمئی | ۲۵ررمضان | جمعہ | ۲ردسمبر | ۳رربیع الثانی | پیر |
| ۲۶راپریل | ۲۰رشعبان | جمعہ | ۶رجون | ۲رشوال | جمعرات | ۱۱ردسمبر | ۱۲رربیع الثانی | بدھ |

## نئے مکان میں برائے رہائش داخل ہونے کی مبارک تاریخیں ۲۰۱۹ء

مکان مکمل ہونے کے بعد جب مکان میں رہائش کا ارادہ کریں تو ۲۴ گھنٹے پہلے مکان کے کسی بھی کمرے میں یہ چیزیں رکھ دیں: ایک نئے ایلمونیم کے کٹورے میں گیہوں بھر دیں اور اس میں ۱۰ گرام چاندی رکھ دیں، ایک نیا قرآن حکیم لاکر رکھ دیں۔ ۲۴ گھنٹے کے بعد یہ چیزیں خیرات کردیں، اس کے بعد اللہ پر مکمل بھروسہ کرتے ہوئے مکان میں رہائش اختیار کریں، انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔

| تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷رجنوری | ۱۰رجمادی الاول | جمعرات | ۲۲راپریل | ۱۶رشعبان | پیر | ۲۲رجون | ۲۰رشوال | سنیچر |
| ۱۸رجنوری | ۱۱رجمادی الاول | جمعہ | ۲۶راپریل | ۲۰رشعبان | جمعہ | ۲۷رجون | ۲۳رشوال | جمعرات |
| ۲۸رجنوری | ۲۱رجمادی الاول | پیر | ۹رمئی | ۳ررمضان | جمعرات | ۲۸رجون | ۲۴رشوال | جمعہ |

www.freeamliyaatbookspdf.com FREE AMLIYAAT BOOKS

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷/فروری | یکم/جمادی الثانی | جمعرات | ۲۳/مئی | ۱۷/رمضان | جمعرات | ۳/جولائی | ۲۹/شوال | بدھ |
| ۲۱/فروری | ۱۵/جمادی الثانی | جمعرات | ۶/جون | ۲/شوال | جمعرات | ۸/جولائی | ۴/ذی قعدہ | پیر |
| ۸/مارچ | ۳۰/جمادی الثانی | جمعہ | ۷/جون | ۳/شوال | جمعہ | ۱۱/جولائی | ۷/ذی قعدہ | جمعرات |
| ۷/اپریل | یکم/رجب | اتوار | ۱۲/جون | ۸/شوال | بدھ | ۸/اکتوبر | ۸/صفر | منگل |

## پرانے مکان میں اور کرائے کے مکان میں برائے رہائش داخل ہونے کی مبارک تاریخیں ۲۰۱۹ء

ایک مرتبہ سورۂ بقرہ کی تلاوت خود کریں یا کسی سے کرائیں۔ اول وآخر ۱۱ بار درود شریف پڑھیں۔ اگر رہائش سے پہلے یا فوراً بعد ۴۰ دن تک سورۂ بقرہ کی تلاوت کرتے رہیں تو اور بھی بہتر ہے۔

| تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۹/جنوری | ۱۲/جمادی الاول | ہفتہ | ۲۰/جولائی | ۱۶/ذی قعدہ | ہفتہ | ۲۵/اکتوبر | ۲۵/صفر | جمعہ |
| ۲۰/جنوری | ۱۳/جمادی الاول | اتوار | ۲۳/جولائی | ۱۸/ذی قعدہ | منگل | ۳۱/اکتوبر | یکم/ربیع الاول | جمعرات |
| ۲۳/جنوری | ۱۶/جمادی الاول | بدھ | یکم/اگست | ۲۸/ذی قعدہ | جمعرات | ۹/نومبر | ۱۰/ربیع الاول | ہفتہ |
| ۲۴/جنوری | ۱۷/جمادی الاول | جمعرات | ۳/اگست | یکم/ذی الحجہ | ہفتہ | ۲۴/نومبر | ۲۵/ربیع الاول | اتوار |
| ۲۵/جنوری | ۱۸/جمادی الاول | جمعہ | ۴/اگست | ۲/ذی الحجہ | اتوار | ۳/دسمبر | ۴/ربیع الثانی | منگل |
| ۲۷/جنوری | ۲۰/جمادی الاول | اتوار | ۹/اکتوبر | ۷/ذی الحجہ | پیر | ۵/دسمبر | ۶/ربیع الثانی | جمعرات |
| ۱۸/جولائی | ۱۴/ذی قعدہ | جمعرات | ۲۱/اکتوبر | ۱۹/ذی الحجہ | بدھ | ۱۰/دسمبر | ۱۱/ربیع الثانی | منگل |
| ۱۹/جولائی | ۱۵/ذی قعدہ | جمعہ | ۲۲/اکتوبر | ۲۰/ذی الحجہ | جمعرات | ۱۲/دسمبر | ۱۳/ربیع الثانی | جمعرات |

www.freeamliyaatbookspdf.com
FREE AMLIYAAT BOOKS
www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

## دکان اور کاروبار شروع کرنے کے لئے مبارک تاریخیں ۲۰۱۹ء

گیارہ مرتبہ درود شریف، گیارہ مرتبہ آیت الکرسی، گیارہ مرتبہ سورۂ یٰسین، گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل، آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دکان شروع کریں، اس کے بعد ہمیشہ دکان کھولتے اور بند کرتے وقت ایک مرتبہ آیت الکرسی ضرور پڑھیں۔

| تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۷/جنوری | ۱۰/جمادی الاول | جمعرات | ۱۹/اپریل | ۱۳/شعبان | جمعہ | ۲۸/جون | ۶/ذی قعدہ | جمعہ |
| ۱۸/جنوری | ۱۱/جمادی الاول | جمعہ | ۲۲/اپریل | ۱۶/شعبان | پیر | ۸/جولائی | ۹/ذی قعدہ | پیر |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱رجنوری | ۱۴رجمادی الاول | پیر | ۲۶راپریل | ۲۶رشعبان | جمعہ | ۱۳راکتوبر | ۱۳رصفر | اتوار |
| ۲۶رجنوری | ۱۹رجمادی الاول | سنیچر | ۱۰رمئی | ۴ررمضان | جمعہ | ۱۸راکتوبر | ۱۸رصفر | جمعہ |
| ۲۷رجنوری | ۲۰رجمادی الاول | اتوار | ۱۹رمئی | ۱۳ررمضان | اتوار | ۲۵راکتوبر | ۲۵رصفر | جمعہ |
| ۹رفروری | ۳رجمادی الثانی | سنیچر | ۲۳رمئی | ۱۷ررمضان | جمعرات | ۸رنومبر | ۹رربیع الاول | جمعہ |
| ۱۰رفروری | ۴رجمادی الثانی | اتوار | ۲۹رمئی | ۲۳ررمضان | بدھ | ۱۰رنومبر | ۱۰رربیع الاول | اتوار |
| ۲۱رفروری | ۱۵رجمادی الثانی | جمعرات | ۳۱رمئی | ۲۵ررمضان | جمعہ | ۱۴رنومبر | ۱۵رربیع الاول | جمعرات |
| ۲۲رفروری | ۱۶رجمادی الثانی | جمعہ | ۱۰رجون | ۶رشوال | پیر | ۱۸رنومبر | ۱۹رربیع الاول | پیر |
| ۲۳رفروری | ۱۷رجمادی الثانی | سنیچر | ۱۲رجون | ۸رشوال | بدھ | ۲۳رنومبر | ۲۴رربیع الاول | ہفتہ |
| ۸رمارچ | ۳۰رجمادی الثانی | جمعہ | ۱۳رجون | ۹رشوال | جمعرات | ۸ردسمبر | ۹رربیع الثانی | اتوار |
| ۱۷راپریل | ۱۱رشعبان | بدھ | ۲۷رجون | ۲۳رشوال | جمعرات | ۱۱ردسمبر | ۱۲رربیع الثانی | بدھ |

## گاڑی (کوئی بھی سواری) خریدنے کی مبارک تاریخیں ۲۰۱۹ء

| تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱رجنوری | ۱۴رجمادی الاول | پیر | ۱۳رمئی | ۷ررمضان | پیر | ۱۱رجولائی | ۷رذی قعدہ | جمعرات |
| ۲۳رجنوری | ۱۶رجمادی الاول | بدھ | ۱۶رمئی | ۱۰ررمضان | جمعرات | ۳راکتوبر | ۳رصفر | جمعرات |
| ۲۷رجنوری | ۲۰رجمادی الاول | اتوار | ۲۴رمئی | ۱۸ررمضان | جمعہ | ۱۳راکتوبر | ۱۳رصفر | اتوار |
| ۲۸رجنوری | ۲۱رجمادی الاول | پیر | ۲۶رمئی | ۲۰ررمضان | اتوار | ۱۸راکتوبر | ۱۸رصفر | جمعہ |
| ۱۰رفروری | ۴رجمادی الثانی | اتوار | ۳۰رمئی | ۲۴ررمضان | جمعرات | ۲۴راکتوبر | ۲۴رصفر | جمعرات |
| ۲۲رفروری | ۱۶رجمادی الثانی | جمعہ | ۳۱رمئی | ۲۵ررمضان | جمعہ | ۲۵راکتوبر | ۲۵رصفر | جمعہ |
| ۸رمارچ | ۳۰رجمادی الثانی | جمعہ | ۶رجون | ۲رشوال | جمعرات | ۳۰راکتوبر | ۳۰رصفر | بدھ |
| ۱۵راپریل | ۹رشعبان | پیر | ۷رجون | ۳رشوال | جمعہ | ۱۴رنومبر | ۱۵رربیع الاول | جمعرات |
| ۱۷راپریل | ۱۱رشعبان | بدھ | ۱۲رجون | ۸رشوال | بدھ | ۱۸رنومبر | ۱۹رربیع الاول | پیر |
| ۱۹راپریل | ۱۳رشعبان | جمعہ | ۲۷رجون | ۲۳رشوال | جمعرات | ۲ردسمبر | ۳رربیع الثانی | پیر |
| ۲۲راپریل | ۱۶رشعبان | پیر | ۲۸رجون | ۲۴رشوال | جمعہ | ۱۱ردسمبر | ۱۲رربیع الثانی | بدھ |

# بیاہ شادی کے لئے مبارک تاریخیں (برائے ۲۰۱۹ء)

| تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن | تاریخ عیسوی | تاریخ اسلامی | دن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵رجنوری | ۸رجمادی الاول | منگل | ۱۵راپریل | ۹رشعبان | پیر | ۲۳رمئی | ۱۷ررمضان | جمعرات |
| ۱۷رجنوری | ۱۰رجمادی الاول | جمعرات | ۱۶راپریل | ۱۰رشعبان | منگل | ۲۴رمئی | ۱۸ررمضان | جمعہ |
| ۱۸رجنوری | ۱۱رجمادی الاول | جمعہ | ۱۷راپریل | ۱۱رشعبان | بدھ | ۲۵رمئی | ۱۹ررمضان | ہفتہ |
| ۲۲رجنوری | ۱۵رجمادی الاول | منگل | ۱۸راپریل | ۱۲رشعبان | جمعرات | ۲۶رمئی | ۲۰ررمضان | اتوار |
| ۲۳رجنوری | ۱۶رجمادی الاول | بدھ | ۱۹راپریل | ۱۳رشعبان | جمعہ | ۲۸رمئی | ۲۲ررمضان | منگل |
| ۲۵رجنوری | ۱۸رجمادی الاول | جمعہ | ۲۰راپریل | ۱۴رشعبان | ہفتہ | ۲۹رمئی | ۲۳ررمضان | بدھ |
| ۲۶رجنوری | ۱۹رجمادی الاول | ہفتہ | ۲۱راپریل | ۱۵رشعبان | اتوار | ۳۰رمئی | ۲۴ررمضان | جمعرات |
| ۲۷رجنوری | ۲۰رجمادی الاول | اتوار | ۲۲راپریل | ۱۶رشعبان | پیر | ۲رجون | ۲۷ررمضان | اتوار |
| ۲۹رجنوری | ۲۲رجمادی الاول | منگل | ۲۵راپریل | ۱۹رشعبان | جمعرات | ۸رجون | ۴رشوال | ہفتہ |
| ۶رفروری | ۳۰رجمادی الاول | بدھ | ۲۶راپریل | ۲۰رشعبان | جمعہ | ۹رجون | ۵رشوال | اتوار |
| ۸رفروری | ۲رجمادی الثانی | جمعہ | ۲۷راپریل | ۲۱رشعبان | ہفتہ | ۱۰رجون | ۶رشوال | پیر |
| ۹رفروری | ۳رجمادی الثانی | ہفتہ | ۲۸راپریل | ۲۲رشعبان | اتوار | ۱۱رجون | ۷رشوال | منگل |
| ۱۰رفروری | ۴رجمادی الثانی | اتوار | ۶رمئی | ۳۰رشعبان | پیر | ۱۲رجون | ۸رشوال | بدھ |
| ۱۹رفروری | ۱۳رجمادی الثانی | منگل | ۷رمئی | یکم ررمضان | منگل | ۱۳رجون | ۹رشوال | جمعرات |
| ۲۱رفروری | ۱۵رجمادی الثانی | جمعرات | ۸رمئی | ۲ررمضان | بدھ | ۷رجولائی | ۳رذی قعدہ | اتوار |
| ۲۲رفروری | ۱۶رجمادی الثانی | جمعہ | ۱۲رمئی | ۶ررمضان | اتوار | ۱۱رجولائی | ۷رذی قعدہ | جمعرات |
| ۷رمارچ | ۲۹رجمادی الثانی | جمعرات | ۱۳رمئی | ۷ررمضان | پیر | ۱۷راکتوبر | ۷رصفر | پیر |
| ۸رمارچ | ۳۰رجمادی الثانی | جمعہ | ۱۶رمئی | ۱۰ررمضان | جمعرات | ۱۸راکتوبر | ۸رصفر | جمعہ |
| ۹رمارچ | یکم ررجب | ہفتہ | ۱۷رمئی | ۱۱ررمضان | جمعہ | ۳۰راکتوبر | ۳۰رصفر | بدھ |
| ۱۰رمارچ | ۲ررجب | اتوار | ۱۸رمئی | ۱۲ررمضان | ہفتہ | ۱۰رنومبر | ۱۱رربیع الاول | اتوار |
| ۱۲رمارچ | ۴ررجب | منگل | ۱۹رمئی | ۱۳ررمضان | اتوار | ۲۸رنومبر | ۲۹رربیع الاول | جمعرات |

# شرفات ونظراتِ کواکب

عملیات جفر کیلئے ستاروں کے شرف، اوج، ہبوط، اور وبال کو خاص اہمیت دی جاتی ہے۔ تثلیث، تربیع، تسدیس اور قران، مقابلہ کو بطور خاص اہم سمجھا جاتا ہے اوران اوقات میں جو الواح اور نقوش تیار کئے جاتے ہیں ان کی تاثیر کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ اس لئے عاملین جفر ان اوقات کو ضائع نہیں کرتے بلکہ ان اوقات کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں اس تقویم میں ہم ان اوقات کی تشریح کررہے ہیں۔ اور صحیح وقت کی نشاندہی بھی کررہے ہیں اور ان اوقات کے لئے خصوصی نقوش کی نشاندہی انشاء اللہ طلسماتی دنیا کے آنے والے شماروں میں کی جاتی رہے گی تاکہ عاملین ان عملیات ونقوش سے خود بھی فائدہ اٹھائیں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔

ستاروں کے شرف، اوج، وبال اور ہبوط کی جدول یہ ہے

| ستاروں کے نام | شمس | قمر | مریخ | عطارد | مشتری | زہرہ | زحل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شرف | حمل ۱۹ درجہ | ثور ۳ درجہ | جدی ۲۸ درجہ | سنبلہ ۱۵ درجہ | سرطان ۱۵ درجہ | حوت ۲۷ درجہ | میزان ۲۱ درجہ |
| اوج | سرطان ۲۰ درجہ | سنبلہ ۵ درجہ | اسد ۱۹ درجہ | عقرب ۵ درجہ | میزان ۲ درجہ | جوزا ۲۲ درجہ | قوس ۱۳ درجہ |
| ہبوط | میزان ۱۹ درجہ | عقرب ۳ درجہ | سرطان ۲۸ درجہ | حوت ۱۵ درجہ | جدی ۱۵ درجہ | سنبلہ ۲۷ درجہ | حمل ۲۱ درجہ |
| وبال | دلو | جدی | ثور، میزان | قوس، حوت | جوزا، سنبلہ | حمل، عقرب | اسد، سرطان |

**اوج:** جب کوئی اوج میں ہوتا ہے تو وہ قوی ہوتا ہے لیکن اپنی قوت کو مکمل نہیں کرتا۔

**شرف:** جب کوئی ستارہ شرف میں ہوتا ہے تو وہ قوی تر ہوتا ہے اور اس کی طاقت مکمل ہوتی ہے۔

**وبال:** جب کوئی ستارہ وبال میں ہوتا ہے تو وہ کمزور ہوتا ہے مگر اپنی قوت کو بالکل ہی زائل نہیں کرتا۔

**ہبوط:** جب کوئی ستارہ ہبوط میں ہوتا ہے تو اپنی قوت کو کھو دیتا ہے اور بالکل ہی ناکارہ ہو جاتا ہے۔

**شمس:** کے یہ اوقات سال میں ایک بار آتے ہیں۔

**عطارد وزہرہ:** کے بھی تقریباً سال میں ایک بار آتے ہیں۔

**مریخ:** کے ڈیڑھ سال میں ایک بار آتے ہیں۔

**مشتری:** کے بارہ سال میں ایک بار آتے ہیں۔

**زحل:** کے ۲۷ سال میں ایک بار آتے ہیں۔

**قمر:** کے ایک ماہ میں ایک بار آتے ہیں۔

شرف کی قوت اعلیٰ ہوتی ہے۔ اوج کی دوسرے درجہ میں ہوتی ہے۔ ہبوط کی نحس تاثیر مکمل ہوتی ہے اور وبال کی نحس تاثیر دوسرے درجہ میں ہوتی ہے۔

## ستارے آسمان کا دورہ کتنی مدت میں کرتے ہیں

**قمر:** آسمان کا دور ۲۸ دن میں کرتا ہے اور ایک برج میں وہ ڈھائی دن قیام کرتا ہے۔

**شمس:** آسمان کا دورہ ۳۶۵ دن میں کرتا ہے اور اس کا قیام ایک برج میں ایک ماہ رہتا ہے۔

**عطارد:** آسمان کا دورہ ۱۸۰ دن میں کرتا ہے اور اس کا قیام ایک برج میں ۱۵ دن رہتا ہے۔

**زہرہ:** آسمان کا دورہ تین سو دن میں کرتا ہے اور اس کا ایک

برج میں قیام ۲۵ دن رہتا ہے۔

**مریخ** : آسمان کا دورہ ۵۴۰ دن میں کرتا ہے اور اس کا قیام ایک برج میں ۴۵ دن رہتا ہے۔

**مشتری** : آسمان کا دورہ بارہ سال میں کرتا ہے اور اس کا ایک برج میں قیام ایک سال رہتا ہے۔

**زحل** : آسمان کا دورہ ۲۹ سال میں کرتا ہے اور اس کا قیام ایک برج میں تقریباً ۲۹ ماہ ہوتا ہے۔

ستاروں کی نظرات کے اوقات سال میں ایک بار ضرور پیش آتے ہیں۔ عاملین کو ان سے استفادہ کرنا چاہئے اور جائز امور میں ان اوقات کو اہمیت دینی چاہئے۔ تاکہ مطلوبہ نتائج تک پہنچنے میں آسانی رہے۔ ان اوقات میں تاثیر اللہ کے فضل وکرم سے مکمل ہوتی ہے۔ اور عاملین کو مایوسی کا سامنا کرنا نہیں پڑتا۔ انکی تاثیرات حسب ذیل ہے۔

تثلیث: یہ وقت سعدِ اکبر ہوتا ہے۔

تسدیس: یہ وقت سعدِ اصغر کہلاتا ہے۔

مقابلہ: یہ وقت نحس اکبر ہوتا ہے۔

تربیع: یہ وقت نحس اصغر ہوتا ہے۔

قران: سعد ستاروں کا سعد اور نحس ستاروں کا نحس تاثیر دیتا ہے۔

## شرف زہرہ

**زہرہ**: آسمان کا دورہ کرتے ہوئے جب برج حوت کے ۲۷ ویں درجہ پر پہنچتا ہے تو اس کو مقام شرف حاصل ہوتا ہے اور اس وقت اس میں ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ اس وقت مندرجہ ذیل کاموں کے لئے خصوصی طور پر اثر ہوتا ہے اور عملیات جفر میں زبردست کامیابی ملتی ہے۔

عورتوں کی تسخیر ومحبت کے لئے، دوستوں اور عزیزوں کی توجہ اور محبت حاصل کرنے کے لئے کسی بھی طرح کی شہرت، عظمت اور مقبولیت حاصل کرنے کے لئے نقوش بنائے جاسکتے ہیں۔ ان اوقات میں مذکورہ عملیات ونقوش میں حیرتناک کامیابی ملے گی۔ ان اوقات میں بطور خاص ان لوگوں کو فائدہ اٹھانا چاہئے جن کا مخلوقات سے عام تعلق ہے۔ جیسے شاعر، ادیب، حکیم، ڈاکٹر، وکیل، ایڈیٹر، دکاندار، مدرسہ کے منتظم وغیرہ۔ یہ حضرات اگر خود کوئی عمل یا نقش تیار نہیں کر سکتے تو ان کو کسی معتبر عامل یا ادارے سے رابطہ کرنا چاہئے لیکن دوراندیشی کا تقاضہ یہ ہے کہ اس وقت کو ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔ دوبارہ چانس ملے یا نہ ملے اس لئے یہ چانس جب بھی ملے اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

## اوج زہرہ

اگر کسی وجہ سے شرف زہرہ کا وقت ہاتھ سے نکل جائے تو اوج زہرہ کے اوقات کی قدر کرنی چاہئے۔ مذکورہ لوگوں کے لئے اوج زہرہ میں بھی مذکورہ عملیات ونقوش تیار کئے جاسکتے ہیں تاثیر وقوت کے اعتبار سے اگرچہ ان کی حیثیت دوسرے درجہ کی ہوگی لیکن عام اوقات کے مقابلہ میں ان کی اہمیت زیادہ ہوگی۔ بالعموم ہر سال اوج زہرہ کا وقت شرف زہرہ کے بعد ہی آتا ہے۔

## شرف شمس

آسمان کا دورہ کرتے ہوئے جب شمس حمل کے ۱۹ ویں درجہ پر پہنچتا ہے تو اس کو مقام شرف حاصل ہوتا ہے اور اس وقت ایک خاص تاثیر ظاہر ہوتی ہے۔

یہ وقت عملیات جفر کے لئے بہت ہی خاص وقت ہوتا ہے اس وقت حصول ملازمت، حصول اقتدار، حصول عہدہ اور حصول منصب کیلئے عملیات ونقوش تیار کئے جانے چاہئیں۔ بڑے تاجروں کے لئے اونچے دفاتر میں اعلیٰ ملازمتوں کے لئے ڈاکٹروں، ججوں اور وکیلوں کے لئے نیز لیڈروں اور منسٹروں کے لئے خصوصی نقوش بنائے جاسکتے ہیں جو مذکورہ حضرات کو اعلیٰ درجہ کی کامیابیوں سے ہمکنار کرا سکتے ہیں۔

## اوج شمس

اگر کسی وجہ سے شرف شمس کا وقت ہاتھ سے نکل جائے تو اوج شمس کے اوقات کو اہمیت دینی چاہئے اگرچہ اسکی حیثیت دوسرے درجہ کی ہے لیکن یہ وقت بھی خصوصیت واہمیت کا حامل ہے۔ قدر کرنے والے اس کی بھی قدر کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ اس وقت

www.freeamliyaatbooks.com FREE AMLIYAAT BOOKS www.facebook.com/groups/freeamliyaat

سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اگر کسی کی ملازمت عارضی ہو اور وہ استقلال چاہتا ہو یا اگر کسی کی تنخواہ رُکی ہوئی ہو اور وہ اپنی رُکی ہوئی تنخواہ کو وصول کرنا چاہتا ہو۔ یا رکی ہوئی ترقی کا خواہش مند ہو تو اسکو اوج شمس میں نقوش تیار کرنے چاہئیں۔ انشاء اللہ بہت جلد تاثیر ظاہر ہوگی اور نتائج برآمد ہونگے۔

## شرف مریخ

آسمان کا دورہ کرتے ہوئے جب مریخ جدی کے ۲۸ ویں درجہ پر پہنچتا ہے تو اس کو مقام شرف حاصل ہوتا ہے اور یہ وقت بہت خصوصیت کا حامل ہے۔ اس وقت دشمن پر غلبہ پانے کے لئے کسی مقدمہ یا جنگ میں فتح حاصل کرنے کے لئے حاسدوں کی ریشہ دوانی کرنے والوں اور بدخواہوں کی مہم کو ناکام بنانے کے لئے قوت مردی حاصل کرنے کے لئے نیز جسم میں خون کی کمی کو دور کرنے کے لئے خصوصی نقوش تیار کئے جاسکتے ہیں۔ اس وقت اس طرح کے کاموں میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے جو نقوش تیار کئے جاتے ہیں ان میں باذن اللہ زبردست تاثیر ظاہر ہوتی ہے اور حیرتناک نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ عاملین کو چاہئے کہ اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور اس وقت کو ضائع نہ کریں۔

## اوج مریخ

اگر کسی وجہ سے شرف مریخ کا وقت ضائع ہو جائے تو پھر اوج مریخ کے وقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔ اگر چہ اس وقت کی قیمت وہ نہیں ہے جو شرف مریخ کے وقت کی ہے لیکن یہ اوج مریخ کا وقت خصوصیت کا درجہ رکھتا ہے اور جنگ وجدال میں کامیابی مناظرہ اور مقدمہ میں کامیابی یا کسی بھی طرح کی لڑائی یا مقابلہ میں کامیابی یا جسمانی طاقت حاصل کرنے میں کامیابی وغیرہ کے لئے اوج مریخ کے وقت میں خصوصی عملیات کرنے چاہئیں اور رحمت خداوندی سے امیدیں وابستہ رکھنی چاہئیں۔ جسم میں خون کی کمی کے نقوش بھی اس وقت کرنے چاہئیں۔ کینسر جیسے موذی مرض کو دفع کرنے کے لئے بھی اس وقت کے تیار کردہ نقوش بھی اس وقت کرنے چاہئیں۔ کینسر جیسے موذی مرض کو دفع کرنے کے لئے بھی اس وقت کے تیار کردہ نقوش خاص تاثیر وافادیت رکھتے ہیں۔

## شرف عطارد

عطارد آسمان کا دورہ کرتے ہوئے جب برج سنبلہ کے ۱۵ ویں درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف حاصل ہوتا ہے۔ یہ وقت بھی بہت خاص ہوتا ہے اور دوراندیش قسم کے عاملین اس وقت کو ضائع نہیں کرتے اور اس وقت کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ اس وقت کسی بھی صاحب قلم اور صاحب عہدہ کو مسخر کرنے کے لئے تحریری اور تقریری مقابلہ میں فتح پانے کے لئے اپنی علمی استعداد بڑھانے کے لئے گراہکوں کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے اور تسخیر ومحبت نیز کاروبار میں اضافہ کے لئے نقوش تیار کئے جاتے ہیں اور اللہ کے فضل وکرم سے صدفی صد مؤثر رہتے ہیں۔

## اوج عطارد

اگر کسی وجہ سے شرف عطارد کا وقت ہاتھوں سے نکل جائے تو اوج عطارد کے وقت کو اہمیت دینی چاہئے یہ وقت بھی مؤثر وقت ہے اور مذکورہ کاموں میں اچھے نتائج پیدا کرتا ہے اگر چہ اس کی حیثیت شرف عطارد کے مقابلہ میں دوسرے درجہ کی ہے لیکن پھر بھی اس کو ضائع نہیں کرنا چاہئے اور اس وقت سے بھی بطور خاص فائدہ اٹھانا چاہئے۔

## شرف قمر

آسمان کا دورہ کرتے ہوئے جب قمر برج ثور کے تیسرے درجہ پر ہوتا ہے تو اس کو شرف حاصل ہوتا ہے اس وقت حصول روزگار، ترقی کاروبار، میاں بیوی کی محبت، تسخیر خلائق، امتحان میں کامیابی، مقدمہ میں کامیابی، قرض کی وصولیابی، قرض کی ادائیگی، شادی، منگنی، کاروبار کی شروعات وغیرہ جیسے تمام مثبت کاموں کے لئے اہم اور خصوصی وقت ہے اور اس وقت سے فائدہ اٹھانا چاہئے،

## اوج قمر

